

# رسائلِ دعوتِ اسلامی

جلد: 3

اس جلد میں آپ پڑھیں گے:


- موت کا تصور 14
- شوہر کو کیسا ہونا چاہئے؟ 56
- غیرت مند شوہر 101
- بیوی کو کیسا ہونا چاہئے؟ 144
- بیٹی کی پرورش 188
- بیٹے کی وصیت 253
- صدقے کا انعام 288




از: نگرانِ شوریٰ مولانا حاجی محمد عمران عطاری

پیشکش: مرکزی مجلسِ شوریٰ (دعوتِ اسلامی)

دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ کے نگران

مولانا حاجی ابو حامد محمد عمران عطاری مَدَّظِلُّہُ العالی کے رسائل کا مجموعہ

# رسائلِ دعوتِ اسلامی

(جلد 3)

پیش کش

مرکزی مجلسِ شوریٰ

نام کتاب: رسائل دعوتِ اسلامی (جلد:3)

پیش کش: المدینۃ العلمیۃ
Islamic Research Center

پہلی بار: ربیع الاول ۱۴۴۶ھ، ستمبر 2024ء

تعداد:



جملہ حقوق بحق مکتبۃ المدینہ محفوظ ہیں


# مکتبۃ المدینہ

## MAKTABA TUL MADINAH

دینی کتابوں کی اشاعت کا بین الاقوامی ادارہ


فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، کراچی

Faizan-E-Madina,Mohalla Sodagaran,Old Sabzi Mandi,Karachi

UAN: +92211111252692 , , :92-313-1139278

www.dawateislami.net www.maktabatulmadina.com

ilmia@dawateislami.net feedback@maktabatulmadina.com


### پاکستان کے چند مکتبۃ المدینہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| اسلام آباد: شبیر شریف روڈ G-11 مرکز اسلام آباد | 051-5553765 | لاہور: داتا دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ | 04237311679 |
| ملتان: نزد پیپل والی مسجد، اندرون بوہڑ گیٹ | 0614511192 | فیصل آباد: امین پور بازار | 0412632625 |
| پشاور: مکتبۃ المدینہ نئی ٹاور شاپ #الف 15،16 کابلی روڈ پشاور سٹی | 0092 341 1458486 | حیدر آباد: فیضانِ مدینہ، آفندی ٹاؤن | 0222620122 |
| سکھر: مکتبۃ المدینہ، فیضانِ مدینہ، بیراج روڈ سکھر | 0092 312 2611826 | میر پور آزاد کشمیر: چوک شہیداں | 05827437212 |


المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

DAWAT-E-ISLAMI

مکتبۃ المدینہ MAKTABA TUL MADINAH

# فہرست


| موضوع | صفحہ | موضوع | صفحہ |
|---|---|---|---|
| پیشِ لفظ | 11 | تصورِ موت کا طریقہ | 41 |
| موت کا تصور | 14 | ہمارے اسلاف اور موت کا تصور | 46 |
| موت کا تَصَوُّر | 15 | آخرت کی پہلی منزل | 46 |
| درود شریف کی فضیلت | 15 | اس کا حال کیا ہو گا! | 47 |
| قَبْر کا خوف ناک منظر | 15 | اے نفس کیا چاہتا ہے؟ | 48 |
| عذابِ قَبْر ظاہر ہونے کی حکمت | 19 | دنیا کس لئے ہے؟ | 49 |
| عِبْرَت کے مَدَنی پھول | 20 | آج عمل کا موقع ہے | 50 |
| قَبْر کی پُکار | 21 | فانی زندگی میں ابدی زندگی کی تیاری | 50 |
| قبر سانپوں سے بھر گئی | 23 | | |
| مسلمان اور کافر کی موت کے احوال | 24 | کالے بچھو | 51 |
| | | موت سے پہلے موت کی تیاری | 52 |
| عذاب قبر حق ہے | 29 | اچھی اچھی نیتیں | 54 |
| حدیث کی شرح | 31 | مدنی انعامات | 55 |
| ہمارا کیا بنے گا؟ | 32 | شوہر کو کیسا ہونا چاہئے؟ | 56 |
| یہ عبرت کی جا ہے | 35 | شوہر کو کیسا ہونا چاہئے؟ | 57 |
| ملک الموت کا اِعلان | 35 | درود شریف کی فضیلت | 57 |
| عبرت ناک اشعار | 37 | شوہر پر بیوی کے احسانات | 57 |
| آبادی کدھر ہے؟ | 40 | گھر کی خوشحالی میں شوہر کا کردار | 60 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| بیوی کے حقوق کی اہمیت | 61 | نظامِ فطرت بدلنے کا انجام | 77 |
| نظافت کا خُصُوصی اہتمام | 62 | نیکی کا حکم دیجئے | 79 |
| بیوی سے حُسنِ سلوک کے متعلق فرامینِ مصطفٰے | 63 | دیُّوث کسے کہتے ہیں؟ | 80 |
| | | گھر کا افسر | 81 |
| بے عیب بیوی ملنا ناممکن ہے | 64 | بیوی کو کن صورتوں میں مارنے کی اجازت ہے؟ | 85 |
| لمحۂ فکریہ | 65 | | |
| بیوی کی خطا معاف کرنے کا انعام | 67 | بیوی کو نہ مارنا افضل ہے | 86 |
| صبر اَیُّوب عَلَیْہِ السَّلَام کی مثل ثواب | 68 | ظالم کا انجام | 88 |
| | | ایذا کا بدلہ | 88 |
| بد اَخلاق بیوی اور صابِر شوہر | 68 | ظلم کی معافی مانگ لو | 89 |
| پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم کا اسوۂ حسنہ | 69 | اگر اختلاف بڑھ جائے تو کیا کرے | 91 |
| | | طلاق سے متعلق مفید مدنی پھول | 91 |
| گھریلو کام کرنا سنّت ہے | 71 | طلاق دینے کا سب سے بہتر طریقہ | 94 |
| گھر میں بچے کی طرح اور قوم میں مرد بن کر رہو | 73 | گھر امن کا گہوارہ کیسے بنے؟ | 95 |
| | | شادی شدہ اسلامی بھائیوں کیلئے 19 مدنی پھول | 95 |
| شوہر پر عورت کے حُقُوق | 74 | | |
| نان نفقہ واجب ہے | 74 | ساس بہو میں صلح کا راز | 99 |
| جتنا خرچ اتنا ہی اجر | 75 | غیرت مند شوہر | 101 |
| سب سے زیادہ اجر والا دینار | 76 | غیرت مند شوہر | 102 |
| میزان میں رکھی جانے والی پہلی چیز | 76 | درود شریف کی فضیلت | 102 |
| | | غیرت مند شوہر | 103 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مسلمانوں کی غیرت | 107 | عورت، عورت ہے | 128 |
| روح کی تازگی | 108 | بے پردہ عورتوں کو دیکھنا شیطانی کام ہے | 128 |
| غَیرت مَنْد صَحابی | 108 | | |
| مسلم معاشرہ تباہی کے دہانے پر | 110 | اچانک نظر کا حکم | 129 |
| فساد کی جڑ | 111 | آنکھ کی بدکاری | 130 |
| بے پردگی کے خلاف جنگ کا آغاز | 112 | آنکھوں کی حفاظت نہ کرنے کا نقصان | 131 |
| "پردے میں پردہ" کیا ہے؟ | 113 | | |
| آنکھوں کا قفلِ مدینہ | 114 | آنکھوں کو بدنگاہی سے محفوظ رکھنے کا طریقہ | 132 |
| "غیرت" کے چار حروف کی نسبت سے غیرت کے متعلق 4 فرامینِ مصطفٰے | 115 | بدنگاہی کی ہاتھوں ہاتھ سزا | 134 |
| | | یاربِّ کریم! ہمیں متقی بنا کے انیس حروف کی نسبت سے گھر میں مدنی ماحول بنانے کے 19 مَدَنی پھول | 137 |
| غیرت کسے کہتے ہیں؟ | 116 | | |
| غیرت مند کون ہے؟ | 117 | بے پردگی سے توبہ | 141 |
| اللہ و نبی کی غیرت | 117 | بیوی کو کیسا ہونا چاہئے؟ | 144 |
| منکوس القلب سے مراد | 119 | بیوی کو کیسا ہونا چاہئے؟ | 145 |
| غیرت ہے تو مرد ورنہ!!!! | 120 | دُرود شریف کی فضیلت | 145 |
| غیرت میں اعتدال | 121 | سعادت مند دُلہن | 145 |
| غیرت میں کمی مذموم ہے | 123 | اسلام دینِ فطرت ہے | 148 |
| عورت کے لئے سب سے بہتر کیا ہے؟ | 125 | اللہ پاک کی اطاعت کرنے والی | 149 |
| چادر اور چار دیواری | 127 | اسلام کی راہ دکھانے والی صحابیہ | 151 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| شوہر کی فرمانبردار | 152 | مرد عورت پر حاکم ہے | 176 |
| شوہر کی فرمانبرداری سے متعلق 3 فرامینِ مصطفٰے | 153 | نظامِ فطرت | 178 |
| شوہر کے حقوق پورے کرنے والی | 156 | زمانۂ جاہلیت میں عورت سے بد سُلوکی | 180 |
| شوہر کے حقوق سے متعلق 4 فرامینِ مصطفٰے | 158 | خاتونِ جنت اور شوہر کی خدمت | 183 |
| | | یارِ غار کی بیٹی کا طرزِ عمل | 185 |
| شوہر کے حُقُوق کی تفصیل | 159 | مدنی ماحول سے وابستہ ہو جایئے | 186 |
| شوہر کی شکر گزار | 160 | بیٹی کی پرورش | 188 |
| شوہر کو خوش رکھنے والی | 163 | بیٹی کی پرورش | 189 |
| شوہر کے لئے سنورنا باعثِ اجر ہے | 164 | درود شریف کی فضیلت | 189 |
| | | انوکھی شہزادی | 190 |
| شوہر تمہاری جنت اور دوزخ ہے | 165 | یقینِ کامل کی بہاریں | 191 |
| اُمُّ المومنین کی ازدواجی زندگی | 166 | شیخ شاہ کرمانی کا تعارف | 192 |
| آپ کے راضی ہونے تک نہ سوؤں گی | 168 | عظیم باپ کی عظیم بیٹی | 193 |
| | | قبل از اسلام عورت کی حیثیت | 194 |
| میکے اور سسرال کا فرق | 169 | زندہ دفن کرنے کی قبیح رسم کا آغاز | 195 |
| ازدواجی زندگی سے متعلق ماں کی نصیحتیں | 170 | بیٹیوں کو دفن کرنے کی چند وجوہات | 196 |
| بنتِ عطار کے لئے 12 مدنی پھول | 173 | بیٹیوں کو ملا اسلام کا سائبان | 199 |
| صبر کرنے والی | 175 | بیٹیوں کے فضائل پر مشتمل فرامینِ مصطفٰے | 200 |
| غلام کی بیوی یا بادشاہ کی ملکہ | 176 | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| قیامت تک مدد کی بشارت | 200 | خاندان سے مُتَعَلِّق آداب | 229 |
| ایک بیٹی کی پرورش پر انعام | 201 | مُعاشَرے سے مُتَعَلِّق آداب | 231 |
| تین بیٹیوں کی پرورش پر انعام | 201 | بچپن کی عادت کم ہی چھوٹتی ہے | 233 |
| اللہ نے جنّت واجِب کردی | 202 | جنت سے محرومی | 234 |
| بیٹیوں یا بہنوں کی پرورش پر انعام | 202 | مَحبوب کے ساتھ حشر | 234 |
| مقامِ شکر | 203 | بنی اسرائیل کی تباہی کے اسباب | 235 |
| بیٹی کی پرورش کے مدنی پھول | 204 | نازک شیشیاں | 236 |
| (1) بیٹی کی پیدائش پر رَدِّ عمل | 205 | گناہ گار کون؟ | 238 |
| (2) کان میں اَذان | 206 | فیشن کی خرابیاں | 240 |
| (3) تحنیک | 208 | خاتونِ جنّت کی پرورش | 241 |
| (4) اچھا نام رکھنا | 209 | بنتِ سعید بن مسیب کی پرورش | 243 |
| (5) بال منڈوانا و عقیقہ کرنا | 212 | سنّتوں بھرے اِجتماع کی مَدَنی بَہار | 251 |
| (6) رزقِ حلال کھلانا | 213 | بیٹے کی وصیت | 253 |
| (7) اچھی باتیں سکھانا | 214 | بیٹے کی وصیت | 254 |
| (8) تعلیم اور اسلامی تربیت | 215 | درود شریف کی فضیلت | 254 |
| (۱)... بنیادی و ضروری عقائد کی تعلیم | 218 | نَدامت کے سبب مَغْفِرت | 255 |
| | | گناہوں کا احساس پیدا کیجئے! | 257 |
| (۲)... قرآن و سنت کی تعلیم | 223 | توبہ کی اہمیت | 258 |
| (۳)... فرض عُلوم اور دینی تعلیم | 225 | بار بار توبہ کیجئے! | 261 |
| آدابِ زِندَگی | 227 | توبہ کے بارے میں 6 فرامینِ خُداوَندی | 261 |
| ذات سے مُتَعَلِّق آداب | 227 | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| توبہ کا انعام | 263 | صدقے کا انعام | 288 |
| توبہ کی ضرورت کس کو ہے؟ | 264 | صدقے کا انعام | 289 |
| صُبح وشام توبہ | 266 | درود شریف کی فضیلت | 289 |
| توبہ کرنے والوں کیلئے خوشخبری | 267 | صدقے کا انعام | 289 |
| پلک جھپکنے سے پہلے توبہ قبول | 267 | اَسلاف کا معمول | 292 |
| نامۂ اعمال سے گُناہ مِٹ جاتا ہے | 267 | صَدقہ وخیرات کا ثواب | 293 |
| شیطان کی تمنّا! | 268 | راہِ خُدا میں خَرچ کرنے سے مُراد | 293 |
| نَرم دل والے | 268 | ثواب میں کمی بیشی | 294 |
| آؤ گنہگارو! مغفرت مانگ لو۔۔۔ | 269 | ثواب میں فرق | 296 |
| شیطان کا چیلنج | 269 | مِقدار میں کم درجے میں زیادہ | 298 |
| توبہ کی راہ میں رُکاوٹ | 270 | کیا صَدقہ سے مال میں کمی ہوتی ہے؟ | 301 |
| نماز چھوڑنے کا اَنجام | 273 | | |
| سُود کی نحوست | 275 | صَدقہ کسے کہتے ہیں؟ | 302 |
| دل کی سیاہی کی وجہ | 277 | صَدقے کی مختلف صُورتیں | 303 |
| توبہ باعثِ وسعتِ رزق ہے | 279 | حروفِ صَدقہ کے 4 مدنی پھول | 304 |
| توبہ کا عجب انداز! | 281 | "برکتِ صدقات" کے نو حروف کی نسبت سے صَدقہ وخیرات کے فضائل پر مبنی 9 فرامینِ مصطفٰے | 305 |
| سچّی توبہ کی علامات | 282 | | |
| توبہ کا دُرُست طریقہ | 282 | | |
| ندامت کا صلہ | 283 | جنّت میں گھر کی ضَمانَت | 307 |
| انوکھی ندامت | 284 | 4 درہموں کے بدلے چار دعائیں | 309 |
| ایک تائب کا واقعہ | 286 | انسان کی ہلاکت | 310 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مالی عبادت کی قبولیت | 312 | اِخلاص کی پہچان | 327 |
| اِحترامِ مُسلِم | 314 | اِخلاص کی بَرکتیں | 328 |
| تین ضروری باتیں | 316 | مال ایک آزمائش ہے | 330 |
| مفلس کون؟ | 316 | صَدقے میں کونسامال دیاجائے؟ | 334 |
| مظلوم کو نیکیاں دینی پڑیں گی | 317 | صَدقہ عَلانیہ دینا افضل ہے یاچھپا کر؟ | 337 |
| (1،2)طعنہ زنی واحسان جتانا | 318 | | |
| جنّت سے محرومی کاسَبَب | 319 | اظہار یا اخفاء کا مدار نیّت پر ہے | 338 |
| (3)ریاکاری منافقین کی صفت ہے | 320 | علانیہ صدقہ دینے کی ممنوع صورت | 340 |
| اَعمال کی بربادی | 321 | نذرانہ دینے کا انداز | 341 |
| حسرت ویاس کی انتہا | 323 | صَدقہ کسے دینا افضل ہے؟ | 341 |
| اخلاص کہاں ہے؟ | 326 | ماخذ ومراجع | 346 |

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

## ”علما و مشائخ“ کے 10 حُروف کی نسبت سے کتاب پڑھنے کی 10 نیتیں

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔[1]

**دو مدنی پھول:** (۱) بغیر اچھی نیت کے کسی بھی عَمَلِ خیر کا ثواب نہیں ملتا۔
(۲) جتنی اچھی نیتیں زیادہ، اتنا ثواب بھی زیادہ۔

(1) ہر بار حمد و صلوٰۃ اور (2) تَعَوُّذ و تَسْمِیَہ سے آغاز کروں گا۔ (اسی صفحہ پر اوپر دی ہوئی دو عربی عبارات پڑھ لینے سے اس پر عمل ہو جائے گا)۔ (3) رِضائے الٰہی کے لئے اس کتاب کا اوّل تا آخر مطالعہ کروں گا۔ (4) جہاں جہاں ”**سرکار**“ کا اِسمِ مبارک آئے گا وہاں **صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم** (5) جہاں جہاں کسی **صحابی** کا نام آئے گا وہاں **رضی اللہ عنہ** اور جہاں جہاں کسی **بزرگ** کا نام آئے گا وہاں رحمۃُ اللہِ علیہ پڑھوں گا۔ (6) رضائے الٰہی کے لئے علم حاصل کروں گا۔ (7) اس کتاب میں جن جن بزرگوں کا نام آیا ہے، انہیں فاتحہ پڑھ کر ایصالِ ثواب کروں گا۔ (8) دوسروں کو یہ کتاب پڑھنے کی ترغیب دلاؤں گا۔ (9) کتابت وغیرہ میں شرعی غلطی ملی تو ناشرین کو تحریری طور پر مطلع کروں گا (ناشرین وغیرہ کو کتابوں کی اغلاط صرف زبانی بتانا خاص مفید نہیں ہوتا)۔ (10) اس روایت عِنْدَ ذِکْرِ الصَّالِحِیْنَ تَنَزَّلُ الرَّحْمَۃُ یعنی نیک لوگوں کے ذِکر کے وقت رحمت نازل ہوتی ہے۔[2] پر عمل کرتے ہوئے اس کتاب میں بیان کردہ باتیں دوسروں کو سنا کر ذکرِ صالحین کی برکتیں لوٹوں گا۔

---

1 معجم کبیر، 6/185، حدیث: 5942
2 حلیۃ الاولیاء، 7/335، رقم: 10750

# پیشِ لفظ

وعظ و نصیحت اگرچہ دو الگ الگ لفظ ہیں اور ایک دوسرے کے معنیٰ میں استعمال بھی ہوتے رہتے ہیں، مگر ان سے حقیقت میں کیا مراد ہے، اس میں انتہائی معمولی سا فرق ہے، مثلاً وعظ سے مراد خیر کی ایسی باتیں یاد دلانا ہے جن سے دل نرم پڑ جائے اور ایک قول کے مطابق وعظ ایسی بات کی طرف راہ نمائی کرنے کو کہتے ہیں جو بطریقۂ رغبت وڈر اصلاح کی طرف بلائے۔[1] جبکہ نصیحت کا لفظ خلوص و عبرت کے لیے بھلائی کی بات بتانے اور نیک صلاح مشورے کے مفہوم میں استعمال ہوتا ہے۔[2] جیسا کہ شفا شریف میں ہے کہ جس شخص کو نصیحت کی جارہی ہو، اس کی مکمل بھلائی اور خیر خواہی کے ارادے کو نصیحت کے لفظ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔[3]

وعظ و نصیحت کا مقصود چونکہ دوسروں کی اصلاح ہوتا ہے، لہٰذا اگر دیکھا جائے تو عاشقانِ رسول کی دینی تحریک دَعْوتِ اسلامی کی کامیابی کا ایک بہت بڑا ذریعہ وعظ و نصیحت پر مشتمل پر اثر بیانات بھی ہیں، یہ بیانات کرنے والے مبلغین اگرچہ بہت زیادہ ہیں، لیکن اگر یہ کہا جائے کہ ان سب کے سرخیل و سردار عظیم مبلغ اسلام، سچے عاشق رسول و پابندِ سنت، با عمل و با کردار، صاحبِ فراست و معاملہ فہم، حاضر جواب و حاضر دماغ، عصری تقاضوں سے ہم آہنگ جہاں دیدہ شخصیت دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ کے نگران حضرت مولانا حاجی ابو حامد محمد عمران عطاری مُدَّظِلُّہُ العَالی ہیں تو بے جا نہ ہوگا۔

نگرانِ شوریٰ کے بیانات تنظیمی طور پر کس قدر اہمیت کے حامل ہیں، ان کے متعلق بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت بَرَکاتُہُمُ العالیہ کے یہ ارشادات پڑھ لیجئے:

☆ نگرانِ شوریٰ کے بیانات انقلابی ہوتے ہیں۔[4] ☆ نگرانِ شوری کے کئی انقلابی بیانات ہیں،

---

1. تفسیر خازن، پ 11، سورہ یونس، تحت الآیۃ: 57، 2/448
2. اردو لغت کبیر، 20/73 ماخوذاً
3. کتاب الشفا، 2/28
4. ۷ صفر المظفر ۱۴۳۶ھ بمطابق 29 نومبر 2014ء بعد عشاء مدنی مذاکرہ

ان کو عام کیجئے اِن شاءَ اللہ اس کے فوائد اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے۔[1] ☆ اللہ پاک کی رحمت سے نگرانِ شوریٰ کے بیانات سے کئی اسلامی بھائیوں کی زندگیوں میں مدنی انقلاب برپا ہوا ہے۔[2]

نگرانِ شوریٰ کے بیانات کی اسی اہمیت کے پیشِ نظر تقریباً 2009 یا 2010 میں دعوتِ اسلامی کی کے شعبہ اسلامک ریسرچ سنٹر کے نگران اور مرکزی مجلسِ شوریٰ کے رکن حاجی ابو ماجد محمد شاہد عطاری مدنی مُدَّ ظِلُّہُ العَالی کے حکم پر بیاناتِ دعوتِ اسلامی کے نام سے ایک شعبہ قائم ہوا جس کی ذمہ داری مجھے سونپی گئی۔ چنانچہ میں نے اپنی تمام تدریسی و دیگر مصروفیات کو چھوڑ کر یہ ذمہ داری اٹھائی اور صرف تین چار سالوں میں ہی تقریباً 19 کتب و رسائل دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ سے شائع ہو کر منظرِ عام پر آ گئے۔ پھر دیگر مصروفیات کی وجہ سے یہ سلسلہ جاری نہ رکھ سکا تو اسلامک ریسرچ سنٹر کے چند ذمہ داران بالخصوص مولانا سید عمران اختر شاہ صاحب نے اس علمی ذخیرے میں چند رسائل کا مزید اضافہ کیا اور پھر یہ کام جزوی طور پر تعطل کا شکار ہو گیا۔ بہر حال اب پھر اگست 2024 کو یہ اہم کام دوبارہ شروع کرنے کا فیصلہ ہوا تو سابقہ کاموں کو مجلد شکل میں لانے کی ذمہ داری اس بار بھی مجھے عطا فرمائی گئی۔ چنانچہ میں نے اپنی دیگر مصروفیات کو عارضی طور پر موقوف کر کے تمام شائع شدہ کتب و رسائل کا جائزہ لے کر فوری کام کا آغاز کر دیا۔ نگرانِ شوریٰ کے بیانات کا ایک مجموعہ چونکہ **رسائل دعوتِ اسلامی** کے نام سے اور دوسرا **اسلامی شادی** کے نام پہلے ہی شائع ہو چکا ہے، لہٰذا اب ان تمام کتب و رسائل کو کل سات جلدوں میں لانے کا فیصلہ ہوا، جن کی تفصیل کچھ یوں ہے:

**جلد نمبر 1:**

☆ فیضانِ مرشد ☆ احساسِ ذمہ داری ☆ جنت کی تیاری
☆ وقفِ مدینہ ☆ مدنی کاموں کی تقسیم ☆ مدنی کاموں کی تقسیم کے تقاضے
☆ مدنی مشورے کی اہمیت ☆ تعارف دعوتِ اسلامی

---

1 ۴ محرم الحرام ۱۴۳۶ھ بمطابق 28 اکتوبر 2014ء کے مدنی مذاکرہ
2 ۱۶ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ بمطابق 11 اکتوبر 2014ء عشاء بعد مدنی مذاکرہ

**جلد نمبر2:**

☆علم و علما کی شان ☆جامع شرائط پیر ☆پیر پر اعتراض کرنا منع ہے
☆کامل مرید ☆پیارے مرشد ☆علما پر اعتراض منع ہے
☆یہ وقت بھی گزر جائے گا

**جلد نمبر3:**

☆موت کا تصور ☆شوہر کو کیسا ہونا چاہئے؟ ☆غیرت مند شوہر
☆بیوی کو کیسا ہونا چاہئے؟ ☆بیٹی کی پرورش ☆بیٹے کی وصیت ☆صدقے کا انعام

**جلد نمبر4:**

☆صحابی کی انفرادی کوشش ☆سیرت ابو درداء ☆عشق رسول
☆گستاخان رسول کا عملی بائیکاٹ کیجئے ☆اللہ والوں کا انداز تجارت

**جلد نمبر5:**

☆سود اور اس کا علاج ☆برائیوں کی ماں ☆گناہوں کی نحوست
☆فیصلہ کرنے کے مدنی پھول

**جلد نمبر6:**

☆مقصد حیات ☆ایک زمانہ ایسا آئے گا ☆ہمیں کیا ہو گیا ہے
☆ایک آنکھ والا آدمی ☆جنت کا راستہ

**جلد نمبر7:**

☆اسلامی شادی


شیر عطار نگرانِ شوریٰ پر اَمیرِ اَہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ کے صدقے نور کی برسات ہو اور آپ کے فیوضات سے دنیا یونہی فیض یاب ہو۔ اٰمین بجاہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم

ابو الابصار ابرار اختر القادری

چیف ایڈیٹر ماہنامہ خواتین (دعوتِ اسلامی)

Go To Index

موت کے احوال اور اس کی تیاری سے متعلق ایک عبرت انگیز بیان



# مَوت کا تصوُّر

پیش کش: مرکزی مجلس شوریٰ
(دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ! فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# موت کا تَصَوُّر[1]

## درود شریف کی فضیلت

سرکارِ مدینہ، راحتِ قلب و سینہ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ باقرینہ ہے: ”تم میں سے قیامت کے دن میرے سب سے زیادہ نزدیک وہ شخص ہو گا جس نے مجھ پر کثرت سے درود پڑھا ہو گا۔“[2]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## قبر کا خوف ناک منظر

حضرتِ سَیِّدُنا ابو سنان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں بیت المقدس کی پہاڑیوں میں مصروفِ عبادت تھا کہ میں نے انتہائی پریشانی کے عالَم میں

---

1 مبلغ دعوتِ اسلامی و نگرانِ مرکزی مجلس شوریٰ حضرت مولانا حاجی ابو حامد محمد عمران عطاری مَدَّ ظِلُّہُ الْعَالِی نے یہ بیان ۱۹ جمادی الاولی ۱۴۲۹ھ بمطابق 25 مئی 2008ء کو رنچھوڑ لائن بابُ المدینہ (کراچی) میں تبلیغ قرآن و سنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے سنّتوں بھرے اجتماع میں فرمایا۔ ۲ صفر المظفر ۱۴۳۴ھ بمطابق 16 دسمبر 2012ء کو ضروری ترمیم واضافے کے بعد تحریری صورت میں پیش کیا جارہا ہے۔
(شعبہ رسائل دعوتِ اسلامی مجلس المدینۃ العلمیہ)

2 ترمذی، کتاب الوتر، باب ماجاء فی فضل الصلاۃ علی النبی، ۲/ ۲۷، حدیث: ۴۸۴

اِدھر اُدھر گھومتے ہوئے ایک نوجوان کو دیکھا۔ غمخواری کی نیت سے میں اس نوجوان کے پاس آیا اور سلام کے بعد اس سے پریشانی کا سبب پوچھا تو اس نے بتایا: ”ہمارا ایک پڑوسی اپنے بھائی کی موت پر اس قدر غم میں مبتلا ہے کہ ہر لمحہ آہ و زاری ہی کرتا رہتا ہے اور اسے کسی کروٹ چین نہیں۔ مہربانی فرما کر آپ میرے ساتھ چلئے تاکہ اس سے تعزیت کر کے اسے تسلی دیں، شاید کہ آپ کے دِل جوئی فرمانے سے اسے قرار آجائے۔“ چنانچہ میں نے چلنے پر آمادگی ظاہر کی تو وہ نوجوان مجھے ساتھ لے کر غم سے نڈھال ایک شخص کے پاس پہنچا، ہم نے اُس سے تعزیت کی مگر اس نے کوئی توجہ نہ دی بلکہ آہ و زاری کرنے لگا تو ہم نے اُسے سمجھاتے ہوئے کہا: ”اے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے بندے! اِس طرح بے صبری کا مظاہرہ نہ کر، **اللہ** سے ڈر اور صبر سے کام لے، بے شک موت ہر کسی کو آنی ہے۔ جس نے بھی زِندَگی کا سفر شروع کیا اس کی منزل و انتہا موت ہے، موت ایک ایسا پُل ہے جس سے ہر ایک نے گزرنا ہے، کچھ گزر گئے، کچھ گزر رہے ہیں اور کچھ کو ابھی اپنی باری پر گزرنا ہے۔“

یاد رکھ! ہر آن آخر موت ہے　　بن تو مت انجان آخر موت ہے
مُلکِ فانی میں فنا ہر شے کو ہے　　سن لگا کر کان، آخر موت ہے
بارہا علمی تجھے سمجھا چکے　　مان یا مت مان، آخر موت ہے

ہماری باتیں سن کر وہ شخص کچھ یوں گویا ہوا: ”میرے بھائیو! تم نے بالکل ٹھیک کہا، تمہاری باتیں برحق ہیں، موت واقعی ہر کسی کو آنی ہے اور ہر ایک کو اپنے وقت مقررہ پر اس دُنیائے فانی سے جانا ہے، مگر میری آہ وزاری کا سَبَب بھائی کی موت نہیں بلکہ یہ ہے کہ میرا بھائی قبر میں بہت بڑی مصیبت کا شِکار ہے۔“ اس کی بات سن کر ہم نے کہا: ”سُبْحٰنَ اللہ عَزَّوَجَلَّ! کیا تم غیب جانتے ہو جو تمہیں معلوم ہوگیا کہ تمہارا بھائی قبر میں عذاب سے دوچار ہے؟“ تو وہ کہنے لگا: ”نہیں! میں غیب تو نہیں جانتا مگر جو ہولناک منظر میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے وہ مجھے کسی کروٹ چین نہیں لینے دیتا۔“ ہمارے اصرار پر آخر کار اس نے اپنا واقعہ کچھ یوں سنایا: جب میرے بھائی کا انتقال ہوا اور تجہیز و تکفین کے بعد ہم نے اسے قبرستان میں دَفْن کر دیا تو لوگ واپس آ گئے مگر میں کچھ دیر قبر کے پاس ہی کھڑا رہا۔ اچانک میں نے ایک دردناک آواز سنی، گویا کہ کوئی انتہائی تکلیف کے عالَم میں ”بچاؤ! بچاؤ!“ کی صدائیں دے رہا تھا، میں نے ادھر ادھر دیکھا مگر کوئی نظر نہ آیا تو غور سے سننے لگا کہ آخر یہ آواز کس کی ہے اور کہاں سے آرہی ہے، معلوم ہوا کہ یہ پُردَرْد آواز تو میرے بھائی کی ہے جو قبر کے اندر سے آرہی ہے۔ میں بے چَین ہو کر قبر کھودنے لگا تو ایک غیبی آواز نے مجھے چونکا دیا کوئی کہنے

والا کہہ رہا تھا: ”اے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے بندے! قبر مَت کھود، یہ **اللہ** کے رازوں میں سے ایک راز ہے اِسے پوشیدہ ہی رہنے دے۔“ آواز سن کر میں ڈر گیا اور قبر کھودنے سے باز آگیا، جب وہاں سے اُٹھ کر جانے لگا تو میں نے پھر اپنے بھائی کی دَرْدناک آواز سُنی جو بڑے کَرْب سے ”بچاؤ! بچاؤ!“ پکار رہا تھا۔ مجھے اپنے بھائی پر ترس آنے لگا اور میں نے دوبارہ قبر کھودنا شروع کردی، ابھی میں نے تھوڑی سی مِٹّی ہٹائی تھی کہ پھر مجھے غیبی آواز سنائی دی: ”**اللہ** کے رازوں کو نہ کھولو اور قبر کھودنے سے باز رہو۔“ غیبی آواز سن کر میں نے دوبارہ قبر کھودنا بند کردی اور وہاں سے جانے لگا تو اس بار میرے بھائی نے جس کَرْب سے مجھے پکارا تو مجھ سے رہا نہ گیا بلکہ اس پر رَحْم آیا اور میں نے پختہ ارادہ کرلیا کہ اب تو ضرور قبر کھودوں گا۔ چنانچہ میں نے قبر کھودنا شروع کی جیسے ہی میں نے قبر سے سِل ہٹائی تو قبر کا اندرونی مَنظر دیکھ کر میرے ہوش اُڑ گئے، اندر انتہائی **خوفناک** مَنظر تھا، ابھی ابھی ہم نے جس بھائی کو دَفْن کیا تھا اس کا سارا جِسْم نہ صرف آگ کی زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا بلکہ قبر گویا کہ جہنّم کی آگ سے بھری ہوئی تھی۔ اپنے بھائی کو اس حالت میں دیکھ کر مجھ سے رہا نہ گیا اور اسے زنجیروں سے آزاد کرانے کے لیے میں نے بڑی بے تابی سے اپنا ہاتھ اس کی گردن میں بندھی ہوئی زنجیروں کی طرف

بڑھایا، جیسے ہی میرا ہاتھ زنجیر کو لگا میرے ہاتھ کی انگلیاں گویا کہ گرم لوہے کی طرح پگھل کر ہاتھ سے جدا ہو گئیں۔ تکلیف کی شِدّت سے میری چیخیں نکل گئیں اور میں ہاتفِ غیبی کے منع کرنے کے باوُجود بھائی کی قبر کھولنے پر افسوس کرنے لگا، پھر جیسے ممکن ہوا میں نے قبر کو بند کیا اور وہاں سے بھاگ نکلا۔ دیکھنا چاہتے ہو تو یہ دیکھو! میرے ہاتھ کی انگلیاں۔ اتنا کہنے کے بعد اس نے چادر سے اپنا ہاتھ نکالا تو واقعی اس کی چار انگلیاں غائب تھیں اور ہاتھ پر زخم کا عجیب وغریب نشان موجود تھا۔

حضرتِ سَیِّدُنا ابو سنان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان فرماتے ہیں کہ یہ دیکھ کر ہم نے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے عذاب سے عافیت طلب کی اور وہاں سے چلے آئے۔ (1)

## عذابِ قبر ظاہر ہونے کی حکمت

حضرتِ سَیِّدُنا ابو سِنان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان فرماتے ہیں کہ جب میں حضرت سَیِّدُنا امامِ اَوْزَاعی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو انہیں یہ سارا واقعہ سنا کر پوچھا: حُضور! جب کوئی یَہُودی یا نَصْرانی مرتا ہے تو اس کا عَذابِ قبر لوگوں پر ظاہِر نہیں ہوتا مگر مسلمانوں کی قبروں کے حالات بعض مرتبہ ظاہِر ہو جاتے ہیں اسکی کیا وجہ ہے؟ تو آپ رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ نے ارشاد فرمایا: کُفّار کے عذابِ قبر میں تو

مدینہ

1 عیون الحکایات، الحکایۃ الرابعۃ والخمسون بعد المائۃ، حکایۃ رجل یعذب فی قبرہ، ص ۱۷۱

کسی مسلمان کو شک ہی نہیں، انہیں تو دائمی عذاب کا سامنا کرنا ہی ہے۔ سب مسلمان یقین رکھتے ہیں کہ کُفّار مرتے ہی عذاب میں مبتلا ہو جاتے ہیں اس لیے انکے عذاب کو ظاہِر نہیں کیا جاتا۔ ہاں! بعض مرتبہ گناہ گار مسلمانوں کی قبروں کا حال لوگوں پر ظاہِر کر دیا جاتا ہے تاکہ لوگ عِبرَت پکڑیں اور گناہوں سے تائِب ہو کر اپنے پاک پروردگار عَزَّوَجَلَّ کی رِضا والے اعمال کی طرف راغِب ہوں۔[1]

## عبرت کے مَدَنی پھول

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اس حِکایَت میں ہمارے لیے عِبرَت کے کئی مَدَنی پھول پوشیدہ ہیں۔

- اس میں کوئی شک نہیں کہ جس کا خاتِمہ کفر پر ہوا وہ مرتے ہی دائمی عذاب کا شِکار ہو جاتا ہے کہ جس سے نَجات کی کوئی راہ نہیں۔
- بعض اوقات گناہ گار مسلمانوں کے عذابِ قبر کے واقعات کو ظاہِر کر دیا جاتا ہے تاکہ دیگر مسلمان عِبرَت حاصل کریں اور اس خوش فہمی میں نہ رہیں کہ ہم تو ایمان لا چکے ہیں لہٰذا ہم عذابِ قبر سے محفوظ رہیں گے۔
- یہ بات بھی پیشِ نَظر رکھنا چاہئے کہ اگر بے باکی سے زِندَگی گزارتے رہے

[1] عیون الحکایات، الحکایۃ الرابعۃ والخمسون بعد المائۃ، حکایۃ رجل یعذب فی قبرہ، ص ۱۷۱

اور توبہ کیے بغیر گناہوں کا پلندہ لیے قبر میں اُتر گئے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ ناراض ہو گیا، اُس کے حبیب صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم روٹھ گئے تو عذابِ قبر کا سامنا ہو سکتا ہے۔

- عذابِ قبر کی سختی اور ہولناکی کا اندازہ اس بات سے لگا سکتے ہیں کہ اُس شخص کے بھائی کو کچھ ہی دیر میں آگ کی زنجیروں میں جکڑ لیا گیا اور جب اس نے اپنے بھائی کو بچانے کیلئے اپنا ہاتھ بڑھایا تو اُس کی انگلیاں ہاتھ سے جُدا ہو گئیں۔
- قبر جہنّم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ حدیث پاک میں ہے کہ ”قبر جنّت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے یا جہنّم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا۔“[1]

مِرا دل کانپ اٹھتا ہے کلیجہ منہ کو آتا ہے
کرم یارب اندھیرا قبر کا جب یاد آتا ہے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## قبر کی پکار

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** ہم اپنے ہاتھوں سے مُردوں کو قبر میں اُتارتے ہیں لیکن ہمیں اس بات کا احساس نہیں ہوتا کہ ایک دن ہمیں بھی

[1] ترمذی، کتاب صفۃ القیامۃ، ۲۶ باب (ت:۹۱)، ۴/ ۲۰۸، حدیث:۲۴۶۸

اندھیری قبر میں اُترنا اور اپنی کرنی کا پھل بھگتنا پڑے گا۔ ہم قبر کو بھولیں چاہے یاد رکھیں قبر ہمیں نہیں بھولتی۔ چنانچہ حضرت سیّدُنا فقیہ ابو اللّیث سمرقندی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی نَقْل فرماتے ہیں کہ قبر روزانہ 5 مرتبہ یہ ندا کرتی ہے:

- اے آدمی! تُو میری پیٹھ پر چلتا ہے حالانکہ میرا پیٹ تیرا ٹھکانا ہے۔
- اے آدمی! تُو مجھ پر عمدہ عمدہ کھانے کھاتا ہے عنقریب میرے پیٹ میں تجھے کیڑے کھائیں گے۔
- اے آدمی! تُو میری پیٹھ پر ہنستا ہے جلد ہی میرے اندر آکر روئے گا۔
- اے آدمی! تُو میری پیٹھ پر خوشیاں مناتا ہے عنقریب مجھ میں غمگین ہو گا۔
- اے آدمی! تُو میری پیٹھ پر گُناہ کرتا ہے عنقریب میرے پیٹ میں مبتلائے عذاب ہو گا۔[1]

قبر روزانہ یہ کرتی ہے پکار — مجھ میں ہیں کیڑے مکوڑے بے شمار
یاد رکھ! میں ہوں اندھیری کوٹھڑی — تجھ کو ہو گی مجھ میں سُن وحشت بڑی
میرے اندر تُو اکیلا آئے گا
ہاں مگر اعمال لیتا آئے گا

تُوْبُوْا اِلَی اللّٰہِ! اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

مدینہ

[1] تنبیہ الغافلین، باب عذاب القبر وشدتہ، ص ۲۳

# قبر سانپوں سے بھر گئی

حضرت سَیِّدُنا عبد الحمید بن محمود عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْوَدُوْد کہتے ہیں: میں حضرت سَیِّدُنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس بیٹھا تھا کہ کچھ لوگوں نے خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی: ہم حج کے ارادے سے آرہے تھے کہ راستے میں ہمارا ایک ساتھی فوت ہو گیا، ہم نے اس کی تجہیز و تکفین کا بندوبست کر کے قبر کھودی تو وہ سانپوں سے بھر گئی ہم نے اُس جگہ کو چھوڑ کر دوسری جگہ قبر کھودی تو وہاں بھی ایسا ہی ہوا، اسی طرح تیسری جگہ بھی یہی واقعہ ہوا، لہٰذا ہم اسے وہیں چھوڑ کر آپ سے مشورہ لینے حاضر ہوئے ہیں۔ حضرتِ سَیِّدُنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ ”یہ اس کے اعمال (کا بدلہ) ہیں، جاؤ اور اسے اسی (سانپوں سے بھری قبر) میں دَفْن کر دو۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر تم پوری زمین بھی کھود ڈالو گے تو ہر جگہ اِن ہی سانپوں کو پاؤ گے۔“ لہٰذا انہوں نے جا کر اُسے سانپوں کے ساتھ ہی دَفْن کر دیا۔ پھر واپسی پر جب اس کا سامان دینے کے لیے اس کے گھر گئے تو اس کی بیوی سے پوچھا کہ ”وہ کیا کام کیا کرتا تھا؟“ تو اس کی بیوی نے جواب دیا: ”وہ گَنْدُم بیچا کرتا تھا اور روزانہ اس میں سے اپنے گھر والوں کے لئے کھانے کی مقدار کے برابر گَنْدُم نکال کر اتنی ہی مقدار

میں رَدّی گَنْدُم اس میں ڈال دیتا تھا۔"[1]

حسنِ ظاہِر پر اگر تُو جائے گا عالَمِ فانی سے دھوکا کھائے گا
یہ مُنَقَّش سانپ ہے ڈس جائے گا رہ نہ غافل یاد رکھ پچھتائے گا

ایک دن مرنا ہے آخِر موت ہے
کر لے جو کرنا ہے آخِر موت ہے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## مسلمان اور کافر کی موت کے احوال

حضرت سَیِّدُنا براء بن عازب رضی اللہ تعالٰی عنہ فرماتے ہیں کہ ہم **رسول اللہ** صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے ساتھ ایک انصاری کے جنازے میں گئے، قبر پر پہنچے تو وہ ابھی تیار نہ تھی، حضور صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم بیٹھ گئے، ہم بھی آپ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے آس پاس ایسے بیٹھ گئے گویا ہمارے سروں پر پرندے ہیں، حضور صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے دستِ اَقْدَس میں ایک چھڑی تھی جس سے آپ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم زمین کُریدنے لگے، پھر آپ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے اپنا سر اٹھایا اور دو یا تین بار فرمایا: "عذابِ قبر سے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی پناہ مانگو۔" پھر فرمایا: بندۂ مومن جب دُنیا سے روانہ ہو کر آخِرت کی طرف جانے لگتا

مدینہ

[1] موسوعۃ ابن ابی الدنیا، کتاب القبور، جامع ذکر القبور، ۶/ ۸۳، حدیث: ۱۲۸

ہے تو اس پر آسمان سے سفید چہرے والے فِرِشْتے اترتے ہیں، گویا ان کے چہرے سورج ہیں، ان کے ساتھ جنّتی کَفَن اور جنّتی خوشبو ہوتی ہے یہاں تک کہ مَیِّت کے پاس تاحَدِّ نِگاہ بیٹھ جاتے ہیں، پھر **مَلَکُ الْمَوْت** عَلَیْہِ السَّلَام آتے ہیں اور اس کے سر کے پاس بیٹھ کر کہتے ہیں: ''اے پاک رُوح! **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی بخشش اور رضا کی طرف چل۔'' تو وہ اس طرح (جسم سے) نکلتی ہے جس طرح پانی کی مشک سے کوئی قطرہ ٹپک کر نکلتا ہے اور **مَلَکُ الْمَوْت** عَلَیْہِ السَّلَام اُسے قبض کر لیتے ہیں۔ **مَلَکُ الْمَوْت** عَلَیْہِ السَّلَام جُونہی اس رُوح کو قبض کرتے ہیں تو وہاں موجود دیگر فِرِشْتے پَل بھر انتظار نہیں کرتے اور اس نیک روح کو **مَلَکُ الْمَوْت** عَلَیْہِ السَّلَام سے لے کر جنتی کفن پہنا دیتے ہیں پھر اسے جنّتی خوشبو لگاتے ہیں تو اُس سے رُوئے زمین پر پائی جانے والی بہترین مشک سے بھی بڑھ کر نفیس خوشبو آنے لگتی ہے۔ پھر وہ فِرِشْتے اس روح کو لے کر (آسمان کی طرف) چڑھتے ہیں تو فِرِشْتوں کی جس جماعت کے پاس سے گزرتے ہیں وہ پوچھتے ہیں: ''یہ خوشبوؤں میں بَسی پاک رُوح کس کی ہے؟'' تو فِرِشْتے کہتے ہیں کہ یہ فُلاں بن فُلاں ہے۔ وہ اس رُوح کا تعارف ایسے معزّز و محترم نام سے کراتے ہیں جس سے لوگ دنیا میں اسے پکارا کرتے تھے، یہاں تک کہ وہ اُسے لے کر آسمانِ دنیا تک پہنچ جاتے ہیں، پھر اس کے لیے آسمان کے دروازے کھولنے کی اجازت طلب کی جاتی ہے تو دروازے کھول دیئے

جاتے ہیں، اس کے بعد ہر آسمان کے فِرِشتے اُسے اگلے آسمان پر پہنچاتے ہیں حتی کہ اسے ساتویں آسمان تک پہنچا دیتے ہیں۔ تو **اللہ** تعالیٰ فرماتا ہے: ''میرے بندے کے نامۂ اعمال کو مقام علیین [1] (پانے والوں) میں لکھ دو اور اسے زمین کی طرف لوٹا دو کیونکہ میں نے اپنے بندوں کو اسی سے پیدا کیا ہے، اسی میں انہیں لوٹاؤں گا اور اسی سے انہیں دوبارہ نکالوں گا۔'' حضور صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے مزید فرمایا: اس کی رُوح اس کے جسم میں لوٹا دی جاتی ہے، پھر اس کے پاس دو فِرِشتے آکر اُسے بٹھاتے ہیں اور اس سے پوچھتے ہیں کہ تیرا رب کون ہے؟ وہ کہتا ہے: میرا رب **اللہ** ہے۔ وہ پوچھتے ہیں: تیرا دین کیا ہے؟ وہ کہتا ہے: میرا دین اسلام ہے۔ وہ پوچھتے ہیں: یہ صاحب کون ہیں جو تم میں بھیجے گئے؟ وہ کہتا ہے کہ یہ **اللہ** کے رسول صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہیں۔ وہ پوچھتے ہیں: تجھے کیسے معلوم ہوا؟ وہ کہتا ہے: میں نے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی کتاب پڑھی، اس پر ایمان لایا اور اس کی تصدیق کی۔ تو آسمان سے پکارنے والا پکارتا ہے کہ میرے بندے نے سچ کہا۔ اس کے لیے جنت کا بستر بچھاؤ، اسے جنتی لباس پہناؤ اور اس کے لئے جنّت کی طرف دروازہ کھول دو۔ پس اسے جنّت کی خوشگوار ہوا اور خوشبو آنے لگتی ہے اور اس کی قبر تاحدّ نِگاہ فراخ کر دی جاتی ہے۔ پھر اُس کے پاس ایک خوبصورت چہرے، اچھے

---

[1] علیّین ساتویں آسمان میں زیرِ عرش (ایک مقام کا نام) ہے۔ (خزائن العرفان، پ۳۰، المطففین، تحت الآیۃ ۱۸)

کپڑوں اور پاکیزہ ترین خوشبو والا شخص آتا ہے اور کہتا ہے: تجھے خوشخبری ہو اس چیز کی جو تجھے مسرور کرے گی۔ یہ تیرا وہ دِن ہے جس کا تجھ سے وعدہ کیا گیا تھا۔ یہ پوچھتا ہے: تو کون ہے؟ تیرا چہرہ بھلائی کی خبر دیتا ہے۔ وہ کہتا ہے: میں تیرا نیک عمل ہوں۔ بندہ کہتا ہے: اے میرے رب! قیامت قائم کرتا کہ میں اپنے گھر بار اور مال میں پہنچوں۔ آپ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے مزید فرمایا کہ بندۂ کافر جب دنیا سے روانہ ہو کر آخرت کی طرف جانے لگتا ہے تو اس کی طرف آسمان سے سیاہ چہرے والے فِرِشتے اترتے ہیں جن کے پاس ٹاٹ ہوتے ہیں۔ وہ فِرِشتے اس کے پاس تاحد نگاہ بیٹھ جاتے ہیں پھر **مَلَکُ الْمَوْت** عَلَیْہِ السَّلَام آکر اس کے سر کے پاس بیٹھتے ہیں اور کہتے ہیں: ”اے خبیث روح! **اللہ** کی ناراضی اور غضب کی طرف نکل۔“ تو وہ روح جسم میں چھپتی پھرتی ہے، **مَلَکُ الْمَوْت** عَلَیْہِ السَّلَام اسے ایسے کھینچتے ہیں جیسے گرم سیخ بھیگی اُون سے کھینچی جاتی ہے۔ جب اسے قبض کر لیتے ہیں تو وہ فِرِشتے اسے **مَلَکُ الْمَوْت** عَلَیْہِ السَّلَام کے ہاتھ میں پلک جھپکنے کی مقدار بھی نہیں رہنے دیتے اور اسے لے کر اُن ٹاٹوں میں ڈال لیتے ہیں، اس سے رُوئے زمین کے بدترین مردار کی سی بدبو نکلتی ہے، جب وہ اسے لے کر (آسمان کی طرف) چڑھتے ہیں تو فرشتوں کی جس جماعت کے قریب سے گزرتے ہیں وہ پوچھتے ہیں کہ یہ خبیث روح کس کی ہے؟ تو فِرِشتے اس کا دُنیاوی بدترین نام لے کر کہتے ہیں کہ

یہ فُلاں بن فُلاں ہے۔ یہاں تک کہ اسے لے کر آسمانِ دنیا تک آتے ہیں اور اس کا دروازہ کھولنے کی اجازت طلب کرتے ہیں مگر وہ اس کے لیے نہیں کھولا جاتا۔ پھر دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے یہ آیتِ مبارکہ پڑھی:

لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَ لَا یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى یَلِجَ الْجَمَلُ فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِؕ (پ۸، الاعراف:۴۰)

ترجمۂ کنز الایمان: ان کے لئے آسمان کے دروازے نہ کھولے جائیں گے اور نہ وہ جنّت میں داخل ہوں جب تک سوئی کے ناکے اونٹ نہ داخل ہو۔

پھر رب تعالیٰ فرشتوں سے فرماتا ہے: ”اس کا نامۂ اعمال نچلی زمین میں مَقامِ سِجّین[1] (والوں) میں لکھ دو۔“ تو اس کی رُوح پھینک دی جاتی ہے۔ پھر دو عالم کے مالِک و مختار باذنِ پروردگار، مکّی مَدَنی سرکار صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے یہ آیتِ مبارکہ تلاوت فرمائی:

وَ مَنْ یُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّیْرُ اَوْ تَهْوِیْ بِهِ الرِّیْحُ فِیْ مَكَانٍ

ترجمۂ کنز الایمان: اور جو اللہ کا شریک کرے وہ گویا گرا آسمان سے کہ پرندے اسے اچک لے جاتے ہیں یا ہوا اُسے کسی

[1] سِجّین ساتویں زمین کے اسفل میں ایک مقام ہے جو ابلیس اور اس کے لشکروں کا محل ہے۔ (خزائن العرفان، پ۳۰، المطففین، تحت الآیۃ ۷)

سَحِیۡقٍ ﴿۳۱﴾ (پ۱۷، الحج:۳۱) دور جگہ پھینکتی ہے۔

پھر رُوح جسم میں لوٹائی جاتی ہے اور اس کے پاس دو فِرِشتے آکر اُسے بٹھاتے ہیں اور پوچھتے ہیں: تیرا رب کون ہے؟ وہ کہتا ہے: ہائے! ہائے! میں نہیں جانتا۔ پھر پوچھتے ہیں: تیرا دین کیا ہے؟ وہ کہتا ہے: ہائے! ہائے! میں نہیں جانتا۔ پھر پوچھتے ہیں: یہ کون صاحب ہیں جو تم میں بھیجے گئے؟ وہ کہتا ہے: ہائے! ہائے! میں نہیں جانتا۔ تب آسمان سے پکارنے والا پکارتا ہے: یہ جھوٹا ہے اس کے لیے آگ کا بستر بچھاؤ اور آگ کی طرف دروازہ کھول دو۔ چنانچہ اس تک دوزخ کی گرمی اور وہاں کی لُو آنے لگتی ہے اور اس پر قبر اس قدر تنگ کر دی جاتی ہے کہ اس کی پسلیاں اِدھر اُدھر (یعنی ایک دوسرے میں پیوست) ہو جاتی ہیں اور اسکے پاس ایک بد شکل، برے لباس والا بدبو دار آدمی آتا ہے اور اس سے کہتا ہے: تجھے خوشخبری ہو اس چیز کی جو تجھے غمگین کرے گی، یہی وہ دن ہے جس کا تجھ سے وعدہ کیا گیا تھا۔ مردہ کہتا ہے کہ تو کون ہے کہ تیرا چہرہ شَر (بُرائی) کی خبر دے رہا ہے؟ وہ کہتا ہے: میں تیرا بُرا عَمل ہوں۔ تب یہ کہتا ہے: الٰہی قیامت قائم نہ کرنا۔[1]

## عذابِ قبر حق ہے

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** ذرا غور کیجئے کہ ایک مومن نیکوکار اور ایک

[1] مسند احمد، مسند الکوفیین، حدیث البراء بن عازب، ۶/ ۴۱۳، حدیث: ۱۸۵۵۹

کافر بدکار کی موت، قبر، روح نکلنے، روح آسمان تک جانے اور نزع کی سختیوں کے احوال میں کس قدر فرق ہے۔ یاد رکھیے! عذابِ قبر حق ہے۔ چنانچہ،

ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے عذابِ قبر کے مُتَعَلِّق پوچھا تو آپ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''ہاں! عذابِ قبر حق ہے۔'' ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ اس کے بعد میں نے دیکھا کہ میرے سرتاج، صاحبِ معراج صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہر نماز کے بعد عذابِ قبر سے پناہ مانگا کرتے تھے۔[1] نیز بخاری شریف کی ایک حدیثِ پاک میں وہ دعا بھی مذکور ہے۔ چنانچہ حضرت سَیِّدُنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ پیارے آقا صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم یہ دعا کیا کرتے تھے: **اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَسِیحِ الدَّجَّال۔** یعنی اے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ! میں عذابِ قبر، عذابِ دوزخ، زِندگی اور موت کے فتنوں اور مسیح دجال کے فتنوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔[2]

---

1 بُخاری، کتاب الجنائز، باب ماجاء فی عذاب القبر، ۱/ ۴۶۳، حدیث: ۱۳۷۲

2 بُخاری، کتاب الجنائز، باب التعوذ من عذاب القبر، ۱/ ۴۶۴، حدیث: ۱۳۷۷

## حدیث کی شرح

مُفَسِّرِ شَہِیر، حکیم الاُمَّت، مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الْحَنَّان فرماتے ہیں: یہ تمام دعائیں اُمّت کی تعلیم کے لیے ہیں، ورنہ انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام عذابِ قبر تو کیا حسابِ قبر سے بھی محفوظ ہیں۔ اسی طرح جو ان کے دامَن میں آجائے وہ زِندَگی اور موت کے فتنوں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ آپ کے نام کی برکت سے لوگوں کو دَجّال کے فتنوں سے امان ملے گی۔ جہاں کہیں حضور عَلَیْہِ السَّلَام نے فرمایا کہ میں فلاں چیز سے تیری پناہ مانگتا ہوں وہاں اُمّت کے لیے پناہ مراد ہے۔[1]

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** ذرا غور کیجئے کہ ہمارے آقا، مدینے والے مصطفےٰ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم خود تو ہر قسم کی معصیت سے محفوظ ہیں مگر ہم گناہگاروں کے لیے عذابِ قبر اور مختلف فتنوں سے پناہ مانگ رہے ہیں اور ایک ہم ہیں کہ دِن رات گناہوں میں مشغول رہنے کے باوُجُود نہ ہمیں موت کی سختیوں کا خوف ہے نہ عذابِ قبر کا ڈر ہے بلکہ ہم دن بدن گناہوں کے معاملے میں بے باک ہوتے جارہے ہیں۔

آگاہ اپنی موت سے کوئی بَشَر نہیں
سامان سو برس کا ہے پَل کی خبر نہیں

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

مدینہ

[1] مرآۃ المناجیح، ۲/ ۱۱۰

## ہمارا کیا بنے گا؟

شراب پینے والوں، بدکاری کرنے والوں، جوا کھیلنے والوں، بدفعلی کرنے والوں، بدنگاہی کرنے والوں، گانے باجے سننے والوں، فلمیں ڈرامے دیکھنے والوں، چھپ چھپ کر گناہ کرنے والوں، داڑھی منڈانے والوں، ماں باپ کو ستانے والوں، ملاوٹ والا مال دھوکے سے بیچنے والوں، بلا اجازتِ شرعی رمضان کے روزے قضا کرنے والوں، جھوٹ بولنے والوں، رشوت لینے والوں، لوگوں کے موبائل فون چوری کرنے والوں، ڈکیتی مارنے والوں، پاکدامن عورتوں پر تہمت لگانے والوں، بدگمانیاں کرنے والوں، مسلمانوں کی عزت سے کھیلنے والوں اور مسلمانوں کی دِل آزاری کا سَبَب بننے والوں کے لئے مقامِ غور ہے کہ اگر **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی نافرمانی اور اس کے پیارے حبیب صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سنّتوں سے رُوگردانی کے سَبَب کہیں **اللہ** و رسول عَزَّوَجَلَّ وصَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم رُوٹھ گئے، گناہوں کی نُحُوسَت کے سَبَب کہیں ایمان برباد ہو گیا اور اسی حالت میں موت آگئی تو ہمارا کیا بنے گا؟

**پیارے اسلامی بھائیو!** اگر ہماری قبر میں جہنّم کی آگ بھڑکا دی گئی ﷺ اگر ہماری زبان پر یہ جاری ہو گیا: **"هَيْهاتَ هَيْهاتَ لاَاَدْرِی"** افسوس!

میں کچھ نہیں جانتا ﴿ اگر ہماری قبر دونوں طرف سے مل کر ہمیں دبانے لگی ﴿ اگر ہماری پسلیاں ٹوٹ کر ایک دوسرے میں پیوست ہو گئیں تو ہم کیا کریں گے؟ ﴿ ہماری قبر میں سانپ بچھو آ گئے تو کہاں جائیں گے؟ ﴿ ہمیں آگ کی زنجیروں میں جکڑ لیا گیا تو ہمارا کیا بنے گا؟ ﴿ ہمارے کَفَن کو آگ کے کَفَن سے بدل دیا گیا تو ہمارا کیا حال ہو گا؟ اس وقت کہاں جائیں گے؟ کس کو پکاریں گے؟

**اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور اس کے پیارے حبیب صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو تو ناراض کر چکے اب کون ہے جو قبر کی ہولناکیوں سے بچائے گا؟

اعمال کا سلسلہ بھی منقطع ہو چکا کہ قبر اعمال کی جگہ نہیں، عمل کے لیے جو زِندَگی ملی تھی اسے تو غفلت کی نظر کر دیا، ہائے افسوس! ہم نے اپنی دنیوی زندگی غفلت اور طرح طرح کے گناہوں اور فضولیات میں برباد کر دی۔

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!**

- **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہم سب پر رَحْم فرمائے۔
- **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہم سب کو گناہوں کی عادت سے نجات عطا فرمائے۔
- **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہم سب کو نمازی بنا دے۔
- **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہم سب کو گناہوں سے بچنے والا بنا دے۔

- اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم سب پر نزع کی سختیاں آسان کر دے۔
- اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم سب کا ایمان سلامت رکھے۔
- اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم کو توبہ کی توفیق دے دے۔
- اللہ عَزَّوَجَلَّ ہماری قبر کو جنت کا باغ بنادے۔
- اللہ عَزَّوَجَلَّ سب پر اپنی رَحمت کا مینہ برسادے۔
- اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں لمحہ بھر بھی کفر کی زندگی میں مبتلا نہ فرمائے۔
- اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں عافیت، عافیت اور عافیت ہی عطا فرمائے۔

ابھی ہمارے پاس وقت ہے، ہماری سانسیں ابھی باقی ہیں، اس سے پہلے کہ موت کا فرشتہ آکر ہمارا رشتۂ حیات منقطع کر دے فوراً سے پیشتر اپنے تمام گناہوں سے توبہ کر لیجئے۔ ہمارے اسلاف قبر کی ہولناکیوں، وحشتوں، تنہائیوں اور اندھیروں سے بہت زیادہ خوفزدہ رہا کرتے تھے اور ایک ہم ہیں کہ اپنی قبر کو یکسر بھولے ہوئے ہیں، روز بروز لوگوں کے جنازے اٹھتے دیکھنے کے باوجود یہ نہیں سوچتے کہ ایک دِن ہمارا جنازہ بھی اٹھ جائے گا، یقیناً یہ جنازے ہمارے لئے خاموش مبلغ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ جو کچھ وہ زبانِ حال سے کہہ رہے ہوتے ہیں اس کی ترجمانی کسی نے کیا خوب کی ہے:

جنازہ آگے آگے کہہ رہا ہے اے جہاں والو
مرے پیچھے چلے آؤ تمہارا رہنما میں ہوں

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## یہ عبرت کی جا ہے

ہمارے کتنے ہی دوست، احباب، عزیز، رشتے دار دیکھتے ہی دیکھتے اچانک موت کا شِکار ہو کر قبروں میں پہنچ گئے اور ہم ان کے جنازے میں شریک بھی ہوئے لیکن نجانے ہماری آنکھوں پر غفلت کا کیسا دَبیز (موٹا) پردہ پڑا ہوا ہے کہ ہمیں یہ احساس ہی نہیں ہوتا کہ ایک دن ہمیں بھی اسی طرح موت کا شِکار ہونا اور اندھیری قبر میں اترنا پڑے گا۔

جب اس بزم سے اٹھ گئے دوست اکثر اور اٹھتے چلے جارہے ہیں برابر
یہ ہر وقت پیش نظر جب ہے منظر یہاں پر ترا دل بہلتا ہے کیونکر
جگہ جی لگانے کی دنیا نہیں ہے
یہ عبرت کی جا ہے تماشا نہیں ہے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## ملک الموت کا اِعلان

**منقول** ہے کہ روزانہ ملک الموت عَلَیْہِ السَّلَام قبرستان میں یہ اعلان کرتے

ہیں: اے اہلِ قبور! تمہیں دنیا میں موجود کن لوگوں پر رشک آتا ہے؟ تو وہ جواب دیتے ہیں: ”ہمیں رشک ہے ان لوگوں پر جو ❁ بارگاہِ خداوندی میں حاضر ہو کر سجدہ ریز ہوتے ہیں اور ہم نہیں ہو سکتے ❁ جو روزے رکھتے ہیں اور ہم نہیں رکھ سکتے ❁ جو صدقہ کرتے ہیں اور ہم نہیں کر سکتے ❁ جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ذکر کی محفلیں سجاتے ہیں اور ہم ایسا نہیں کر سکتے۔“[1]

**حُجَّۃُ الْاِسلام** حضرت سیِّدُنا امام محمد بن محمد غزالی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الوَالِی نَقْل کرتے ہیں: بنی اسرائیل کا ایک مغرور آدمی اپنے بند کمرے میں گھر والوں میں سے کسی کے ساتھ تنہائی میں تھا کہ اتنے میں ایک شخص اُس کی طرف ایک دم لپکا۔ اُس مغرور نے کہا: اندر داخِلے کی تمہیں کس نے اجازت دی اور تم ہو کون؟ نَووارِد نے کہا: مجھے اِس گھر کے مالک نے اجازت دی اور میں وہ ہوں جسے کوئی دربان نہیں روک سکتا، مجھے بادشاہوں سے بھی اجازت لینے کی ضَرورت نہیں ہوتی، نہ مجھے کسی کا دبدبہ ڈرا سکتا ہے، نہ ہی مجھ سے کوئی مغرور و سرکش بچ سکتا ہے۔ یہ سُن کر وہ مغرور آدمی خوف سے تھرّاتا ہوا منہ کے بَل گر پڑا، پھر انتہائی ذلّت کے ساتھ منہ اُٹھا کر بولا: آپ مَلَکُ الْمَوت عَلَیْہِ السَّلَام معلوم ہوتے ہیں! فرمایا: ہاں میں مَلَکُ الْمَوت ہوں۔ اُس نے عرض کی: کیا مجھے مُہلَت مل سکتی ہے تاکہ توبہ کر کے نیکیوں

مدینہ

[1] الروض الفائق، المجلس الثالث فی ذکر الموت وزیارۃ القبور.....الخ، ص ۲۷

کا عَہد کروں؟ فرمایا: نہیں، تمہارے سانس پورے ہو چکے ہیں۔ بولا: مجھے کہاں لے جائیں گے؟ فرمایا: اُس مقام پر جہاں تُو نے اعمال بھیجے ہیں اور اُس گھر کی طرف جو تُو نے تیّار کیا ہے۔ بولا: افسوس! میں نے نہ کوئی نیکی آگے بھیجی ہے نہ ہی کوئی اچّھا گھر تیّار کیا ہے۔ مَلَکُ الْمَوت عَلَیْہِ السَّلَام نے فرمایا: پھر تو تجھے اُس بھڑکتی آگ کی طرف لے جایا جائے گا جو تیرا گوشت پوست نوچ لے گی۔ یہ کہہ کر مَلَکُ الْمَوت عَلَیْہِ السَّلَام نے اُس کی روح قبض کر لی اور وہ مُردہ ہو کر گر پڑا۔ گھر میں کُہرام پڑ گیا، چیخ و پکار اور رونا دھونا مچ گیا۔ اِس واقِعے کے راوی حضرتِ سیِّدُنا یزید رقاشی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: اگر ان سوگواروں کو اُس کے بُرے انجام کا پتا چل جاتا تو اِس سے بھی زیادہ رونا دھونا مچاتے۔ [1]

یاد رکھ ہر آن آخر موت ہے
بن تو مت انجان آخر موت ہے
ایک دِن مرنا ہے آخِر موت ہے
کرلے جو کرنا ہے آخِر موت ہے

## عِبرت ناک اشعار

نمبر (1)

وَقَفْتُ عَلَى الْاَحِبَّةِ حِيْنَ صَفَّتْ قُبُوْرُهُمْ كَاَفْرَاسِ الرِّهَانِ

مدینہ

[1] اِحیاءُ العلوم، کتاب ذکر الموت ومابعدہ، الباب الثالث فی سکرات الموت وشدتہ.....الخ، ۵/ ۲۱۶

فَلَمَّا اَنْ بَكَيْتُ وَفَاضَ دَمْعِیْ رَاَتْ عَيْنَایَ بَيْنَهُمْ مَكَانِ

یعنی (۱) میں دوستوں کے پاس رُکا، اُن کی قبریں دوڑ لگانے والے گھوڑوں کی طرح صف بستہ تھیں (۲) پس جب میں رویا اور میرے آنسو بہنے لگے تو میری آنکھوں نے ان کے درمیان میرا مکان دیکھ لیا۔[1]

## نمبر (2)

يَا اَيُّهَا النَّاسُ كَانَ لِیْ اَمَلٌ قَصَرَ بِیْ عَنْ بُلُوْغِهِ الْاَجَل

فَلْيَتقِ اللّٰهَ رَبَّهُ رَجُلٌ اَمْكَنَه فِیْ حِيَاتِهِ الْعَمَل

مَا اَنَا وَحْدِیْ نُقِلْتُ حَيْثُ تَرَی كُلٌّ اِلٰی مِثْلِه سيُنْتَقَل

یعنی (۱) اے لوگو! میری بہت سی امیدیں (Wishes) تھیں مگر موت نے مجھے ان تک پہنچنے کی مہلت نہ دی (۲) پس اس شخص کو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سے ڈرنا چاہئے جو دنیاوی زندگی میں نیک اعمال کر سکتا ہے (۳) صرف مجھے ہی یہاں نہیں رکھا گیا بلکہ تو دیکھے گا کہ جدھر مجھے بھیجا گیا ہر ایک ادھر ہی منتقل ہو گا۔[2]

## نمبر (3)

اَلَا قُلَّ لِمَاشٍ عَلٰی قَبْرِنَا غُفُوْلٌ لِاَشْيَاءٍ حُلَّتْ بِنَا

سَيَنْدَمُ يَوْمًا لِتَفْرِيْطِهٖ كَمَا قَدْ نَدِمْنَا لِتَفْرِيْطِنَا

یعنی (۱) خبردار! ہماری قبر کے پاس سے گزرنے والے کے لئے کم مدت ہے، وہ ان

---

[1] اِحیاءُ العلوم، کتاب ذکر الموت وما بعدہ، الباب السادس فی اقاویل العارفین علی الجنائز.....الخ، ۵ / ۲۴۰

[2] المرجع السابق

چیزوں سے بہت زیادہ غافل ہے جو ہمیں پہنائی گئی ہیں(2)⇦عنقریب ایک دن وہ اپنی غفلت کی وجہ سے شرمسار ہوگا جیسا کہ ہم اپنی غفلت کی وجہ سے شرمندہ ہوئے۔[1]

## نمبر(4)

قِفْ وَاعْتَبِرْ فَقَرِيْبًا تَحِلُّ هٰذَا الْمَحَلَّا

هٰذَا مَكَانٌ يُسَاوِى فِيْهِ الْاَعَزُّ الْاَذَلَّا

یعنی (1)⇦(اے گزرنے والے!)ذرا ٹھہر جا!اور عبرت حاصل کر، عنقریب تجھے بھی اس مکان میں اُترنا ہے(2)⇦یہ ایسا مکان ہے جس میں عزت وذلت والے سب برابر ہیں۔[2]

## نمبر(5)

بِاللّٰهِ يَاقَبْر هَلْ زَالَتْ مَحَاسِنُه وَهَلْ تَغَيَّرَ ذَاكَ الْمَنْظَرُ النَّضْرُ

يَاقَبْر مَا اَنْتِ لَا رَوْضٌ وَلَا فَلَكٌ فَكَيْفَ يَجْمَعُ فِيْكِ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ

یعنی (1)⇦ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی قسم! اے قبر! کیا اس کے خوبصورت اعضاء برباد ہوگئے؟ اور کیا اس کا پُرکشش اور تروتازہ (چہرہ) تبدیل ہوگیا؟ (2)⇦اے قبر !تو کیا ہے؟ تو باغ ہے، نہ آسمان، پھر کیسے تجھ میں چاند سورج (جیسے لوگ) جمع ہو جاتے ہیں۔[3]

## نمبر(6)

اَيُّهَا الْمَاشِىْ بَيْنَ هٰذِى الْقُبُوْرِ غَافِلًا عَنْ مُعَقَّبَاتِ الْاُمُوْرِ

مدینہ

1 الروض الفائق، المجلس الثالث فی ذکر الموت وزیارۃ القبور.....الخ، ص ۲۶

2 المرجع السابق 3 المرجع السابق

اُدْنُ مِنِّیْ أُنَبِیکَ عَنِّیْ وَلَا یُنْـ بِیْکَ عَنِّیْ یَا صَاحِ مِثْلَ خَبِیْرِ
اَنَا مَیِّتٌ کَمَا تَرَانِیْ طَرِیْحٌ بَیْنَ اَطْبَاقِ جُنْدَلٍ وَ صَخُوْرِ
اَنَا فِیْ بَیْتِ غُرْبَةٍ وَ اِنْفِرَادٍ مَعْ قُرْبِیْ مِنْ جِیْرَتِیْ وَعَشِیْرِی
لَیْسَ لِیْ فِیْهِ مُؤْنِسٌ غَیْرَ سَعْیٍ مِنْ صَلَاحٍ سَعَیْتُه اَوْ فُجُوْرِ
فَکَذَا اَنْتَ فَاعْتَبِرْ بِیْ وَاِلَّا صِرْتَ مِثْلِیْ رَہِیْنٌ یَوْمَ النُّشُوْرِ

یعنی (1)⇦اے امورِ آخرت سے غافل ہو کر ان قبروں کے درمیان چلنے والے! (2)⇦میرے قریب آ! میں تجھے اپنے حالات سے باخبر کروں، کہ مجھ سے بہتر اپنے حالات کی خبر تجھے کوئی نہیں بتائے گا(3)⇦میں مردہ ہوں جیسا کہ تو دیکھ رہا ہے کہ مجھے بنجر اور چٹیل میدان میں ڈال دیا گیا ہے(4)⇦اپنے پڑوسیوں اور گھر والوں کے باوُجود میں اس ویران گھر میں اکیلا ہوں(5)⇦نیکیوں اور گناہوں کے علاوہ قبر میں میرے ساتھ کوئی نہیں(6)⇦اسی طرح تجھے بھی یومِ قِیامت کے لئے یہاں گروی رکھا جائے گا لہٰذا مجھ سے عِبرت حاصل کر، ورنہ تیرا بھی میرے جیسا حال ہو گا۔ [1]

## آبادی کدھر ہے؟

منقول ہے کہ شام کے وقت ایک گھڑ سوار مسافر ایک وادی میں داخل ہوا تو شام کے سائے گہرے ہوتے دیکھ کر اس نے سوچا کہ رات کی تاریکی چھانے سے قبل کوئی محفوظ ٹھکانا تلاش کرنا چاہئے۔ چنانچہ اسے وادی میں ایک لڑکا نظر آیا تو

مدینہ

[1] الروض الفائق، المجلس الثالث فی ذکر الموت وزیارۃ القبور.....الخ، ص ۲۶

اس نے لڑکے سے پوچھا کہ آبادی کدھر ہے؟ لڑکے نے عرض کی: اس پہاڑی پر چڑھ کر دیکھیں گے تو دوسری طرف آپ کو آبادی ہی آبادی نظر آئے گی۔ جب اس شخص نے پہاڑی پر چڑھ کر دوسری طرف دیکھا تو اسے آبادی کے بجائے ایک قبرستان دکھائی دیا جس میں ہر طرف بربادی و ویرانی کے آثار نمایاں تھے۔ وہ دل میں کہنے لگا: یقیناً یہ لڑکا بے وقوف ہے جو آنے جانے والے انجان مسافروں کو پریشان کرتا ہے یا پھر انتہائی عقل مند ہے اور اس کے قبرستان کی طرف اشارہ کرنے میں کوئی حکمت پوشیدہ ہے۔ یہ سوچ کر وہ حقیقتِ حال جاننے کے لیے واپس آیا اور اس لڑکے سے پوچھا: میں نے آبادی کے مُتَعَلِّق پوچھا تھا مگر تم نے مجھے قبرستان کا راستہ کیوں دکھایا؟ تو لڑکے نے بصد احترام کہا: جناب! میں نے گھاٹی کے اِس طرف کے کثیر لوگوں کو اُس طرف جاتے تو دیکھا ہے لیکن اُدھر والوں کو کبھی اِس طرف آتے نہیں دیکھا لہٰذا میرے خیال میں تو آبادی اُدھر ہے نہ کہ اِدھر۔ ہاں! اگر آپ مجھ سے پوچھتے کہ مجھے اور میرے جانور کو ٹھکانا کہاں مل سکتا ہے تو میں آپ کو اِدھر بھیجتا نہ کہ اُدھر۔ [1]

## تصورِ موت کا طریقہ

**پیارے اسلامی بھائیو!** ہماری دنیاوی اور اخروی زندگی کے

مدینہ

1 الروض الفائق، المجلس الثالث فی ذکر الموت وزیارۃ القبور.....الخ، ص ۲۷

درمیان موت کی گھاٹی حائل ہے، جس دن ہم نے یہ گھاٹی عبور کرلی کبھی واپسی نہ ہوگی۔ لہٰذا موت کی اس پر خطر گھاٹی کو یاد رکھئے کہ جسے ہر ایک نے پار کرنا ہے اور کبھی بھی غفلت اختیار نہ کیجئے۔ چنانچہ،

دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 480 صَفحات پر مشتمل کتاب **بیاناتِ عطاریہ حصہ اوّل** صَفْحَہ 304 پر شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ موت کو ہمیشہ یاد رکھنے کے مُتَعَلِّق فرماتے ہیں:

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** کامیاب و عقل مند وہی ہے جو دوسروں کو مرتا دیکھ کر اپنی موت یاد کرے اور قبر و آخرت کی تیاری کرلے۔ جیسا کہ حضرت سَیِّدُنا **عبد اللہ** بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے: **اَلسَّعِیدُ مَنْ وُعِظَ بِغَیرِہٖ** یعنی سعادت مند وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرے۔[1]

یاد رکھیے! غفلت کے ساتھ موت کو یاد کرنے سے یہ سعادت حاصل نہیں ہوگی کہ اس طرح تو انسان ہمیشہ جنازے دیکھتا ہی رہتا ہے اور کبھی اپنے ہاتھوں سے بھی انہیں قبر میں اتارتا ہے۔ تصورِ موت کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ کبھی کبھی تنہائی میں دل کو ہر طرح کے دنیاوی خیالات سے پاک کرکے پھر پہلے اپنے اُن دوستوں اور رشتہ داروں کو یاد کیجئے جو وفات پاچکے ہیں، اپنے قرب وجوار میں

---

[1] مسلم، کتاب القدر، باب کیفیۃ الخلق الآدمی.....الخ، ص ۱۴۲۱، حدیث: ۲۶۴۵

رہنے والے فوت شدگان میں سے ایک ایک کو یاد کیجئے اور تصور ہی تصور میں ان کے چہرے سامنے لائیے اور خیال کیجئے کہ وہ کس طرح دنیا میں اپنے اپنے منصب و کام میں مشغول، لمبی لمبی امیدیں باندھے، دنیاوی تعلیم کے ذریعے مستقبل کی بہتری کے لیے کوشاں تھے اور ایسے کاموں کی تدبیر میں لگے تھے جو شاید سالہا سال تک مکمل نہ ہو سکیں، دنیاوی کاروبار کے لیے وہ طرح طرح کی تکلیفیں اور مشقتیں برداشت کیا کرتے تھے وہ صرف اس دنیا ہی کے لیے کوششوں میں مصروف تھے، اسی کی آسائشیں انہیں محبوب اور اسی کا آرام انہیں مرغوب تھا، وہ یوں زندگی گزار رہے تھے گویا انہیں کبھی مرنا ہی نہیں۔ چنانچہ وہ موت سے غافل خوشیوں میں بدمست اور کھیل تماشوں میں مگن تھے، ان کے کفن بازار میں آچکے تھے لیکن وہ اس سے بے خبر دنیا کی رنگینیوں میں گم تھے، آہ! اسی بے خبری کے عالَم میں انہیں یکایک موت نے آلیا اور وہ قبروں میں پہنچا دیئے گئے، ان کے ماں باپ غم سے نڈھال ہو گئے، ان کی بیوائیں بے حال ہو گئیں، ان کے بچے بلکتے رہ گئے، مستقبل کے حسین خوابوں کا آئینہ چکنا چور ہو گیا، امیدیں ملیا میٹ ہو گئیں، ان کے کام ادھورے رہ گئے، دنیا کے لیے ان کی سب محنتیں رائیگاں گئیں، ورثاء ان کے اموال تقسیم کر کے مزے سے کھا رہے ہیں اور ان کو بھول چکے ہیں۔ اس تصور کے بعد اب ان کی قبر کے حالات کے بارے میں غور کیجئے کہ

اُن کے بدن کیسے گل سڑ گئے ہوں گے، آہ! ان کے حسین چہرے کیسے مسخ ہو گئے ہوں گے، وہ کھلکھلا کر ہنستے تھے تو منہ سے پھول جھڑتے تھے مگر آہ! اب ان کے وہ چمکیلے خوبصورت دانت جھڑ چکے ہوں گے اور منہ میں پیپ پڑ گئی ہو گی، ان کی موٹی موٹی دلکش آنکھیں اُبل کر رُخساروں پر بہہ گئی ہوں گی، ان کے ریشم جیسے بال جھڑ کر قبر میں بکھر گئے ہوں گے، ان کی باریک اونچی خوبصورت ناک میں کیڑے گھسے ہوئے ہوں گے، ان کے گلاب کی پنکھڑیوں کی مانند پتلے پتلے نازک ہونٹوں کو کیڑے کھا رہے ہوں گے، وہ ننھے ننھے بچے جن کی تتلی باتوں سے غمزدہ دل کھل اٹھتے تھے مرنے کے بعد اِن کی زبانوں پر کیڑے چمٹے ہوں گے، نوجوانوں کے قابلِ رشک توانا ورزشی جسم خاک میں مل گئے ہوں گے۔ ان کے تمام جوڑ الگ الگ ہو چکے ہوں گے۔

یہ تصور کرنے کے بعد یہ سوچئے کہ آہ! یہی حال عنقریب میرا بھی ہونے والا ہے، مجھ پر بھی نزع کی کیفیت طاری ہو گی، آنکھیں چھت پر لگی ہوں گی، عزیز و اَقارب جمع ہوں گے، ماں: میرا لال! میرا لال! کہہ رہی ہو گی، باپ مجھے: بیٹا! بیٹا! کہہ کر پکار رہا ہو گا، بہنیں بھائی! بھائی! کی آوازیں لگا رہی ہوں گی، چاہنے والے آہیں اور سسکیاں بھر رہے ہوں گے، پھر اسی چیخ و پکار کے پُر ہول ماحول

میں روح قبض کرلی جائے گی، کوئی آگے بڑھ کر میری آنکھیں بند کر دے گا، مجھ پر کپڑا اُڑھا دیا جائے گا، عزیزوں کے رونے دھونے سے کہرام مچ جائے گا، پھر غسال کو بلایا جائے گا، مجھے تختۂ غسل پر لِٹا کر غسل دیا جائے گا اور کفن پہنایا جائے گا، آہ وفُغاں کے شور میں اس گھر سے میرا جنازہ روانہ ہو گا جس گھر میں میں نے ساری عمر بسر کی، کل تک جنہوں نے ناز اٹھائے آج وہی میرا جنازہ اُٹھا کر قبرستان کی طرف چل پڑیں گے، پھر مجھے قبر میں اُتار کر میرے عزیز اپنے ہاتھوں سے مجھ پر مٹی ڈالیں گے، آہ! پھر قبر کی تاریکیوں میں مجھے تنہا چھوڑ کر سب کے سب واپس پلٹ جائیں گے۔ میرا دل بہلانے کے لیے کوئی بھی وہاں نہ ٹھہرے گا، ہائے! ہائے! پھر قبر میں میرا جسم گلنا سڑنا شروع ہو جائے گا۔ اُسے کیڑے کھانا شروع کر دیں گے، وہ کیڑے پتا نہیں میری سیدھی آنکھ پہلے کھائیں گے یا کہ الٹی آنکھ، میری زبان پہلے کھائیں گے یا میرے ہونٹ۔ ہائے! ہائے! میرے بدن پر کس قدر آزادی کے ساتھ کیڑے رینگ رہے ہوں گے، ناک، کان اور آنکھوں وغیرہ میں گھس رہے ہوں گے۔ یوں اپنی موت اور قبر کے حالات کا باری باری تصوُّر باندھیئے پھر منکر نکیر کی آمد، ان کے سوالات اور عذابِ قبر کا خیال دل میں لائیے اور اپنے آپ کو ان پیش آنے والے معاملات سے ڈرائیے۔ اس طرح فکر

مدینہ کے ذریعے موت کا تصوُّر کرنے سے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ دل میں موت کا احساس پیدا ہو گا، نیکیاں کرنے اور گناہوں سے بچنے کا ذہن بنے گا۔[1]

## ہمارے اسلاف اور موت کا تصوّر

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** ہمارے بزرگانِ دین رَحِمَہُمُ اللہُ الْمُبِین ہر وقت موت اور قبر و آخرت کو پیشِ نظر رکھتے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ گناہوں سے دور اور نیکیوں پر کمربستہ رہتے اور دنیا کی عارضی لذتوں میں مصروف ہو کر مطمئن ہو جانے کے بجائے ہر وقت خوفِ خدا سے روتے ہوئے موت، قبر اور حَشْر و نَشْر کی ہولناکیوں کو یاد رکھتے تھے۔ چنانچہ،

## آخرت کی پہلی منزل

**منقول** ہے، حضرتِ سیِّدُنا عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب کسی قبر کے قریب کھڑے ہوتے تو اس قدر روتے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی داڑھی مبارک تر ہو جاتی۔ اس بارے میں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے استفسار کیا گیا کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جنّت و دوزخ کے تذکرہ پر نہیں روتے مگر جب کسی قبر کے قریب کھڑے ہوتے ہیں تو اس قدر گریہ وزاری فرماتے ہیں، اس کا کیا سَبَب ہے؟ حضرتِ سیدنا

[1] بیانات عطاریہ، حصہ ۱، ص ۳۰۵ تا ۳۰۹

عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عبرت نشان ہے: بے شک قبر آخِرت کی سب سے پہلی منزل ہے۔ اگر اس سے نَجات پائی تو بعد کا مُعاملہ اس سے آسان ہو گا اور اگر اس سے نَجات نہ پائی تو بعد کا مُعاملہ اس سے زیادہ سخت ہو گا۔ (1)

## اُس کا حال کیا ہو گا!

حضرت سَیِّدُنا یزید رقاشی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْنَّاشِی فرمایا کرتے: ”موت جس کا مَوْعِد (یعنی وعدے کا وقت) ہو، قبر جس کا گھر ہو، زمین کے نیچے جس کا ٹھکانا ہو، کیڑے جس کے اَنِیْس (یعنی ساتھی) ہوں اور اِس کے ساتھ ساتھ اُسے اَلْفَزَعُ الْاَکْبَر (بڑی گھبراہٹ یعنی قیامت) کا بھی انتظار ہو، اس کا حال کیا ہو گا۔“ یہ فرما کر آپ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ پر رِقَّت طاری ہو جاتی یہاں تک کہ روتے روتے بے ہوش ہو جاتے۔ (2)

موت کو مت بھولنا بچھتاؤ گے — قبر میں اے عاصیو! جب جاؤ گے
سانپ بچھو دیکھ کر گھبراؤ گے — بھاگ نہ ہرگز وہاں سے پاؤ گے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

مدینہ

1 ترمذی، کتاب الزھد، ۵ باب (ت:۵)، ۴/ ۱۳۸، حدیث: ۲۳۱۵

2 المستطرف، الباب الحادی والثمانون فی ذکر الموت.....الخ، ۲/ ۴۷۷

## اے نفس کیا چاہتا ہے؟

حضرت سیِّدُنا ابراہیم تیمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْقَوِی اپنے نفس کا مُحاسَبہ کرنے کا انداز بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ایک مرتبہ میں نے یہ تَصَوُّر باندھا کہ میں جنّت میں ہوں، وہاں کے پھل کھا رہا ہوں اور اس کی نہروں سے مشروب پی رہا ہوں۔ اس کے بعد میں نے یہ خیال جمایا کہ میں جہنّم میں ہوں اور تھُوہَڑ (کانٹے دار درخت) کھا رہا ہوں اور دوزخیوں کا پیپ پی رہا ہوں۔ ان تصوُّرات کے بعد میں نے اپنے نفس سے پوچھا: ”تجھے کس چیز کی خواہش ہے؟ جنّت کی یا جہنّم کی؟“ نفس نے کہا: جنّت کی۔ تب میں نے اپنے نفس سے کہا: فی الحال تجھے مہلت (مُہ۔لَت) ملی ہوئی ہے۔ (یعنی اے نفس! اب تجھے خود ہی راہ مُتَعَیَّن کرنی ہے کہ سُدھر کر جنّت میں جانا ہے یا بگڑ کر دوزخ میں! لہٰذا) اسی حِساب سے عَمَل کر۔[1]

ہے یہاں سے تجھ کو جانا ایک دن قبر میں ہوگا ٹھکانا ایک دن
منہ خدا کو ہے دِکھانا ایک دن اب نہ غفلت میں گنوانا ایک دن

ایک دن مرنا ہے آخِر موت ہے
کر لے جو کرنا ہے آخِر موت ہے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

مدینہ

[1] مکاشفۃ القلوب، الباب الثمانون فی بیان المحبۃ ومحاسبۃ النفس، ص ۲۶۵ ملتقطاً

## دنیا کس لئے ہے؟

امیر المومنین حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے سب سے آخری خطبہ میں ارشاد فرمایا: اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تمہیں دُنیا اس لئے عطا فرمائی ہے کہ تم اسکے ذریعے آخرت کی تیاری کرو اور اس لئے عطا نہیں فرمائی کہ تم اِسی کے ہو کر رہ جاؤ۔ بے شک دُنیا فانی اور آخرت باقی ہے۔ تمہیں فانی (دنیا) کہیں بہکا کر باقی (آخرت) سے غافل نہ کر دے۔ باقی رہنے والی کو فنا ہو جانے والی پر ترجیح دو کیونکہ دنیا منقطع ہونے والی ہے اور بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف لوٹنا ہے۔ اللہ سے ڈرو کیونکہ اس کا ڈر اس کے عذاب سے (روک اور) ڈھال اور اُس کی بارگاہ تک پہنچنے کا ذریعہ ہے۔[1]

جہاں میں ہیں عبرت کے ہر سُو نمونے — مگر تجھ کو اندھا کیا رنگ و بو نے
کبھی غور سے بھی یہ دیکھا ہے تو نے — جو آباد تھے وہ مکاں اب ہیں سونے

جگہ جی لگانے کی دنیا نہیں ہے
یہ عبرت کی جا ہے تماشا نہیں ہے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

مدینہ

[1] شعب الایمان للبیہقی، الزھد وقصر الامل، اقوال السلف فی الدنیا وقصر الامل، ۳/ ۴۷۰

## آج عمل کا موقع ہے

امیر المومنین حضرت سَیِّدُنا علی المرتضٰی شیر خُدا کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیم نے ایک مرتبہ کوفہ میں خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: اے لوگو! بے شک تمہارے بارے میں مجھے سب سے زیادہ اس بات کا خوف ہے کہ کہیں تم لمبی لمبی امیدیں نہ باندھ بیٹھو اور خواہشات کی پیروی میں نہ لگ جاؤ۔ یاد رکھو! لمبی امیدیں آخرت کو بھلا دیتی ہیں اور خبر دار! نفسانی خواہشات کی پیروی راہِ حق سے بھٹکا دیتی ہے۔ خبر دار! دُنیا عنقریب پیٹھ پھیرنے والی اور آخرت جلد آنے والی ہے۔ آج عمل کا دِن ہے، حِساب کا نہیں اور کل حِساب کا دن ہو گا، عمل کا نہیں۔[1]

کوچ ہاں اے بے خبر ہونے کو ہے — کب تلک غفلت سَحر ہونے کو ہے
باندھ لے توشہ سفر ہونے کو ہے — خَتْم ہر فردِ بَشَر ہونے کو ہے

ایک دن مرنا ہے آخِر موت ہے
کر لے جو کرنا ہے آخِر موت ہے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## فانی زندگی میں ابدی زندگی کی تیاری

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** بزرگانِ دین رَحِمَہُمُ اللّٰہُ الْمُبِین کے مذکورہ

مدینہ

[1] شعب الایمان للصاغرجی، الزھد وقصر الامل، اقوال السلف فی الدنیا وقصر الامل، ۳/ ۴۷۰

فرامین سے معلوم ہوا کہ اِس فانی (دُنیوی) زِندَگی میں اُس اَبدی (اُخروی) زِندَگی کی بھرپور تیاری کر لی جائے اور کبھی بھی قبر و حشر کی زِندَگی کو نہ بھولا جائے بلکہ ہر شخص کو چاہئے کہ ہر لمحہ اپنا محاسبہ کرتا رہے، اگر کوئی اپنے اندر مَعَاذَ اللہ عَزَّوَجَلَّ کسی قسم کی بُرائی پائے تو نہ صرف اس سے بلکہ اپنے سابقہ تمام گناہوں سے سچی توبہ کر کے نیکیوں کی راہ پر اس طرح چلنے لگے کہ کبھی برائی کی راہ کو پلٹ کر نہ دیکھے، ورنہ یاد رکھے! موت کے بعد ہر ایک کو اپنی کرنی کا پھل ضرور بھگتنا ہے۔

موت آکر ہی رہے گی یاد رکھ جان جا کر ہی رہے گی یاد رکھ
قبر میں میّت اُترنی ہے ضَرور جیسی کرنی ویسی بھرنی ہے ضَرور

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## کالے بچھو

کوئٹہ کے ایک قریبی گاؤں میں ایک لاوارِث کلین شیو (Clean shave) نوجوان مرا پایا گیا لوگوں نے مل کر اس کو دفنا دیا۔ اتنے میں مرحوم کے عزیز آپہنچے اور کہنے لگے کہ ہم اس کی لاش کو نکال کر لے جائیں گے اور اپنے گاؤں میں دفنائیں گے۔ لہٰذا قبر دوبارہ کھودی گئی، جب چہرے کی طرف سے سِل ہٹائی گئی تو لوگوں کی چیخیں نکل گئیں! کفن چہرے سے ہٹا ہوا تھا اور کلین شیو نوجوان کے چہرے پر کالے کالے بچھوؤں کی کالی کالی داڑھی بنی ہوئی تھی، گھبرا کر جلدی

جلدی سِل رکھی، مٹی ڈالی اور لوگ بھاگ گئے۔[1]

دِل ہائے گناہوں سے بیزار نہیں ہوتا
مغلوب شہا! نفسِ بدکار نہیں ہوتا

گو لاکھ کروں کوششِ اِصلاح نہیں ہوتی
پاکیزہ گناہوں سے کردار نہیں ہوتا

یہ سانس کی مالا بس اب ٹوٹنے والی ہے
غفلت سے مگر پھر بھی بیدار نہیں ہوتا

اے ربّ کے حبیب آؤ اے میرے طبیب آؤ
اچھّا یہ گناہوں کا بیمار نہیں ہوتا

شیطان مُسلَّط ہے افسوس کسی صُورت
اب صبر گناہوں پر سرکار نہیں ہوتا

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## موت سے پہلے موت کی تیاری

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** موت سے پہلے موت کی تیاری کر لیجئے تاکہ جب قبر میں حبیبِ خدا سے یا حشر میں خدائے ذوالجلال سے ملاقات ہو تو کسی قسم کی شرمندگی اور رسوائی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ بلکہ جب اس دنیائے فانی سے ہمارے کُوچ کا وقت آئے تو اس حسرت میں مبتلا نہ ہوں، اے کاش! کچھ دیر مہلت مل جاتی تو نیک اعمال بجالاتے۔ حالانکہ منقول ہے: اَلْمَوْتُ جَسْرٌ یُوْصِلُ الْحَبِیْبَ اِلَی الْحَبِیْب یعنی موت تو ایک پل ہے جو دوست کو دوست تک پہنچاتا ہے۔[2] اور مروی ہے کہ ایک انصاری صحابی نے بارگاہِ نبوت میں عرض کی:

مدینہ

1 بیاناتِ عطّاریہ، حصہ اول، ۳۴۶

2 فیض القدیر، ۳/ ۳۰۷، تحت الحدیث: ۳۲۵۷

یارسول اللہ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ! کونسا مومن سب سے زیادہ عَقْل مند ہے؟ تو آپ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ''موت کو زیادہ یاد کرنے والے اور موت کے بعد کی زِنْدَگی کے لیے بہترین تیاری کرنے والے لوگ سب سے زیادہ عَقْل مند ہیں۔'' (1)

اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم سب کو موت سے پہلے موت کی تیاری کی توفیق عطا فرمائے۔ بندۂ مومن کے لیے خوفِ خدا اور رَجاء (یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ سے رَحْمت کی امید) دونوں ہونا ضروری ہے۔ آج مسلمان جہاں دیگر بَہُت سی بُرائیوں کا شِکار ہیں وہیں ایک بہت بڑی نادانی یہ بھی عام ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی رَحْمت اور اس کی نعمتوں پر تو یقین رکھتے ہیں لیکن کَما حَقُّہٗ اس کی ناراضی کا خوف اپنے دِلوں میں نہیں رکھتے اور اس کی وجہ سے گناہوں پر دلیر ہوتے جارہے ہیں۔ اپنی اصلاح اور نفس کو گناہوں سے باز رکھنے کے لیے موت کا تصوُّر بہت مفید ہے، اسی لیے اولیائے کرام رَحِمَہُمُ اللہُ السَّلَام ہر وقت موت کا تصوُّر جمائے رکھتے اور اس دارِ فانی کو واقعی عارضی سمجھتے تھے۔ کاش! اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ان نیک بندوں کے صدقے ہمیں بھی موت کا تصور جمائے رکھنے کی توفیق مل جائے۔

اٰمین بجاہِ النبی الامین صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مدینہ

1 ابن ماجہ، کتاب الزھد، باب ذکر الموت والاستعداد لہ، ۴/ ۴۹۶، حدیث: ۴۲۵۹

## اچھی اچھی نیتیں

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اس سے پہلے کہ موت ہمیں آخرت کے سفر پر روانہ کرے، آیئے راہِ آخرت کے مسافر بننے سے پہلے اچھی اچھی نیتیں کر لیجئے کہ **فرمانِ مُصطفٰے** صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے: **نِيَّةُ الْمُؤْمِنِ خَيْرٌ مِّنْ عَمَلِهٖ** یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔[1]

- آج کے بعد میری کوئی نماز قضا نہیں ہو گی۔
- صف اوّل میں جماعت کے ساتھ پانچوں وقت نماز پڑھوں گا۔
- جھوٹ، غیبت، چغلی سے بچتا رہوں گا۔
- ماں باپ کو نہیں ستاؤں گا۔
- حرام روزی نہیں کماؤں گا۔
- سنتوں پر عمل کروں گا۔
- اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نافرمانی سے بچوں گا۔

**پیارے اسلامی بھائیو!** مذکورہ اچھی اچھی نیتوں کے علاوہ بھی ہر نیک کام کرنے اور برائی سے بچنے کی بے شمار نیتیں کی جاسکتی ہیں، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہم سب کو نمازی بنائے، ہمارے دل سے گناہوں کی سیاہی دور فرمائے اور ہمیں مدنی قافلوں کا مسافر بنائے۔ مدنی قافلوں کی برکت سے جب ہم **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے گھر یعنی مسجد میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے مہمان بنیں گے تو یقیناً اپنے ربّ کی نافرمانی کے کاموں سے بھی اتنی دیر تک دور رہ کر اپنے ربّ کو راضی کرنے کی کوشش کریں

---

[1] المعجم الکبیر، ۶/ ۱۸۵، حدیث: ۵۹۴۲

گے، مدنی قافلوں کی برکت سے مدنی ماحول نصیب ہو گا اور یہ مدنی ذہن بھی بنے گا کہ میں نے بہت نمازیں قضا کر لیں، اب میں نہ صرف خود نماز پڑھوں گا بلکہ دوسروں کو بھی نماز کی ترغیب دلا کر کم از کم ایک اسلامی بھائی کو اپنے ساتھ مسجد میں لیتا جاؤں گا۔ میں خود بھی نیکیاں کروں گا اور دوسروں کو بھی نیکی کی دعوت دوں گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

## مدنی انعامات

**پیارے اسلامی بھائیو!** اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! پندرھویں صدی کی عظیم علمی و روحانی شخصیت، شیخ طریقت، اَمیرِ اَہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے اس پُرفتن دور میں نیک بننے کے لیے ہمیں مَدَنی انعامات کی صُورت میں ایک بہترین جَدْوَل عطا فرمایا ہے جس کے ذریعے ہم آسانی سے اپنے روز مرہ کے معمولات میں رہتے ہوئے فرائض و واجبات کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ نوافل و مستحبات کی بھی بجا آوری کر سکتے ہیں۔

مَدَنی انعامات کا رِسالہ حاصل کر کے اس کے مُطابق عَمَل اور روزانہ فکرِ مدینہ کے ذریعے اس کو پُر کرنے کا معمول بنالیں گے تو اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ دین و دنیا کی بے شمار برکات حاصل ہوں گی۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہم سب کو عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ **اٰمین بجاہِ النبی الامین** صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Go To Index

بیویوں کے حُقُوق کی ادائیگی اور اُن سے حُسنِ سُلوک پر اُبھارنے والی فکر انگیز تحریر



# شوہر کو کیسا ہونا چاہیے؟



پیش کش: مرکزی مجلسِ شوریٰ
(دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ! فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# شوہر کو کیسا ہونا چاہئے؟(1)

## دُرود شریف کی فضیلت

رحمتِ عالم، نورِ مجسم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ معظم ہے: تم اپنی مجلسوں کو مجھ پر درودِ پاک پڑھ کر آراستہ کرو، تمہارا درود پڑھنا قیامت کے روز تمہارے لئے نور ہو گا۔[2]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صلّی اللہ تعالٰی علٰی محمّد

## شوہر پر بیوی کے احسانات

ایک شخص امیرُ المؤمنین حضرت سَیِّدُنا فاروق اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کی بارگاہ میں اپنی بیوی کی شکایت لے کر حاضر ہوا۔ جب دروازے پر پہنچا تو ان کی زوجہ

1... مبلغِ دعوتِ اسلامی و نگرانِ مرکزی مجلسِ شوریٰ حضرت مولانا حاجی ابو حامد محمد عمران عطاری مُدَّ ظِلُّہُ العَالِی نے یہ بیان ۲۱ ربیع الثانی ۱۴۳۲ ہجری بمطابق 26 مارچ 2011 عیسوی بروز ہفتہ عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ کراچی میں فرمایا۔ یکم ربیع الثانی ۱۴۲۸ ہجری بمطابق 19 اپریل 2007 عیسوی کو فیضانِ مدینہ میں کیا گیا ایک اور بیان "گھر کا افسر" اسی میں ضم کر کے ضروری ترمیم و اضافے کے بعد ۳ صفر المظفر ۱۴۳۵ ہجری بمطابق 26 نومبر 2014 عیسوی کو تحریری صورت میں پیش کیا جارہا ہے۔ (شعبہ رسائل دعوتِ اسلامی **مجلس المدینۃ العلمیۃ**)

2... مسند الفردوس، ۳/۴۱۷، حدیث: ۳۱۴۸

حضرت اُمِّ کلثوم رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہا کی (غصے کی حالت میں) بلند آواز سے گفتگو کرنے کی آواز سنائی دی۔ جب اس شخص نے یہ ماجرا دیکھا تو یہ کہتے ہوئے واپس لوٹ گیا کہ میں اپنی بیوی کی شکایت کرنے آیا تھا لیکن یہاں تو خود امیرُ المؤمنین بھی اسی مسئلے سے دوچار ہیں۔ بعد میں حضرت سَیِّدُنا عمر فاروقِ اعظم رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اس شخص کو بُلوا کر آنے کی وجہ پوچھی۔ اس نے عرض کی: حضور! میں تو آپ کی بارگاہ میں اپنی بیوی کی شکایت لے کر آیا تھا مگر جب دروازے پر آپ کی زوجہ محترمہ کی گفتگو سنی تو میں واپس لوٹ گیا۔ آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا کہ میری بیوی کے مجھ پر چند حقوق ہیں جن کی بناء پر میں اس سے درگزر کرتا ہوں۔

❀ وہ مجھے جہنم کی آگ سے بچانے کا ذریعہ ہے، اس کی وجہ سے میرا دل حرام کی خواہش سے بچا رہتا ہے۔ ❀ جب میں گھر سے باہر ہوتا ہوں تو وہ میرے مال کی حفاظت کرتی ہے۔ ❀ میرے کپڑے دھوتی ہے۔ ❀ میرے بچے کی پرورش کرتی ہے۔ ❀ میرے لئے کھانا پکاتی ہے۔

یہ سُن کر وہ شخص بے ساختہ بول اُٹھا کہ یہ تمام فوائد تو مجھے بھی اپنی بیوی سے حاصل ہوتے ہیں، مگر افسوس! میں نے اُس کی اِن خدمات اور احسانات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے کبھی اُس کی کوتاہیوں سے درگزر نہیں کیا، آج کے بعد میں بھی درگزر سے کام لوں گا۔[1]

---

1... تنبیہ الغافلین، باب حق المراۃ علی الزوج، ص ۲۸۰ ملخصاً

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مَردوں اور عورتوں کو جنسی بے راہ روی اور وسوسۂ شیطانی سے بچانے نیز نَسلِ انسانی کی بقاو بڑھوتری اور قلبی سکون کی فراہمی کے لئے اُنہیں جس خوبصورت رشتے کی لڑی میں پرویا ہے وہ رشتہ اِزدِواج کہلاتا ہے۔ یہ رِشتہ جتنا اہم ہے اُتنا ہی نازک بھی ہے کیونکہ ایک دوسرے کی خلافِ مِزاج باتیں برداشت نہ کرنے، درگزر سے کام نہ لینے اور ایک دوسرے کی اچھائیوں کو نظر انداز کرکے صرف کمزوریوں پر نظر رکھنے کی عادت زندگی میں زہر گھول دیتی ہے جس کے نتیجے میں گھر جنگ کا میدان بن جاتا ہے جبکہ باہمی تعاوُن، خُلوص، چاہت، درگُزر اور تحمل مِزاجی زندگی میں خُوشیوں کے رنگ بکھیر دیتے ہیں۔ بیان کردہ واقعہ میں حضرت سَیِّدُنا فاروقِ اعظم رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنی گُفتار اور اپنے عملی کردار کے ذریعے بیوی کی شکایت لے کر آنے والے شخص پر یہ بات واضح کردی کہ ایک شوہر کو کیسا ہونا چاہئے۔ آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اُس شخص کو جو مدنی پھول عطا فرمائے ان سے یہی درس ملتا ہے کہ شوہر کو عفو و درگزر، بُردباری، تحمل مزاجی اور وسیع ظرفی جیسی خوبیوں کا پیکر ہونا چاہئے۔ واقعی اگر شوہر اپنی بیوی کی اچھائیوں اور اس کے احسانات پر نظر رکھے اور معمولی غلطیوں پر اس سے درگزر کرے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ اس کا گھر خوشیوں کا گہوارہ نہ بن سکے۔ مگر افسوس! آج کل میاں بیوی کے درمیان ناچاقیوں اور لڑائی جھگڑوں کا مرض تقریباً ہر گھر میں سرایت کرچکا ہے جس کے سبب گھر گھر میدانِ جنگ بن چکا ہے۔ دراصل ہم میں سے ہر ایک یہ چاہتا

ہے کہ میرے حُقُوق پورے کئے جائیں اور یہ بھول جاتا ہے کہ دوسروں کے بھی کچھ حُقُوق ہیں جنہیں ادا کرنا مجھ پر لازم ہے۔ بس یہیں سے نااتّفاقی کی آگ شُعلہ زَن ہوتی ہے جو بڑھتے بڑھتے لڑائی جھگڑے کا روپ دھار کر قلبی چین و سکون کو جلا کر راکھ کر دیتی ہے۔ اگر میاں بیوی میں سے ہر ایک دوسرے کے حُقُوق ادا کرے اور اپنے حُقُوق کے معاملے میں نرمی سے کام لے تو گھر امن و سکون کا گہوارہ بن جائے۔

## گھر کی خوشحالی میں شوہر کا کردار

گھر کو امن اور خُوشیوں کا گہوارہ بنانے میں شوہر کا کردار بہت ہی اہم ہے۔ اگر وہ اپنی ذمّہ داریاں اچھے طریقے سے نہیں نبھائے گا اور بیوی کے حُقُوق پورے نہیں کرے گا تو اُس کے گھر میں خُوشیوں کے پھول کیسے کھلیں گے؟ اللہ رَبُّ العالمین جَلَّ جَلَالُہٗ نے بیویوں کے حُقُوق سے مُتَعَلِّق قرآنِ مجید فُرقانِ حمید میں ارشاد فرمایا:

**وَ لَهُنَّ مِثْلُ الَّذِیْ عَلَیْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ** ترجَمۂ کنزالایمان: اور عورتوں کا بھی حق ایسا ہی ہے جیسا ان پر ہے شرع کے مُوافق۔ (پ۲، البقرۃ: ۲۲۸)

یعنی جس طرح عورتوں پر شوہروں کے حُقُوق کی ادا واجب ہے اسی طرح شوہروں پر عورتوں کے حُقُوق کی رعایت لازم ہے۔[1] امام ابوعبدُاللہ محمد بن احمد بن ابو بکر قُرطُبی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ القَوِی اس آیت کے تحت فرماتے ہیں: حُقُوقِ زوجیّت میں سے عورتوں کے حُقُوق مردوں پر اُسی طرح واجب ہیں جس طرح مردوں کے حُقُوق

1... خزائن العرفان، پ۲، البقرۃ، تحت الآیۃ: ۲۲۸

عورتوں پر واجب ہیں اِسی لئے حضرت ابنِ عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: بلاشُبہ میں اپنی بیوی کے لئے زینت اختیار کرتا ہوں جس طرح وہ میرے لئے بناؤ سنگھار کرتی ہے اور مجھے یہ بات پسند ہے کہ میں وہ تمام حُقُوق اچھی طرح حاصل کروں جو میرے اُس پر ہیں اور وہ بھی اپنے حُقُوق حاصل کرے جو اس کے مجھ پر ہیں۔ کیونکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے: ﴿ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِیْ عَلَیْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ﴾ (اور عورتوں کا بھی حق ایسا ہی ہے جیسا اُن پر ہے شرع کے مُوافق) اور آپ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ ہی سے یہ بھی مروی ہے کہ بیویوں کے ساتھ اچھی صحبت اور بہترین سُلوک خاوندوں پر اسی طرح لازم ہے جس طرح بیویوں پر ہر اُس (جائز) کام میں خاوندوں کی اطاعت واجب ہے جس کا وہ اُنہیں حکم دیں۔[1]

## بیوی کے حُقُوق کی اہمیت

بہر حال شرعی اور اَخلاقی ہر لحاظ سے بیویوں کے حُقُوق بھی بہت زیادہ اہمیت کے حامل ہیں اور شوہر کو اُن کا خیال رکھنا چاہئے علاوہ ازیں بیوی کے جائز مُطالبات کو پورا کرنے اور جائز خواہشات پر پورا اُترنے کی بھی حتی المقدور کوشش کرنی چاہئے۔ جس طرح شوہر یہ چاہتا ہے کہ اُس کی بیوی اُس کے لئے بن سنور کر رہے اِسی طرح اُسے بھی بیوی کی فطری چاہت کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے اُس کی دِلجوئی کے لئے لباس وغیرہ کی صفائی ستھرائی کی طرف خاص توجّہ دینی چاہئے خواہ وہ زبان سے اِس بات کا

1... تفسیر قرطبی، پ۲، البقرۃ، تحت الآیۃ: ۲۲۸، ۲/۹۶

اِظْہار کرے یا نہ کرے۔

سرکارِ مدینہ، سُرورِ قلب و سینہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم کا ارشاد ہے کہ تم اپنے کپڑوں کو دھوؤ اور اپنے بالوں کی اِصلاح کرو اور مسواک کرکے زینت اور پاکی حاصل کرو کیونکہ بنی اسرائیل ان چیزوں کا اہتمام نہیں کرتے تھے اسی لئے اُن کی عورتوں نے بدکاری کی۔[1]

پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم نے ایک بکھرے ہوئے بالوں والے شخص کو دیکھا تو فرمایا: کیا اِس کو کوئی ایسی چیز (تیل کنگھی) نہیں ملتی جس سے اپنے بالوں کو سنوار لے۔ ایک اور شخص کو دیکھا جس نے میلے کپڑے پہنے ہوئے تھے فرمایا: کیا اِسے پانی نہیں ملتا جس سے اپنے کپڑوں کو دھو لیا کرے؟[2]

## نظافت کا خُصُوصی اہتمام

طہارت اور صفائی کے حوالے سے خود سرکارِ دوعالم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم کا طرزِ عمل بھی بے مثال اور قابلِ تقلید ہے۔ حضرت سَیِّدُنا شُرَیح بن ہانی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: میں نے اُمُّ المؤمنین حضرت سَیِّدَتُنا عائشہ صدّیقہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہا سے دریافت کیا کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب و سینہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم جب کاشانۂ اَقْدس میں داخل ہوتے تو سب سے پہلے کیا کام کرتے تھے؟ فرمایا: آپ

1... جامع صغیر، ص۷۸، حدیث: ۱۲۱۸

2... ابوداود، کتاب اللباس، باب فی غسل الثوب... الخ، ۴/۷۲، حدیث: ۴۰۶۲

سب سے پہلے مسواک کیا کرتے تھے۔[1]

اُمُّ المؤمنین حضرت سَیِّدَتُنا عائشہ صدّیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے سرتاج صاحبِ معراج صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم کو کبھی بھی میلی کچیلی حالت میں نہیں دیکھا، آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم ایک دن چھوڑ کر دوسرے دن سر میں تیل لگانا پسند فرماتے تھے نیز فرماتے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ میلے کچیلے بکھرے ہوئے بال والے شخص کو ناپسند فرماتا ہے۔[2]

معلوم ہوا کہ شوہر کو طہارت اور صفائی ستھرائی کا بہت زیادہ اہتمام کرنا چاہئے اور حتی الامکان اپنی بیوی کی توقّعات پر پورا اُترنے اور اُس سے حُسنِ سُلوک رَوا رکھنے کی کوشش کرنی چاہئے تاکہ زندگی کی گاڑی شاہراہِ حیات پر کامیابی سے گامزن رہے۔ آیئے بیویوں کے حق میں شوہروں کو نصیحت کے مدنی پھولوں پر مشتمل 5 فرامینِ مصطفےٰ ملاحظہ کیجئے۔

## بیوی سے حُسنِ سلوک کے متعلق فرامین مصطفےٰ

1. ”خَیْرُکُمْ خَیْرُکُمْ لِاَھْلِہٖ وَاَنَا خَیْرُکُمْ لِاَھْلِیْ“ تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو اپنی بیوی کے حق میں بہتر ہو اور میں اپنی بیوی کے حق میں تم سب سے بہتر ہوں۔[3]

---

1... مسلم، کتاب الطھارۃ، باب السواک، ص ۱۵۲، حدیث: ۲۵۳

2... شعب الایمان، باب فی الملابس والزی... الخ، ۱۶۸/۵، حدیث: ۶۲۲۶

3... ابن ماجہ، ابواب النکاح، باب حسن معاشرۃ النساء، ۴۷۸/۲، حدیث: ۱۹۷۷

2. ”لَا یَفْرَكْ مُؤْمِنٌ مُؤْمِنَةً اِنْ كَرِهَ مِنْهَا خُلُقًا رَضِیَ مِنْهَا اٰخَرَ“ کوئی مُسلمان مرد (شوہر) کسی مُسلمان عورت (بیوی) سے نفرت نہ کرے اگر اُس کی ایک عادت ناپسند ہے تو دوسری پسند ہو گی۔[1]

3. تم میں سے کوئی شخص اپنی عورت کو نہ مارے جیسے غلام کو مارتا ہے پھر دن کے آخر میں اس سے صحبت کرے گا۔[2]

4. عورتوں کے بارے میں بھلائی کی وصیت قبول کرو۔ وہ پسلی سے پیدا کی گئی ہیں اور پسلیوں میں سب سے زیادہ ٹیڑھی اوپر والی پسلی ہے اگر تم اُسے سیدھا کرنے چلے تو توڑ دو گے اور اگر اُسے چھوڑ دو تو وہ ٹیڑھی ہی رہے گی پس تم عورتوں کے بارے میں بھلائی کی وصیت قبول کرو۔[3]

5. عورت پسلی سے پیدا کی گئی ہے، وہ تمہارے لئے کبھی سیدھی نہیں ہو سکتی اگر تم اس سے فائدہ اُٹھانا چاہتے ہو تو اُس کے ٹیڑھے پن کے باجود اس سے فائدہ اٹھالو اور اگر سیدھا کرنا چاہو گے تو اسے توڑ دو گے اور اس کا توڑنا طلاق ہے۔[4]

## بے عیب بیوی ملنا ناممکن ہے

حکیم الاُمَّت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الْمَنَّان حدیثِ پاک نمبر 2 کے تحت لکھتے

1... مسلم، کتاب الرضاع، باب الوصیۃ بالنساء، ص۷۷۵، حدیث: ۱۴۶۹

2... بخاری، کتاب النکاح، باب مایکرہ من ضرب النساء، ۳/۴۶۵، حدیث: ۵۲۰۴

3... بخاری، کتاب النکاح، باب الوصاۃ بالنساء، ۳/۴۵۷، حدیث: ۵۱۸۶

4... مسلم، کتاب الرضاع، باب الوصیۃ بالنساء، ص۷۷۵، حدیث: ۱۴۶۸

ہیں: سُبْحٰنَ اللہ کیسی نفیس تعلیم! مقصد یہ ہے کہ بے عیب بیوی ملنا ناممکن ہے، لہٰذا اگر بیوی میں دو ایک برائیاں بھی ہوں تو اسے برداشت کرو کہ کچھ خوبیاں بھی پاؤ گے۔ یہاں (صاحبِ) مرقات نے فرمایا: جو بے عیب ساتھی کی تلاش میں رہے گا وہ دُنیا میں اکیلا ہی رہ جائے گا، ہم خود ہزار ہا برائیوں کا سَرچشمہ ہیں، ہر دوست عزیز کی برائیوں سے درگزر کرو، اچھائیوں پر نظر رکھو، ہاں! اِصلاح کی کوشش کرو، بے عیب تو رسولُ اللہ (صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم) ہیں۔ (1)

## لمحۂ فکریہ

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! اگر ہر شخص اپنے اِرد گرد کے ماحول پر نظر ڈالے اور غور کرے تو اس حقیقت سے انکار نہیں کر سکتا کہ زندگی کے مختلف مراحل میں قدم قدم پر اُسے جس جس چیز کی ضرورت پڑتی یا جس جس فرد سے واسطہ پڑتا ہے وہ تمام کی تمام چیزیں یا سارے کے سارے افراد اس کے مزاج پر پورا نہیں اترتے بلکہ یہ کہنا بے جا نہیں ہو گا کہ اکثر مزاج کے خلاف ہی ہوتے ہیں، ملک ہو یا شہر، محلہ ہو یا بازار، آفس ہو یا گھر، ہمسائے ہوں یا رشتہ دار نجانے کن کن سے وہ بیزار اور کون کون خود اس سے بیزار ہوتا ہے مگر اِس کے باوجود مُروّت، مجبوری یا حکمتِ عملی کے باعث سمجھوتے اور برداشت سے کام لیتے ہوئے ایک دوسرے سے روابط برقرار رکھتے ہیں اور تعلقات کی دیوار میں دراڑ نہیں آنے دیتے بالکل اسی طرح اشیاء کا معاملہ

1... مراٰۃ المناجیح، ۵/۸۷

ہے کہ کھانے پینے سے لے کر استعمال کرنے تک کی نجانے کتنی چیزیں ایسی ہیں جو ہر لحاظ سے آپ کی سوچ، خواہش اور معیار کے عین مطابق نہیں ہوتیں لیکن وہ آپ کی ضرورت ہیں اِس لئے آپ کسی صورت اُنہیں چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ہوتے۔ ذرا سوچئے! جب آپ دُنیا کی کئی چیزوں کو بے شُمار عُیُوب و نقائص کے باوجود اپناتے ہیں تو پھر یہ دوہرا معیار اُس ہستی کے لئے کیوں جو آپ کی رفیقۂ حیات، زندگی کی اہم ضرورت اور آپ کی تمام تر ضروریات کا خیال رکھنے والی ہے؟ کیا اِس لئے کہ آپ اُس کے حاکم و افسر ہیں جس طرح چاہیں اُس کے ساتھ سُلوک کریں؟ کیا صرف آپ ہی اُس کے حاکم ہیں کوئی آپ کا حاکم نہیں؟ کیا صرف بیوی ہی شوہر کو جواب دہ ہے شوہر کسی کو جواب دہ نہیں؟ یاد رکھئے! اگر اُس پر آپ کا حکم چلتا ہے تو آپ پر بھی احکم الحاکمین جَلَّ جَلَالَہٗ کا حکم چلتا ہے، اگر آج گھر کی چار دیواری میں بات بات پر ناجائز طور پر اُسے ذلیل کریں گے تو کہیں ایسا نہ ہو کہ کل قیامت کے دن محشر کے کھلے میدان میں سب کے سامنے آپ کو بھی ذِلّت و رُسوائی کا سامنا کرنا پڑے۔ اور پھر یہ بھی تو سوچئے کہ جب وہ آپ کی کئی خلافِ مزاج باتوں اور عادتوں کو خاموشی سے سہہ لیتی ہے تو کیا آپ اُس کی چند عادتوں پر صبر نہیں کرسکتے...؟ کیا آپ اُس کی چھوٹی چھوٹی خطاؤں پر اُسے معاف نہیں کرسکتے...؟ کیا آپ اس کی بے شمار خدمتوں کا صلہ عفو و درگزر کی صورت میں نہیں دے سکتے...؟ کیا خبر یہی معافی کل بروزِ قیامت آپ کے گناہوں کی معافی کا سبب بن جائے۔ آیئے اس ضمن میں ایک ایمان

افروز حکایت ملاحظہ کیجئے۔

## بیوی کی خطا معاف کرنے کا انعام

دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 472 صَفحات پر مشتمل کتاب، ”بیاناتِ عطّاریہ“ حصّہ دُوُم کے صَفْحہ 164 پر ہے: ایک آدمی کی بیوی نے کھانے میں نمک زیادہ ڈال دیا۔ اُسے غُصّہ تو بَہُت آیا مگر یہ سوچتے ہوئے وہ غُصّے کو پی گیا کہ میں بھی تو خطائیں کرتا رہتا ہوں اگر آج میں نے بیوی کی خطا پر سختی سے گرفت کی تو کہیں ایسا نہ ہو کہ کل بروزِ قیامت اللہ عَزَّوَجَلَّ بھی میری خطاؤں پر گرفت فرمالے۔ چُنانچِہ اُس نے دل ہی دل میں اپنی زَوجہ کی خطا مُعاف کر دی۔ اِنتِقال کے بعد اس کو کسی نے خواب میں دیکھ کر پوچھا: اللہ عَزَّوَجَلَّ نے آپ کے ساتھ کیا مُعامَلہ فرمایا؟ اُس نے جواب دیا کہ گناہوں کی کثرت کے سبب عذاب ہونے ہی والا تھا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے فرمایا: میری بندی نے سالن میں نمک زیادہ ڈال دیا تھا اور تم نے اُس کی خطا مُعاف کر دی تھی، جاؤ میں بھی اُس کے صلے میں تم کو آج مُعاف کرتا ہوں۔

سُبْحٰنَ اللہ عَزَّوَجَلَّ! دیکھا آپ نے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رحمت کس قدر وسیع ہے کہ ایک ایسا شخص جو کثرتِ عصیاں کے سبب گرفتارِ عذاب ہونے ہی والا تھا اُس کے تمام قُصور صرف اس لئے معاف کر دیئے گئے کہ اُس نے اپنی زوجہ کا ایک چھوٹا سا قُصور معاف کر دیا تھا، اگر ہم میں سے ہر شخص اپنی زوجہ کی غلطیوں اور بد اخلاقیوں پر صبر کرنے لگے تو نہ صرف گھر میں چاہت و امن اور باہمی اتّفاق کی فضا قائم ہو جائے

گی بلکہ نامۂ اعمال میں بھی نیکیوں کا انبار لگ جائے گا۔

## صبرِ اَیُّوب عَلَیْہِ السَّلَام کی مثل ثواب

حُسنِ اخلاق کے پیکر، تمام نبیوں کے سرور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: جس نے اپنی بیوی کے بُرے اَخلاق پر صبر کیا تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے حضرت اَیُّوب عَلَیْہِ السَّلَام کے مصیبت پر صبر کرنے کی مثل اَجْر عطا فرمائے گا اور اگر عورت اپنے شوہر کے بُرے اَخلاق پر صبر کرے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے فرعون کی بیوی آسیہ کے ثواب کی مثل اَجْر عطا فرمائے گا۔ (1)

## بد اَخلاق بیوی اور صابِر شوہر

منقول ہے کہ ایک مرتبہ شیخ ابو الحسن خِرَقانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی کی وِلایت کا شُہرہ سُن کر مشہور فلسفی بُو علی سینا آپ سے ملاقات کرنے کے لئے خِرَقان پہنچا۔ جب آپ کے گھر جا کر آپ کی بیوی سے پوچھا کہ شیخ کہاں ہیں؟ تو اندر سے جواب آیا کہ تم ایک زِندیق (بے دین) اور جھوٹے شخص کو شیخ کہتے ہو! مجھے نہیں معلوم کہ شیخ کہاں ہیں البتہ میرا شوہر جنگل سے لکڑیاں لانے گیا ہے۔ یہ سُن کر بو علی سینا کو طرح طرح کے خیالات آنے لگے کہ جب آپ کی بیوی ہی اِس قسم کی باتیں کرتی ہے تو نہ معلوم آپ کا کیا مرتبہ ہے۔ اگرچہ میں نے بہت تعریف سنی ہے مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ ایک معمولی انسان ہیں۔ پھر جب وہ آپ کو تلاش کرتے ہوئے جنگل کی

1... کتاب الکبائر، الکبیرۃ السابعۃ والاربعون، ص۲۰۶

طرف روانہ ہوا تو دیکھا کہ آپ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ شیر کی کمر پر لکڑیاں لادے تشریف لا رہے ہیں۔ یہ منظر دیکھ کر بُو علی سینا بہت حیران ہوا اور قدم بوس ہو کر عرض کرنے لگا: حضور! اللہ تعالیٰ نے تو آپ کو ایسا بلند مقام عطا فرمایا ہے لیکن آپ کی بیوی آپ کے مُتَعَلِّق بہت بری باتیں کہتی ہے آخر اس کی کیا وجہ ہے؟ آپ رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے جواب دیا کہ اگر میں ایسی بیوی کا بوجھ برداشت نہ کرتا تو پھر یہ شیر میرا بوجھ کیونکر اٹھاتا۔[1] (یعنی میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لئے بیوی کی زبان درازی پر صبر کرتا ہوں تو اللہ تعالیٰ نے جنگل کے شیر کو بھی میرا اطاعت گزار بنا دیا ہے)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## پیارے آقا صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم کا اُسوۂ حسنہ

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! ہمارے میٹھے میٹھے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم کی حیاتِ مبارکہ ہم سب کے لئے مشعلِ راہ اور بہترین نمونہ ہے زندگی کا کوئی پہلو ایسا نہیں جس کے بارے میں ہمیں آپ سے رہنمائی نہ ملی ہو حتی کہ ایک مرد کو مثالی شوہر بننے کے لئے جن خصوصیات کی ضرورت ہے وہ تمام باتیں بھی آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم کی حیاتِ مبارکہ سے سیکھی جاسکتی ہیں۔

نبیِ اکرم، نورِ مجسّم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم اپنی اَزواجِ مطہرات رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُنَّ کی دِلجوئی کیلئے ان کے ساتھ کبھی کبھار خُوش طبعی بھی فرمایا کرتے تھے۔ جیسا کہ،

---

1... تذکرۃ الاولیاء، ص ۳۱۱ ملخصاً

اُمُّ المؤمنین حضرتِ سَیِّدَتُنا عائشہ صدّیقہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہا سے مروی ہے کہ آپ کسی سفر میں اپنے سرتاج، صاحبِ معراج صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم کے ساتھ تھیں فرماتی ہیں کہ میں نے آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم کے ساتھ دوڑ لگائی تو میں دوڑنے میں آگے نکل گئی پھر (کچھ عرصہ بعد) جب میں ذرا بھاری ہو گئی تو آپ نے دوڑ لگائی تو آپ مجھ سے آگے بڑھ گئے پھر فرمایا یہ اُس جیت کا بدلہ ہو گیا۔[1]

حکیم الاُمَّت مفتی احمد یار خان نعیمی رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ اس حدیثِ پاک کے تحت فرماتے ہیں: یہ ہے اپنی ازواجِ پاک سے اَخلاق کا برتاؤ۔ ایسے اَخلاق سے گھر جنّت بن جاتا ہے، مسلمان یہ اَخلاق بھول گئے، خیال رہے کہ اُمُّ المؤمنین عائشہ صدّیقہ (رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہا) لَڑکپن میں حضور (سرورِ دوعالم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم) کے نکاح میں آئیں جب کہ حضور (عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام) کی عمر شریف پچاس سال کے قریب تھی، اِسقدر تفاوُتِ عُمر (عُمر میں فرق) کے باوجود آپ کبھی نہ گھبرائیں۔ کیوں؟ اِن اخلاقِ کریمانہ کی وجہ سے۔[2] معلوم ہوا کہ شوہر کو اپنی زوجہ کے ساتھ موقع کی مناسبت سے خُوش طبعی بھی کرنی چاہئے اس میں کوئی مضائقہ نہیں بلکہ اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ یہی چیز باعثِ ثواب بھی بن سکتی ہے۔ مگر بعض لوگ بے رُخی، روکھے پن یا خشک مزاجی پر اپنی سنجیدگی کی بنیاد رکھتے ہیں اور شاید یہ سوچتے ہیں کہ ہماری اک ذرا سی مسکراہٹ یا معمولی سی خُوش طبعی ہماری سنجیدگی کی عمارت کو زمین بوس کر دے گی

1... ابوداود، کتاب الجهاد، باب فی السبق علی الرجل، ۳/۴۲، حدیث: ۲۵۷۸
2... مراٰۃ المناجیح، ۵/۹۶

حالانکہ یہ ان کی خام خیالی ہے کیونکہ کبھی کبھار مزاح (خُوش طبعی) کرنا نہ صرف جائز ہے بلکہ حُسنِ اخلاق کے پیکر، تمام نبیوں کے سرور صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم کی سُنّتِ مُبارکہ بھی ہے البتہ مزاح کی کثرت انسان کی ہیبت کو ختم کر دیتی ہے اور ایسی خُوش طبعی جو جھوٹ یا کسی کی دل آزاری پر مبنی ہو وہ حرام ہے۔ خُوش طبعی کے علاوہ سرورِ کونین، رحمتِ دارین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم کی عاداتِ کریمہ میں سے یہ بھی ہے کہ آپ گھر کے بعض کام خود اپنے ہاتھوں سے کر لیا کرتے تھے۔ چنانچہ،

## گھریلو کام کرنا سنّت ہے

اُمُّ المؤمنین حضرتِ سَیِّدَتُنا عائشہ صدّیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا سے سوال ہوا کہ کیا نبیِ کریم، رؤفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم گھر میں کام کرتے تھے؟ فرمایا: ہاں آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم اپنے نعلین مبارک خود گانٹھتے، اور کپڑوں میں پیوند لگاتے اور وہ سارے کام کیا کرتے تھے جو مرد اپنے گھروں میں کرتے ہیں۔[1]

اس روایت میں شوہروں کے لئے گھریلو معاملات سے مُتعلِّق بے شُمار مدنی پھول موجود ہیں۔ عموماً گھر میں شوہر کا مزاج اپنی بیوی پر حکم چلانے کا ہوتا ہے۔ معمولی کام کے لئے بھی اسے تنگ کیا جاتا ہے، حالانکہ کئی کام شوہر بہ آسانی خود بھی کر سکتا ہے لیکن ذرا سا ہلنا وہ اپنی شان کے خلاف سمجھتا ہے اور تو اور اگر بیوی اس کے وہ کام کر بھی دے تو سو سو نخرے کرتا، طرح طرح کے نَقص نکالتا اور خوامخواہ اس کے چکّر

1... مسند امام احمد، ۹/ ۵۱۹، حدیث: ۲۵۳۹۶

لگواتا ہے مثلاً کھانا سامنے رکھا جائے تو نمک یا مِرچ مصالحے کے کم زیادہ ہونے پر تبصرہ آرائی کرنے لگتا ہے اور اگر سب برابر ہوں تو ذائقے کے بارے میں نکتہ چینی پر اُتر آتا ہے اور اگر اِس کی بھی گنجائش نہ ہو تو پھر اِس طرح کی باتیں بناتا ہے "وہ کیوں نہیں پکایا؟ یہ کیوں پکالیا؟ اس کا تو دل ہی نہیں چاہ رہا، لے جاؤ میرے سامنے سے اُٹھا کر، میرے لئے ابھی ابھی فلاں چیز پکادو" وغیرہ وغیرہ اسی طرح اگر کپڑوں پر استری کر دی جائے تو کہتا ہے یہ والا جوڑا کیوں استری کر دیا؟ یہ نہیں پہنوں گا ابھی ابھی فلاں جوڑا استری کر دو، پانی پیش کیا جائے تو کہتا ہے میں اس گلاس میں نہیں پیؤں گا کانچ کے گلاس میں لے کر آؤ، کانچ کے گلاس میں دیا جائے تو کہتا ہے اسقدر ٹھنڈا یا اتنا گرم پانی کیوں لے آئی؟ جاؤ اور اس میں دوسرا پانی ملا کر لاؤ، یوں بلاوجہ بیوی کو دوڑاتا رہتا ہے۔ اے کاش! ہم پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی اداؤں سے کچھ سیکھنے اور ان پر عمل کرنے میں کامیاب ہو جائیں اور گھر میں چاہت و خلوص بھرا ماحول قائم کرنے کی غرض سے حتی الامکان اپنے کام اپنے ہاتھوں سے کرنے کے علاوہ اہلِ خانہ کا ہاتھ بٹانے کی بھی کوشش کیا کریں۔ اس سے نہ صرف بیوی کے دل میں شوہر کی محبت بڑھے گی بلکہ اسے گھر میں اپنائیت کا احساس ہو گا۔ البتہ ایسا نہ ہو کہ سارے کام شوہر اپنے سر پر اٹھالے کیونکہ بِلاضرورت کیا جانے والا تعاوُن بیوی کو سُست اور کاہل بنا سکتا ہے۔ بہر حال شوہر کو چاہئے کہ بیوی کو فقط اپنی خدمت کے فضائل ہی نہ سناتا رہے بلکہ جہاں تک ممکن ہو خود بھی بیوی کی خدمت کرے

کہ اس میں شوہر کے لئے اجر و ثواب ہے۔ چنانچہ،

حضرت سَیِّدُنا عِرْباض بن ساریہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں نے شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم کو فرماتے ہوئے سنا: جب کوئی شخص اپنی بیوی کو پانی پلاتا ہے تو اسے اس کا اجر دیا جاتا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر میں اپنی بیوی کے پاس آیا اور اسے پانی پلایا پھر اُسے بھی وہ حدیث پاک سُنائی جو میں نے رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم سے سُنی تھی۔[1]

## گھر میں بچے کی طرح اور قوم میں مرد بن کر رہو

خلیفۂ دوم امیرُ المؤمنین حضرت سیِّدُنا عمر فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے سخت مزاج ہونے کے باوجود فرمایا: آدمی کو اپنے گھر میں بچے کی طرح رہنا چاہئے اور جب اُس سے دینی امور میں سے کوئی چیز طلب کی جائے جو اُس کے پاس ہو تو اُسے مرد پایا جائے۔ حضرت سَیِّدُنا لقمان رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: عقل مند کو چاہئے کہ گھر میں بچے کی طرح اور لوگوں میں مردوں کی طرح رہے۔[2]

مذکورہ بالا روایات کی روشنی میں اس بات کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ شریعت نے مرد کو اپنے اہلِ خانہ کے ساتھ سنگ دلی اور بے حِسی والا رویّہ اپنانے سے منع کیا ہے۔ مرد کو چاہئے کہ اپنی بیوی کے لئے ایسا درخت ثابت ہو جس کے سائے میں

---

1... مجمع الزوائد، کتاب الزکاۃ، باب فی نفقۃ الرجل... الخ، ۳/۳۰۰، حدیث: ۴۶۵۹

2... احیاء العلوم، کتاب آداب النکاح، الباب الثالث فی آداب المعاشرۃ... الخ، ۲/۵۷

اسے ہر طرح کا سکون میسّر آئے اور یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ وہ بیوی کے شرعی حقوق اَحسن طریقے سے ادا کرے۔ آیئے شریعت کی روشنی میں بیوی کے حُقُوق کا جائزہ لیتے ہیں۔ چنانچہ،

## شوہر پر عورت کے حُقُوق

اعلیٰ حضرت، امامِ اہلسنّت، مجدد دین وملّت، پروانۂ شمعِ رسالت، مولانا شاہ احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحْمٰن کی بارگاہ میں جب یہ سوال ہوا کہ شوہر پر بیوی کے کیا حُقُوق ہیں تو ارشاد فرمایا: نفقہ سکنی (یعنی کھانا، لباس و مکان)، مہر، حُسنِ مُعاشَرت، نیک باتوں اور حیاء و حجاب کی تعلیم و تاکید اور اس کے خلاف سے منع و تہدید، ہر جائز بات میں اس کی دلجوئی (عورت کے حُقُوق میں سے ہے) اور مردانِ خدا کی سنّت پر عمل کی توفیق ہو تو ماورائے مَناہِیِ شَرعیہ میں اس کی ایذا کا تحمل (تَ۔حَمْ۔مُل) کمالِ خیر ہے اگرچہ یہ حقِّ زَن نہیں (یعنی جن باتوں کو شریعت نے منع کیا ہے ان میں کوئی رعایت نہ دے، ان کے علاوہ جو مُعاملات ہیں ان میں اگر بیوی کی طرف سے کسی خلافِ مزاج بات کے سبب تکلیف پہنچے تو صبر کرنا بہت بڑی بھلائی ہے۔ البتّہ یہ عورت کے حُقُوق میں سے نہیں)۔ [1]

## نان نفقہ واجب ہے

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! بیوی سے متعلق شوہر پر لاگو ہونے والے بیان کردہ حُقُوق میں سے بعض کا تعلق بالخصوص بیوی کی دنیوی بہتری سے ہے جبکہ بعض

1... فتاوٰی رضویہ، ۲۴/ ۳۷۱

کا تعلق میاں بیوی دونوں ہی کی دُنیا و آخرت کی بہتری سے ہے۔ جن حُقُوق کا تعلق عورت کی دُنیوی بہتری سے ہے وہ نفقہ، سکنی (کھانا، لباس و مکان) اور مہر ہیں اس لئے شوہر پر لازم ہے کہ وہ بیوی کے کھانے، پہننے، رہنے اور دوسری ضروریاتِ زندگی کا اپنی حیثیت کے مطابق انتظام کرے اور یہ بات ذہن نشین رکھے کہ یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بندی میرے نکاح کے بندھن میں بندھی ہوئی ہے اور اپنے ماں باپ، بھائی، بہن اور تمام عزیز و اقارب سے جدا ہو کر صرف میری ہو کر رہ گئی ہے اور میرے دُکھ سُکھ میں برابر کی شریک بن گئی ہے لہٰذا شریعت کے مطابق اس کی ضروریات کا انتظام کرنا میرا فرض ہے۔ بہارِ شریعت میں ہے: ”اگر یہ اندیشہ ہے کہ نکاح کریگا تو نان نفقہ نہ دے سکے گا یا جو ضروری باتیں ہیں ان کو پورا نہ کر سکے گا تو (نکاح کرنا) مکروہ ہے اور ان باتوں کا یقین ہو تو نکاح کرنا حرام مگر نکاح بہر حال ہو جائے گا“۔[1] الغرض شوہر کو چاہئے کہ اہلِ خانہ پر تنگی کرنے کے بجائے رضائے الٰہی کے لئے دل کھول کر خرچ کرے۔ آیئے ترغیب کے لئے اہلِ خانہ پر خرچ سے متعلق احادیثِ مبارکہ میں بیان کئے گئے فضائل ملاحظہ کیجئے۔

## جتنا خرچ اُتنا ہی اجر

حضرت سَیِّدُنا سعد بن ابی وقاص رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ نبیِ اکرم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم نے اُنہیں ارشاد فرمایا: اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لئے

1... بہارِ شریعت، حصہ ہفتم، ۲/ ۵

تم جتنا بھی خرچ کرتے ہو اس کا اجر دیا جائے گا حتی کہ جو لقمہ تم اپنی بیوی کے منہ میں ڈالتے ہو (اس کا بھی اجر ملے گا)۔ (1)

## سب سے زیادہ اجر والا دینار

حضرت سَیِّدُنا ابو ہُریرہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے روایت ہے کہ خاتَمُ الْمُرْسَلین، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِین صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ایک دینار وہ ہے جسے تم اللہ عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں خرچ کرتے ہو، ایک دینار وہ ہے جسے تم غلام پر خرچ کرتے ہو، ایک دینار وہ ہے جسے تم مسکین پر صدقہ کرتے ہو، ایک دینار وہ ہے جسے تم اپنے اہل و عیال پر خرچ کرتے ہو، ان میں سب سے زیادہ اجر اس دینار پر ملے گا جسے تم اپنے اہل و عیال پر خرچ کرتے ہو۔ (2)

## میزان میں رکھی جانے والی پہلی چیز

حضرت سَیِّدُنا جابر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے کہ تاجدارِ رسالت، شہنشاہِ نبوّت صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: سب سے پہلے جو چیز انسان کے ترازوئے اعمال میں رکھی جائے گی وہ انسان کا وہ خرچ ہو گا جو اس نے اپنے گھر والوں پر کیا ہو گا۔ (3)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

1... بخاری، کتاب الجنائز، باب رثاء النبی... الخ، ۱/۴۳۸، حدیث: ۱۲۹۵

2... مسلم، کتاب الزکاۃ، باب فضل النفقۃ علی العیال... الخ، ص۴۹۹، حدیث: ۹۹۵

3... معجم الاوسط، ۴/۳۲۸، حدیث: ۶۱۳۵

## نظامِ فطرت بدلنے کا انجام

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! کھانے پینے، اوڑھنے پہننے اور بیوی کی مناسب رہائش کا بندوبست کرنے کے ساتھ ساتھ اُس کے اُن حُقُوق کی ادائیگی کی طرف بھی بھرپور توجّہ دینی چاہئے جو میاں بیوی دونوں ہی کی دُنیا و آخرت کو سنوارنے اور بہتر بنانے والے ہیں اور وہ حُقُوق یہ ہیں کہ بیوی کو اچھے رہن سہن کی تربیت اور نیک باتوں کی تعلیم دے نیز اسے حیاء و حجاب کی تاکید کرے مگر فی زمانہ شاذ و نادر ہی ایسے افراد ہوں گے جو بیوی کی دُنیوی ضروریات پوری کرنے کے علاوہ اُسے نیکی، حیاء اور حجاب (پردہ) کی تعلیم دیتے اور برائی سے منع کرتے ہوں۔ شریعت نے شوہر کو گھر کا اَفسَر بنا کر اسے اہلِ خانہ کی ضروریات کو پورا کرنے کی ذمّہ داری سونپی ہے جبکہ عورت کو گھر کی چار دیواری عطا کر کے اس کی عِصمَت و عِفَّت (پارسائی، پاکدامنی) کی حفاظت کا سامان کیا ہے۔ مگر افسوس! ہم نے احکامِ شَرع پسِ پشت ڈال کر اپنی عورتوں کو بے پردہ کر کے گلیوں اور بازاروں کی زینت بنا دیا۔ شادی بیاہ کی تقریبات ہوں یا عام معمولات چادر اور چار دیواری کا کوئی لحاظ نہیں رکھا جاتا بلکہ شادیوں میں تو بے پردگی کچھ زیادہ ہی عُروج پر ہوتی ہے علاوہ ازیں نامَحرم رشتہ داروں سے پردے کا اہتمام بالخصوص دیور اور بھابھی کے درمیان پردے کا لحاظ تو شاید ہی کسی گھر میں کیا جاتا ہو۔

الغرض جس عورت کو گھر کی چار دیواری کی ملکہ بنایا گیا تھا اس کا حال یہ ہے کہ مَردوں نے شادی بیاہ کے جہیز سے لے کر فروٹ، سبزی، گوشت اور پرچون خریدنے

تک کی ذمّہ داری اس کے سر ڈال دی اور اس پر طُرّہ یہ کہ بچوں کو اسکول سے لانے لے جانے یا رشتہ داروں سے ملانے کے لئے بھی شوہر کے پاس تو فرصت نہیں لہٰذا یہ بار بھی مستقل طور پر اُس صِنفِ نازُک کے کندھوں پر ڈال دیا گیا۔ یوں گویا مرد کے بجائے عورت گھر کی اَفسر بن گئی۔ ذرا سوچئے کہ جب عورت سودا سلف یا دیگر ضروریات کے لئے دن میں کئی کئی بار گھر سے باہر جائے گی تو کیا سینکڑوں نگاہیں اس کا تعاقب نہیں کریں گی...؟ کیا خریداری وغیرہ کی وجہ سے کئی غیر مَحْرموں سے اس کا واسطہ نہیں پڑے گا...؟ کیا اس وجہ سے میاں بیوی کے درمیان شکوک و شُبہات پیدا نہیں ہونگے...؟ کیا بدگمانیوں اور الزام تراشیوں کے دروازے نہیں کھلیں گے...؟ کیا محبت ختم ہو کر دونوں کے درمیان نفرت کی دیوار کھڑی نہیں ہو گی...؟ ظاہر ہے جب ہم نے نظامِ فطرت کی بنیاد ہی اُلٹ دی تو گھر کا چین و سکون کیسے برقرار رہ سکتا ہے؟ اور اگر بالفرض یہ تمام خرابیاں نہ بھی ہوں تو کیا یہ خرابی کم ہے کہ مردوں کے کام عورت کے سپرد کر کے اور اسے گھر سے باہر نکال کر ہم نے اسے بے پردگی کی دَلدَل میں دھکیل دیا اور جہنّم کا ایندھن بننے کے لئے چھوڑ دیا۔ یاد رکھئے! شوہر گھر کا افسر و سربراہ ہے اور ہر سربراہ کی طرح شوہر سے بھی اُس کے ماتحتوں کے بارے میں بازپُرس ہو گی لہٰذا صرف دُنیاوی ہی نہیں بلکہ دینی معاملات میں بھی اپنی اور اپنے بال بچوں کی اچھی تربیت کی طرف بھرپور توجہ دیتے ہوئے نارِ جہنم سے بچنے کی تدبیر کرنی چاہئے۔ ارشادِ خداوندی ہے:

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ترجَمۂ کنزالایمان: اے ایمان والو! اپنی جانوں

وَ اَهْلِیْكُمْ نَارًا وَّ قُوْدُهَا النَّاسُ وَ الْحِجَارَةُ عَلَیْهَا مَلٰٓىٕكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا یَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَاۤ اَمَرَهُمْ وَ یَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ(۶)

اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے بچاؤ جس کے ایندھن آدمی اور پتھر ہیں اس پر سخت کرّے فرشتے مقرّر ہیں جو اللہ کا حکم نہیں ٹالتے اور جو انہیں حکم ہو وہی کرتے ہیں۔

(پ۲۸، التحریم: ۶)

## نیکی کا حکم دیجئے

جب نبیِ اَکرم، نورِ مجسّم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم نے یہ آیتِ مبارکہ تلاوت فرمائی تو صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان عرض گزار ہوئے: یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم ہم اپنے اہل وعیال کو آتشِ جہنّم سے کس طرح بچا سکتے ہیں؟ سرکارِ مدینہ، فیض گنجینہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے اہل وعیال کو اُن کاموں کا حکم دو جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کو پسند ہیں اور ان کاموں سے روکو جو ربّ تعالٰی کو ناپسند ہیں۔[1]

نبیِ اکرم، نورِ مجسم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: تم سب نگران ہو اور تم میں سے ہر ایک سے اس کے ماتحت افراد کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ بادشاہ نگران ہے، اُس سے اُس کی رعایا کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ آدمی اپنے اہل وعیال کا نگران ہے اُس سے اُس کے اہل وعیال کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ عورت اپنے خاوند کے گھر اور اولاد کی نگران ہے اُس سے اُن کے بارے میں پوچھا

1 ... درمنثور، پ۲۸، التحریم، تحت الآیۃ: ۶، ۸/ ۲۲۵

جائے گا۔[1]

لہٰذا شوہر کو چاہئے کہ اپنے منصب کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے تمام تر فرائضِ منصبی کو بخوبی انجام دے، خود بھی برائیوں سے بچے اور حتی المقدور اپنے بیوی بچوں کو بھی گناہوں کی آلودگی سے دُور رکھے بالخصوص آج کل بے پردگی و بے حیائی کا جو سیلاب اُمنڈ آیا ہے اُس سے اپنے گھر والوں کو بچائے ورنہ دُنیا و آخرت میں ذلّت و رُسوائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ اپنے رسالے "باحیا نوجوان" کے صفحہ نمبر 21 پر تحریر فرماتے ہیں: جو لوگ باوُجُودِ قدرت اپنی عورتوں اور مَحارِم کو بے پردگی سے منع نہ کریں وہ دَیُّوث ہیں، رَحمتِ عالمیان صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم کا فرمانِ عبرت نشان ہے: ثَلَاثَۃٌ قَدْ حَرَّمَ اللّٰہُ عَلَیْھِمُ الْجَنَّۃَ مُدْمِنُ الْخَمْرِ وَالْعَاقُّ وَالدَّیُّوْثُ الَّذِیْ یُقِرُّ فِیْ اَھْلِہِ الْخَبَثَ[2] یعنی تین شخص ہیں جن پر اللہ عَزَّوَجَلَّ نے جنّت حرام فرمادی ہے ایک تو وہ شخص جو شراب کا عادی ہو، دوسرا وہ شخص جو اپنے ماں باپ کی نافرمانی کرے، اور تیسرا وہ دَیُّوث (یعنی بے حیا) کہ جو اپنے گھر والوں میں بے غیرتی کے کاموں کو برقرار رکھے۔

## دَیُّوث کسے کہتے ہیں؟

مُفَسِّرِ شَہِیر، حکیم الاُمَّت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الْحَنَّان اس حدیثِ پاک کے

1... بخاری، کتاب العتق، باب کراھۃ التطاول... الخ، ۲/۱۵۹، حدیث: ۲۵۵۴

2... مسند امام احمد، ۲/۳۵۱، حدیث: ۵۳۷۲

الفاظ ”وہ دَیُّوث (یعنی بے حیا) کہ جو اپنے گھر والوں میں بے غیرتی کے کاموں کو برقرار رکھے“ کے تحت فرماتے ہیں: بعض شارِحین نے فرمایا کہ یہاں خَبَث سے مُراد زِنا اور اسبابِ زنا ہیں یعنی جو اپنی بیوی بچّوں کے زِنا یا بے حیائی، بے پردگی، اجنبی مردوں سے اِختلاط، بازاروں میں زینت سے پھرنا، بے حیائی کے گانے ناچ وغیرہ دیکھ کر باوُجود قُدرت کے نہ روکے وہ بے حیاء دیّوث ہے۔[1] معلوم ہوا کہ باوُجُودِ قدرت اپنی زوجہ، ماں، بہنوں اور جوان بیٹیوں وغیرہ کو گلیوں، بازاروں، شاپنگ سینٹروں، مخلوط تفریح گاہوں میں بے پردہ گھومنے پھرنے، اجنبی پڑوسیوں، نامَحرم رشتے داروں، غیر مَحرم ملازِموں، چوکیداروں، ڈرائیوروں سے بے تکلُّفی اور بے پردَگی سے منع (مَنْ۔غ) نہ کرنے والے سخت اَحمق، بے حیا، دَیُّوث، جنّت سے محروم اور جہنّم کے حقدار ہیں۔ لہٰذا اب بھی وقت ہے کہ اپنی ذمّہ داری کا احساس کرتے ہوئے گھر والوں کو برائیوں کے سیلاب میں بہنے سے بچا لیجئے اس سے پہلے کہ پانی سر سے بلند ہو جائے اور آپ کفِ افسوس ملتے رہ جائیں۔ آیئے اس بات کا عہد کیجئے کہ ہم خود بھی شرعی احکام کی پابندی کریں گے اور اپنے گھر والوں کو بھی اس کا پابند بنائیں گے نیز اپنے گھر میں مدنی ماحول قائم کر کے اُسے سنّتوں کا گہوارہ بنائیں گے۔

## گھر کا افسر

یاد رکھئے! گھر ایک ادارے کی طرح ہے اور جس طرح دنیا کا کوئی بھی ادارہ

1... مراٰۃ المناجیح، ۵/۳۳۷

سربراہ کے بغیر نہیں چلتا، کوئی نہ کوئی اَفسَر ضرور ہوتا ہے جو سب کی نگرانی کرتا ہے اور اگر کوئی اپنی حُدود سے تجاوز کرے یا اپنی ذمّہ داری ادا نہ کرے تو بقدرِ ضرورت سختی بھی کرتا ہے۔ اسی طرح گھر کے ادارے کا سربراہ اور افسر شوہر کو بنایا گیا ہے جبکہ بیوی اور بچوں کو اس کا ماتحت کیا گیا ہے۔ افسر ہونے کی حیثیت سے شوہر کو جہاں بیوی بچوں کے کھانے پینے، اوڑھنے پہننے، اور ان کی ضروریات کا خیال رکھنے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے وہیں اسے کچھ زائد اختیارات بھی دیئے گئے ہیں۔ البتہ اس پر لازم ہے کہ اپنی ذمہ داری کو سمجھتے ہوئے شریعت کے مطابق اپنی بیوی سے برتاؤ کرے اور اگر وہ سرتابی کرے تو شرعی احکامات کی روشنی میں باہمی معاملات حل کرے اور اسے راہِ راست پر لانے کی کوشش کرے۔ چنانچہ فرمانِ خداوندی ہے:

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّ بِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ

ترجَمۂ کنزالایمان: مرد افسر ہیں عورتوں پر اس لئے کہ اللہ نے ان میں ایک کو دوسرے پر فضیلت دی اور اس لئے کہ مردوں نے ان پر اپنے مال خرچ کئے تو نیک بخت عورتیں ادب والیاں ہیں خاوند کے پیچھے حفاظت رکھتی ہیں جس طرح اللہ نے حفاظت کا حکم دیا اور جن عورتوں کی نافرمانی کا تمہیں اندیشہ ہو تو انہیں سمجھاؤ اور ان سے الگ سوؤ اور اُنہیں مارو پھر اگر وہ تمہارے

فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ﴿۳۴﴾

حکم میں آجائیں تو اُن پر زیادتی کی کوئی راہ نہ چاہو بے شک اللہ بلند بڑا ہے۔

(پ۵، النساء: ۳۴)

مُفَسِّرِ شَہِیر، حکیمُ الاُمَّت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الْمَنَّان اس آیت کے تحت فرماتے ہیں: مرد یا خاوند عورتوں یا بیویوں کے افسر حاکم مقرر کئے گئے ہیں، بیویاں ان کی ماتحت، اس کی دو وجہ ہیں: ❀ ایک تو یہ کہ اللہ تعالیٰ نے مرد کو عورت پر بُزرگی دی ہے کہ نبوّت، خلافت، قضاء، حُدود میں گواہی، جہاد وغیرہ مردوں کو ہی بخشے، اُنہیں کاملِ عقل، کاملِ دین بنایا۔ عورتوں کی عقل ناقص رکھی، دین بھی کہ مالی معاملات میں دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر قرار دی، عورتیں بحالتِ حیض و نفاس نماز، تلاوتِ قرآن، روزے وغیرہ سے محروم، مرد یہ کام ہمیشہ کرتے ہیں۔ ❀ دوسرے یہ کہ مردوں نے عورتوں پر مال خرچ کئے ہیں کہ عورت کا مہر، خرچہ کفن دفن خاوند کے ذمہ ہے، مرد کا مہر خرچہ وغیرہ عورت کے ذمّہ نہیں، اور قاعدہ ہے کہ خرچ دینے والا خرچ لینے والے کا حاکم ہوتا ہے۔ پس نیک کار، نیک بخت بیویاں اپنے ربّ کی مُطِیع ہوتی ہیں۔ خاوند کی پسِ پُشت حفاظت کرتی ہیں کہ اپنی عِصْمَت، خاوند کا مال، اولاد وغیرہ ضائع نہیں کرتیں کیونکہ وہ سمجھتی ہیں کہ ربّ تعالیٰ نے ہر طرح ان کی حفاظت فرمائی ان پر پردہ فرض فرما کر اُن کی عزّت و عِصْمَت محفوظ کر دی (اور) خاوند کے ذمّہ اُن کا خرچہ وغیرہ مقرر فرما کر اُنہیں دربدر پھرنے سے بچالیا کہ کمائیں مرد، کھائیں اور خرچ کریں عورتیں۔

مزید فرماتے ہیں: جن بیویوں کی نافرمانی کا تم کو خطرہ ہو تو فوراً طلاق کا ارادہ نہ کرلو، بلکہ اوّلاً انہیں سمجھاؤ اس پر بھی باز نہ آئیں تو اُنہیں گھر میں رکھتے ہوئے ان سے کلام سلام، پیار محبت وغیرہ چھوڑ دو اس پر بھی باز نہ آئیں تو انہیں اصلاح کی غرض سے معمولی مار مارو مگر اطاعت کرلینے پر ان پر سختی کے لیے بہانے نہ تلاش کرو بلکہ محبت و پیار سے برتاوے کرو۔ یہ جان لو کہ تم عورتوں کے حاکم ہو (تو) اللہ تعالیٰ تمہارا حاکم، تم پر قابو رکھنے والا ہے، جب وہ تمہاری خطائیں بخشتا ہے تو تم بھی اپنے ماتحتوں کے جرم بخشو۔ (بہرحال) خاوند حاکم ہے، بیوی اس کی ماتحت، خاوند گھر کا بادشاہ ہے، بیوی گھر کی وزیر، لہٰذا جو عورت و مرد کو برابر کہے یا عورت کو مرد سے اَفْضَل مانے وہ قدرت کا مقابلہ کرتا ہے۔ آج یورپین اَقْوام نے عورت و مرد میں برابری کی ہے مگر انہیں جو مصیبتیں بھگتنا پڑ رہی ہیں، اسے خود ہی جانتے ہیں کہ سال میں لاکھوں طلاقیں ہوتی ہیں، بات بات پر طلاق، گھر صحیح معنی میں آباد نہیں، (کیونکہ) ملک میں دو برابر کے حاکم نہ چاہئیں، (جب) آسمان پر سورج ایک، درخت کی جڑ ایک، انسان کا دل ایک، تو چاہئے کہ گھر کا حاکم اعلیٰ بھی ایک ہی ہو۔[1]

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! بیان کردہ آیتِ مبارکہ اور اس کی تفسیر میں میاں بیوی کی زندگی پُر مسرت بنانے کے لئے نہایت اہم مدنی پھول بیان کئے گئے ہیں۔ واقعی اگر بیوی اپنے شوہر کی برابری کرنے کے بجائے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے فیصلے کے

1... تفسیر نعیمی، ۱/ ۵۹ ملتقطاً

مطابق شوہر کی برتری تسلیم کرے اور اس کی اطاعت و فرمانبرداری کرے اور دوسری طرف شوہر اپنی ذمّہ داری کا احساس کرتے ہوئے بیوی کے حُقُوق ادا کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑے تو کافی حد تک لڑائی جھگڑوں کا سدِّباب ہو سکتا ہے۔ گھر کا اَفسَر و حاکم ہونے کی حیثیت سے شوہر کو یہ بات مدِّ نظر رکھنی چاہئے کہ اگر بیوی نافرمانی کرتی ہے تو فوراً اسے مارنے یا طلاق کا پروانہ دے کر رخصت کرنے کے بجائے اس معاملے کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے حکم کے مطابق حل کرے۔ سب سے پہلے اسے اچھے طریقے سے سمجھائے اگر نہ سمجھے تو بستر الگ کر کے ناراضی کا اظہار کرے پھر بھی باز نہ آئے تو شریعت نے گھر ٹوٹنے سے بچانے کے لئے معمولی طریقے سے مارنے کی اجازت دی ہے۔ یاد رہے کہ مارنے کی اجازت دینے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ شوہر بیوی پر خونخوار بھیڑیئے کی طرح حملہ آور ہو جائے اور مار مار کر اس کی ہڈی پسلی ایک کر کے ظلم و ستم کی ساری حدیں پار کر جائے یقیناً ایسا کرنا سراسر خواہشاتِ نفسانی کی پیروی ہے۔ آیئے! شریعت کی روشنی میں اس بات کا جائزہ لیتے ہیں کہ وہ کون سی صورتیں ہیں جس میں بیوی کو مارنے کی اجازت ہے۔

## بیوی کو کن صورتوں میں مارنے کی اجازت ہے؟

فتاویٰ قاضیخان میں ہے کہ چار وُجوہات کی بنا پر بیوی کو مارنا شوہر کے لئے جائز ہے:

1. شوہر (اپنے لئے) بناؤ سنگھار کرنے کا حکم دے مگر عورت نہ کرے۔
2. شوہر صحبت کرنا چاہے اور وہ نہ کرنے دے جبکہ شرعی مجبوری بھی نہ ہو۔

3. نماز نہ پڑھے یا جنابت و حیض کے بعد غسل نہ کرے کیونکہ یہ بھی نماز نہ پڑھنے جیسا ہی ہے۔

4. مہر کی ادائیگی کے باوجود وہ شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے چلی جائے۔[1]

## بیوی کو نہ مارنا افضل ہے

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! بیان کردہ چاروں چیزوں کا تعلّق براہِ راست اللہ ربُّ العالمین اور شوہر کے حق سے ہے اس لئے ان اہم اُمور کے حُصُول کیلئے جب اور کوئی تدبیر کارگر نہ ہو تو شوہر کو مارنے کی اجازت دی گئی ہے۔ مگر افسوس! آج کل معاشرے میں شاید ہی کوئی ایسا شوہر ہو گا جو ان اہم اُمُور کو چھوڑنے پر بیوی کو ڈانٹ ڈپٹ کرتا ہو۔ بلکہ یہاں تو سالن میں نمک مرچ کم یا زیادہ ہو جائے، کھانا دیر سے ملا، کپڑے استری نہ ہوئے، لباس اچھی طرح نہ دُھلا، پانی لانے میں دیر ہو گئی یا ٹھنڈا نہ تھا، گھر کی صفائی میں کچھ کوتاہی ہو گئی یا ساس و نندوں نے جھوٹی سچی شکایت لگادی تو مار مار کر اس کا برا حشر کر دیا جاتا ہے۔ یاد رہے کہ اگر بیوی سے واقعی ایسا قصور ہو بھی جائے جس میں خود شریعت نے مارنے کی اجازت دی ہے تو وہاں بھی مارنا صرف جائز ہے واجب نہیں البتہ نہ مارنا افضل ہے۔ چنانچہ،

تفسیرِ کبیر میں ہے کہ امام شافعی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: مارنا مباح ہے لیکن نہ مارنا افضل ہے۔ البتہ اگر مارے تو اتنا نہ مارے کہ ہلاکت تک پہنچادے بلکہ

1... فتاوی قاضی خان، کتاب النکاح، فصل فی حقوق الزوجیۃ، ۱/۲۰۳

بدن پر الگ الگ مقام پر مارے ایک ہی جگہ نہ مارے اور چہرے پر مارنے سے بچے۔ بُنے ہوئے رومال یا ہاتھ سے مارے، کوڑا اور ڈنڈا استعمال نہ کیا جائے الغرض ہلکے سے ہلکا طریقہ اختیار کیا جائے۔ امام فخر الدین رازی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْھَادِی فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں پہلے بیویوں کو سمجھانے کا حکم دیا پھر بستروں سے علیحدگی کو بیان کیا اور آخر میں مارنے کی اجازت دی تو یہ اس بات پر صراحۃً تنبیہ ہے کہ نرمی سے غرض حاصل ہو جائے تو اسی پر اکتفا لازم ہے سختی اختیار کرنا جائز نہیں۔[1]

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! کس قدر افسوس ہے ان لوگوں پر جو شریعت کی دی گئی اجازت سے تجاوز کرتے ہوئے اپنی بیویوں کو ظلماً مارتے ہیں، چھوٹی چھوٹی باتوں پر جب دل چاہتا ہے بے دریغ پیٹتے ہیں، بیوی قدموں میں گر کر معافی مانگتی رہ جاتی ہے مگر انہیں ذرا رحم نہیں آتا۔ کس قدر افسوس کی بات ہے کہ ایک تو صنفِ نازُک پر ظلم کے پہاڑ توڑے جاتے ہیں اور پھر اسے مردانگی اور بہادری سمجھا جاتا ہے۔ کمزور عورت پر اپنی طاقت کا اظہار کرنے والے کان کھول کر سُن لیں کہ روزِ حشر خداوند قہّار وجبّار کی بارگاہ میں پیش ہونا ہے۔ اگر وہاں اس مظلومہ نے تڑپ کر آپ کے دُنیا میں کئے جانے والے ظلم وستم کے خلاف فریاد کر دی تو بتائیں کیا کریں گے؟ لہٰذا ابھی وقت ہے توبہ کر لیں، اگر ظلم کیا ہے تو معافی مانگ کر راضی کر لیں کہیں ایسا نہ ہو کہ بروزِ قیامت سخت مشکل میں پھنس جائیں کیونکہ اُس روز ہر

---

1... التفسیر الکبیر، پ۵، النساء، تحت الآیۃ: ۳۴، ۴/۷۲ ملخصًا

ظالم کو اپنے ظلم کا حساب دینا ہو گا بلکہ احادیث مبارکہ کی روشنی میں ایسے بد نصیبوں کی نیکیاں مظلوموں کو دے دی جائیں گی اور نیکیاں نہ ہونے یا ختم ہو جانے کی صورت میں مظلوموں کے گناہ اُن کے سر ڈال دیئے جائیں گے۔ چنانچہ،

## ظالم کا انجام

حضرتِ سَیِّدُنا مُسلِم بن حَجّاج قُشَیری عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی اپنے مشہور مجموعۂ حدیث "صحیح مسلم" میں ایک حدیثِ پاک نقل کرتے ہیں: سرکارِ نامدار، شَفیعِ روزِ شُمار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم نے اِستفسار فرمایا: کیا تم جانتے ہو مُفلِس کون ہے؟ صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان نے عرض کی: یَارسولَ اللّٰہ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم! ہم میں سے جس کے پاس دراہِم و سامان نہ ہو وہ مُفلِس ہے۔ فرمایا: میری اُمّت میں مُفلِس وہ ہے جو قِیامت کے دن نَماز، روزے اور زکوٰۃ لے کر آیا اور یوں آیا کہ اِسے گالی دی، اُس پر تُہمت لگائی، اِس کا مال کھایا، اُس کا خون بہایا، اُسے مارا۔ تو اُس کی نیکیوں میں سے کچھ اِس مظلوم کو دے دی جائیں اور کچھ اُس مظلوم کو، پھر اگر اِس کے ذمّے جو حُقُوق تھے اُن کی ادائیگی سے پہلے اِس کی نیکیاں ختم ہو جائیں تو اُن مظلوموں کی خطائیں لے کر اس ظالم پر ڈال دی جائیں پھر اُسے آگ میں پھینک دیا جائے۔[1]

## ایذاء کا بدلہ

حضرتِ سَیِّدُنا یزید بن شَجَرہ رَحمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: جس طرح سمندر

1 ... مسلم، کتاب البر والصلۃ والادب، باب تحریم الظلم، ص ۱۳۹۴، حدیث: ۲۵۸۱

کے کنارے ہوتے ہیں اِسی طرح جہنّم کے بھی کنارے ہیں جن میں بُختی اونٹوں جیسے سانپ اور خچّروں جیسے بچھو رہتے ہیں۔ اہلِ جہنّم جب عذاب میں کمی کیلئے فریاد کریں گے تو حکم ہوگا کناروں سے باہر نکلو وہ جوں ہی نکلیں گے تو وہ سانپ انہیں ہونٹوں اور چہروں سے پکڑ لیں گے اور ان کی کھال تک اُتار لیں گے وہ لوگ وہاں سے بچنے کیلئے آگ کی طرف بھاگیں گے پھر ان پر کُھجلی مسلط کر دی جائے گی وہ اس قدر کُھجائیں گے کہ ان کا گوشت پوست سب جَھڑ جائے گا اور صرف ہڈیاں رہ جائیں گی، پکار پڑے گی: اے فلاں! کیا تجھے تکلیف ہو رہی ہے؟ وہ کہے گا: ہاں۔ تو کہا جائے گا یہ اُس ایذاء کا بدلہ ہے جو تو مومنوں کو دیا کرتا تھا۔[1]

## ظلم کی معافی مانگ لو

شیخِ طریقت امیرِ اہلسنّت اپنے رسالے **"ظلم کا انجام"** کے صفحہ 22 پر فرماتے ہیں: ہمارے پیارے اور میٹھے میٹھے آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم نے اپنے اُسوۂ حَسَنہ کے ذریعے ہم غلاموں کو حُقُوقُ العِباد کا خیال رکھنے کی جس حسین انداز میں تعلیم دی ہے اُس کی ایک رِقّت انگیز جھلک مُلاحظہ فرمائیے۔ چُنانچِہ،

میٹھے میٹھے آقا مکی مَدَنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم نے وفاتِ ظاہری کے وقت اجتماعِ عام میں اعلان فرمایا: اگر میرے ذمّے کسی کا قرض آتا ہو، اگر میں نے کسی کی جان و مال اور آبرو کو صدمہ پہنچایا ہو تو میری جان و مال اور آبرو حاضِر ہے،

1... الترغیب والترھیب، ۴/ ۲۸۰، حدیث: ۵۶۴۹

اِس دنیا میں بدلہ لے لے۔ تم میں سے کوئی یہ اندیشہ نہ کرے کہ اگر کسی نے مجھ سے بدلہ لیا تو میں ناراض ہو جاؤں گا یہ میری شان نہیں۔ مجھے یہ اَمر بہت پسند ہے کہ اگر کسی کا حق میرے ذِمّے ہے تو وہ مجھ سے وُصُول کر لے یا مجھے مُعاف کر دے۔ پھر فرمایا: اے لوگو! جس شخص پر کوئی حق ہو اسے چاہئے کہ وہ ادا کرے اور یہ خیال نہ کرے کہ رُسوائی ہو گی اس لئے کہ دنیا کی رُسوائی آخرت کی رُسوائی سے بہت آسان ہے۔[1]

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! اگر اب تک ظلم و ستم کا معاملہ رہا ہے یا کبھی کوئی زیادتی کی ہے تو فوراً سے پیشتر ہر قسم کی شرم بالائے طاق رکھتے ہوئے معافی مانگ لیجئے اور خوش اُسلوبی کے ساتھ اس کے حُقُوق کی ادائیگی کا ذہن بنائیے کہ اسی میں دونوں جہان کی بھلائی ہے۔ یاد رہے کہ بیوی شوہر کی تمام توقعات پر پورا اترے یہ ضروری نہیں لہٰذا اگر بیوی میں چند ایک عادتیں خلافِ مزاج اور اشتعال انگیز ہوں بھی تو اس کی بہت سی پسندیدہ عادتوں کو پیشِ نظر رکھ کر ان کا لحاظ کرتے ہوئے ناپسندیدہ عادتوں کو نظر انداز کر دینا چاہئے نیز بیوی کے ذریعے حاصل ہونے والے کثیر منافع کی رعایت کرتے ہوئے اخلاقی طور پر اسے مارنے سے گریز ہی کرنا چاہئے۔ یاد رکھئے کہ بیوی کے ساتھ اچھا یا بُرا سلوک کرنا انسان کے اچھے یا بُرے ہونے کا پتا دیتا ہے۔ بہر حال بیوی کو سُدھارنے اور سیدھا کرنے کی آڑ میں اس پر ظلم و ستم کے

1 ... تاریخ ابن عساکر، الفضل بن العباس بن عبد المطلب، ۴۸/ ۳۲۳ ملخصاً

پہاڑ توڑنے والوں کو اپنی اس غلط اور نقصان دہ روِش کو چھوڑ کر اس کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرنا چاہئے۔

## اگر اختلاف بڑھ جائے تو کیا کرے

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! اس بات میں تو کوئی شک نہیں کہ ہر شخص کی یہ دلی خواہش ہوتی ہے کہ اس کے گھر میں ہمیشہ خوشیوں کی فراوانی رہے اور کبھی کوئی غم نہ آئے لیکن بسا اوقات نہ چاہتے ہوئے بھی میاں بیوی میں سے کسی ایک یا دونوں کی اَنا کے سبب معمولی باتیں بھی جھگڑوں اور فسادات کا روپ دھار لیتی ہیں حتی کہ نوبت طلاق تک جا پہنچتی ہے۔ اگر خدانخواستہ کبھی میاں بیوی کے درمیان اس طرح کا اختلاف یا کشیدگی پیدا ہو بھی جائے تو دونوں کو نہایت سمجھداری کا ثبوت دیتے ہوئے نرمی، برداشت، درگزر، معاملہ فہمی اور باہمی سمجھوتے سے کام لیتے ہوئے اپنی اپنی آتشِ غضب کو بجھانے کی کوشش کرنی چاہئے بالخصوص شوہر پر لازم ہے کہ طلاق دینے میں ہرگز ہرگز جلدی نہ کرے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ بے سوچے سمجھے طلاق دے بیٹھے اور جب دماغ سے غصے کا خُمار اترے تو دامن میں حسرت و پچھتاوے کے سِوا کچھ باقی نہ رہے۔ آیئے اس ضمن میں دار الافتاء اہلسنّت کی طرف سے طلاق سے متعلق کچھ اہم باتیں اور شرعی مسائل ملاحظہ کیجئے:

## طلاق سے متعلق مفید مدنی پھول

❀ سرکارِ عالی وقار، مدینے کے تاجدار صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

"حلال چیزوں میں سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے ناپسندیدہ چیز طلاق ہے۔"[1]

❀ کسی معقولِ شرعی سبب کے بغیر طلاق دینا اِسلام میں سخت ناپسندیدہ اور ناجائز و گناہ ہے جبکہ طلاق کے کثیر معاشرتی نقصانات اِس کے علاوہ ہیں لہٰذا حتی الامکان طلاق دینے سے بچنا چاہئے۔ ❀ میاں بیوی کے درمیان اگر ناچاقی ہو جائے تو تعلقات دوبارہ بہتر بنانے کے لئے قرآن کریم کے پارہ نمبر 5 سورۃ النساء کی آیت 33 اور 34 میں بیان کردہ ہدایات پر عمل کرتے ہوئے آپس میں صلح کی کوشش کرنی چاہئے جس کا طریقہ یہ ہے کہ مثلاً اگر بیوی کی طرف سے کوئی ناروا رَویّہ ہے تو شوہر بیوی کو اچھے انداز میں سمجھائے اور اگر اس سے بھی معاملہ حل نہ ہو تو شوہر چند دنوں کے لئے بیوی کو گھر میں رکھتے ہوئے اس سے اپنا بستر جدا کرلے اور مقصد یہ ہو کہ طلاق کے نتیجے میں گزاری جانے والی تنہا زندگی کا ایک نمونہ سامنے آجائے، قَوِی امکان ہے کہ اس تصوُّر ہی سے دونوں سبق حاصل کرکے آپس میں صلح کرلیں ❀ پھر اگر یوں بھی صلح نہ ہو سکے تو شوہر کو بیوی کی مناسب سختی کے ذریعے تادیب کی بھی اجازت ہے اور یہ طریقہ اختیار کرنا بھی بہت مفید ہے کہ دونوں جانب سے معاملہ فہم اور سمجھدار افراد کو حَکَم و مُنصِف (یعنی فیصلہ کرنے والا) بنالیا جائے تاکہ وہ ان میں صلح کروادیں یہ صلح کروانے والے افراد اگر اچھی نیت اور جذبہ کے ساتھ حکمت بھرے انداز میں صلح کی کوشش کریں گے تو اللہ تبارک وتعالیٰ زوجین کے

---

1... ابوداود، کتاب الطلاق، باب فی کراھیۃ الطلاق، ۲/۳۷۰، حدیث: ۲۱۷۸

مابین اتفاق پیدا فرمادے گا۔ ❀ میاں بیوی کے باہمی جھگڑے کا حل یہ نہیں کہ فوراً طلاق دیکر معاملے کو ختم کر دیں اور بعد میں افسوس کے سوا کچھ ہاتھ نہ آئے۔ البتہ اگر باہمی تعلقات کی خرابی اِس حد تک پہنچ گئی ہو کہ میاں بیوی سمجھتے ہوں کہ اب وہ ایک دوسرے کے شرعی حقوق ادا نہیں کر پائیں گے اور طلاق ہی آخری حل ہے تو پھر شوہر اسلام کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق طلاق دے۔ ❀ وہ طریقہ یہ ہے کہ شوہر بیوی کو اُس کی پاکی کے اُن دنوں میں کہ جن میں اس نے بیوی سے اِزدِواجی تعلقات قائم نہ کئے ہوں ایک طلاق رَجعی اِن الفاظ سے دیدے **"میں نے تجھے طلاق دی"** پھر شوہر اسے چھوڑ دے حتی کہ عِدّت مکمل ہو جائے اور عورت نکاح سے باہر ہو جائے۔ ❀ یاد رکھیں ایک طلاق رجعی دینے سے بھی عِدّت گزرنے پر مرد و عورت میں جدائی ہو جاتی ہے اور یہ سمجھنا کہ تین طلاق کے بغیر ایک دوسرے سے خلاصی نہیں ہوتی سَراسر غَلَط ہے ❀ خود زبانی طلاق دینی ہو یا خود لکھنی ہو یا اسٹام پیپر والوں سے لکھوانی ہو، بہر حال ایک ہی لکھیں اور لکھوائیں، اسٹام پیپر والے ہزار کہیں کہ تین لکھنے سے کچھ نہیں ہوتا، ان کی بات کا ہر گز اعتبار نہ کریں اور انہیں ایک ہی لکھنے پر مجبور کریں ❀ ایک طلاق رجعی کا بطورِ خاص اِس لئے کہا گیا ہے کہ تین طلاقیں اکٹھی دینا گناہ اور خلافِ شریعت ہے نیز اس صورت میں رُجوع کی مہلت بھی ختم ہو جاتی ہے جبکہ ایک طلاق رجعی دینے کی صورت میں دورانِ عِدّت بغیر نکاح کے اور بعدِ عِدّت نکاح کے ساتھ رجوع کی گنجائش موجود ہوتی ہے۔ اگرچہ رجوع کی یہ

گنجائش دو (2) رجعی طلاقیں دینے میں بھی ہے لیکن دو طلاقیں اکٹھی دینا بھی گناہ ہے۔ ❀ آج کل طلاق دینے والے اکثر لوگ دین سے دوری، شرعی اَحکام سے لاعلمی، غصے کی عادت اور جذباتی پن میں مبتلا ہو کر معمولی سی بات پر ایک ساتھ تین طلاقیں دے بیٹھتے ہیں اور پھر ہوش آنے پر انتہائی نادم وپشیمان ہوتے ہیں، پھر کبھی اپنے ماضی کو یاد کرتے ہیں اور کبھی بچوں کے مستقبل کو روتے ہیں اور بسا اوقات شیطان کے بہکانے میں آکر گھر بچانے کیلئے مختلف حیلے بہانے تراشتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ تین طلاقیں اکٹھی دینا گناہ ہے لیکن اگر کوئی تین طلاقیں دے تو تینوں ہی واقع ہو جاتی ہیں خواہ ایک مجلس میں دے یا زیادہ مجلسوں میں اور ایک لفظ سے تین طلاق دے یا تین لفظوں سے، بہر صورت تینوں طلاقیں ہو جاتی ہیں لہٰذا مسلمانوں کی خیر خواہی کے پیشِ نظر یہ مشورہ پیشِ خدمت ہے کہ اگر میاں بیوی کے درمیان باہمی اتفاق کی کوئی صورت نہ بن سکے اور طلاق دینے کی کوئی نوبت آ جائے تو اسلامی ہدایت کے مطابق طلاق دی جائے جس کا طریقہ اوپر بیان ہو گیا ہے اور مزید آسانی کیلئے جداگانہ وضاحت سے دوبارہ بیان کیا جارہا ہے۔

## طلاق دینے کا سب سے بہتر طریقہ

طلاق دینے کا سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ عورت کی پاکی کے وہ ایام جن میں شوہر نے اس سے صحبت نہ کی ہو، ان ایّام میں صرف ایک بار اس سے کہے: **”میں نے تجھے طلاق دی“** اس کے بعد بیوی کو چھوڑے رکھے اور اس سے بالکل

علیحدہ رہے یہاں تک کہ اس کی عِدّت گزر جائے۔ اختتامِ عِدّت پر وہ نکاح سے خارج ہو جائے گی۔ اس طرح طلاق دینے سے فائدہ یہ ہو گا کہ کل کو اگر دونوں دوبارہ ایک ساتھ زندگی بسر کرنا چاہیں تو دورانِ عِدّت بغیر نکاح کے اور عِدّت کے بعد بغیر حلالہ صرف نکاح کے ذریعہ رجوع ہو جائے گا۔ ❀ طلاق کا کوئی بھی مسئلہ اپنی اَٹکل (یعنی سمجھ) سے حل کرنے کے بجائے دار الافتاء سے رجوع کیجئے۔

## گھر امن کا گہوارہ کیسے بنے؟

شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے ۶ ذُوالْقَعدَۃ الحرام ۱۴۲۸ھ، 17 دسمبر 2007ء بروز پیر شریف ایک اِسلامی بھائی اور اُن کے بچّوں کی امّی کو گھریلو ناچاقی کے علاج کے لئے نصیحت کے مَدَنی پھول عنایت فرمائے (جن میں ضرورتاً کہیں کہیں ترمیم کی گئی ہے)۔ ان مَدَنی پھولوں پر عمل کرکے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ گھر کو حقیقی معنوں میں امن کا گہوارہ بنایا جاسکتا ہے آیئے ان مدنی پھولوں کو مُلاحظہ کیجئے۔

## شادی شدہ اسلامی بھائیوں کیلئے 19 مَدَنی پھول

1 اِس میں کوئی شک نہیں کہ شوہر اپنی زوجہ پر حاکم ہے تاہم اِنصاف سے کام لینا ضروری ہے کہ حاکم سے مُراد سیاہ سفید کا مالک ہونا نہیں ہے۔

2 عورت ٹیڑھی پَسلی سے پیدا کی گئی ہے، اُس کی نفسیات کو پَرَکھ کر اسکے ساتھ بَرتاؤ کیجئے۔ اگر اپنی سوچ کے مِعیار پر اس کو تولیں گے تو گھر چلنا بہت دُشوار ہے۔

3 عورت عُمُوماً ناقِص العقل ہوتی ہے، 100 فیصد آپ کے معیار پر پوری اترے یہ تَوَقُّع رکھنا بیکار ہے، لہٰذا اُس کی کوتاہیوں کو نظر اَنداز کرکے اُس پر مزید اِحسانات کیجئے۔

4 لاکھ غلطیاں کرے، منہ چڑھائے، بڑبڑائے، اگر آپ گھر آباد رکھنا چاہتے ہیں تو اُس کے ساتھ اُس وقت تک نرمی سے پیش آنے کا ذہن بناتے رہئے جب تک شریعت سختی کی اِجازت نہ دے۔

5 اگر عورت ٹیڑھی چلتی رہی اور آپ صبر کرتے رہے تو اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اجر و ثواب کا آخرت میں اَنبار دیکھیں گے۔ دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وسلَّم کا فرمان رُوح پرور ہے: کامل اِیمان والوں میں سے وہ بھی ہے جو عمدہ اَخلاق والا اور اپنی زوجہ کے ساتھ سب سے زیادہ نرم طبیعت والا ہے۔[1]

6 اگر بیوی آپ کے مَن پسند کھانے نہیں پکاپاتی تو صبر کیجئے۔ محض نفس کی معمولی لذّت کی خاطر بلا اِجازتِ شرعی اس کو ڈانٹ ڈپٹ کرنا، مار دھاڑ پر اتر آنا بربادیِ آخرت کا باعث بن سکتا ہے۔

7 جس طرح عام مسلمانوں کی دل آزاری حرام ہے اُسی طرح بِلا مصلحتِ شرعی بیوی کی دل آزاری میں بھی جہنّم کی حقداری ہے۔

8 اگر کبھی غصہ آجائے اور زوجہ پر ناحق زبان چل جائے یا بلا مصلحتِ شرعی ہاتھ اُٹھ جائے تو توبہ بھی واجِب اور تلافی بھی لازِم۔ شرمانے اور اپنی کسرِ شان سمجھنے

1... ترمذی، کتاب الرضاع، باب ماجاء فی حق الزوج... الخ، ۲/ ۳۸۶، حدیث ۱۱۶۵

کے بجائے نہایت لَجاجت وندَامت کے ساتھ اس طرح اُس سے معذرت کیجئے کہ اُس کا دل صاف ہو جائے اور وہ واقعی معاف کر دے۔ رَسمی طور پر SORRY بول دینا کافی نہ ہو گا اور نہ ہی اس طرح حقّ العَبد سے یقینی خَلاصی ہو گی۔ جیسا جُرم ویسی مُعافی تلافی۔

9 کبھی آپ کی پُکار پر جواب نہ ملے تو بے تحاشا برس پڑنا سِفلہ پن (کم ظرفی) ہے، حسنِ ظَن سے کام لیجئے کہ بے چاری نے سُنا نہ ہو گا یا کوئی اور مجبوری مانع ہوئی ہو گی۔

10 کبھی کپڑے کی اِستری نہ ہوئی، کھانے میں نمک مرچ کم وبیش ہوا، تازہ کھانا پکا کر نہ دیا، دوسرے دن کا گرم کر کے یا ٹھنڈا ہی رکھ دیا، برتن برابر نہ دُھل پائے تو جارِحانہ انداز سے حکم چلانے اور ڈانٹ پلانے کے بجائے نرمی سے تفہیم (یعنی سمجھانا)، اِزدِیادِ حُبّ (یعنی مَحبّت میں اضافے) کا باعث ہو گی۔ نفس وشیطان کی چالوں کو سمجھنے کی کوشش کیجئے، نفرتیں مت بڑھایئے۔

11 زبان سے بتانے میں غصّہ آجاتا ہو اور بات بگڑ جاتی ہو تو اگر فریقین ایسے موقع پر ایک دوسرے کو تحریری طور پر سمجھانے کا معمول بنائیں تو اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جھگڑے کی نَوبت نہیں آئے گی۔

12 ہوٹل یا بازار کی غِذا کی مانند لذیذ اَغذِیہ (غذائیں) بنانے کا زوجہ سے بِالجَبر مُطالَبہ کرنا نفس کی پیروی اور اس کے نہ بنانے پر طنز ومِزاح، طَعن وتَشنِیع اور زبردستی کی دل آزاری کرنا شیطان کی خوشی کا سامان ہے۔

13 اپنی والِدہ وغیرہ کی شکایت پر بغیر شَرعی ثُبوت کے زوجہ کو جھاڑنا یا مارنا وغیرہ ظلم ہے اور ظالِم جہنَّم کا حقدار۔ خاتَمُ الْمُرْسَلِیْن، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: ظلم جہنَّم میں لے جانے والا ہے۔[1]

14 اپنا کام اپنے ہاتھ سے کرنا باعثِ سعادت اور عظیم سنّت ہے۔ اُمُّ المؤمنین حضرت سیِّدَتُنا عائشہ صِدّیقہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہا فرماتی ہیں کہ سلطانِ مکّۂ مکرّمہ، سردارِ مدینہ منورہ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسلَّم اپنے کپڑے خود سی لیتے اور اپنے نعلینِ مبارَکین گانٹھتے اور وہ سارے کام کرتے جو مرد اپنے گھروں میں کرتے ہیں۔[2]

15 چھوٹی چھوٹی باتوں پر بیوی کو حکم دینا مثلاً یہ اُٹھا دو، وہ رکھ دو، فُلاں چیز ڈھونڈ کر لا دو وغیرہ سے بچنا اور اپنا کام اپنے ہاتھ سے کر لیا کرنا گھر کو اَمن کا گہوارہ بنانے میں مدد دیتا ہے۔

16 اپنے چھوٹے چھوٹے کاموں کے لئے بیوی کو نیند سے جگا دینا، کام کاج اور جھاڑ پونچھ کے دوران، آٹا گوندھتے ہوئے، نیز دردِ سر، نزلہ یا دیگر بیماریوں کے ہوتے ہوئے اُن کو کام کے آرڈر دیئے جانا گھر کے ماحول کو خراب کر سکتا ہے۔ جس طرح آپ کو نیند پیاری ہے، سُستی ہوتی ہے، موڈ آف ہوتا ہے اسی طرح کے عوارِض عورت کو بھی درپیش ہوتے ہیں بلکہ مرد کے مقابلے میں عورت کو نیند زیادہ آتی ہے نیز اس کو بھی غصّہ آسکتا ہے لہٰذا مِزاج شناسی کی عادت ڈالئے۔

---

1... ترمذی، کتاب البر والصلۃ، باب ماجاء فی الحیاء، ۳/۴۰۶، حدیث: ۲۰۱۶

2... کنز العمال، کتاب الشمائل، قسم الاقوال، الجزء السابع، ۴/۶۰، حدیث: ۱۸۵۱۴

17 فَرِیقَین میں سے اگر ایک کو غصہ آجائے تو دوسرے کا خاموش رہنا بہت ضروری ہے کہ غصے کا غصے سے اِزالہ بَسا اوقات خطرناک ثابت ہوتا ہے۔

18 باورچی خانے میں مصروفیت کے دوران بیوی کو اس طرح تنقید کا نشانہ بنانا کہ آلو تراشنا نہیں آتا، ٹماٹر کاٹنے کا ڈھنگ نہیں، اَدرک کیا اِس طرح کاٹتے ہیں؟ وغیرہ وغیرہ بہت ہی تکلیف دہ اور باعثِ نفرت ہوتا ہے۔ عقلمند وہی ہے جو بیوی کی جائز طور پر حوصلہ اَفزائی کرتا رہے اور اپنا کام نکالتا رہے۔

19 میاں بیوی کا بچوں کے سامنے لڑنا جھگڑنا اُن کے اَخلاق کیلئے بھی تباہ کُن ہے۔

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! واقعی شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی طرف سے عطا کردہ یہ مدنی پھول نہایت اہمیت کے حامل ہیں جن پر عمل کرکے شوہر گھر کو امن کا گہوارہ بنا سکتا ہے۔ علاوہ ازیں امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے سنتوں بھرے بیانات بھی گھر میں مدنی ماحول قائم کرنے اور لڑائی جھگڑوں کو جڑ سے اُکھاڑنے میں نہایت مُفید و مُعاون ہیں آیئے اس ضمن میں ایک مدنی بہار ملاحظہ کیجئے۔

## ساس بَہُو میں صُلح کا راز

بابُ المدینہ (کراچی) کے ایک اسلامی بھائی کے بیان کا خلاصہ ہے کہ طویل عرصے سے میری زوجہ اور والدہ یعنی ساس بہو میں خوب ٹھنی ہوئی تھی۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ زوجہ رُوٹھ کر میکے جا بیٹھی۔ میں سخت پریشان تھا اور سمجھ میں نہیں آتا تھا

کہ اِس مسئلے کو کیسے حل کروں۔ اِتنے میں امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے مدنی مذاکرے کی VCD ”گھر امن کا گہوارہ کیسے بنے؟“ میرے ہاتھ آئی۔ موضوع دیکھا تو بڑی امید کے ساتھ یہ VCD خُود بھی دیکھی اور اپنی والدہ محترمہ کو بھی دکھائی اور ایک VCD اپنے سسرال بھی بھیج دی۔ میری والدہ کو یہ VCD اتنی پسند آئی کہ انہوں نے اِسے دوبار دیکھا اور حیرت انگیز طور پر مجھ سے فرمانے لگیں: چل بیٹا! تیرے سُسرال چلتے ہیں۔ میں نے سُکون کا سانس لیا کہ لگتا ہے جو کام میں بھرپور اِنفرادی کوشش کے باوُجود نہ کرسکا میرے پیر و مُرشد امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے میٹھے میٹھے اندازِ گفتگو نے کر دیا ہے۔

میرے سسرال پہنچ کر والدہ صاحبہ نے بڑی محبت سے میری زوجہ کو منایا اور اُسے واپس گھر لے آئیں۔ دوسری جانب میری زوجہ نے بھی مُثبت طرزِ عمل کا مظاہرہ کیا اور گھر پہنچنے کے بعد دوسرے ہی دن اپنی ساس سے کہنے لگیں: امی جان! میرا کمرہ بہت بڑا ہے، جبکہ دیگر گھر والے جس کمرے میں رہتے ہیں وہ قدرے چھوٹا ہے، آپ میرا کمرہ لے لیجئے اور میں اُس چھوٹے کمرے میں رہائش اختیار کر لیتی ہوں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہمارا گھر جو فتنے اور فساد کا شکار تھا، VCD ”گھر امن کا گہوارہ کیسے بنے؟“ کی برکت سے امن کا گہوارہ بن گیا۔

اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں تاحیات دعوتِ اسلامی سے وابستہ رکھے نیز قرآن و سنت کی پابندی اور اپنے گھر والوں کے ساتھ حُسنِ سُلوک کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اٰمین بجاہِ النبی الامین صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم

Go To Index

حیاو پردے کی اہمیت اور اس کی ترغیب پر مشتمل ایک خوبصورت بیان

# غیرت مند شوہر



مکتبۃ المدینہ (دعوت اسلامی)

المدینۃ العلمیۃ (دعوت اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْن
اَمَّا بَعْدُ! فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ۔

# غیرت مند شوہر [1]

## دُرود شریف کی فضیلت

دعوتِ اسلامی کے اشاعتی اِدارے مکتبۃ المدینہ کے مطبوعہ 55 صَفحات پر مشتمل رسالے ''کراماتِ فاروقِ اعظم'' میں **شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ دُرودِ پاک کی فضیلت تحریر فرماتے ہیں کہ وزیرِ رِسالت مآب، آسمانِ صَحابِیّت کے دَرَخشاں ماہتاب، نِظامِ عَدل کے روشن آفتاب، امیر المومنین حضرتِ سیِّدُنا **عُمَر** بن خطّاب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں: **اِنَّ الدُّعَآءَ مَوْقُوْفٌ بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَا یَصْعَدُ مِنْہُ شَیْءٌ حَتّٰی تُصَلِّیَ عَلٰی نَبِیِّکَ** (صَلَّی اللّٰہُ

---

[1] .....مبلغِ دعوتِ اسلامی ونگرانِ مرکزی مجلسِ شوریٰ حضرت مولانا حاجی محمد عمران عطاری مَدَّ ظِلُّہُ الْعَالِی نے یہ بیان تبلیغِ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی میں ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں ۱۸ شعبان المعظم ۱۴۳۲ھ بمطابق 21 جولائی 2011ء کو فرمایا۔ ضروری ترمیم واضافے کے بعد تحریری صورت میں پیش کیا جارہا ہے

تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) یعنی بے شک دُعا زمین وآسمان کے درمیان ٹھہری رہتی ہے اور اُس سے کوئی چیز اوپر کی طرف نہیں جاتی (یعنی دُعا قبول نہیں ہوتی) جب تک تم اپنے نَبِیِّ اَکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر دُرُودِ پاک نہ پڑھ لو۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## غیرت مند شوہر

حضرت سیِّدُنا قاضی ابو عبد اللّٰہ محمد بن احمد بن موسیٰ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں ''رَے'' (ایران کے موجودہ دارالخلافہ تہران) کے قاضی حضرت سیِّدُنا موسیٰ بن اِسحاق عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ الرَّزَّاق سے ملنے گیا، اس وقت قاضی صاحب مَسندِ قضا پر بیٹھ کر لوگوں کے مسائل حل فرما رہے تھے۔ میں بھی ان کے پاس بیٹھ گیا۔ اتنے میں ان کے پاس ایک ایسا ایمان افروز مقدّمہ پیش ہوا جس نے وہاں موجود تمام لوگوں کے ایمان کو تازہ کر دیا۔

ہوا کچھ یوں کہ ایک نقاب پوش عورت حاضر ہوئی جس کے سرپرست کا دعویٰ تھا کہ اس عورت کا نکاح کے وقت پانچ سو دینار مہر مقرر ہوا تھا مگر اس کا شوہر مہر کی رقم ادا نہیں کر رہا اور جب شوہر کو بلا کر پوچھا گیا تو اس نے کہا کہ مہر کا یہ دعویٰ

[1] ..... سنن الترمذی، کتاب الوتر، باب فی فضل الصلاۃ علی النبی، الحدیث: ۴۸۶، ج ۲، ص ۲۸

بے بنیاد ہے۔ قاضی صاحب نے مُدّعی سے کہا کہ اپنا دعویٰ ثابت کرنے کے لئے گواہ پیش کرو جو اس بات کی گواہی دیں کہ واقعی اس مرد نے نکاح کے وقت پانچ سو دینار مہر مقرّر کیا تھا۔ پس جب گواہ عدالت میں حاضر ہوئے اور عورت کو کہا گیا کہ وہ بھی کھڑی ہو جائے اور اپنا نقاب اتار دے تا کہ گواہ اسے پہچان کر اس کے حق میں گواہی دے سکیں کیونکہ جب گواہ **مُدَّعِی** (دعوی کرنے والا) یا **مُدَّعٰی عَلَیْہ** (جس پر کسی حق کا دعویٰ کیا جائے) کی موجودگی میں گواہی دے تو اس پر لازم ہے کہ ان کی طرف اشارہ کر کے واضح طور پر گواہی دے، وہ عورت حیا والی تھی اس لیے بے نقاب ہونے میں پس وپیش سے کام لینے لگی۔

اس کے شوہر نے جب دور سے یہ سب کچھ دیکھا تو پوچھا کہ یہ لوگ کیا کر رہے ہیں؟ اسے بتایا گیا کہ یہ گواہ ہیں جو دیکھنا چاہتے ہیں کہ اس نقاب کے پیچھے واقعی تمہاری زوجہ ہی ہے تا کہ پہچان کر اس کے حق میں گواہی دے سکیں۔ یہ سن کر **غیرتمند شوہر** پکار اُٹھا: ''انہیں روک دو، میں قاضی صاحب کے سامنے اقرار کرتا ہوں کہ جو دعویٰ میری زوجہ نے مجھ پر کیا ہے وہ مجھ پر لازم ہے، میں پانچ سو دینار ادا کرنے کو تیار ہوں، خدارا! میری زوجہ کا چہرہ کسی نامحرم پر ظاہر نہ کیا جائے۔'' چنانچہ، گواہوں کو روک دیا گیا اور عورت کو واپس بھیج دیا گیا اور جب اسے

یہ بتایا گیا کہ اس کے شوہر نے مہر کی ادائیگی کا اقرار کرلیا ہے تو وہ بڑی حیران ہوئی، پھر جب اسے یہ حقیقت معلوم ہوئی کہ اس کا شوہر اس قدر غیرتمند ہے کہ اس نے محض اپنی بیوی کی حیا کی لاج رکھتے ہوئے اور اسکے بے پردہ ہوجانے کے خوف سے مہر کی ادائیگی کا اقرار کیا ہے تو شوہر کی غیرت تاثیر کا تیر بن کر اس کے دل میں کچھ ایسی پیوست ہوئی کہ اس کے دل کی دُنیا ہی بدل گئی اور وہ یوں گویا ہوئی: سب گواہ ہوجاؤ! میں نے اپنا مہر مُعاف کردیا اب میں دُنیا میں اس کا مطالبہ کروں گی نہ آخرت میں، یہ مہر میرے **غیرتمند شوہر** کو مُبارَک ہو۔[1]

**پیارے اسلامی بھائیو!** دیکھا آپ نے کہ ایک **غیرتمند شوہر** کی غیرت نے یہ گوارا نہ کیا کہ اس کے خلاف عدالت میں دعویٰ دائر کرنے والی زوجہ کے چہرے پر کسی غیر مرد کی نظر پڑے۔ آج کے اس بے پردگی و بے حیائی کے دور میں **غیرتمند شوہر** کی اس حکایت سے اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کے لیے عبرت کے کئی مدنی پھول حاصل ہو رہے ہیں، کیونکہ یہ حکایت جہاں اسلامی بھائیوں کے ضمیر کو جَھنْجھوڑ جَھنْجھوڑ کر یہ احساس دِلا رہی ہے کہ تمہاری وہ غیرت کہاں گئی جس کے تم امین تھے؟ اور تمہاری اس شرم وحیا

---

[1] ……عیون الحکایات، الحکایۃ السادسۃ بعد الثلاثمائۃ، ص ۲۷۵

کا کیا ہوا جس کے تم رکھوالے تھے اور جس کی وجہ سے اَقوامِ عالم میں تمہارا ایک وقار تھا؟ وہیں اسلامی بہنوں کے لیے بھی درسِ عبرت کا سامان مہیا کر رہی ہے کہ اسلامی بہنوں کی شرم وحیا کا عالَم یہ تھا کہ شرعی تقاضا پورا کرنے کے لیے بھی بے پردہ ہونے کے خیال سے چُھوئی مُوئی کی طرح مرجھا جاتیں اور ان کی روح تک کانپ جایا کرتی۔ مگر ہائے افسوس! صد افسوس! دورِ جدید میں ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت پھیلائی گئی اس فَحاشی وعُریانی نے دُنیا بھر کے مسلمانوں کی غیرت وحیا کا جنازہ نکال دیا ہے۔ اس بے حیائی کے سَیل رَواں میں ہر کوئی خواہی نخواہی (چاہتے اور نہ چاہتے ہوئے) تنکوں کی طرح اس طرح بہہ رہا ہے کہ سنبھلنے کا نام تک نہیں لیتا۔ بعض اوقات کسی کو ہوش تو آتا ہے مگر وہ بے حیائی کی اس دلدل میں اس قدر گہرا دھنس چکا ہوتا ہے کہ نکلنے کی کوئی سبیل نہیں پاتا یا یوں کہہ لیجئے کہ ہوش اس وقت آتا ہے جب پانی سر کے اوپر سے گزر چکا ہوتا ہے۔ چنانچہ بے حیائی کے اس بہتے دھارے میں ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنا تعلق سلَف صالحین رَحِمَهُمُ اللهُ الْمُبِيْن سے جوڑ کر ان کی حیاتِ مبارکہ سے ایسے مَدَنی پھول حاصل کریں جن کی روشنی میں ہمیں اس گرداب سے چھٹکارے کی کوئی صورت نظر آجائے۔ لہٰذا یاد رکھیے کہ مذکورہ واقعے میں غیرت کا مظاہرہ کرنے والا صرف یہی

ایک شخص نہیں بلکہ تاریخ گواہ ہے کہ اس معاملہ میں سلف صالحین رَحِمَهُمُ اللهُ الْمُبِيْن اور صحابۂ کرام عَلَيْهِمُ الرِّضْوَان کا بھی یہی دستور رہا ہے۔ چنانچہ،

## مسلمانوں کی غیرت

دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 400 صفحات پر مشتمل کتاب، ''**پردے کے بارے میں سوال جواب**'' **صَفْحَہ** 217 پر شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دَامَتْ بَرَكَاتُهُمُ الْعَالِيَه نقل فرماتے ہیں کہ اُس پاکیزہ دور کے مسلمانوں کی غیرتِ ایمانی کا اندازہ اس واقعے سے بھی لگایا جا سکتا ہے جس کو علّامہ ابن ہِشام رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰی عَلَيْه نے ''**اَلسِّيْرَةُ النَّبَوِيَّةُ**'' میں درج کیا، آپ لکھتے ہیں کہ عہدِ رِسالت میں مسلمانوں کی ایک عورت چہرے پر نقاب ڈالے ہوئے اپنی کچھ چیزیں فروخت کرنے کے لیے **بَنِی قَیْنُقاع** کے بازار میں آئی اس نے اپنا سامان بیچا اور ایک یہودی سُنار کی دکان پر آ کر بیٹھ گئی۔ یہودی نے باتوں باتوں میں بڑی کوشش کی کہ وہ اپنے چہرے سے نقاب کھول دے لیکن اس نے انکار کر دیا پھر اس نے اس خاتون کے ساتھ شرارت کی۔ یہ دیکھ کر یہودی قہقہے لگانے لگے، اس خاتون نے بُلند آواز سے فریاد کی، ایک مسلمان اُس یہودی

زَرگر (سنار) پر جھپٹا اور اسے موت کے گھاٹ اُتار دیا، اُس بازار کے یہودی جمع ہو گئے اور اُس مسلمان کو شہید کر دیا اور اِس کے نتیجے میں مسلمانوں اور یہودیوں کے درمیان ایک زبردست جنگ ہوئی جسے تاریخ میں غزوۂ **بَنُو قَیْنُقَاع** کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔[1]

## روح کی تازگی

**سُبْحٰنَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ! یہ ہیں ہمارے اَسلاف اور ان کے کارنامے! ان پر ہم بجا طور پر فَخْر کر سکتے ہیں، بلاشبہ ایسے واقعات سے جہاں ہماری روح کی تازگی کا سامان ہوتا ہے، وہیں یہ درس بھی ملتا ہے کہ ہمارے اَسلاف کس قَدَر غیرتمند تھے اور انہیں اپنی خواتین کی شرم وحیا اور پردے کا کس قدر خیال تھا۔ چنانچہ،

## غَیرت مَنْد صَحابی

حضرت سیدنا ابو سائب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ ایک دن میں حضرتِ سیِّدُ نا **ابوسعید خدْرِی** رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ کے گھر اُن سے ملنے گیا تو دیکھا کہ وہ نماز میں مشغول ہیں، میں اُن کے نماز سے فارغ ہونے کا انتظار کرنے لگا، اچانک میں نے گھر کے ایک کونے میں رکھی ہوئی لکڑیوں سے کسی شے کے حرکت

---

[1] ..... السیرۃ النبویۃ لابن ھشام، ج ۳، ص ۴۴

کرنے کی آواز سنی، غور سے دیکھنے پر معلوم ہوا کہ وہ ایک سانپ ہے۔ جب میں اسے مارنے کے لئے بڑھنے لگا تو حضرتِ سیِّدُنا **ابوسعید خدری** رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے مجھے بیٹھے رہنے کا اشارہ کیا۔ چنانچہ میں بیٹھ گیا جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو ایک کوٹھڑی کی طرف اشارہ کیا اور پوچھا: کیا تم یہ کوٹھڑی دیکھ رہے ہو؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! تو فرمانے لگے کہ اس میں شَہَنْشاہِ مدینہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ایک نوجوان صَحابی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ رہتے تھے جن کی نئی نئی شادی ہوئی تھی۔ (غزوۂ خَندَق کے موقع پر) ہم سب **رحمتِ عالَم، نُورِ مُجَسَّم** صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ہمراہ خَندَق کی طرف نکل جاتے، دوپہر کو وہ نوجوان صحابی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ اِجازت لے کر گھر آجاتے تھے۔

ایک دن انہوں نے اِجازت مانگی تو آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "ہتھیار لے کر جانا کیونکہ مجھے تم پر یہود کے قبیلہ **بَنِی قُرَیْظَہ** (کے حملے) کا ڈر ہے (جو دھوکا دے کر مشرکوں کی طرف ہو گئے تھے)۔ جب وہ صحابی اپنے گھر تشریف لائے تو دیکھا کہ اُن کی دُلہن گھر کے دروازے پر دونوں پٹوں کے درمیان کھڑی ہے، تو غیرت سے جلال آ گیا اور نیزہ تان کر اپنی دُلہن کی طرف لپکے۔ وہ گھبرا کر پیچھے ہٹ گئی اور پُکاری: "**میرے سرتاج! مجھے مت ماریئے،**

میں بے قُصُور ہوں، ذرا گھر کے اندر چل کر دیکھئے کہ کس چیز نے مجھے باہَر نکالا ہے!" چُنانچِہ وہ صَحابی رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ اندر تشریف لے گئے، **کیا دیکھتے ہیں کہ ایک خطرناک زَہریلا سانپ کُنڈلی مارے بچھونے پر بیٹھا ہے۔** بے قرار ہو کر نیزے سے سانپ پر حملہ کیا اور اسے نیزے میں پِرَو لیا۔ **زخمی سانپ** نے تڑپ کر اُن کو ڈس لیا جس کے نتیجے میں وہ **غیرتمند صَحابی** رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ بھی سانپ کے زَہر کے اثر سے جامِ شہادت نوش کر گئے۔[1]

**اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی اُن پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری مغفرت ہو۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## مسلم معاشرہ تباہی کے دہانے پر

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** دیکھا آپ نے! دینِ اسلام کی تعلیمات کے پاسْدار، فکرِ آخرت سے سرشار، شرم و حیا اور غیرتِ اسلامی کے شاہسوار مدینے کے تاجدار صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے خدمتگار صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان کس قدر غیرت مند تھے جنہیں یہ تک گوارا نہ تھا کہ ان کے گھر کی کوئی عورت دروازے یا کھڑکی میں اس طرح کھڑی ہو۔ مگر جب ہم اپنے معاشرے اور ماحول کو دیکھتے ہیں تو ہر طرف ایک عجیب ہی عالَم دکھائی دیتا ہے، مُسْلِم

[1] ……صحیح مسلم، کتاب السلام، باب قتل الحیات وغیرھا، الحدیث: ۲۲۳۶، ص ۱۲۲۸

معاشرے کی روح کا کہیں نام ونشان نظر نہیں آتا، ایک طرف بے پردگی کا یہ عالَم ہے کہ اسے برا کہنا تو درکنار برا سمجھنا بھی ختم ہو چکا ہے بلکہ یہ بے پردگی اب عُریانی میں بدل چکی ہے، کیونکہ بے پردگی میں عورت کے چہرے کی نُمائش ہوتی تھی مگر عُریانی میں پورے جسم کی۔ اس لیے کہ کہیں فیشن کے نام پر آستینیں غائب دکھائی دیتی ہیں تو کہیں دوپٹّوں سے محروم خواتین اسلامی تہذیب کا منہ چڑاتی نظر آتی ہیں۔ بَقول اکبر الہ آبادی:

بے پردہ کل جو آئیں نظر چند بیبیاں
اکبَر زمیں میں غیرتِ قومی سے گڑ گیا
پوچھا جو اُن سے: آپ کا پردہ وہ کیا ہوا؟
کہنے لگیں: ''وہ عقل پہ مَردوں کی پڑ گیا''

## فساد کی جڑ

اس سارے فساد کی جڑ بنیادی اسلامی علوم، صحابہ کرام اور سلَف صالحین کے مقدّس کردار سے لاعلمی ہے جس کی وجہ **فیشن کے نام پر مَغْرِبی تَہذِیب** کی وہ اندھی تقلید ہے جس نے بے شمار اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے۔ سکول وکالج اور یُونیوَرسٹیز میں کوایجوکیشن (Co Education) کے نام پر نوجوان لڑکے لڑکیوں کی آپس میں دوستی وہَم نَشِینی، گھر میں کام کاج کے بہانے

خادم وخادمہ سے بے تکلّفی اور دیگر کئی خوشی وغمی کی تقریبات میں مَرد وزَن کا آپس میں اِختِلاط، مل جل کر بیٹھنا، باتیں کرنا اور خالہ زاد، ماموں زاد، پھوپھی زاد وغیرہ سے بے تکلُّف ہونا کسی سے پوشیدہ نہیں۔ چنانچہ اگر کوئی یہ کہے کہ اس سَیلِ رَواں کے سامنے بند باندھنا ممکن نہیں یا اس بے حیائی و بے پردگی کو روکنے کی اس میں ہمت و طاقت نہیں تو کیا اس کا ایمان اس قَدَر کمزور ہو چکا ہے کہ وہ بُرائی کو بُرائی سمجھنے سے بھی قاصِر ہے، کیونکہ فرمانِ مُصطفٰے صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے: **مَنْ رَاٰی مُنْکَرًا فَلْیُغَیِّرْہُ بِیَدِہٖ** جو بُری بات دیکھے، اسے چاہیے کہ اپنے ہاتھ سے بدل دے **فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِہٖ** اور اگر ہاتھ سے بدلنے پر قادِر نہ ہو تو زبان سے بدل دے یعنی زبان سے اس کا بُرا ہونا ظاہر کر دے اور منع کر دے **فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِہٖ** اور اس کی بھی اِستِطاعت نہ ہو تو دل سے بُرا جانے **وَ ذٰلِکَ اَضْعَفُ الْاِیْمَان** اور یہ ایمان کا سب سے کمزور مرتبہ ہے۔[1]

## بے پردگی کے خلاف جنگ کا آغاز

شیطانی کارِندوں کی منصوبہ سازی کے نتیجے میں بڑھتی ہوئی اس بے حیائی و بے پردگی کے عالَم میں ایک مردِ حق ومُجاہِد باصَفا نے اس کے خلاف اعلانِ جنگ

[1] ……المسند للإمام احمد بن حنبل، مسند ابي سعيد الخدري، الحديث: ۱۱۴۶۰، ج ۴، ص ۹۸

فرمایا یعنی پندرھویں صدی کی عظیم علمی و روحانی شخصیت، شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے جب اس بے پردگی کے خلاف جنگ کا آغاز کیا تو ہر طرف بدی کے ایوانوں میں کھلبلی و ہلچل پیدا ہوگئی۔ آپ نے اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کی ایسی مدنی تربیت فرمائی کہ جو بھی تبلیغ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے مہکے مہکے سنتوں بھرے مدنی ماحول میں آتا ہے مدنی لباس کی برکت سے پردے کے ساتھ ساتھ "پردے میں پردہ" کی ترکیب بنانے لگتا ہے۔

## "پردے میں پردہ" کیا ہے؟

**پیارے اسلامی بھائیو!** شرم و حیا **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا بہت بڑا عَطِیّہ ہے جس مرد یا عورت میں یہ جوہر ہوگا وہ فِطری طور پر ہر مَعْیُوب اور شَرم دلانے والی بات سے رُک جائے گا۔ آج کل چونکہ اس قسم کے لباس کا رَواج عام ہے جس سے جسمانی اعضا کے اُبھار صاف اور واضح دکھائی دیتے ہیں۔ لہٰذا شرم و حیا کا تقاضا یہ ہے کہ پردے کی جگہ کا اُبھار بھی نظر نہ آئے۔ چنانچہ شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے اس کے لیے پردے میں پردہ کا طریقہ عطا

فرمایا اور وہ یہ ہے کہ بیٹھنے سے قبل کھڑے کھڑے چادر کے دونوں سِرے پکڑ کر ناف سے لیکر قدموں تک پھیلا دیجئے، پھر بیٹھ جایئے اور چادر کا کچھ حصّہ قدموں تلے دبا لیجئے۔ جب اُٹھنا چاہیں تو اِسی طرح دونوں ہاتھوں سے چادر تھامے ہوئے کھڑے ہوں۔ اگر چادر نہ ہو تو اُٹھتے بیٹھتے وقت کُرتے کا دامن اچھی طرح پھیلا لیجئے۔ اس سے چھپانے والے اعضا کے ابھار ظاہر نہیں ہوں گے۔

## آنکھوں کا قفلِ مدینہ

**شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت** دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے پردے میں پردہ کے ساتھ ساتھ اسلام کی مزید حسین بُھولی بِسری یادوں کو ایک بار پھر **آنکھوں کا قفل مدینہ** لگانے کی تحریک چلا کر تازہ کر دیا اور یہ مدنی ذہن دیا کہ اس زمانہ میں جہاں ہر طرف بے پردہ خواتین کا اِژدِہام نظر آتا ہے اگر سب کو پردہ نہیں کرا سکتے تو کم از کم اپنی نگاہوں کا قفل مدینہ تو لگا سکتے ہیں۔ یعنی اپنی نظروں کو تو جُھکا سکتے ہیں۔ چنانچہ آپ بار بار تاکید فرماتے ہیں کہ آپس کی گفتگو ہو یا درس و بیان، راستے میں ہوں یا گھر میں ہر جگہ نگاہوں کو جُھکا کر رکھئے تاکہ اس کی برکت سے بے حیائی کے مَناظِر کو دیکھنے سے جان چھوٹ جائے:

آقا کی حیا سے جُھکی رہتی نظر اکثر
آنکھوں کا مرے بھائی لگا قفل مدینہ

پیارے اسلامی بھائیو! شرم وحیا کی پامالی پر ہمیشہ غیرت کا اظہار ہوتا ہے جو ایمان کی علامت ہے۔ چنانچہ،

## "غیرت" کے چار حُروف کی نسبت سے غیرت کے متعلق (4) فرامینِ مصطفٰے صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

﴿1﴾.....اِنَّ الْغَیْرَۃَ مِنَ الْاِیْمَان یعنی غیرت ایمان کا حصہ ہے۔[1]

﴿2﴾.....اِنِّی لَغَیُّور میں بہت زیادہ غیرت مند ہوں وَاللّٰہُ اَغْیَرُ مِنِّی مگر اللہ عَزَّوَجَلَّ مجھ سے بھی زیادہ غیرت والا ہے اور اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ مِنْ عِبَادِہِ الْغَیُور بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ اپنے غیرت مند بندوں کو پسند فرماتا ہے۔[2]

﴿3﴾.....اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَغَارُ لِلْمُسْلِمِ فَلْیَغَر یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ مسلمان کے لئے غیرت فرماتا ہے، پس چاہئے کہ مسلمان بھی غیرت مند ہو۔[3]

﴿4﴾.....کوئی غیرت اللہ عَزَّوَجَلَّ کو پسند ہوتی ہے اور کوئی ناپسند، وہ غیرت جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کو پسند ہے وہ شک کے معاملہ میں غیرت کرنا ہے اور جو غیرت اللہ عَزَّوَجَلَّ کو

---

[1]..... السنن الکبری للبیھقی، کتاب الشھادات، باب الرجل ینخذ الغلام ..... الخ، الحدیث: ۲۱۰۲۳، ج۱۰، ص۳۸۱ ملتقطاً

[2].....المعجم الاوسط، الحدیث: ۸۴۴۱، ج۶، ص۱۸۳، مختصراً

[3].....الجامع الصغیر، الحدیث: ۱۹۱۸، ص۱۱۸

ناپسند ہے وہ غیر شک میں غیرت کھانا ہے۔ بعض فخر کے طور پر خود نُمائی کرنے والوں کو اللہ عَزَّوَجَلَّ پسند فرماتا ہے اور بعض کو ناپسند، جن خود نُمائی کرنے والوں کو اللہ عَزَّوَجَلَّ پسند فرماتا ہے وہ جہاد کے دوران اَکڑ کر چلنا یا صدقہ دیتے وقت فخر کرنا ہے اور جن کو اللہ عَزَّوَجَلَّ ناپسند فرماتا ہے وہ یہ ہے کہ آدمی ظُلم اور فخر کی حالت میں اِترا کر چلے۔''[1]

## غیرت کسے کہتے ہیں؟

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** آیئے یہ بھی جان لیتے ہیں کہ غیرت کسے کہتے ہیں؟ چنانچہ حضرت سیِّدُنا سیِّد شریف جرجانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی "**کِتَابُ التَّعْرِیْفَات**" میں غیرت کی وضاحت کچھ یوں فرماتے ہیں: **اَلْغَیْرَۃُ کَرَاھَۃُ شِرْکَۃِ الْغَیْرِ فِیْ حَقِّہٖ**۔ یعنی اپنے حق میں غیر کی شرکت کو ناپسند کرنا غیرت کہلاتا ہے۔[2] عمدۃ القاری میں ہے: غیرت دل کی حالت کے تبدیل ہونے کو کہتے ہیں یعنی میاں بیوی کے کسی خاص حق میں کوئی غیر شریک ہوجائے تو دل میں پیدا ہونے والی غیظ وغضب کی کیفیت کو غیرت کہتے ہیں۔[3]

---

[1] ……سنن ابی داود، کتاب الجهاد، باب فی الخیلاء فی الحرب، الحدیث: ۲۶۵۹، ج۳، ص۶۹

[2] ……کتاب التعریفات، الرقم ۱۰۵۹ الغیرۃ، ص۱۱۶

[3] ……عمدۃ القاری، کتاب النکاح، باب الغیرۃ، ج۱۴، ص۱۹۵

## غیرت مند کون ہے؟

حضرت علّامہ سیِّد محمد بن محمد حُسَینی زَبیدی (مُتَوَفّٰی ۱۲۰۵ھ) فرماتے ہیں کہ غَیّور یعنی غیرت مند وہ ہے جس کے دل میں کسی بات پر غَیظ وغَضَب کی کیفیت پیدا ہوجائے تو وہ اس پر اظہارِ ناراضی کا حق بھی رکھتا ہو۔[1]

## اللہ و نبی کی غیرت

حضرت سیِّدنا ابو القاسم عبد الکریم ہوازِن قُشَیری (مُتَوَفّٰی ۴۶۵ھ) غیرت کے متعلق رسالہ قُشَیریہ میں کچھ یوں ارشاد فرماتے ہیں: "چونکہ غیرت سے مُراد غیر کی شرکت کو ناپسند کرنا ہے، لہٰذا اللہ عَزَّوَجَلَّ کی غیرت سے مُراد یہ ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اپنے حق میں غیر کی شرکت کو پسند نہیں فرماتا اور اس کا حق یہ ہے کہ بندہ اسی کی فرمانبرداری کرے۔"[2] جیسا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اپنے پروردگار کی غیرت کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں: **اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَغَارُ** بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ غیور ہے **وَاِنَّ الْمُؤْمِنَ یَغَارُ** اور مومن بھی غیرت مند ہے۔ **وَغَیْرَۃُ اللّٰہِ اَنْ یَّاْتِیَ الْمُؤْمِنُ مَا حَرَّمَ اللّٰہُ عَلَیْہ** اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی

---

[1] ..... اتحاف السادۃ المتقین، کتاب آداب النکاح، الباب الثالث، ج ۶، ص ۱۵۳

[2] ..... الرسالۃ القشیریۃ، باب الغیرۃ، ص ۲۸۸

غیرت یہ ہے کہ مومن وہ کام کرے جنہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ نے حرام قرار دیا ہے۔[1]

نبی کی غیرت کے مُتعلّق اعلیٰ حضرت، امامِ اہلسنت، مُجدِّدِ دین وملت، پروانۂ شمعِ رسالت، مولانا شاہ احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحْمٰن فتاویٰ رضویہ شریف میں فرماتے ہیں کہ کسی بھی صفت میں حُضورِ اقدس صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی مِثْل دوسرا شخص نہیں۔ حُضور کی ایک صفت "غیرت" بھی ہے تو حضور صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم خلقِ خدا میں سب سے زیادہ غیرت مند ہیں اور خدائے برتر ان سے بڑھ کر غیرت والا ہے۔[2]

تیری غیرت کے نثار اے مرے غیرت والے
آہ صد آہ! کہ یوں خوار ہو بَردہ تیرا

سیِّدِ عالَم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ ہدایت نشان ہے: "میں غیرت مند ہوں اور (میرے جدِ امجد) حضرت ابراہیم (عَلَیْہِ السَّلَام) بھی غیرت والے تھے، جس شخص میں غیرت نہ ہو وہ مَنْکُوسُ الْقَلْب ہے۔"[3]

---

[1] ……صحیح مسلم، کتاب التوبۃ، باب غیرۃ اللہ وتحریم الفواحش، الحدیث: ۲۷۶۱، ص ۱۴۷۶

[2] ……فتاوی رضویہ، ج ۴، ص ۴۸

[3] ……المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب النکاح، الرقم ۱۷۰۲۰ باب فی الغیرۃ، الحدیث: ۷، ج ۳، ص ۴۶۷

## مَنْکُوسُ الْقَلْب سے مراد

حضرت علامہ سیّد محمد بن محمد حسینی زَبِیدی (مُتَوَفّٰی ۱۲۰۵ھ) فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک **مَنْکُوسُ الْقَلْب** سے مراد **دَیُّوث** ہے۔[1]

دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃُ المدینہ کی مطبوعہ 400 صَفحات پر مُشْتَمِل کتاب، ''**پردے کے بارے میں سوال جواب**'' **صَفْحَہ** 66 پر شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرتِ علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نقل فرماتے ہیں کہ ''**دَیُّوث**'' وہ شخص ہوتا ہے جو اپنی بیوی یا کسی مَحرم پر غَیرت نہ کھائے۔''[2] معلوم ہوا کہ باوُجُودِ قدرت **اپنی زَوجہ، ماں بہنوں اور جوان بیٹیوں وغیرہ کو گلیوں بازاروں، شاپنگ سینٹروں اور مخلوط تفریح گاہوں میں بے پردہ گھومنے پھرنے، اجنبی پڑوسیوں، نامحرم رشتے داروں، غیرمحرم ملازموں، چوکیداروں اور ڈرائیوروں سے بے تکلُّفی اور بے پردَگی سے مَنع نہ کرنے والے دَیُّوث، جنّت سے محروم اور جہنَّم کے حقدار ہیں۔** میرے آقا اعلیٰ حضرت، امامِ اہلِ سنّت، مُجَدِّدِ دِین وملّت مولانا شاہ احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: ''**دَیُّوث**'' سخت اَخْبَث فاسِق (ہے) اور

---

[1] ..... اتحاف السادۃ المتقین، کتاب آداب النکاح، الباب الثالث، ج ۶، ص ۱۵۶

[2] ..... دُرِّمُختار، ج ۶، ص ۱۱۳

فاسقِ مُعلِن کے پیچھے نَماز مکروہِ تحریمی۔ اسے امام بنانا حلال نہیں اور اس کے پیچھے نَماز پڑھنی گناہ اور پڑھی تو پھیرنا واجِب۔'' ①

## غیرت ہے تو مرد ورنہ!!!

حضرت علامہ سیّد محمد بن محمد حُسینی زَبِیْدی (مُتَوَفّٰی ۱۲۰۵ھ) مزید فرماتے ہیں کہ ایک قول کے مطابق **مَنْکُوسُ الْقَلْب** سے مراد ایسا شخص ہے جو مرد نہیں بلکہ **مُخَنَّث** (ہیجڑا) ہے۔ ②

نہ ہمت کہ محنت کی سختی اٹھائیں
نہ جرأت کہ خطروں کے میداں میں آئیں
نہ غیرت کہ ذلت سے پہلو بچائیں
نہ عبرت کہ دنیا کی سمجھیں ادائیں

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں غیرت کی دولت سے مالا مال فرمائے کہ جب سے غیرت کا جنازہ نکلا ہے مسلمان زَبوں حالی کا شکار ہیں۔ ان کی نظریں ہمیشہ اَغیار پر رہتی ہیں، ان جیسا بننے کی تگ و دو میں آہستہ آہستہ اسلام سے بھی دور ہوتے چلے جارہے ہیں۔ کبوتر کی طرح آنکھیں بند کر کے شاید

---

① ..... فتاوی رضویہ مُخَرَّجہ، ج ۶، ص ۵۸۳

② ..... اتحاف السادۃ المتقین، کتاب آداب النکاح، الباب الثالث، ج ۶، ص ۱۵۶

یہ سمجھ بیٹھے ہیں کہ مغربی تہذیب کا یہ عِفْرِیت (دیو) ان کے اہل وعیال کو معاف کر دے گا اور وہ محفوظ رہیں گے۔ مگر یاد رکھیے:

عزت ہے محبت کی قائم اے قیس! حجابِ مَحْمِل سے
محمل جو گیا عزت بھی گئی، غیرت بھی گئی لیلا بھی گئی

## غیرت میں اعتدال

غیرت کی دو صورتوں میں سے جو غیرت **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کو ناپسند ہے وہ یہ ہے کہ بندہ اپنی بیوی پر بغیر کسی شک وشبہ کے غیرت کھائے۔ گویا کہ مرد ایسی بدگمانی کا شکار ہو جس سے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور اس کے رسول صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے منع فرمایا ہے۔ چُنانچِہ،

حضرت سیِّدُنا سُلَیمان عَلٰی نَبِیِّنَاوَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے اپنے شہزادے کو نصیحت کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: "اے میرے لختِ جگر! اپنی عورتوں پر غیرت کے معاملے میں حد سے نہ بڑھنا کہ تم اپنی بیوی پر تہمت لگا بیٹھو اور اس طرح اس کی بدنامی کا سبب خود ہی بن جاؤ حالانکہ وہ اس تہمت سے بری ہو۔"[1] ایسا ہی ایک قول امیرُ المومنین حضرت سیِّدُنا علیُّ المُرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم سے بھی منقول ہے کہ "اپنی بیوی پر حد سے زیادہ غیرت نہ کرو ایسا نہ ہو کہ وہ تمہاری وجہ

[1] ..... شعب الایمان، باب الخوف من اللہ تعالی، الحدیث: ۸۳۰، ج ۱، ص ۴۹۹

سے بدنام ہو جائے۔" کیونکہ غیرت کی ایک حد ہے جب بندہ اس حد سے تجاوُز کرتا ہے تو ممکن ہے اس کے ذمہ جو حقوق ہوں ان میں کمی کا مُرتکِب ہو جائے۔[1]

حجۃُ الاسلام حضرت سیِّدُنا امام غزالی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْوَالِی کیمیائے سعادت میں فرماتے ہیں کہ عورتیں سرکش نفس کی طرح ہیں، اگر بندہ ذرا بھر ان کو ان کے حال پر چھوڑ دے تو ہاتھ سے نکل جائیں گی اور حد سے گزر جائیں گی کہ بعض اوقات تدارُک بھی مشکل ہو جائے گا۔

مزید فرماتے ہیں کہ عورتیں صِنفِ نازک ہیں جن کی ناتوانی کا علاج تحمُّل و برداشت ہے اور ان میں پائی جانے والی کَجی کی دوا تدبیر و حکمت ہے۔ اب مرد کو چاہیے کہ طبیبِ حاذِق کی طرح رہے اور ہر بات کا علاج اس کے وقت پر کرے مگر خیال رکھے کہ صبر و تحمل کا دامن کبھی ہاتھ سے نہ چھوٹنے پائے۔[2]

بہت ہیں ابھی جن میں غیرت ہے باقی
دلیری نہیں پر حمیت ہے باقی
فقیری میں بھی بوئے ثروَت ہے باقی
تہی دست ہیں پر مُرَوَّت ہے باقی

---

[1] ……قوت القلوب، الفصل الخامس والاربعون، ج ۲، ص ۴۱۸

[2] ……کیمیائے سعادت، رکن دوم معاملاتست، باب سیم در آداب زندگانی کردن با زنان، ج ۱، ص ۲۹۹

## غیرت میں کمی مذموم ہے

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** بندے کی غیرت اس وقت ختم ہوتی ہے جب اس کی آنکھوں کے سامنے خلافِ شریعت کام ہوں اور اس کا خون نہ کھولے یعنی اسے غصہ نہ آئے۔ اس لئے کہ غصے کا نہ آنا یا اس کا اس حد تک کمزور ہوتے جانا کہ رفتہ رفتہ ختم ہی ہو جائے ایک مذموم صفت ہے۔ چنانچہ،

دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 853 صَفحات پر مشتمل کتاب، ''**جہنَّم میں لے جانے والے اعمال**'' جلد اول **صَفْحَہ** 200 پر ہے: غصہ میں تفریط یعنی اس قدر کم آنا کہ بالکل ہی ختم ہو جائے یا پھر یہ جذبہ ہی کمزور پڑ جائے، ایک مذموم صفت ہے کیونکہ ایسی صورت میں بندے کی مُرَوَّت اور غیرت ختم ہو جاتی ہے اور جس میں غیرت یا مروّت نہ ہو وہ کسی قسم کے کمال کا اہل نہیں ہوتا کیونکہ ایسا شخص عورتوں بلکہ حَشَرَاتُ الارض (یعنی زمینی کیڑے مکوڑوں) کے مُشابہ ہوتا ہے۔ حضرت سیِّدُنا امام شافعی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْکَافِی کے اس قول کا یہی معنی ہے: ''جسے غصہ دلایا گیا اور وہ غصہ میں نہ آیا تو وہ گدھا ہے اور جسے راضی کرنے کی کوشش کی گئی اور وہ راضی نہ ہوا تو وہ شیطان ہے۔''

**اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان کی حمیَّت اور شدت پر ان کی تعریف

فرمائی۔ چنانچہ ارشاد فرمایا:

﴿1﴾ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ (پ۶، المائدۃ: ۵۴)

ترجمۂ کنز الایمان: مسلمانوں پر نرم اور کافروں پر سخت۔

﴿2﴾ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ (پ۲۶، الفتح: ۲۹)

ترجمۂ کنز الایمان: کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں نرم دل۔

اس معاملہ میں غصے کی اس کمی کا نتیجہ یوں ظاہر ہوتا ہے کہ انسان اپنے حرم یعنی محرم عورتوں مثلاً بہن یا بیوی وغیرہ کے معاملہ میں غیرت کی کمی کا شکار ہو جاتا ہے اور دوسرے یہ کہ گھٹیا اور کمینے لوگوں سے ذلت پہنچنے اور احساس کمتری میں مبتلا ہونے کا بھی احتمال ہے، حالانکہ یہ سب اِنتہائی بُرا اور قابلِ مذمّت ہے۔[1]

صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان کی یہی غیرت تھی جس نے انہیں اوجِ ثُرَیّا تک پہنچایا اور **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے بھی ان کی تعریف فرمائی، **میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اگر شریعت کے زرّیں اصولوں پر عمل کیا جائے تو یقیناً معاشرے میں پھیلی بے حیائی و بے پردگی کا سدِّ باب ہوسکتا ہے۔ جیسا کہ امُّ المومنین حضرت سیّدتُنا اُمِّ سلمہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے روایت ہے، آپ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا فرماتی ہیں کہ میں اور ام المومنین حضرت سیدتنا مَیمونہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا شَہَنْشاہِ مدینہ، قرارِ

[1] ……جہنم میں لے جانے والے اعمال، ج ۱، ص ۲۰۰ تا ۲۰۱

قلب وسینہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمتِ بابرکت میں حاضر تھیں کہ (ایک نابینا صحابی) حضرت سیّدنا ابنِ اُمِّ مکتوم رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے حضور صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضری کی اجازت طلب کی تو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے (ہم دونوں سے) ارشاد فرمایا: **اِحْتَجِبَا مِنْہُ** یعنی پردہ کرلو۔ (ام المومنین حضرت سیدتنا ام سلمہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا فرماتی ہیں) ہم نے عرض کی: **یارسول اللہ** صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! **اَلَیْسَ اَعْمٰی** کیا وہ نابینا نہیں ہیں؟ **لَا یُبْصِرُنَا وَلَا یَعْرِفُنَا** وہ ہمیں دیکھ سکتے ہیں نہ پہچان سکتے ہیں۔ تو آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ارشاد نے فرمایا: **اَفَعَمْیَاوَانِ اَنْتُمَا** کیا تم دونوں بھی نابینا ہو؟ **اَلَسْتُمَا تُبْصِرَانِہ** کیا تم بھی انہیں نہیں دیکھ سکتیں؟[1]

غیرت ہے بڑی چیز جہانِ تگ و دو میں
پہناتی ہے درویش کو تاجِ سرِ دارا

## عورت کے لئے سب سے بہتر کیا ہے؟

امیر المومنین حضرت سیّدُنا علیُّ المرتضیٰ کَرَّمَ اللہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم فرماتے ہیں کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان

---

[1] ……سنن الترمذی، کتاب الادب، باب ماجاء فی احتجاب النساء من الرجال، الحدیث: ۲۷۸۷، ج ۴، ص ۳۵۶

کے پاس تشریف فرما تھے کہ اچانک آپ نے پوچھا: "ذرا یہ تو بتاؤ کہ عورت کے لئے سب سے بہتر شے کیا ہے؟" سب خاموش رہے اور کسی نے کوئی جواب نہ دیا۔ میں گھر گیا تو سیّدہ فاطمہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا سے اس کے متعلق پوچھا کہ ایک عورت کے لئے سب سے بہتر شے کونسی ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: "**ایک عورت کے لئے سب سے بہتر شے یہ ہے کہ وہ کسی مرد کو دیکھے نہ کوئی مرد اُسے دیکھے۔**"[1]

**امامِ اجلّ** حضرت سیدنا شیخ ابو طالب **مکی** عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی اپنی کتاب مُسْتَطاب **قوتُ القلوب** میں فرماتے ہیں کہ صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان دیواروں کے سوراخ اور روشن دان بند کر دیا کرتے تھے تا کہ عورتیں مردوں کو نہ دیکھ سکیں۔ یہاں تک کہ ایک روایت میں ہے کہ حضرت سیدنا معاذ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے اپنی بیوی کو دیوار میں موجود روشن دان سے جھانکتے دیکھا تو خوب ناراضی کا اظہار فرمایا۔[2]

امیر المومنین حضرت سیّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے کہ عورتوں کو ضرورت سے زائد کپڑے مت بنا کر دو کہ جب خوبصورت کپڑوں کی مقدار زیادہ ہوگی تو ان کے دل میں باہر جانے کی آرزو انگڑائیاں لے گی۔[3]

---

[1] ……البحر الزخار، الحدیث: ۵۲۶، ج ۲، ص ۱۵۹

[2] ……قوت القلوب، ج ۲، ص ۴۱۸

[3] ……المصنف لابن ابی شیبہ، کتاب النکاح، باب فی الغیرۃ، ج ۳، ص ۴۶۷

# چادر اور چار دیواری

**پیارے اسلامی بھائیو!** معلوم ہوا کہ عورت کے لیے چادر اور چار دیواری ہی بہتر ہے۔ چنانچہ،

دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃُ المدینہ کے مطبوعہ 400 صَفحات پر مُشتمِل کتاب، ''**پردے کے بارے میں سوال جواب**'' **صَفْحَہ** 159 پر شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ چادر اور چار دیواری کی تعلیم کس نے دی؟ کے جواب میں فرماتے ہیں کہ اِس میں عُلَمائے کرام کا اپنا کوئی ذاتی مَفاد نہیں۔ یہ دنیا کے کسی عالمِ دین کا نہیں، ربُّ الْعٰلمین جَلَّ جَلَالُہ کا ارشادِ حقیقت بُنیاد ہے:

**وَ قَرْنَ فِیْ بُیُوْتِكُنَّ وَ لَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِیَّةِ الْاُوْلٰى** (پ ۲۲، الاحزاب: ۳۳)

ترجمۂ کنز الایمان: اور اپنے گھروں میں ٹھہری رہو اور بے پردہ نہ رہو جیسے اگلی جاہلیّت کی بے پردگی۔

**دیکھا آپ نے!** عورت کیلئے **چادر اور چار دیواری** کا حکم کسی عام شخص کا نہیں، ہم سب کے پالنے والے ربِّ مصطَفٰے عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ عالی ہے۔[1]

---

[1]..... پردے کے بارے میں سوال جواب، ص ۱۵۹

## عورت، عورت ہے

حضرت سیدنا حافظ **عبد اللہ** بن محمد بن ابی شَیْبہ کوفی (مُتَوَفّٰی ۲۳۵ھ) نے ایک روایت نقل کی ہے کہ "عورت سر سے لے کر پاؤں کے ناخنوں سمیت عورت (یعنی چُھپانے کی چیز) ہے۔"

مزید نقل فرماتے ہیں کہ "عورتوں کو چار دیواری میں ہی رہنے دو کیونکہ **عورت**، "عَوْرَتْ" (یعنی چُھپانے کی چیز) ہے جب وہ گھر سے باہر نکلتی ہے تو شیطان اُسے نگاہیں اٹھا اٹھا کر دیکھتا ہے اور اس سے کہتا ہے کہ تو جدھر سے بھی گزر رہی ہے ہر ایک کے دل کو بھا رہی ہے۔[1]

## بے پردہ عورتوں کو دیکھنا شیطانی کام ہے

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** معلوم ہوا کہ بے پردہ عورتوں کو دیکھنا شیطانی کام ہے اور **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے اس سے منع فرمایا ہے اور جو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور اس کے رسول صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی نافرمانی کرے یقیناً شیطان کا پیروکار ہے۔ اور اس سے بچنے کا واحد حل یہی ہے کہ نگاہیں جھکی رہیں۔ چنانچہ،

مردوں کے نگاہیں جھکائے رکھنے کے متعلق فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

---

[1] ……المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب النکاح، الرقم ۱۷۰۲ باب فی الغیرۃ، الحدیث: ۴، ۶، ج ۳، ص ۴۶۷

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ یَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ (پ۱۸، النور: ۳۰) ترجمۂ کنز الایمان: مسلمان مردوں کو حکم دو اپنی نگاہیں کچھ نیچی رکھیں۔

ہمارے پیارے پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے جس طرح ہمیں قرآنِ کریم پر عمل کر کے دکھایا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔ پس نگاہیں نیچی رکھنا اللہ عَزَّوَجَلَّ کا حکم ہے اور آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بہت ہی پیاری ادا بھی۔ جیسا کہ روایات میں آتا ہے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی نظرِ مبارک اکثر زمین کی طرف جھکی رہتیں۔ [1]

یا الٰہی رنگ لائیں جب مری بے باکیاں
اُن کی نیچی نیچی نظروں کی حَیا کا ساتھ ہو

اور عورتوں کے نگاہیں جھکائے رکھنے کے متعلق فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ یَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ (پ۱۸، النور: ۳۱) ترجمۂ کنز الایمان: اور مسلمان عورتوں کو حکم دو اپنی نگاہیں کچھ نیچی رکھیں۔

## اچانک نظر کا حکم

موجودہ دور میں بے پردگی جس قدر عام ہو چکی ہے اس سے بچنا مشکل ضرور ہے مگر ناممکن نہیں۔ یاد رکھئے کہ اگر اچانک کسی بے پردہ خاتون پر نظر پڑ جائے تو

[1] ……الشمائل المحمدیۃ للترمذی، الحدیث: ۷، ص ۲۳ ملتقطاً

فوراً اپنی نگاہوں کو جھکا لیجئے۔ چنانچہ،

حضرت سیدنا جرِیر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ فرماتے ہیں کہ میں نے رحمتِ عالَم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سے اچانک اٹھنے والی نظر کے متعلق پوچھا تو آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا کہ فوراً اپنی نگاہوں کو جھکا لیا کرو۔[1]

حضرت سیدنا اِبْنِ عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے مروی ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "پہلی مرتبہ دیکھنا خطا، دوسری مرتبہ دیکھنا ارادہ اور تیسری مرتبہ دیکھنا ہلاکت کا سبب ہے۔ مومن کا کسی عورت کے حسن کو دیکھنا شیطان کے زہریلے تیروں میں سے ایک تیر ہے اور جس نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ڈر اور ثواب کی نیت سے اجتناب کیا تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے ایسی عبادت کی توفیق عطا فرمائے گا جس کی وہ حلاوت ولذت بھی پائے گا۔"[2]

## آنکھ کی بدکاری

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اسلام دینِ فطرت ہے اور اس نے خانگی ومعاشرتی زندگی کا حسن برقرار رکھنے کے لیے اپنے ماننے والوں کو زندگی گزارنے

---

[1] ……سنن ابی داود، کتاب النکاح، باب مایؤمر بہ من غض البصر، الحدیث: ۲۱۴۸، ج۲، ص۳۵۷

[2] ……حلیۃ الاولیاء، الرقم ۳۳۸ حدیر بن کریب، الحدیث: ۷۹۸۱، ج۶، ص۱۰۷

کے بے شمار مدنی پھول عطا فرمائے ہیں۔ پس عورت کی عزت وعصمت کی حفاظت چار دیواری ہی میں ہے اور اگر بامرِ مجبوری چار دیواری سے نکلنا بھی پڑے تو چادر سے کبھی نہ نکلے یعنی ہرگز بے پردگی نہ کرے اور مرد بھی عورت کو دیکھنے سے بچیں کہ نظر شیطان کے زہریلے تیروں میں سے ایک تیر ہے کیونکہ گناہ کی ابتدا نظر سے ہی ہوتی ہے۔ نہ جانے یہ گناہ کہاں سے کہاں لے جائے۔ جیسا کہ مروی ہے کہ **آنکھ کی بدکاری بدنگاہی ہے۔**[1] یہ روایت دعوتِ فکر دے رہی ہے کہ بدنظری کس قدر قابلِ مذمت ہے۔

## آنکھوں کی حفاظت نہ کرنے کا نقصان

اگر ہم اپنی نگاہوں کو آزاد چھوڑ دیں گے تو ہوسکتا ہے کہ بے فائدہ اور فضول اِدھر اُدھر دیکھنا شروع کر دیں اور پھر رفتہ رفتہ یہ حرام پر بھی پڑنا شروع ہو جائیں۔ اب اگر قصداً حرام پر نظر ڈالیں گے تو یہ بہت بڑا گناہ ہے اور ممکن ہے کہ دل حرام شے پر فَریفتہ ہو جائے اور ہم تباہی کا شکار ہو جائیں کیونکہ روایات میں آتا ہے کہ بعض اوقات بندہ کسی شے پر نظر ڈالتا ہے تو اس سے اس طرح اثر قبول کرتا ہے جس طرح چمڑہ عملِ دباغت سے رنگ کو۔[2] اور اگر اس طرف دیکھنا حرام نہ ہو بلکہ مباح ہو تو

---

[1] ..... شعب الایمان، باب فی معالجۃ کل ذنب بالتوبۃ، الحدیث: ۷۰۶۰، ج ۵، ص ۳۹۴

[2] ..... منہاج العابدین، الفصل الاول العین، ص ۶۲

ہوسکتا ہے کہ ہمارا دل مشغول ہو جائے اور اس کے سبب دل میں طرح طرح کے وسوسے اور خطرات آنے شروع ہو جائیں اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ہم وسوسے کی چیزوں تک نہ پہنچ سکیں مگر وسوسوں کا شکار ہو کر نیکیوں سے محروم ہو جائیں لیکن اگر ہم نے کسی طرف اِلتفات ہی نہ کیا تو اِنْ شَآءَ الله عَزَّوَجَلَّ بہت سے فتنوں، وسوسوں اور خطرات سے محفوظ رہیں گے اور اپنے اندر راحت ونشاط محسوس کریں گے۔

## آنکھوں کو بدنگاہی سے محفوظ رکھنے کا طریقہ

**پیارے اسلامی بھائیو!** اگر برائیوں سے بچنا اور نیکیوں بھرا ماحول اختیار کرنا چاہتے ہیں تو تبلیغِ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ ہو جایئے کہ اس کا مدنی مقصد ہی یہ ہے کہ "مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔" اور اپنی اصلاح کے عظیم جذبے کے تحت روزانہ فکرِ مدینہ کے ذریعے مدنی انعامات کا رسالہ پر کرنے کا معمول بنا لیجئے، اِنْ شَآءَ الله عَزَّوَجَلَّ اس کی برکت سے پابندِ سنت بننے، گناہوں سے نفرت کرنے اور ایمان کی حفاظت کے لئے کڑھنے کا ذہن بنے گا۔ چنانچہ،

امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے اسلامی بھائیوں کو عطا کردہ 72 مدنی انعامات میں نگاہوں کی حفاظت کے لئے 4 مدنی پھول ملاحظہ فرمایئے:

📖.....کیا آج آپ نے (گھر میں یا باہَر)۔ T.V، V.C.R یا Internet وغیرہ پر **فِلمیں، ڈِرامے** اور **گانے باجے** یا گناہوں بھری خبریں دیکھنے یا سننے سے بچنے کی کوشش فرمائی؟ نیز آنکھوں کی حفاظت کی عادت بنانے کے لئے سونے کے اَوقات کے علاوہ کم از کم 12 **مِنَٹ آنکھیں** بند رکھیں؟

📖.....کیا آج آپ نے راہ چلتے وقت اور گاڑی میں سفر کے دَوران **آنکھوں کا قُفلِ مدینہ** لگاتے ہوئے اکثر نگاہیں نیچی رکھیں؟ نیز بلاضَرورت (گھر میں اور باہَر بھی) اِدھر اُدھر دیکھنے، سائن بورڈ وغیرہ پر نظر ڈالنے سے بچنے کی کوشش کی؟

📖.....کیا آج آپ نے اپنے گھر کے برآمدوں سے (بِلاضَرورت) باہَر نیز کسی اور کے دروازوں وغیرہ سے ان کے **گھروں کے اندر جھانکنے** سے بچنے کی کوشش کی؟

📖.....آج آپ نے کسی سے بات کرتے وَقت اپنی **نَظَر نیچی** رکھی یا مخاطَب کے چہرے پر گاڑے رہے؟ (نیچی نگاہوں کی عادت بنانے کے لئے روزانہ کم از کم ۲ اِمِنَٹ **قفلِ مدینہ کا عینک** استعمال فرمائیے)

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** نگاہیں پاکیزہ ہوں گی تو دل بھی پاکیزہ ہوگا ورنہ یاد رکھئے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی پکڑ بڑی سخت ہے۔ چنانچہ،

## بدنگاہی کی ہاتھوں ہاتھ سزا

**اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے محبوب، دانائے غُیوب صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم صحابۂ کرام رِضْوَانُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْن سے بیعت لے رہے تھے، ایک شخص اس حال میں حاضر ہوا کہ اس کے چہرے سے خون بہہ رہا تھا، اس نے آتے ہی دُوہائی دینی شروع کر دی: "**یارسول اللہ** صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! میں ہلاک و برباد ہو گیا۔" سرورِ کونین، دُکھی دلوں کے چین صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے اِستِفسار فرمایا: ''کیا ہوا؟ کس شے نے تجھے ہلاکت میں ڈالا؟'' عرض کرنے لگا: ''میں آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی خدمتِ بابرکت میں حاضر ہونے کے لئے گھر سے نکلا تو راستے میں ایک عورت میرے پاس سے گزری، میں نے اس کی طرف دیکھا تو بس دیکھتا ہی چلا گیا اور اچانک میرے سامنے ایک دیوار آ گئی جس نے میرا یہ حال کر دیا جسے آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مُلاحَظہ فرما رہے ہیں۔'' تو آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: ''**اللہ** عَزَّوَجَلَّ جب کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے تو اُسے دنیا ہی میں اس کی سزا دے دیتا ہے۔''[1]

---

[1]……مجمع الزوائد، باب فیمن عوقب بذنبہ فی الدنیا، الحدیث: ۱۷۴۷۰، ۱۷۴۷۱، ج۱۰، ص۳۱۳

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** جب ہر وقت نِگاہیں نیچی رکھی جائیں تو بدنگاہی وغیرہ سے بچنے کے ساتھ ساتھ سینہ وسوسوں سے اور دل خطرات وآفات سے سلامتی میں رہے گا اور نیکیوں میں بھی خوب خوب اضافہ ہوگا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جب خود اپنی اصلاح کا جذبہ پیدا ہوگا تو یقیناً اپنے گھر کی اسلامی بہنوں کی اِصلاح کی بھی کوشش کریں گے۔ کیونکہ جو لوگ باوُجودِ قُدرَت اپنی عورَتوں اور مَحارِم کو بے پردَگی سے مَنْع نہ کریں وہ ''**دَیُّوث**'' ہیں۔

اگر مَرد اپنی حیثیت کے مطابِق مَنْع کرتا ہے اور بے پردَگی سے روکنے کے شَرعی تقاضے اس نے پورے کئے ہیں اور وہ نہیں مانتیں تو اِس صورت میں مرد پر نہ کوئی الزام اور نہ وہ ''**دَیُّوث**''۔ پس حتَّی الْاِمکان بے پردَگی وغیرہ کے مُعَاملہ میں عورَتوں کو روکا جائے مگر حکمتِ عملی کے ساتھ۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ آپ اپنی زَوجہ یا ماں بہنوں پر اس طرح کی سختی کر بیٹھیں جس سے گھر کا اَمن ہی تہ و بالا ہو کر رہ جائے۔[1]

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** مرد گھر کا سربراہ ہوتا ہے جب وہ گھر میں رہنے والے افراد کے ساتھ پیار و محبت اور حُسنِ اخلاق سے پیش آئے گا تو اہلِ

---

[1] ..... پردے کے بارے میں سوال جواب، ص ۶۵ تا ۶۷

خانہ کے دل میں اس کی محبت پیدا ہوگی اور وہ جو بھی کام کرنا چاہے گا نہ صرف آسانی ہوگی بلکہ اس کی بات کو اہمیت بھی دی جائے گی۔ لہٰذا مرد کو چاہیے کہ اپنے گھر والوں کو حکمت عملی سے پردہ کرنے کا ذہن دے کیونکہ عورت کے مُتعلِّق ایک روایت میں رحمتِ عالَم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: "عورتوں کے ساتھ اچھا سُلوک کرو کیونکہ عورت پسلی کی ہڈّی سے بنائی گئی ہے اور پسلی میں اوپر والا حصّہ سب سے زیادہ ٹیڑھا ہوتا ہے۔ اگر تم اس کو سیدھا کرنا چاہو گے تو توڑ ڈالو گے اور اگر اسے چھوڑ دو گے تو ٹیڑھی ہی رہے گی۔ پس عورتوں کے ساتھ اچھا سلوک ہی کرتے رہو۔" ①

اس صِنفِ نازُک پر آگ بگُولہ نہ ہوں بلکہ اس کے ساتھ اَحسن انداز میں نِبھانے کی کوشش کیجئے۔ بہن ہو یا بیٹی یا اپنے بچوں کی امّی سب ہی کو پردے کی تلقین و ترغیب دی جائے۔ ② گھر میں مَدَنی ماحول بنانے کے لئے شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت کے عطا کردہ اُنّیس مدنی پھولوں پر حکمت بھرے انداز میں بتدریج عمل کی برکت سے مدنی ماحول کی بہاریں نظر آئیں گی۔

---

[1] ..... صحیح البخاری، کتاب الانبیاء، باب خلق آدم، الحدیث: ۳۳۳۱، ج ۲، ص ۴۱۲

[2] ..... اس سلسلے میں امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 400 صَفحات پر مشتمل کتاب، "پردے کے بارے میں سوال جواب" کا مطالعہ فرمالیجئے۔

# ”یارَبِّ کریم! ہمیں مُتّقی بنا“ کے اُنّیس حُرُوف کی نسبت سے گھر میں مَدَنی ماحول بنانے کے 19 مَدَنی پھول

(1).....گھر میں آتے جاتے بُلند آواز سے سلام کیجئے۔

(2).....والِد یا والِدہ کو آتا دیکھ کر تعظیماً کھڑے ہو جایئے۔

(3).....دن میں کم از کم ایک بار اسلامی بھائی والِد صاحِب کا اور اسلامی بہنیں ماں کا ہاتھ اور پاؤں چوما کریں۔

(4).....والِدَین کے سامنے آواز دھیمی رکھئے، ان سے آنکھیں ہرگز نہ ملایئے، نیچی نگاہیں رکھ کر ہی بات چیت کیجئے۔

(5).....ان کا سونپا ہوا ہر وہ کام جو خلافِ شَرع نہ ہو فوراً کر ڈالئے۔

(6).....سنجیدگی اپنایئے۔ گھر میں تُو تُکار، اَبے تَبے اور مذاق مسخری کرنے، بات بات پر غصّے ہو جانے، کھانے میں عیب نکالنے، چھوٹے بھائی بہنوں کو جھاڑنے، مارنے، گھر کے بڑوں سے اُلجھنے، بحثیں کرتے رہنے کی اگر آپ کی عادَتیں ہوں تو اپنا رَوَیّہ یکسر تبدیل کر دیجئے، ہر ایک سے مُعافی تلافی کر لیجئے۔

(7)..... گھر میں اور باہَر ہر جگہ آپ سنجیدہ ہو جائیں گے تو اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ گھر کے اندر بھی ضَرور اِس کی بَرَکتیں ظاہِر ہوں گی۔

(8)..... ماں بلکہ بچّوں کی اَمّی ہو تو اُسے نیز گھر (اور باہَر) کے ایک دن کے بچّے کو بھی ''آپ'' کہہ کر ہی مخاطِب ہوں۔

(9)..... اپنے محلّے کی مسجِد میں نمازِ عشا کی جماعت کے وَقت سے لے کر دو گھنٹے کے اندر اندر سو جایئے۔ کاش! تہجُّد میں آنکھ کھل جائے ورنہ کم از کم نمازِ فجر تو بآسانی (مسجد کی پہلی صف میں باجماعت) مُیَسَّر آئے اور پھر کام کاج میں بھی سُستی نہ ہو۔

(10)..... گھر کے افراد میں اگر نمازوں کی سُستی، بے پردَگی، فلموں ڈِراموں اور گانے باجوں کا سلسلہ ہو اگر آپ سرپرست نہیں ہیں، نیز ظنِّ غالِب ہے کہ آپ کی نہیں سُنی جائیگی تو بار بار ٹوکا ٹوکی کے بجائے، سب کو نَرمی کے ساتھ مکتبۃُ المدینہ سے جاری شُدہ سنّتوں بھرے بیانات کی کیسٹیں سنایئے اور مَدَنی چینل دکھایئے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مَدَنی نتائج برآمد ہوں گے۔

(11)..... گھر میں کتنی ہی ڈانٹ بلکہ مار بھی پڑے، صَبْر صَبْر اور صَبْر

کیجئے، اگر آپ زَبان چلائیں گے تو گھر میں ''مَدَنی ماحول'' بننے کی اُمید نہیں بلکہ مزید بگاڑ پیدا ہوسکتا ہے کہ بے جا سختی کرنے سے بسا اوقات شیطان لوگوں کو ضِدّی بنا دیتا ہے۔

**(12)**.....مَدَنی ماحول بنانے کا ایک بہترین ذَرِیعہ یہ بھی ہے کہ گھر میں روزانہ **فیضانِ سنّت** کا درس ضَرور ضَرور ضَرور دیجئے یا سنئے۔

**(13)**..... اپنے گھر والوں کی دُنیا و آخِرت کی بہتری کے لئے دل سوزی کے ساتھ دُعا بھی کرتے رہئے کہ فرمانِ مُصطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے: ''**اَلدُّعاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ** یعنی دُعا مومن کا ہتھیار ہے۔''[1]

**(14)**.....سُسرال میں رہنے والیاں جہاں گھر کا ذِکر ہے وہاں سُسرال اور جہاں والِدَین کا ذِکر ہے وہاں ساس اور سُسَر کے ساتھ وُہی حُسنِ سُلوک بجالائیں جبکہ کوئی مانِع شَرعی نہ ہو۔

**(15)**.....**مسائلُ القُرآن صَفحہ** 290 پر ہے: ہر نَماز کے بعد یہ دعا اوّل و آخِر ایک مرتبہ دُرُود شریف کے ساتھ ایک بار پڑھ لیجئے **اِنْ شَآءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ بال بچّے سنّتوں کے پابند بنیں گے اور گھر میں **مَدَنی ماحول** قائم

---

[1].....المستدرک للحاکم، الحدیث: ۱۸۵۵، ج ۲، ص ۱۶۲

ہوگا: (دُعا یہ ہے:) (اَللّٰھُمَّ)[1] رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾[2]

**(16)**..... نافرمان بچّہ یا بڑا جب سویا ہو تو 11 یا 21 دن تک روزانہ اس کے سِرہانے کھڑے ہو کر یہ آیاتِ مبارکہ صرف ایک بار اتنی آواز سے پڑھئے کہ اس کی آنکھ نہ کھلے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾[3] (اوّل وآخر، ایک بار دُرُود شریف) یاد رہے! بڑا نافرمان ہو تو سوتے سوتے سرہانے وظیفہ پڑھنے میں اس کے جاگنے کا اندیشہ ہے خصوصاً جب کہ اس کی نیند گہری نہ ہو، یہ پتا چلنا مشکل ہے کہ صرف آنکھیں بند ہیں یا سو رہا ہے لہٰذا جہاں فتنے کا خوف ہو وہاں یہ عمل نہ کیا جائے خاص کر بیوی اپنے شوہر پر یہ عمل نہ کرے۔

**(17)**..... نیز نافرمان اولاد کو فرماں بردار بنانے کے لیے تاحُصولِ مُراد نمازِ فجر کے بعد آسمان کی طرف رُخ کر کے "يَا شَهِيْدُ" 12 بار پڑھئے

---

[1] ..... "اَللّٰھُمَّ" آیتِ قرآنی کا حصّہ نہیں۔

[2] ..... ترجمۂ کنزالایمان: اے ہمارے ربّ! ہمیں دے ہماری بیبیوں اور ہماری اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔ (پ ۱۹، الفرقان ۷۴)

[3] ..... ترجمۂ کنزالایمان: بلکہ وہ کمال شرف والا قرآن ہے لوحِ محفوظ میں۔ (اَلبُرُوج: ۲۱، ۲۲)

(اوّل وآخر، ایک بار درود شریف)۔

**(18)**.....**مَدَنی اِنعامات** کے مطابق عمل کی عادت بنایئے اور گھر کے جن افراد کے اندر نَرم گوشہ پائیں اُن میں اور آپ اگر باپ ہیں تو اَولاد میں نرمی اور حکمتِ عملی کے ساتھ **مَدَنی اِنعامات** کا نِفاذ کیجئے، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رَحمت سے گھر میں مَدَنی انقِلاب برپا ہوجائیگا۔

**(19)**..... پابندی سے ہر ماہ کم از کم تین دن کے **مَدَنی قافِلے** میں عاشِقانِ رسول کے ساتھ سنّتوں بھرا سفر کر کے گھر والوں کے لئے بھی دُعا کیجئے۔ مَدَنی قافِلے میں سفر کی بَرَکت سے بھی گھروں میں مَدَنی ماحول بننے کی ''مَدَنی بہاریں'' سننے کو ملتی ہیں۔

**امین بجاہِ النبی الامین** صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

## بے پردگی سے توبہ

**مکتبۃ المدینہ** کی مطبوعہ ۴۰۰ صفحات پر مشتمل کتاب پردے کے بارے میں سوال جواب کے صفحہ ۳۱ پر شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ فرماتے ہیں: عمل کا جذبہ بڑھانے کیلئے مَدَنی ماحول ضَروری ہے، ورنہ عارِضی طور پر جذبہ پیدا ہوتا بھی ہے تو اچّھی صُحبت کے فُقدان (یعنی کمی) کے سبب استِقامت

نہیں مل پاتی۔ اپنا مَدَنی ذِہن بنانے کیلئے تبلیغِ قراٰن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول سے وابَستہ ہوجایئے۔ **سُبْحٰنَ اللّٰہ!** دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول، سنّتوں بھرے اجتماعات اور مَدَنی قافِلوں کی بھی کیا خوب بہاریں اور بَرَکتیں ہیں۔ دعوتِ اسلامی کے سنّتوں بھرے ماحول میں رَچنے بَسنے کی برکت سے متعدد اسلامی بہنوں کو شرعی پردہ کرنے کی سعادت نصیب ہوگئی۔ ایسی ہی ایک بہار سنئے۔ چنانچہ،

پنجاب (پاکستان) کی ایک اسلامی بہن کے تحریری بیان کا لُبِّ لُباب ہے: میں دعوتِ اسلامی کے مشکبار مَدَنی ماحول سے وابَستہ ہونے سے پہلے ٹی وی پر فلمیں ڈِرامے دیکھنے کی عادی تھی، بازار وغیرہ جانے کے لئے بے پردہ ہی نکل کھڑی ہوتی، نَماز بھی نہیں پڑھتی تھی۔ یُوں میرے صبح وشام غفلت ومَعصیت میں بسر ہو رہے تھے۔ ایک بار کسی نے مجھے **مکتبۃُ المدینہ** سے جاری ہونے والے سُنّتوں بھرے بیانات کے کیسٹ دیئے، میں نے انہیں سُنا تو **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ میں خوابِ غفلت سے بیدار ہوگئی۔ ان بیانات کی برکت سے مجھے خوفِ خدا کی دولت نصیب ہوئی، عشقِ رسول کا جذبہ ملا اور میں نَمازی بن گئی، میں نے اپنے تمام گناہوں بالخصوص بے پردَگی سے پکّی توبہ کرلی۔ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ مَدَنی

بُرقع میرے لباس کا حصّہ بن گیا۔ وہ بے لگام زَبان جو پہلے گانے گنگنانے میں مصروف رہتی تھی اب اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ نعتِ مصطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم سنانے لگی۔ تادمِ تحریر دعوتِ اسلامی کی ذیلی مُشاوَرت کی خادِمہ کے طور پر سُنّتوں کی خدمت کی سَعادت حاصل کررہی ہوں۔

کٹی ہے غفلتوں میں زندگانی
نہ جانے حشر میں کیا فیصلہ ہو
الٰہی ہوں بہت کمزور بندی
نہ دنیا میں نہ عُقبیٰ میں سزا ہو

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

اٰمین بجاہِ النبی الامین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Go To Index

ازدواجی بندھن کی خوشگواری میں بیوی کے کردار سے متعلق مفید تحریر

# بیوی کو کیسا ہونا چاہئے؟

پیشکش: مجلس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)
شعبہ رسائل دعوتِ اسلامی

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ! فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# بیوی کو کیسا ہونا چاہئے؟[1]

## دُرود شریف کی فضیلت

رسولِ کریم، رؤفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ رحمت نشان ہے: اے لوگو! بے شک بروزِ قیامت اُس کی دہشتوں اور حساب کتاب سے جلد نجات پانے والا شخص وہ ہوگا جس نے تم میں سے مجھ پر دُنیا میں بکثرت دُرود شریف پڑھے ہوں گے۔[2]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## سعادت مند دُلہن

عہدِ صحابہ کے مشہور قاضی اور فقیہ ابو اُمَیَّہ شُرَیح بن حارِث رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ اپنی اطاعت گزار اور نیک سیرت زوجہ کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ میں نے بنو تمیم

---

1 . . . مبلغِ دعوتِ اسلامی و نگرانِ مرکزی مجلسِ شوریٰ حضرت مولانا حاجی ابو حامد محمد عمران عطاری مُدَّ ظِلُّہُ الْعَالِی نے ۷ ربیع الثانی ۱۴۳۲ ہجری بمطابق 13 مارچ 2011 عیسوی کو یہ بیان عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ کراچی میں فرمایا۔ ضروری ترمیم و اضافے کے بعد ۴ مُحَرَّمُ الحرام ۱۴۴۱ ہجری بمطابق 4 ستمبر 2019 عیسوی کو تحریری صورت میں پیش کیا جارہا ہے۔
(شعبہ رسائلِ دعوتِ اسلامی مجلس المدینۃ العلمیۃ)

2 . . . مسند الفردوس، ۵/۲۷۷، حدیث: ۸۱۷۵

کی ایک عورت سے شادی کی۔ پہلی رات جب وہ میرے پاس آئی تو میں نے کہا: شوہر کیلئے مستحب ہے کہ جب دُلہن اس کے پاس آئے تو وہ کھڑا ہو اور دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ پاک سے اس کی خیر کا سوال کرے اور اس کے شر سے پناہ طلب کرے۔ یہ کہہ کر میں اُٹھا اور نماز کیلئے وضو کرنے لگا جب میری نئی نویلی دُلہن نے میرا یہ عمل دیکھا تو وہ بھی اُٹھ کر میرے ساتھ وضو کرنے لگی اور پھر ہم دونوں نے ایک ساتھ نماز ادا کی۔ جب گھر مہمانوں سے خالی ہو گیا تو میں اس کے پاس آیا اور اپنا ہاتھ اس کی پیشانی کی طرف بڑھایا تو اس نے کہا کہ اے ابو اُمَیَّہ ذرا ٹھہریئے! پھر اس نے کہا: تمام تعریفیں اللہ پاک ہی کیلئے ہیں میں اسی کی تعریف بیان کرتی ہوں اور اسی سے مدد چاہتی ہوں اور حضرت محمد مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ اور اُن کی آل پر دُرود بھیجتی ہوں۔ اے میرے سرتاج! میں ایک اجنبی عورت ہوں، آپ کی عادتوں کے بارے میں کچھ بھی نہیں جانتی لہٰذا آپ مجھے وہ باتیں بتا دیجئے جو آپ کو پسند ہیں تاکہ میں ان کے مطابق کام کیا کروں اور وہ باتیں بھی بتا دیجئے جو آپ کو پسند نہیں تاکہ میں اُن سے بچتی رہوں۔ یقیناً آپ کی قوم میں بھی آپ کیلئے رشتے ہوں گے اور اسی طرح میری قوم میں بھی میرے لئے رشتے تھے، لیکن جب اللہ پاک کسی کام کا فیصلہ فرما دیتا ہے تو وہ ہو کر رہتا ہے۔ بلاشُبہ آپ میرے مالک بن چکے ہیں اب آپ وہی کیجئے جس کا اللہ پاک نے آپ کو حکم دیا ہے کہ بھلائی کے ساتھ مجھے اپنے پاس رکھیں یا اچھے طریقے سے چھوڑ دیں۔ میری بات مکمل ہوئی، میں اللہ پاک سے اپنے لئے، آپ کیلئے اور تمام مسلمانوں کیلئے مغفرت طلب کرتی ہوں۔

قاضی شُرَیح رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں: اللہ پاک کی قسم میری بیوی کی ان دانشمندانہ

باتوں نے مجھے بھی کچھ کہنے پر مجبور کر دیا لہٰذا میں نے اپنی بات کا آغاز کرتے ہوئے کہا: تمام تعریفیں اللہ پاک ہی کیلئے ہیں میں اسی کی تعریف بیان کرتا ہوں اور اسی سے مدد چاہتا ہوں اور حضرت محمد مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اور اُن کی آل پر دُرود بھیجتا ہوں۔ بے شک تم نے جو باتیں کیں وہ نہایت عُمدہ ہیں اگر تم ان پر ثابت قدم رہو تو یہ نیک بختی کی بات ہو گی اور اگر تم نے ان پر عمل چھوڑ دیا تو یہی باتیں تمہارے خلاف (کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی) دلیل بن جائیں گی۔ پھر میں نے اسے اپنی پسند اور ناپسند کے بارے میں بتایا اور ساتھ ہی ساتھ اُسے یہ بھی کہا کہ اگر تم میری کوئی اچھائی دیکھو تو اسے بیان کر دینا اور کوئی خامی دیکھو تو اس کا پردہ رکھنا۔ اس نے پوچھا: آپ کو میرے گھر والوں سے میل جول کس حد تک پسند ہے؟ میں نے کہا: مجھے یہ پسند نہیں کہ وہ (بہت زیادہ آمد ورفت کی وجہ سے) مجھے اُکتاہٹ میں مُبتلا کر دیں۔ اس نے پوچھا: یہ بتایئے کہ آپ کن پڑوسیوں کا گھر میں آنا پسند کرتے ہیں تاکہ میں انہیں آنے کی اجازت دوں اور کن کا داخلہ آپ کو ناپسند ہے تاکہ میں بھی ان کے آنے کو ناپسند کروں۔ میں نے کہا: فلاں فلاں لوگ بڑے نیک ہیں (انہیں اجازت دینا) اور فلاں لوگ اچھے نہیں (انہیں گھر میں نہ آنے دینا)۔ میں نے اس کے ساتھ وہ پہلی رات بہت اچھے طریقے سے گزاری اور پھر اس سعادت مند عورت نے بیس سال میرے ساتھ گزار دیئے مگر مجھے کبھی اس کی کوئی بات ناگوار نہ لگی۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

1 ... المستطرف، الباب الثالث والسبعون، ۲/ ۴۰۰ ملخصا

## اسلام دینِ فطرت ہے

**پیاری پیاری اسلامی بہنو!** اسلام دینِ فطرت ہے اور اس کے احکامات میں انسانی فطرت کی رعایت رکھی گئی ہے، اسلام فطری تقاضوں کی مخالفت نہیں کرتا بلکہ ان کے حصول کیلئے جائز ذرائع مہیا کرتا ہے اسی لئے اللہ پاک نے انسانوں کو بدکاری، بے حیائی، جنسی بے راہ روی اور شیطانی وساوس سے بچانے نیز انہیں راحت وسکون پہنچانے کے لئے نکاح کی نعمت عطا فرمائی تاکہ عورتیں اور مرد نکاح کے ذریعے رشتۂ ازدواج میں منسلک ہو کر خود کو گناہوں سے بچائیں اور معاشرے کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ اس خوبصورت رشتے کی اہمیت وحفاظت کے پیشِ نظر اللہ پاک نے میاں بیوی کے حقوق متعین کر دیئے تاکہ ان کے تعلق کی دیوار میں کہیں دراڑ نہ پڑے اور اس کی حفاظت ہوتی رہے۔ جو لوگ اللہ پاک اور اس کے رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے بتائے ہوئے طریقے پر عمل کرتے ہوئے اپنی زندگی گزارتے ہیں وہی لوگ اس رشتے کو بخوبی نبھا سکتے ہیں۔

بیان کردہ حکایت میں قاضی شُریح رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کی نیک سیرت زوجہ کے کردار اور ان کی گفتگو میں ہر شادی شدہ اسلامی بہن کیلئے بے شمار مدنی پھول ہیں۔ ذرا غور کیجئے کہ اس سعادت مند عورت نے اپنی زندگی کے اہم سفر کا آغاز کتنے خوبصورت انداز میں کیا کہ شادی کی پہلی رات ہی شوہر کو اس بات کا یقین دلایا کہ میں عمر بھر آپ کی اطاعت گزار اور فرمانبردار رہوں گی نیز اس نیک، عقلمند اور دُور اندیش خاتون نے اپنے شوہر کی

پسند و ناپسند کے بارے میں بھی معلومات حاصل کر لیں تا کہ اس کے پسندیدہ کام کر کے اس کی رضا و خوشنودی حاصل کرے اور ناپسندیدہ کاموں سے اجتناب کر کے شوہر کے دل میں اپنی محبت اور چاہت کو ہمیشہ برقرار رکھ سکے۔ یقیناً یہ ایک کامیاب خاتون تھیں جنہوں نے شوہر کو خوش رکھنے اور اپنے گھر کو امن و سکون کا گہوارہ بنانے کا راز خود ہی معلوم کر لیا۔ ایک اچھی اور کامیاب بیوی کی یہی خوبی ہوتی ہے کہ وہ اپنے شوہر کو ہر طرح سے خوش رکھنے اور اس کی رضا حاصل کرنے کی کوشش کرتی ہے تا کہ اس کے ذریعے دُنیا و آخرت کی سعادت مندیاں حاصل کر سکے۔ یاد رہے کہ مختلف اَدوار میں عورت کی زندگی میں بہت ساری تبدیلیاں آتی ہیں لیکن سب سے بڑی تبدیلی اس وقت آتی ہے جب وہ شادی کر کے اپنے شوہر کے ساتھ زندگی کے نئے سفر کا آغاز کرتی ہے۔ یہ نیا سفر عورت کی زندگی میں ڈھیروں خوشیوں کے ساتھ ساتھ بہت ساری ذمہ داریاں بھی لاتا ہے جنہیں پورا کر کے ہی وہ ایک خوشحال گھرانے کی بنیاد رکھ سکتی ہے۔ کیونکہ ایک مثالی خاندان کی تعمیر کے لئے بیوی کا کردار بہت ہی اہم ہے اسی لئے اسلام نے بحیثیت بیوی عورت کی تربیت کے لئے بہت ہی شاندار اور اہم اصول بیان کئے ہیں آیئے ان رہنما اصولوں کا جائزہ لیتے ہوئے اس بات پر غور کیجئے کہ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں **بیوی کو کیسا ہونا چاہئے؟**

## اللہ پاک کی اطاعت کرنے والی

کامیابی کا سب سے پہلا اصول اطاعتِ خداوندی ہے۔ یاد رہے کہ دُنیا و آخرت کی

کوئی بھی کامیابی اللہ پاک اور اس کے رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کے بغیر حاصل نہیں کی جاسکتی اس لئے رضائے الٰہی حاصل کرنے اور ایک کامیاب خاتونِ خانہ بننے کے لئے احکامِ الٰہیہ کی پابندی، نماز روزہ کی ادائیگی اور پیارے آقا مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی پیاری پیاری سنّتوں پر عمل کو اپنی زندگی کا حصہ بنالیجئے۔ قرآنِ کریم میں ارشاد ہے:

وَ مَنْ یُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ یُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ وَ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۱۳﴾ (پ ۴، النساء، آیت: ۱۳)

ترجَمۂ کنزالایمان: اور جو حکم مانے اللہ اور اللہ کے رسول کا اللہ اُسے باغوں میں لے جائے گا جن کے نیچے نہریں رواں ہمیشہ اُن میں رہیں گے اور یہی ہے بڑی کامیابی۔

معلوم ہوا کہ اللہ پاک اور اس کے رسول کی اطاعت کے ذریعے ہی سب سے بڑی کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے اس لئے خود بھی نیکی کی راہ پر چلئے اور اپنے شوہر کو بھی نیکی کی دعوت دیتے ہوئے اس کا یہ ذہن بنایئے کہ یہ دُنیا چند روزہ ہے اور یہاں کے سب عیش وآرام فنا ہونے والے ہیں حقیقی زندگی تو آخرت کی ہے وہ کیسی شاندار، پُر لطف اور عظیمُ الشّان زندگی ہوگی جب آپ اور میں جنّت کی اَبدی نعمتوں سے لُطف اندوز ہوں گے۔ فکرِ آخرت اور نیکی کی دعوت سے بھرپور چند جملوں میں اپنے دلکش لہجے کی مٹھاس شامل کرکے اپنے رفیقِ حیات کی سماعتوں کی نذر کردیجئے پھر دیکھئے کہ کیسے اس کے دل میں مدنی انقلاب برپا ہوتا ہے۔ ایک سعادت مند بیوی وہی ہے جو اپنے شوہر کے ایمان کی

حفاظت اور اسے جہنّم کی آگ سے بچانے کا ذریعہ بنے۔ اس سلسلے میں حضرت سَیِّدَتُنا اُمِّ سُلیم رَضِیَ اللہُ عَنْہُ کا عمل اسلامی بہنوں کیلئے ایک بہترین مثال ہے۔ چنانچہ،

## اسلام کی راہ دکھانے والی صحابیہ

حضرت سَیِّدُنا انس رَضِیَ اللہُ عَنْہ فرماتے ہیں کہ حضرت سَیِّدُنا ابو طلحہ رَضِیَ اللہُ عَنْہُ نے اسلام لانے سے قبل سَیِّدَتُنا اُمِّ سُلَیم رَضِیَ اللہُ عَنْہا کو نکاح کا پیغام بھیجا تو جواباً آپ رَضِیَ اللہُ عَنْہا نے فرمایا: اے ابو طلحہ کیا تمہیں علم ہے کہ تمہارا معبود جس کی تم عبادت کرتے ہو وہ زمین سے اُگنے والی لکڑی سے بنا ہوا ہے اور اسے ایک حبشی نے تیار کیا ہے۔ ابو طلحہ رَضِیَ اللہُ عَنْہُ نے فرمایا: ہاں مجھے معلوم ہے۔ حضرت سَیِّدَتُنا اُمِّ سُلَیم رَضِیَ اللہُ عَنْہا نے فرمایا: تو کیا ایک لکڑی کی عبادت کرتے ہوئے آپ عار محسوس نہیں کرتے؟ اگر آپ اسلام قبول لیں تو میں اس کے علاوہ اور کوئی مہر نہیں لوں گی۔ حضرت سَیِّدُنا ابو طلحہ رَضِیَ اللہُ عَنْہُ یہ کہہ کر ان کے پاس سے چلے گئے کہ میں غور و فکر کے بعد ہی کوئی فیصلہ کروں گا۔ پھر جب دوبارہ آئے تو **اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ** پڑھ کر مسلمان ہو گئے۔ حضرت سَیِّدَتُنا اُمِّ سُلَیم رَضِیَ اللہُ عَنْہا نے فرمایا: اے انس (رَضِیَ اللہُ عَنْہُ) اب تم ابو طلحہ (رَضِیَ اللہُ عَنْہُ) سے میرا نکاح کر دو۔ (1)

**اے صحابیات کے نقشِ قدم کو باعثِ نجات سمجھنے والی عزیز اسلامی بہنو!** ذرا غور کیجئے کہ کس طرح حضرت سَیِّدَتُنا اُمِّ سُلَیم رَضِیَ اللہُ عَنْہا نے حضرت سَیِّدُنا ابو طلحہ رَضِیَ اللہُ عَنْہُ کو

1 ۔۔۔ اسد الغابۃ، رقم ۷۴۷۲، ام سلیم بنت ملحان، ۷/۳۷۶

کفر کے اندھیروں سے نکال کر اسلام کی راہ دکھادی۔ آیئے آپ بھی ان کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے اپنے رفیقِ حیات کو صلوٰۃ و سنّت کی طرف راغب کرنے کا جذبہ اپنے اندر پیدا کیجئے اور اس کیلئے پہلے اپنے آپ کو نیکی اور اِطاعتِ الٰہی کے اعلیٰ اوصاف سے مُزیّن کرنے کی کوشش کیجئے۔ یقیناً وہ عورت دُنیا کی سب سے بہتر عورت ہے جو خود بھی نیکی کی راہ پر چلے اور شوہر کو بھی چلنے کی ترغیب دے۔ سرکارِ دوعالم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: اللہ پاک اُس عورت پر رحم فرمائے جو رات کے وقت اٹھے، پھر نماز پڑھے اور اپنے شوہر کو جگائے، اگر وہ نہ اٹھے تو اُس کے منہ پر پانی کے چھینٹے مارے۔[1] اور فرمایا: اِنَّمَا الدُّنْیَا مَتَاعٌ وَّلَیْسَ مِنْ مَتَاعِ الدُّنْیَا شَیْءٌ اَفْضَلُ مِنَ الْمَرْاَۃِ الصَّالِحَۃِ یعنی دُنیا ایک مال ہے اور دُنیا کے مال میں سے نیک عورت سے زیادہ کوئی چیز فضیلت والی نہیں۔[2]

معلوم ہوا کہ نیک عورت دُنیا کا ایک قیمتی سرمایہ ہے، نیک عورت شوہر کیلئے باعثِ فخر اور سب سے انمول ہے۔ اس لئے اے عزیز اسلامی بہنو! اپنے اندر نیکیوں کا جذبہ پیدا کیجئے اور اطاعتِ الٰہی پر ہمیشگی اختیار کرکے دُنیا و آخرت کی کامیابی سے ہمکنار ہو جایئے۔

## شوہر کی فرمانبردار

اللہ پاک اور اس کے پیارے رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے بعد عورت پر جس

---

1 ... ابوداود، کتاب التطوّع، باب قیام اللیل، ۲/۴۸، الحدیث: ۱۳۰۸۔ تفسیر صراطُ الجنان میں ہے: پانی کے چھینٹے مارنے کی اجازت اُس صورت میں ہے جب جگانے کیلئے بھی ایسا کرنے میں خوش طبعی کی صورت ہو یا دوسرے نے ایسا کرنے کا کہا ہو۔ (صراط الجنان، پ۲۸، التحریم، تحت الآیۃ: ۶، ۱۰/۲۲۲)

2 ... ابن ماجہ، کتاب النکاح، باب فضل النساء، ۲/۴۱۲، حدیث: ۱۸۵۵

ذات کی اطاعت اور فرمانبرداری لازم ہے وہ اُس کا شوہر ہے۔ چنانچہ پیارے آقا، مکی مدنی مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کا فرمانِ عالیشان ہے: لَوْ کُنْتُ آمِرًا اَحَدًا اَنْ یَّسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَۃَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِھَا یعنی اگر میں کسی کو حکم دیتا کہ وہ اللہ پاک کے سوا کسی کو سجدہ کرے تو ضرور عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے۔[1]

مشہور مفسرِ قرآن، حکیمُ الاُمَّت مفتی احمد یار خان نعیمی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ اس حدیثِ پاک کے تحت فرماتے ہیں کہ خاوند کے حقوق بہت زیادہ ہیں اور عورت اس کے احسانات کے شکریہ سے عاجز ہے اسی لئے خاوند ہی اُس کے سجدے کا مستحق ہوتا۔ خاوند کی اطاعت و تعظیم اَشَد ضروری ہے اس کی ہر جائز تعظیم کی جائے۔[2]

**اے سعادت مندی اور دائمی خوش بختی تلاش کرنے والی اسلامی بہنو!** یاد رکھئے کہ عورت کیلئے شوہر کی فرمانبرداری میں ہی دُنیا و آخرت کی کامیابی ہے۔ عورت کی جنت کا راستہ اللہ پاک اور اس کے پیارے رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کے بعد شوہر کی اطاعت سے شروع ہوتا ہے۔ متعدد احادیث میں عورتوں کو شوہر کی اطاعت کی ترغیب دلائی گئی ہے۔ آیئے شوہر کی اطاعت و فرمانبرداری سے متعلق تین احادیثِ مبارکہ ملاحظہ کیجئے۔

## شوہر کی فرمانبرداری سے متعلق 3 فرامینِ مصطفٰے

1 عورت جب پانچوں نمازیں پڑھے، رمضان کے روزے رکھے، اپنی شرمگاہ کی

1 ... ترمذی، کتاب الرضاع، باب ماجاء فی حق الزوج، ۲/۳۸۶، حدیث: ۱۱۶۲

2 ... مرآۃ المناجیح، ۵/۹۷

حفاظت کرے اور اپنے شوہر کی اطاعت کرے تو اس سے کہا جائے گا کہ جنّت کے جس دروازے سے چاہے جنّت میں داخل ہو جا۔[1]

2 ایک عورت نے پیارے آقا، مکی مدنی مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی: یا رسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ! میں عورتوں کی طرف سے نمائندہ بن کر حاضر ہوئی ہوں، اللہ پاک نے مردوں پر جہاد فرض فرمایا ہے اگر یہ زخمی ہوں تو اجر پائیں اور اگر شہید ہو جائیں تو اپنے رَبّ کے پاس زندہ رہیں اور رزق دیئے جائیں اور ہم عورتیں اُن کے گھر کی دیکھ بھال کرتی ہیں لہٰذا ہمارے لئے اِس میں کیا اجر ہے؟ رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: تم جس عورت سے بھی ملو تو اسے بتادو کہ شوہر کی فرمانبرداری کرنا اور اس کے حق کو پہچاننا جہاد کے برابر ہے اور تم میں سے بہت کم عورتیں ایسا کرتی ہیں۔[2]

3 اگر شوہر اپنی عورت کو یہ حکم دے کہ وہ زَرد رنگ کے پہاڑ سے پتھر اٹھا کر سیاہ پہاڑ پر لے جائے اور سیاہ پہاڑ سے پتھر اٹھا کر سفید پہاڑ پر لے جائے تو عورت کو اپنے شوہر کا یہ حکم بھی بجالانا چاہئے۔[3]

مشہور مفسرِ قرآن حکیم الاُمَّت مفتی احمد یار خان نعیمی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ اس حدیثِ پاک کے تحت فرماتے ہیں: یہ فرمانِ مبارک مُبالغے کے طور پر ہے، سیاہ و سفید پہاڑ قریب

1 ... مسند امام احمد، مسند عبد الرحمن بن عوف، ۱/۴۰۶، حدیث: ۱۶۶۱

2 ... الترغیب والترھیب، کتاب النکاح، باب الزوج فی الوفاء بحق زوجتہ، ۳/۳۴، حدیث: ۱۷

3 ... مسند امام احمد، مسند السیدۃ عائشہ، ۹/۳۵۳، حدیث: ۲۴۵۲۵

قریب نہیں ہوتے بلکہ دُور دُور ہوتے ہیں مقصد یہ ہے کہ اگر خاوند (شریعت کے دائرے میں رہ کر) مشکِل سے مشکل کام کا بھی حکم دے تب بھی بیوی اُسے کرے، کالے پہاڑ کا پتھر سفید پہاڑ پر پہنچانا سخت مشکل ہے کہ بھاری بوجھ لے کر سفر کرنا ہے۔[1]

بیان کردہ روایات سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ بیوی کو اپنے شوہر کی اطاعت و فرمانبرداری کرنے کی کس قدر تاکید کی گئی اور اس پر کس قدر اجر و ثواب رکھا گیا۔ اے کاش! اسلامی بہنیں کامیابی کا راستہ دکھانے والے پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے ان فرامین کے مطابق شوہر کی اطاعت کو اپنے لئے باعثِ عظمت سمجھ لیں، اگر ایسا ہو جائے تو گھر امن و سکون کا گہوارہ بن سکتا ہے۔ یاد رہے کہ بیوی اپنے شوہر کی اطاعت شریعت کے دائرے میں رہ کر ہی کرے، اگر شوہر خلافِ شریعت افعال کا حکم دے مثلاً نماز پڑھنے یا شرعی پردہ کرنے سے روکے تو اُس کا یہ حکم ماننا ہرگز جائز نہیں حدیثِ پاک میں ہے: لَا طَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِیْ مَعْصِیَةِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ یعنی اللہ پاک کی نافرمانی میں مخلوق کی اطاعت نہیں کی جائے گی۔[2] لہٰذا میاں بیوی اس بات کا خیال رکھیں کہ حُقُوق کی ادائیگی کرتے ہوئے معصیت کا اِرتکاب ہرگز نہ ہو۔ البتہ اگر خدانخواستہ شوہر علمِ دین سے محرومی یا شرعی احکام پر عمل درآمد میں سُستی و غفلت کے باعث زوجہ کو غیر شرعی افعال کا حکم دے تو زوجہ کو چاہئے کہ حکم ماننے سے صاف انکار بھی نہ کرے کہ وہ بضد ہو جائے بلکہ زوجہ حکمتِ عملی اختیار کرتے ہوئے اس کے حکم پر عمل پیرا ہونے سے

1 . . . مرآۃ المناجیح، ۵/۱۰۶

2 . . . مسند امام احمد، مسند علی بن ابی طالب، ۱/۲۷۸، حدیث: ۱۰۹۵

پہلو تہی اختیار کرتے ہوئے اُسے سمجھائے کہ آپ کا ہر جائز حکم سر آنکھوں مگر اس حکم پر عمل کرنا میرے لئے جائز نہیں اس میں میری بھی پکڑ ہو گی اور آپ کی بھی وغیرہ وغیرہ۔ یہاں اس بات کا ذکر بے حد ضروری ہے کہ علمِ دین ہی ایک ایسا ذریعہ ہے جو میاں بیوی کو رَبِّ کریم کی نافرمانی سے بچانے میں مُعاوِن ہو سکتا ہے کیونکہ جب شوہر کو جائز و ناجائز کی پہچان ہو گی تبھی وہ وہ بیوی کو ناجائز کام کا حکم دینے سے باز رہے گا اور جب بیوی کو علم ہو گا کہ یہ کام ناجائز اور اللہ پاک کی نافرمانی کے زُمرے میں آتا ہے تو ہی وہ اسے کرنے سے بچ سکے گی۔ علاوہ ازیں علمِ دین میاں بیوی کو ایک دوسرے کے حقوق کی پہچان اور انہیں پورا کرنے کی اہمیت بتاتا ہے اس لئے میاں بیوی کیلئے علمِ دین کا حصول اور خصوصاً ایک دوسرے کے حُقُوق کو جاننا بہت ضروری ہے۔

## شوہر کے حقوق پورے کرنے والی

**اے کامیابیوں کا راستہ ڈھونڈنے والی اسلامی بہنو!** شوہروں کے حقوق کا خوب خیال رکھئے اور انہیں اَحْسَن طریقے سے ادا کیجئے کیونکہ میاں بیوی کے درمیان باہمی محبت و الفت کا یہ خوبصورت رشتہ خوش اسلوبی سے اسی وقت نبھایا جا سکتا ہے جب میاں بیوی اپنے ذمے واجِبُ الاَدا حُقُوق اچھی طرح ادا کریں۔ یقیناً میاں بیوی دونوں کو ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے کا حکم دیا گیا ہے لیکن اس معاملے میں بیوی کو بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے۔ چنانچہ،

حضرت سَیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے مروی ہے کہ ایک عورت ہمارے پیارے

آقا، مکی مدنی مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی بارگاہ میں حاضر ہوئی اور عرض کی: یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ میں فُلاں بنتِ فُلاں ہوں۔ فرمایا: میں نے تمہیں پہچان لیا اپنا کام بتاؤ۔ عرض کی: مجھے اپنے چچا کے بیٹے فُلاں عابد سے کام ہے۔ فرمایا: میں نے اُسے بھی پہچان لیا۔ عرض کی: اُس نے مجھے نکاح کا پیغام بھیجا ہے، آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ مجھے بتائیں کہ عورت پر شوہر کا حق کیا ہے؟ اگر مجھ میں اُس کا حق ادا کرنے کی طاقت ہوئی تو میں شادی کروں گی ورنہ شادی نہیں کروں گی۔ فرمایا: مرد کے حق کا ایک ٹکڑا یہ ہے کہ اگر اُس کے دونوں نتھنے خون اور پیپ سے بہتے ہوں اور عورت اُسے اپنی زَبان سے چاٹے تب بھی شوہر کے حق سے بری نہ ہوئی، اگر آدمی کا آدمی کو سجدہ روا ہوتا تو میں عورت کو حکم دیتا کہ جب شوہر اس کے پاس آیا کرے تو وہ اسے سجدہ کیا کرے کیونکہ خدا نے مرد کو عورت پر فضیلت دی ہے۔ یہ سن کر اس عورت نے عرض کی: اس ذات کی قسم جس نے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے، میں کبھی شادی نہیں کروں گی۔[1]

**پیاری پیاری اسلامی بہنو!** ذرا سوچئے کہ پیارے آقا، مکی مدنی مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے شوہر کے حُقُوق کو کتنی اہمیت کے ساتھ بیان فرمایا نیز اس سے صحابیات رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُنَّ کی مدنی سوچ کا بھی اندازہ لگائیے کہ وہ شوہر کے حُقُوق کے معاملے میں کس قدر محتاط تھیں۔ شادی شُدہ اسلامی بہنوں کو چاہئے کہ اِس سے درس حاصل

1 ... مستدرک حاکم، کتاب النکاح، باب حق الزوج علی زوجتہ، ۲/۵۴۷، حدیث: ۲۸۲۲

کریں اور شوہر کے حُقُوق میں کوئی کمی نہ آنے دیں کیونکہ شوہر کی رضا میں رَبّ کی رضا اور شوہر کی ناراضی میں رَبّ کی ناراضی پوشیدہ ہے۔ آیئے حقِّ شوہر سے متعلق 4 فرامینِ مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ ملاحظہ کیجئے۔

## شوہر کے حقوق سے متعلق 4 فرامینِ مصطفٰے

1 جب شوہر بیوی کو اپنی حاجت کے لئے بلائے تو اس پر لازم ہے کہ شوہر کے پاس چلی آئے اگرچہ چولہے کے پاس بیٹھی ہو۔[1]

2 شوہر بیوی کو اپنے بچھونے پر بلائے اور وہ آنے سے انکار کر دے اور اُس کا شوہر اس بات سے ناراض ہو کر سو جائے تو رات بھر اُس عورت کے فرشتے اُس پر لعنت کرتے رہتے ہیں۔[2]

3 پیارے آقا، مکی مدنی مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی بارگاہ میں ایک عورت حاضر ہوئی اور عرض کی: شوہر کا حق اُس کی بیوی پر کیا ہے؟ ارشاد فرمایا: یہ کہ بیوی اپنے شوہر کو خود سے نہ روکے اگرچہ اونٹ کی پیٹھ پر سوار ہو اور شوہر کی اجازت کے بغیر گھر کی کوئی چیز کسی کو نہ دے، اگر دے گی تو شوہر کے لئے ثواب اور عورت کیلئے گناہ ہے اور اس کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ نہ رکھے اگر ایسا کیا تو گناہ گار ہو گی اور کچھ ثواب نہ ملے گا نیز شوہر کی اجازت کے بغیر گھر سے نہ نکلے اگر نکلی تو جب تک توبہ نہ کرے یا واپس نہ آجائے رحمت اور عذاب کے فرشتے اس پر لعنت کرتے ہیں۔ عرض کی

---

1 ... ترمذی، کتاب الرضاع، باب ماجاء فی حق الزوج علی المرأۃ، ۲/۳۸۶، حدیث: ۱۱۶۳

2 ... مسلم، کتاب النکاح، باب تحریم امتناعھا من فراش زوجھا، ص ۵۷۸، حدیث: ۳۵۴۱

گئی: اگرچہ شوہر ظالم ہو؟ فرمایا: اگرچہ وہ ظالم ہو۔[1]

4 اے عورتو! اللہ پاک سے ڈرو اور اپنے شوہروں کی رضا کو لازم پکڑ لو اگر عورت جان لے کہ شوہر کا حق کیا ہے تو وہ صبح اور شام کا کھانا لے کر کھڑی رہے۔[2]

## شوہر کے حُقُوق کی تفصیل

امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ محمد الیاس عطّار قادری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے اپنی کتاب **"پردے کے بارے میں سوال جواب"** میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے شوہر کے حُقُوق کی اہمیت پر بہت مفید روشنی ڈالی ہے۔ ملاحظہ کیجئے۔

**سوال:** اسلامی بہن پر شوہر کے حُقُوق کی کیا تفصیل ہے؟ کیا شوہر کا حق ماں باپ سے بھی بڑھ کر ہے؟

**جواب:** شوہر کے حُقُوق کا بیان کرتے ہوئے میرے آقا اعلیٰ حضرت، اِمامِ اَہلسنّت، مولانا شاہ امام اَحمد رضا خان رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں: عورت پر مرد کا حق خاص اُمورِ متعلقہ زَوجِیَّت میں اللہ و رسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے بعد تمام حُقُوق حتی کہ ماں باپ کے حق سے زائد ہے۔ ان اُمور میں اُس کے احکام کی اطاعت اور اُس کے ناموس کی نگہداشت (یعنی اس کی عزت کی حفاظت) عورت پر فرضِ اَہَمّ ہے، بے اس کے اِذن کے مَحارِم کے سوا کہیں نہیں جاسکتی اور مَحارِم کے یہاں بھی (اگر بغیر اجازت جائے تو) ماں باپ کے یہاں ہر آٹھویں دن وہ بھی صبح سے شام تک کیلئے اور بہن بھائی، چچا، ماموں،

1 ... سنن کبری للبیھقی، کتاب القسم والنشوز، باب ماجاء فی بیان حقہ علیھا، ۷/۴۷۷، حدیث: ۱۴۷۱۳

2 ... کنز العمال، کتاب النکاح، الباب الخامس فی حقوق الزوجین، جز: ۲، ۱۶/۱۴۵، حدیث: ۴۴۸۰۹

خالہ، پھوپھی کے یہاں سال بھر بعد (جاسکتی ہے) اور (بلا اجازت) شب کو کہیں (یعنی ماں باپ کے یہاں بھی) نہیں جاسکتی (ہاں اجازت سے جہاں جانا ہو وہاں روزانہ بھی اور رات کے وقت بھی جاسکتی ہے)۔ (1)

## شوہر کی شکر گزار

نیک سیرت اور مثالی بیوی کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ وہ ہمیشہ اپنے شوہر کے احسانات کی شکر گزار رہتی ہے اور کبھی اس کے احسانات کا انکار کرکے ناشکری نہیں کرتی وہ اچھی طرح جانتی ہے کہ شوہر مجھ جیسی صنفِ نازک کیلئے ایک مضبوط سہارا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نعمت ہے، وہی میری ضرورتوں کو پورا کرتا ہے اور اُسی کی وجہ سے مجھے اولاد کی نعمت ملی ہے۔ رحمتِ عالم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے عورتوں کو اپنے شوہروں کی ناشکری سے بچنے کی بہت تاکید فرمائی ہے۔ چنانچہ،

حضرت اسماء بنتِ یزید رَضِیَ اللہُ عَنْہَا فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ سرکارِ دوعالم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ ہم عورتوں کے پاس سے گزرے تو ہمیں سلام کیا اور فرمایا: احسان کرنے والوں کی ناشکری سے بچنا، ہم نے عرض کی کہ احسان کرنے والوں کی ناشکری سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: ممکن تھا کہ تم میں سے کوئی عورت طویل عرصے تک بغیر شوہر کے اپنے والدین کے پاس بیٹھی رہتی اور بوڑھی ہو جاتی لیکن اللہ پاک نے اسے شوہر عطا فرمایا اور اس کے ذریعے مال اور اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمایا اس کے باوجود جب وہ

1 . . . پردے کے بارے میں سوال جواب، ص ۱۱۵

غصے میں آتی ہے تو کہتی ہے: میں نے اس سے کبھی بھلائی دیکھی ہی نہیں۔[1]

بد قسمتی سے ہمارے معاشرے میں اکثر عورتیں ناشکری کی مصیبت میں گرفتار ہیں ذرا کسی اعلیٰ گھرانے کو یا کسی عورت کے قیمتی کپڑوں اور بیش قیمت زیورات کو دیکھ لیا تو ناشکری کرنے لگتی ہیں اور مَعَاذَ اللہ کچھ اس قسم کی گفتگو کرتی ہیں کہ میں تو ہوں ہی بد قسمت کہ نہ میکے میں سکھ نصیب ہوا نہ سسرال میں ہی کچھ سکون دیکھا۔ فلاں عورت عیش و آرام کی زندگی بسر کر رہی ہے اور میں فاقوں سے مر رہی ہوں، وغیرہ وغیرہ۔ اسی طرح بعض عورتوں کے شوہر انہیں اچھا اور عمدہ کھلاتے پلاتے ہیں نیز اپنی حیثیت اور طاقت کے مطابق کپڑے، زیورات اور دیگر آسائشِ زندگی مہیا کرتے رہتے ہیں لیکن اگر کبھی کسی مجبوری کی وجہ سے عورتوں کی کوئی خواہش پوری نہ کر سکیں تو عورتیں ان کے زندگی بھر کے احسانات کو بھلا کر ان کی ناشکری کرتے ہوئے کہتی ہیں کہ "مجھے اس گھر میں کبھی سُکھ نصیب نہیں ہوا، فلاں عورت کا شوہر اسے فلاں فلاں چیزیں لا کر دیتا ہے، تم نے کبھی میری کوئی خواہش پوری نہیں کی، تم سے تو کسی خیر کی امید ہی نہیں ہے، مجھے کبھی تمہاری طرف سے کوئی بھلائی نصیب نہیں ہوئی، میری تو قسمت ہی پھوٹی تھی جو تم جیسے شخص سے شادی ہو گئی، میرے ماں باپ نے تو مجھے بھاڑ میں جھونک دیا وغیرہ وغیرہ۔" یاد رہے کہ ناشکری کے یہ الفاظ نہ صرف عورت کی ازدواجی زندگی کو اُجاڑ دینگے بلکہ ساتھ ہی اُس کی آخرت بھی داؤ پر لگ جائے گی۔ چنانچہ،

---

1 ... مسند امام احمد، مسند القبائل، ۱۰/ ۴۳۳، حدیث: ۲۷۶۳۲

فکرِ آخرت دلانے والے ہمارے پیارے آقا، مکی مدنی مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کا فرمانِ عبرت نشان ہے: میں نے دیکھا کہ جہنم میں اکثریت عورتوں کی تھی۔ صحابۂ کرام رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُم نے پوچھا: یا رسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ! اس کی کیا وجہ ہے؟ فرمایا: وہ ناشکری کرتی ہیں۔ پوچھا گیا کہ کیا وہ اللہ پاک کی ناشکری کرتی ہیں؟ ارشاد فرمایا: وہ شوہر کی ناشکری کرتی ہیں اور احسان سے مُکر جاتی ہیں اگر تم کسی عورت کے ساتھ عمر بھر اچھا سُلوک کرو پھر بھی تم سے کوئی تکلیف پہنچ جائے تو کہے گی: میں نے تم سے کبھی بھلائی دیکھی ہی نہیں۔ (1)

**اے روزِ آخرت پر ایمان رکھنے والی اسلامی بہنو!** اگر آپ نے بھی کبھی شوہر کے ساتھ اس قسم کا رویّہ اپنایا ہے تو عاجزی اور اِنکساری کے ساتھ اپنے شوہر سے معافی مانگ کر اُسے راضی کر لیجئے کیونکہ اگر شوہر کے ساتھ احسان فراموشی والا سُلوک کرنے، فرمائش پوری نہ ہونے پر اسے جلی کٹی باتیں سُنانے اور اُس کا دل دکھانے کی وجہ سے اگر جہنّم میں ڈال دیا گیا تو ہلاکت ہی ہلاکت ہے۔ شوہر کی ناشکری سے عورت کو اِس لئے بھی بچنا چاہئے کہ مسلسل اِس قسم کی باتیں شوہر کے دل میں نفرت کے طوفان پیدا کر دیں گی اور اگر خدانخواستہ اُس کی زَد میں آکر تعلقات کی ناؤ ڈوب گئی تو عمر بھر پچھتانا پڑے گا۔ اِس لئے کامیاب بیوی وہی ہے جو کبھی بھی ناشکری کے الفاظ زبان پر نہ لائے بلکہ آسانیوں کے علاوہ تنگدستی کے حالات میں بھی صبر و شکر کا مظاہرہ کرتے ہوئے شوہر کے ساتھ زندگی کے دن گُزارے تاکہ وہ پریشانیوں میں خود کو تنہا نہ سمجھے۔

1 . . . بخاری، کتاب النکاح، باب کفران العشیر . . . الخ، ۳/ ۴۶۳، حدیث: ۵۱۹۷

## شوہر کو خوش رکھنے والی

مثالی بیوی بننے کے لئے عورت پر لازم ہے کہ وہ اپنے جسم، لباس اور گھر کی صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھے۔ پراگندہ بال اور میلی کچیلی نہ رہے بلکہ اپنے شوہر کیلئے خوب بناؤ سنگھار کرے کیونکہ اس سے شوہر کا دل خوش ہوتا ہے اور حدیثِ پاک میں شوہر کو خوش رکھنے والی عورت کو بہترین عورت قرار دیا گیا ہے۔ چنانچہ،

پیارے آقا، مکی مدنی مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے نیک بیوی کی خوبیوں میں سے ایک خوبی یہ بھی بیان فرمائی: اِنْ نَظَرَ اِلَیْھَا سَرَّتْہُ یعنی اگر اُس کا شوہر اُسے دیکھے تو وہ (اپنے ظاہری اور باطنی حسن و جمال سے) اُسے خوش کر دے۔ (1)

لہٰذا ہر شادی شدہ اسلامی بہن کو چاہئے کہ وہ باطنی زینت کے ساتھ ساتھ حتی المقدور مہندی، سرمہ اور زیورات سے ظاہری زینت کا بھی اہتمام کرے، یاد رہے کہ بظاہر زیادہ اہم نظر نہ آنے والی یہ چھوٹی چھوٹی چیزیں میاں بیوی کے تعلّق کو مضبوط بنانے کے لئے بے حد ضروری ہیں کیونکہ حصولِ معاش کیلئے محنت و مشقّت کے بعد دن بھر کا تھکا ماندہ شوہر جلدی جلدی گھر لوٹتا ہے تاکہ اسے سکون ملے اگر گھر میں داخل ہوتے ہی وہ بیوی کے برتاؤ میں کوئی خوش کُن پہلو نہیں دیکھے گا تو یقیناً گھٹن اور تنگی محسوس کرے گا اور اس چیز کے اظہار کے لئے ذرا ذرا سی بات پر برہم ہو جائے گا۔ اِس کے برعکس اگر گھر میں داخل ہوتے ہی وہ اپنی بیوی کو حسین و جمیل صورت میں دیکھتا ہے تو وہ اپنی بیوی

1 ... ابن ماجہ، کتاب النکاح، باب افضل النساء، ۲/۴۱۴، حدیث: ۱۸۵۷

سے محبت اور اُس کی طرف رغبت محسوس کرتا ہے۔ شوہر کی آمد سے پہلے بیوی کا خود کو تیار کرنا اور مسکرا کر اُس کا استقبال کرنا اِس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ اُسے شوہر کی آمد سے بہت خوشی اور مسرّت ہوئی ہے۔ اس قسم کا برتاؤ دیکھ کر شوہر دن بھر کی تھکاوٹ بھول جاتا ہے اور اُسے ذہنی سکون ملتا ہے نیز عورت کا اپنے شوہر کیلئے زینت اختیار کرنا خود اُس کے لئے بھی اجر و ثواب کا باعث ہے۔ چنانچہ،

## شوہر کے لئے سنورنا باعثِ اجر ہے

اعلیٰ حضرت، امامِ اہلسنّت، مجدّدِ دین وملّت، پروانۂ شمعِ رسالت، مولانا شاہ امام احمد رضا خان رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں: عورت کا اپنے شوہر کیلئے گہنا (زیور) پہننا، بناؤ سنگار کرنا باعثِ اجرِ عظیم اور اس کے حق میں نمازِ نفل سے افضل ہے، بعض صالحات (یعنی نیک بیبیاں) کہ خود اور اُن کے شوہر دونوں صاحب اولیاءِ کرام سے تھے ہر شب بعد نمازِ عشاء پورا سنگار کر کے دُلہن بن کر اپنے شوہر کے پاس آتیں اگر انہیں اپنی طرف حاجت پاتیں حاضر رہتیں ورنہ زیور و لباس اتار کر مُصلّے بچھاتیں اور نماز میں مشغول ہو جاتیں۔[1]

معلوم ہوا کہ نیک بیبیاں بھی اپنے شوہر کی رضا و خوشنودی اور ان کے حق کی ادائیگی کیلئے خود کو سنوارتیں اور ظاہری زینت کا اہتمام کرتی تھیں۔ افسوس! ہمارے معاشرے کی خواتین نے شاید اُن نیک سیرت بیبیوں کا کردار فراموش کر کے مخالف راستہ اختیار کر لیا، اب خواتین کا بناؤ سنگھار فقط بازاروں اور ایسی تقریبات میں جانے پر منحصر ہوتا ہے

1 . . . فتاویٰ رضویہ، ۲۲/۱۲۶

جن میں پردہ داری کا اہتمام نہیں کیا جاتا، یہ بدقسمتی نہیں تو اور کیا ہے کہ جن جگہوں پر انہیں پردے کا حکم ہے وہاں تو زینت کے ساتھ عمدہ خوشبوئیں (Perfumes) لگا کر نکلتی ہیں لیکن وہ رفیقِ حیات جس کے لئے شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے زینت اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے اس کے لئے عموماً آرائش و زیبائش کا اہتمام نہیں کیا جاتا بلکہ مَعَاذَ اللہ اپنے شوہر سے بداخلاقی سے پیش آکر اپنے باطن کی بدصورتی کا کھلم کھلا اظہار کرتی ہیں یاد رکھئے! شوہر سے بداخلاقی سے پیش آنا عورت کی ہلاکت کا باعث بن سکتا ہے۔ چنانچہ،

## شوہر تمہاری جنت اور دوزخ ہے

حضرت سَیِّدُنا حُصَیْن بن مِحْصَن رَضِیَ اللہُ عَنْہُ اپنی پھوپھی کے بارے میں بیان کرتے ہیں کہ وہ کسی کام سے رسولُ اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہوئیں، جب رسولُ اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ اُن کی حاجت پوری فرما چکے تو ارشاد فرمایا: کیا تم شوہر والی (یعنی شادی شُدہ) ہو؟ انہوں نے عرض کی جی ہاں۔ فرمایا: تم (خدمت کے اعتبار سے) شوہر کیلئے کیسی ہو؟ عرض کی: جو کام میرے بس میں نہ ہو اُس کے علاوہ میں اُن کی خدمت میں کوتاہی نہیں کرتی۔ ارشاد فرمایا: اِس بارے میں غور کر لینا کہ شوہر کے اعتبار سے تمہارا کیا مقام ہے کیونکہ وہی تمہاری جنّت اور دوزخ ہے۔[1]

اس روایت سے اُن اسلامی بہنوں کو درس حاصل کرنا چاہئے جو بات بات پر بلاوجہ

1 ... سنن کبری للنسائی، کتاب عشرۃ النساء، آداب اتیان النساء، باب طاعۃ المرأۃ زوجھا، ۵/ ۳۱۱، حدیث: ۸۹۶۳

شوہر سے روٹھتی، گال پھُلاتی اور غصے میں چلّا چلّا کر گفتگو کرتی ہیں اگر زبان سے غصے کی آگ ٹھنڈی نہ ہو تو گھر کی قیمتی اشیاء زمین پر پٹخ کر شوہر کا مالی نقصان کرتی اور بچوں کو مار پیٹ کر گھر کا ماحول خراب کرتی ہیں۔ ایسی بے باک عورتیں نہ صرف اپنا وقار کھو دیتی ہیں بلکہ پورے گھر کا چین و سکون بھی داؤ پر لگا دیتی ہیں۔ ہونا تو یہ چاہئے کہ اگر شوہر سے کسی بات پر ناراضی ہو بھی جائے تو اِزْدِوَاجی زندگی اور گھر کے سُکون کو اُس کی بھینٹ نہ چڑھایا جائے بلکہ ایسا طریقہ اختیار کیا جائے کہ ناراضی کا اظہار بھی ہو جائے اور گھریلو معاملات بھی متاثر نہ ہوں۔ آیئے اس ضمن میں اُمُّ المومنین حضرت سَیِّدَتُنا عائشہ صدّیقہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا کی ازدواجی زندگی کا ایک گوشہ ملاحظہ کر کے اُس سے کچھ درس حاصل کریں۔

## اُمُّ المومنین کی ازدواجی زندگی

اُمُّ المومنین حضرت سَیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا فرماتی ہیں کہ رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے مجھ سے فرمایا: میں جانتا ہوں جب تم ہم سے راضی رہتی تھیں اور جب تم ہم پر ناراض ہوتیں۔ میں نے پوچھا: آپ کیسے پہچانتے تھے؟ فرمایا: جب تم ہم سے خوش ہوتی تو کہتی تھیں محمد (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ) کے رَبّ کی قسم اور جب تم ہم سے ناخوش ہوتیں تو کہتی تھیں ابراہیم (عَلَیْہِ السَّلَام) کے رَبّ کی قسم۔ میں نے عرض کی: جی ہاں! یارسولَ اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ میں صرف آپ کا نام ہی چھوڑتی تھی (یعنی میرے دل میں آپ کی محبت بدستور رہتی تھی صرف قلبی حالت کے اظہار کیلئے ایسا کرتی تھی)۔ [1]

1 ... بخاری، کتاب النکاح، باب غیرۃ النساء ووجدھن، ۳/ ۴۷۱، حدیث: ۵۲۲۸

یاد رہے کہ اس مبارک گفتگو سے پیارے آقا، مکی مدنی مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ حضرت سَیِّدَتُنا عائشہ صدّیقہ طیبہ طاہرہ عابدہ زاہدہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا کو وہ زمانہ یاد دلا رہے تھے جب آپ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا نئی نئی بیاہ کر پیارے پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں حاضر ہوئی تھیں، اس وقت آپ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا کی عمر زیادہ نہ تھی مگر اِس کے باوجود اُمُّ المومنین حضرت سَیِّدَتُنا عائشہ صدّیقہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا کی عقل و فراست پر جان و ایمان صدقے کہ اگر گھریلو معاملہ میں کسی وجہ سے دل میں رنج ہوتا تو لڑائی بھڑائی شور وغیرہ نہ فرماتیں بلکہ رَبِّ کریم کا نام حضرت ابراہیم عَلَیْہِ السَّلَام کی نسبت سے لیتیں کہ دل کی حالت کا اظہار بھی ہو جائے اور گھر میں بدمزگی بھی نہ پیدا ہو۔ یہ بھی ذہن نشین رکھیں کہ حضرت سَیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا کی وہ ناراضی ناز کی تھی نہ کہ نفرت کی ورنہ حضور انور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ سے ناراض ہونا تو کفر ہے البتہ محبوبوں کی ناز والی ناراضی بھی پیاری ہوتی ہے۔ کاش! ہماری مائیں، بہنیں حضرت سَیِّدَتُنا عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا کے طرزِ عمل سے کچھ سبق حاصل کریں اور اپنے گھر کو میدانِ جنگ نہ بنائیں۔[1]

یقیناً عقلمند اور ذہین عورت وہی ہے جو اپنے گھر کی بربادی کا سبب بننے والی چیزوں کو پیشِ نظر رکھے اور اُن سے بچنے کی تگ و دو جاری رکھے۔ اگر کبھی لڑائی جھگڑے یا اختلاف کی کوئی صورت پیدا ہو جائے تو نہایت خوش اسلوبی سے اسے رَفع دَفع کر دے کیونکہ اللہ پاک نے عورت کو یہ خوبی بخشی ہے کہ اگر وہ چاہے تو چند لمحوں میں گھر کے ناخوشگوار

1 ... مرآۃ المناجیح، ۵/ ۹۰ ملخصا

ماحول کو خوشگوار بنا سکتی ہے ایک حدیثِ مبارکہ میں عورت کی اسی خوبی کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ چنانچہ،

## آپ کے راضی ہونے تک نہ سوؤں گی

حضرت سَیِّدُنا انس بن مالک رَضِیَ اللہُ عَنْہُ سے روایت ہے کہ رسولُ اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں یہ بتاؤں کہ جنتی عورتوں کو نسی ہیں؟ صحابۂ کرام رَضِیَ اللہُ عَنْہُم نے عرض کی: جی ہاں! یا رسولَ اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ۔ ارشاد فرمایا: ہر محبت کرنے والی اور زیادہ بچے جننے والی عورت، جب وہ شوہر کو ناراض کر دے یا اسے تکلیف دی جائے یا اُس کا شوہر اس پر غصہ کرے تو وہ کہے کہ میرا یہ ہاتھ آپ کے ہاتھ میں ہے، میں اس وقت تک سوؤں گی نہیں جب تک آپ راضی نہ ہو جائیں۔[1]

**پیاری پیاری اسلامی بہنو!** غور کیجئے کہ ہمارے میٹھے میٹھے آقا، مکی مدنی مُصْطَفٰے صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے کتنے اَحْسن انداز میں خواتین کو حُسنِ اَخلاق کا درس دیا ہے یہ ہے جینے کا حقیقی انداز، یہ ہے زندگی گزارنے کا اصل ڈھنگ، ایسے اخلاق سے گھر جنت کا نمونہ بنتے ہیں۔ واقعی اگر ہر ایک اسلامی بہن اچھے برتاؤ اور حسنِ اخلاق کو لازم پکڑ لے تو گھر کی خوشیوں کو چار چاند لگ جائیں۔ آج ہر اسلامی بہن گھر میں ناچاقیوں اور لڑائی جھگڑوں کی وجہ سے پریشان ہے غور کیجئے کہیں اِس کی وجہ اُن کی بد اخلاقی تو نہیں؟ ظاہر ہے اگر بیوی اَخلاقیات کو پسِ پُشت ڈال دے، شوہر کی غیبت کرے، اس کے

1 ... معجم صغیر، ۱/۴۶، حدیث: ۱۱۸

والدین، بہن بھائیوں اور رشتہ داروں کی غیبت کرے، چغلیاں کھائے، تہمتیں لگائے، جب بھی شوہر گھر آئے تو اُسے چڑچڑاپَن دکھائے اور غصے سے ناک پھلائے تو خود ہی بتایئے کیا ایسی عورت شوہر کے دل میں عزت اور مرتبہ حاصل کرسکے گی؟ ظاہر ہے کبھی نہیں کرسکے گی بلکہ عموماً اس قسم کی حرکتوں سے لڑائی جھگڑوں اور فسادات کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے گھر میدانِ جنگ بن جاتا ہے بلکہ بسا اوقات نوبت طلاق تک جا پہنچتی ہے۔

## میکے اور سسرال کا فرق

میاں بیوی میں لڑائی جھگڑے کی ایک وجہ یہ ہوتی ہے کہ بیوی جس نے اپنی زندگی کا ایک خوبصورت حصہ والدین کے گھر میں گزارا ہوتا ہے جہاں وہ ہر لمحہ والدین کی محبتوں اور شفقتوں کے سائے میں پلتی تھی مگر شادی کے بعد جب وہ ماضی کو یاد کرتی ہے اور سُسرالی زندگی اور سُسرال والوں کے رویّوں کا میکے کی زندگی اور میکے والوں کے رویّوں سے موازنہ کرتی ہے تو اسے میکے اور سسرال میں بہت فرق نظر آتا ہے اسی فرق کو دیکھ کر اسے بہت زیادہ محرومی کا احساس ہوتا ہے اور پھر وہ اس احساس کو ہر وقت اپنے ساتھ لگائے رکھتی ہے جس کے نتیجے میں اس کا مزاج چڑچڑا ہوجاتا ہے، وہ بات بات پر شوہر سے اُلجھتی اور اس کی سیدھی بات کا اُلٹا جواب دیتی ہے اس طرح وہ اپنی خوشیوں کو اپنے ہی ہاتھوں غم کی آگ میں جھونک دیتی ہے حالانکہ اگر وہ چاہے تو اپنے شوہر کے گھر میں بھی بہت ساری محبتیں اور چاہتیں سمیٹ سکتی ہے اس کیلئے صرف اُسے یہ بات مدِّ نظر

رکھنے کی ضرورت ہے کہ آج تک تو وہ محبتیں سمیٹتی آئی تھی اب محبتیں تقسیم کرنے کا وقت آگیا ہے، جب وہ شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنے سسرال میں حُسنِ سُلوک اور چاہت کا مظاہرہ کا کرے گی اور اپنی حکمتِ عملی سے سسرال والوں کا دل جیت لے گی تو اُس کی زندگی میں ہر طرف خوشیاں ہی خوشیاں ہوں گی۔

شوہر اور سسرال والوں کے دل جیتنے کا گُر ہر اسلامی بہن کو شادی سے پہلے ہی سیکھ لینا چاہئے اور اِس کیلئے ماں کو اپنی بیٹی کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا چاہئے، ہر ماں کو چاہئے کہ اپنی لَختِ جگر کو اُس کی شادی پر اچھی تربیت، عُمدہ اَخلاق اور دانِشمندانہ نصیحتوں کا تحفہ پیش کرے۔ پہلے وقتوں میں مائیں اپنی بیٹیوں کو بہت ہی عمدہ نصیحتیں کیا کرتی تھیں۔ آیئے اس ضمن میں ایک خوبصورت حکایت ملاحظہ کیجئے۔

## ازدواجی زندگی سے متعلق ماں کی نصیحتیں

ایک تابعی بُزرگ حضرت عبدُ المَلِک بن عُمَیر رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ بیان کرتے ہیں: جب عَوْف بن مُلَحِّم شَیْبانی نے اپنی بیٹی کی شادی اِیاس بن حارِث کِنْدی سے کی تو بیٹی کو تیّار کیا گیا اور رُخصتی کے وقت لڑکی کی والدہ اُمامہ اُسے نصیحت کرنے کیلئے اُس کے پاس آئیں اور کہنے لگیں: پیاری بیٹی! اگر اس بُنیاد پر کسی کو نصیحت نہ کرنا دُرُست ہوتا کہ وہ ادب میں اعلیٰ مقام اور حَسَب نَسَب بھی عالی شان رکھتا ہے تو میں تجھے بھی نصیحت نہ کرتی اور تجھے پَنْد و نصیحت کرنے سے آزاد سمجھتی (لیکن ایسا نہیں ہے) نصیحت ایسی چیز ہے جو غافل کی غفلت دُور کر دیتی ہے اور سمجھ دار کیلئے سُوجھ بوجھ کا ذریعہ بنتی ہے۔

اے بیٹی! اگر باپ کے مالدار ہونے کی بناء پر یا بیٹی کو باپ کی سخت ضرورت ہونے کی وجہ سے کوئی عورت شوہر سے بے نیاز ہو سکتی تو تُو سب سے زیادہ بے نیاز ہوتی (یعنی تجھے شوہر کی کوئی ضرورت نہ ہوتی) مگر ایسا نہیں ہے، عورتیں پیدا ہی مَردوں کیلئے کی گئی ہیں جیسے مرد عورتوں کیلئے پیدا کئے گئے ہیں۔

اے بیٹی! جس ماحول میں تیری پیدائش ہوئی اور جس گھونسلے میں تو نے پَرَوَرِش پائی تُو اُسے خیر باد کہہ کر ایسی جگہ جارہی ہے جس سے تُو انجان ہے اور ایسے ساتھی کی طرف جارہی ہے جس سے تُو نامانوس ہے۔ وہ تجھ پر اپنی ملکیت کے سبب بادشاہ بن گیا ہے، تُو اُس کی لونڈی (فرماں بردار) بن جانا وہ تیرا غلام (تابعدار) ہو جائے گا۔ اُس کے بارے میں دس باتوں کو پلّے باندھ لے اِن میں تیرے لئے بڑی گہرائی اور نصیحت ہے۔

❀ **پہلی اور دوسری بات:** خاوند کے ساتھ قناعت [1] سے رہنا اور ایسے زندگی بسر کرنا کہ اس کی ہر (جائز) بات اچھی طرح سننا اور مان لینا، کیونکہ قناعت میں دل کی راحت ہے اور (شوہر کی جائز) بات غور سے سُن کر ماننے میں رَبّ کی رِضا ہے۔

❀ **تیسری اور چوتھی بات:** اپنے شوہر کی ناک اور آنکھ کا خیال رکھنا کہ اسے ہرگز تیرے اندر کوئی ناپسندیدہ چیز دکھائی نہ دے اور وہ تجھ سے عُمدہ خُوشبو ہی سونگھے۔ موجودہ چیزوں میں سے سُرمہ بہترین چیز ہے اور پانی بہترین خُوشبو ہے، جو محسوس نہیں ہوتی۔

❀ **پانچویں اور چھٹی بات:** اپنے سرتاج کے کھانے کے اوقات کو مدِّ نظر رکھنا اور اُس

---

1 . . . عام استعمال کی اشیاء نہ ہونے پر بھی راضی رہنا قناعت ہے۔ (التعریفات للجرجانی، ص ۱۲۶)

کے آرام و سُکون کا بھی خیال رکھنا، کیونکہ بھوک کی شدّت آدمی کو بھڑکاتی اور نیند کی خرابی غُصّہ دلاتی ہے۔

❀ **ساتویں اور آٹھویں بات:** اپنے شوہر کے رشتے داروں اور اہل و عیال کو اہمیَّت دینا اور اُس کے مال کی حفاظت کرنا کیونکہ مال کی حفاظت حسنِ تقدیر ہے اور رشتے داروں اور گھر والوں کا خیال رکھنا حسنِ تدبیر۔

❀ **نویں اور دسویں بات:** اپنے شوہر کے راز فاش مت کرنا اور کسی بھی حال میں اس کی نافرمانی نہیں کرنا۔ اگر تو نے اس کے راز فاش کئے تو اُس کی بے وفائی سے بچ نہیں سکے گی اور اگر نافرمانی کرے گی تو اس کا سینہ غصے سے بھڑک اُٹھے گا۔

اے میری پیاری بیٹی! اُس کے رَنج و غم کی کیفیت میں خُوشی و مَسَرَّت کا اظہار کرنے اور اُس کی خُوشی کے موقع پر حُزن وملال کا مُظاہَرہ کرنے سے بچنا کیونکہ پہلی بات بے پروائی کی علامت ہے اور دوسری بات تعلُّقات کو ناخُوشگوار بنانے کا سبب۔

تجھ سے جس قدر ہو سکے اپنے شوہر کی عزّت کرنا، اُسے بہت اعلیٰ مرتبہ دینا اور ہمیشہ اس کا ساتھ نبھانا۔ بیٹی یاد رکھنا! تجھے اُس سے جو اپنائیت درکار ہے وہ اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتی جب تک تُو اپنی پسند اور ناپسند کے تمام معاملات میں اُسکی رِضا کو اپنی رِضا پر اور اُس کی خواہش کو اپنی خواہش پر ترجیح نہ دے گی۔ اللہ پاک تیرا بھلا کرے اور تیری حفاظت فرمائے۔[1]

---

1 . . . احکام النساء لابن جوزی، باب الرابع والستون فی وجوب طاعۃ الزوج، ص ۱۴۲

ظاہر ہے کہ دُلہن کی والدہ نے شادی سے پہلے بھی اس کی عمدہ تربیت کا اہتمام کیا ہو گا لیکن خاص رخصتی کے وقت اس لئے نصیحت کی کیونکہ اس وقت کی نصیحت زیادہ مؤثّر (اثر کرنے والی) ہوتی ہے اور دُلہن اسے عمر بھر یاد رکھتی ہے اس لئے والدین کو چاہئے کہ اچھی تربیت کے ساتھ ساتھ اچھی نصیحت کا بھی اہتمام کریں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! امیرِ اہلسنّت حضرت علامہ محمد الیاس عطّار قادری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے بھی اچھی تربیت کے ساتھ ساتھ اپنی شہزادی کی شادی خانہ آبادی کے موقع پر انہیں نصیحت کے بہت ہی پیارے مدنی پھول عطا فرمائے، یہ مدنی پھول دیگر اسلامی بہنوں کی ازدواجی زندگی کیلئے بھی بے حد مفید ہیں آیئے ملاحظہ کیجئے۔

## بنتِ عطار کے لئے 12 مدنی پھول

1 شوہر کی طرف سے ملنے والا ہر حکم جو خلافِ شرع نہ ہو، بجالانا ضروری ہے۔

2 اپنے شوہر اور ساس کا کھڑے ہو کر اِستقبال کیجئے اور کھڑے ہو کر ہی رخصت بھی کیجئے۔

3 دن میں کم از کم ایکبار (ممکن ہو تو) ساس کی دست بوسی کیجئے۔

4 اپنی ساس اور سُسَر کا والدین کی طرح اِکرام کیجئے۔ ان کی آواز کے سامنے اپنی آواز پست رکھئے۔ ان کے اور اپنے شوہر کے سامنے **"جی جناب"** سے بات کیجئے۔

5 شوہر ضَرور تاً سزا دینے کا مجاز ہے۔ ایسا ہو تو صبر و تحمل کا مظاہرہ کیجئے، غصہ کر کے یا زبان درازی کر کے گھر سے رُوٹھ کر آجانے کی صورت میں آپ پر **"میکے"** کے

دروازے بند ہیں۔

6 ہاں بغیر روٹھے شوہر کی اجازت کی صورت میں جب چاہیں میکے آسکتی ہیں۔

7 اپنے میکے کی کوتاہیاں شوہر کو بتا کر غیبت کے گناہِ کبیرہ میں نہ خود مبتلا ہوں نہ اپنے شوہر کو "**سُننے**" کے گناہِ کبیرہ میں ملوث کریں۔

8 اپنی "**بے عملی**" یا "**لاعلمی**" کو ڈھانپنے کیلئے اِس طرح کہہ دینا کہ "**مجھے تو والِدَین نے یہ نہیں سکھایا**" سخت حماقت ہے۔

9 بہارِ شریعت حصہ 7 سے "**نان نفقہ کا بیان**"، "**زوجین کے حُقُوق**" وغیرہ کا مطالعہ کر لیجئے۔

10 اپنے لئے کسی قسم کا "**سوال**" اپنے شوہر سے کر کے ان پر بوجھ مت بننا۔ ہاں اگر وہ مقرر کردہ حقوق ادا نہ کریں تو مانگ سکتی ہیں۔

11 مہمان کی خدمت سعادت سمجھ کر کرنا، اُس کے اخراجات کے معاملے میں شوہر پر بے جا بوجھ مت ڈالنا۔ اپنے والد (یعنی سگِ مدینہ) سے طلب کر لینا۔ اِنْ شَآءَ اللہ مایوسی نہیں ہوگی اور اگر وہ خوش دلی سے رضامند ہوں تو ان کی سعادت مندی ہوگی۔

12 شوہر کی اجازت کے بِغیر ہرگز گھر سے نہ نکلیں۔[1]

**پیاری پیاری اسلامی بہنو!** بظاہر چھوٹے چھوٹے نظر آنے والے ان

---

1 . . . تذکرۂ امیر اہلسنّت، قسط: ۳، ص ۴۸

مدنی پھولوں میں تربیت کا خزانہ اور گھر بسانے والی مثالی بیوی بننے کا راز چھپا ہوا ہے لہٰذا ہر اسلامی بہن ان مدنی پھولوں کو اپنانے کی کوشش کرے اِنْ شَآءَ اللہ اِس کی برکت سے دُنیا و آخرت کی بے شمار بھلائیاں نصیب ہوں گی۔

## صبر کرنے والی

یاد رہے کہ سسرال عورت کیلئے ایک امتحان گاہ ہے جس نے اچھے اخلاق، ادب و آداب اور صبر و تحمل کا سبق پڑھا وہ اس امتحان گاہ میں ضرور پاس ہو جائے گی خصوصاً صبر و تحمل ایک ایسی چیز ہے جس کی سسرال میں بہت زیادہ ضرورت ہے بارہا ایسا ہوتا ہے کہ ذرا سا عدمِ برداشت ہمیشہ کے پچھتاوے اور محرومی کا سبب بن جاتا ہے اس لئے اگر شوہر کو بیوی کی کسی بات پر غصہ آجائے تو بیوی پر لازم ہے کہ اس وقت خاموش ہو جائے اور کوئی ایسی بات نہ کرے جس سے شوہر کے غصے میں مزید اضافہ ہو بلکہ صبر کرے کہ **"صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے"** اگرچہ عورت کا قصور نہ ہو تب بھی صبر کرے کیونکہ شوہر غصے میں ہے اور جب غصہ عقل پر غالب ہوتا ہے تو انسان وہ کام بھی کر جاتا ہے جس پر بعد میں پچھتاتا ہے اس لئے عورت سمجھ داری سے کام لے، صبر کرے اور جب شوہر کا غصہ ٹھنڈا ہو جائے تو اللہ پاک کی رضا کیلئے خود ہی اس کے پاس جا کر معافی مانگ لے، ہرگز ہرگز یہ نہ سمجھے کہ میرا قصور نہیں تو میں معافی کیوں مانگوں؟ بلکہ یہ سوچے کہ اگر قصور وار ہونے کی وجہ سے معافی مانگی جائے تو اس میں کیا کمال؟ کمال تو یہ ہے کہ قصور نہ ہونے کے باوجود بھی صرف اس لئے معافی مانگی جائے کہ شوہر راضی ہو جائے کیونکہ

اس کی رضا میں ہی رَبّ کی رضا ہے۔ جو اسلامی بہن اس طرح اپنا مدنی ذہن بنالے اور قصور وار نہ ہونے کے باوجود بھی شوہر سے معافی مانگ لے تو دلوں کو پھیرنے والے اللہ پاک کی رحمت سے قوی امید ہے کہ وہ شوہر کے دل کو اس کی محبت سے بھر دے گا اور سسرال میں اسے عزّت و احترام اور سرخروئی نصیب فرمادے گا۔

## غلام کی بیوی یا بادشاہ کی ملکہ

اس کے برعکس اگر مَعَاذَ اللہ بیوی یہ سوچ اپنائے کہ **"میں شوہر کو دبا کر رکھوں گی، شوہر نے کچھ اَڑی دکھائی تو پورا ہفتہ اُس سے بات نہیں کروں گی، اسے اپنے آگے بے بس کردوں گی، اس پر اپنا حکم چلاؤں گی، اسے غلام بنا کر رکھوں گی وغیرہ وغیرہ"** تو یاد رکھئے! یہ سوچ بیوی کو شوہر کی نافرمانی اور باہمی تعلقات کی بے راہ روی پر مجبور کردے گی جس کے نتیجے میں بیوی اپنے شوہر پر برتری حاصل کرنے کے بجائے اپنا سکون اور بسا بسایا گھر دونوں ہی تباہ و برباد کر ڈالے گی۔ لہٰذا بیوی کو چاہئے کہ وہ اپنے شوہر کو اپنا غلام بنانے کی خواہش ہمیشہ کیلئے دل سے نکال دے اور غلام کی بیوی کی حیثیت سے زندگی گزارنے کے بجائے اپنے شوہر کو اپنا حاکم و بادشاہ تسلیم کرکے ایک بادشاہ کی ملکہ کی حیثیت سے اس کے ساتھ خوش و خرم زندگی گزارنے کا ذہن بنائے۔

## مرد عورت پر حاکم ہے

یاد رہے کہ شوہر کو بیوی پر حاکم و افسر کسی اور نے نہیں بلکہ خود اللہ پاک نے بنایا ہے۔ چنانچہ اللہ پاک قرآنِ کریم میں ارشاد فرماتا ہے:

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّ بِمَاۤ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَیْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ (پ۵، النساء، آیت: ۳۴)

ترجَمۂ کنزالایمان: مرد افسر ہیں عورتوں پر اس لئے کہ اللہ نے ان میں ایک کو دوسرے پر فضیلت دی اور اس لئے کہ مردوں نے ان پر اپنے مال خرچ کئے تو نیک بخت عورتیں ادب والیاں ہیں خاوند کے پیچھے حفاظت رکھتی ہیں جس طرح اللہ نے حفاظت کا حکم دیا۔

مشہور مفسرِ قرآن، حکیمُ الاُمَّت مفتی احمد یار خان رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ اس آیت کے تحت فرماتے ہیں: مرد یا خاوند عورتوں یا بیویوں کے افسر حاکم مقرر کئے گئے ہیں، بیویاں ان کی ماتحت، اس کی دو وجہ ہیں:

❀ ایک تو یہ کہ اللہ پاک نے مرد کو عورت پر بُزرگی دی ہے کہ نبوّت، خلافت، قضاء، حُدود میں گواہی، جہاد وغیرہ مردوں کو ہی بخشے، انہیں کاملِ عقل، کاملِ دین بنایا۔ عورتوں کی عقل ناقص رکھی، دین بھی کہ مالی معاملات میں دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر قرار دی، عورتیں بحالتِ حیض و نفاس، نماز، تلاوتِ قرآن، روزے وغیرہ سے محروم، مرد یہ کام ہمیشہ کرتے ہیں۔

❀ دوسرے یہ کہ مردوں نے عورتوں پر مال خرچ کیے ہیں کہ عورت کا مہر، خرچہ، کفن، دفن خاوند کے ذمہ ہے، مرد کا مہر خرچہ وغیرہ عورت کے ذمّہ نہیں اور قاعدہ ہے کہ خرچ دینے والا خرچ لینے والے کا حاکم ہوتا ہے۔[1]

---

1 . . . تفسیرِ نعیمی، پ۵، النساء، تحت الآیۃ: ۳۴، ۵/ ۱۹۵

## نظامِ فطرت

دراصل اللہ پاک نے اپنی حکمت اور مشیّت کے تحت گھر جیسے اہم ادارے میں مرد و عورت کی ذمہ داریاں الگ الگ رکھیں تاکہ گھر کا نظم و نسق اچھی طرح چلتا رہے، اگر مرد کے بجائے عورت حاکم بن جائے اور خود کو مرد کے برابر ثابت کرنے کیلئے مردوں کے معاملات کو اپنالے تو پورے گھر بلکہ پورے معاشرے کا نظام درہم برہم ہو جائے گا۔ جیسا کہ دُنیا کے کچھ معاشروں میں مرد کی برابری اور اس کے شانہ بشانہ چلنے کی سوچ نے عورتوں کو زندگی کے بہت سے شعبوں میں مردوں کی صف میں لا کھڑا کیا لیکن اب وہاں کی عورتیں شدید مُشکلات کا شکار ہیں کیونکہ وہاں کے موجودہ خلافِ فطرت معاشرتی نظام کی وجہ سے عورتوں کو ایسی ایسی ذمہ داریوں کا بوجھ بھی اپنے کندھے پر اُٹھانا پڑ رہا ہے جن ذمہ داریوں کیلئے اُسے فطرتاً پیدا ہی نہیں کیا گیا۔ ظاہر ہے کہ نظامِ فطرت کی تبدیلی کسی بھی طرح انسانیت کے مفاد میں نہیں، عورت کئی فطری عوامل کے سبب ہر طرح کی ذمہ داریوں کا بوجھ نہیں اٹھا سکتی اور نہ ہی معاشرے میں مکمل طور پر مردانہ کردار ادا کر سکتی ہے۔ ابتدائے حمل سے لے کر بچے کو دودھ پلانے کی مدّت ختم ہونے تک کا دورانیہ وہ کس قدر دُشواری میں گزارتی ہے اس کا ہر ذی شعور کو اندازہ ہو گا نیز مخصوص ایّام کی مشکلات اِس کے علاوہ ہیں لہٰذا اگر ان سب مشکلات کے باوجود کسی سخت مجبوری کے بغیر کسبِ معاش کی ذمہ داری بھی عورت کے کندھوں پر تھوپ دی جائے تو یہ اُس صنفِ نازک پر اُس کی طاقت سے زیادہ بوجھ لادنے اور اس بیچاری پر ظلم

ڈھانے کے مترادف ہو گا۔ اگر عورت کو ماں بننے کی ذمہ داری سے آزاد کر دیا جائے تو معاشرہ بانجھ ہو کر رہ جائے گا اور قومیں نسلِ نو سے محروم ہو جائیں گی۔ اسی لئے اسلام نے عورت کو اُس کی طاقت کے مطابق صرف گھر کی ذمہ داریاں دی ہیں تا کہ وہ چادر و دیواری میں رہے اور یوں اُس کی عفّت و عصمت کی حفاظت بھی ہوتی رہے۔

مگر افسوس! آج کل اسلام دشمن عناصر مسلمان خواتین کے دل سے اسلام کی عظمت ختم کرنے اور بے پردگی و فحاشی کو فروغ دینے کیلئے اُن سے جھوٹی ہمدردی کا ڈھونگ رچاتے ہوئے اس قسم کی آوازیں اُٹھا رہے ہیں کہ اسلام نے عورت کو محکوم اور غلام بنا دیا، اسے مرد کے ماتحت کر کے اسے مرد سے نیچا کر دیا ہے اور اس کی عظمت کو ٹھیس پہنچائی، عورت کو چادر اور چار دیواری کا پابند کر کے اسے قید کر کے رکھ دیا ہے اور اس کی آزادی سلب کر لی ہے وغیرہ وغیرہ حالانکہ حقیقت تو یہ ہے کہ اسلام نے عورت کا مرتبہ گھٹایا نہیں بلکہ بڑھایا ہے، عورت کو ظلم کی چکی میں پسنے سے نجات دلائی ہے، وہ عورت جو پاؤں کی جوتی سمجھی جاتی تھی اسے عزّت بخشی اور مختلف جہتوں سے اس کے حقوق بیان کئے، اسلام نے عورت کو مرد کا غلام نہیں بنایا بلکہ جو پہلے غلام تھے انہیں بھی اسلام ہی کی وجہ سے نعمتِ آزادی نصیب ہوئی، البتہ اتنا ضرور ہے کہ اسلام نے شوہر کی حیثیت میں مرد کو عورت کے مقابلے میں ایک گونا برتری عطا کی ہے مگر اس میں بھی حسن و خوبی یہ ہے کہ اس برتری کی وجہ سے اگر مرد گھر کا حاکم و افسر ہے تو بحیثیتِ بیوی عورت کو بھی ایسا مقام بخشا کہ اس کی حیثیت گھر کی ملکہ سے کسی بھی طرح کم نہیں۔

آیئے زمانۂ جاہلیت اور زمانۂ اسلام میں عورت کی معاشرتی حیثیت کے فرق کا مختصر حال ملاحظہ کیجئے۔

## زمانۂ جاہلیت میں عورت سے بدسُلوکی

دورِ جاہلیت میں عورت بدترین حالات سے دوچار تھی معاشرے میں عورت ذات کی نہ صرف انتہائی تذلیل کی جاتی بلکہ اس کے حقوق بھی پامال کئے جاتے، مالِ وراثت میں عورت کو قطعاً کسی قسم کا حقدار نہ سمجھا جاتا نیز عورت کی گواہی کسی بھی معاملے میں قابلِ قبول نہ سمجھی جاتی، باپ کے مرتے ہی بیٹا اس کی بیوہ سے شادی کر لیتا تھا اور عورت ذات سے نفرت کا یہ عالم تھا کہ جب کسی شخص کی بیوی کے ہاں زچگی کے آثار ظاہر ہوتے تو وہ شخص بچہ پیدا ہو جانے تک اپنی قوم سے چھپا رہتا، پھر اگر اسے معلوم ہوتا کہ بیٹا پیدا ہوا ہے تو وہ خوش ہو جاتا اور اپنی قوم کے سامنے آجاتا اور جب اسے پتا چلتا کہ اس کے ہاں بیٹی پیدا ہوئی ہے تو وہ غمزدہ ہو جاتا اور شرم کے مارے کئی دنوں تک لوگوں کے سامنے نہ آتا اور اس دوران غور کرتا رہتا کہ اس بیٹی کے ساتھ وہ کیا کرے؟ آیا ذلت برداشت کر کے اس بیٹی کو اپنے پاس رکھے یا اسے زندہ درگور کر دے جیسا کہ مُضَر، خُزاعہ اور تمیم قبیلے کے کئی لوگ اپنی لڑکیوں کو زندہ گاڑ دیتے تھے۔[1]

لڑکیوں کے ساتھ اہلِ جاہلیت کے اس بدترین دستور کو قرآنِ کریم میں یوں بیان فرمایا گیا ہے:

---

1 ... تفسیر خازن، پ ۱۴، النحل، تحت الآیۃ: ۵۹، ۳/۱۲۷، ۱۲۸ ملخصا

وَ اِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّ هُوَ كَظِیْمٌ ﴿۵۸﴾ یَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَیُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ یَدُسُّهٗ فِی التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ ﴿۵۹﴾ (پ ۱۴، النحل: ۵۸، ۵۹)

ترجَمۂ کنز الایمان: اور جب ان میں کسی کو بیٹی ہونے کی خوشخبری دی جاتی ہے تو دن بھر اس کا منہ کالا رہتا ہے اور وہ غصّہ کھاتا ہے۔ لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے اس بشارت کی برائی کے سبب کیا اسے ذلّت کے ساتھ رکھے گا یا اسے مٹی میں دبادے گا ارے بہت ہی برا حکم لگاتے ہیں۔

امام فخرُ الدین رازی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں: زمانۂ جاہلیت میں کفار مختلف طریقوں سے اپنی بیٹیوں کو قتل کر دیتے تھے، ان میں سے بعض گڑھا کھودتے اور بیٹی کو اس میں ڈال کر گڑھا بند کر دیتے حتی کہ وہ مر جاتی، اور بعض اسے پہاڑ کی چوٹی سے پھینک دیتے، بعض اسے غرق کر دیتے اور بعض اسے ذبح کر دیتے تھے، ان کا بیٹیوں کو قتل کرنا بعض اوقات غیرت اور حمیت کی وجہ سے ہوتا تھا اور بعض اوقات فقر و فاقہ اور نان نفقہ لازم ہونے کے خوف سے وہ ایسا کرتے تھے۔[1]

قربان جایئے دینِ اسلام پر کہ جب اُس کے نور سے لوگوں کے باطن منوّر ہوئے تو ان کے دلوں میں بچیوں کے ساتھ یہ بدترین طرزِ عمل اختیار کرنے سے ایسی نفرت و بیزاری پیدا ہوئی کہ آئندہ اس جرم کا ارتکاب کرنا تو درکنار لوگوں کو اپنی سابقہ کوتاہیوں پر ایسی ندامت ہوئی کہ وہ یہ سوچنے پر مجبور ہو گئے کہ ہمارا کیا بنے گا...؟ کیا ہمارا سابقہ قصور قابلِ معافی ہے یا نہیں...؟ جیسا کہ

1 ... تفسیر کبیر، پ ۱۴، النحل، تحت الآیۃ: ۵۹، ۷/۲۲۶ ملخصا

ایک مرتبہ ایک شخص رسولِ کریم، رؤفٌ رَّحیم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کی: ہم جاہلیت والے اور بتوں کی پوجا کرنے والے لوگ تھے ہم اپنی اولاد کو قتل کر دیا کرتے تھے۔ میری ایک بیٹی تھی میں جب بھی اسے بلاتا تو وہ خوش ہو جاتی اور میرے پاس چلی آتی تھی۔ ایک روز میں نے اسے بلایا وہ میرے پیچھے چلنے لگی حتی کہ میں تھوڑے سے فاصلے پر واقع اپنے خاندان کے ایک کنویں پر پہنچا اور اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے کنویں میں پھینک دیا اس کی مجھ سے آخری بات یہ تھی کہ وہ مجھے بابا جان بابا جان کہہ رہی تھی۔ یہ سننا تھا کہ پیارے آقا، مکی مدنی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی چشمانِ اقدس سے آنسو ٹپکنے لگے۔ صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان میں سے کسی نے کہا کہ تم نے رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کو غمگین کر دیا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: رُک جاؤ! یہ اُس چیز کے بارے میں پوچھ رہا ہے جس نے اِس کو غمگین کیا ہے۔ پھر اُس سے فرمایا: اپنی بات کو ایک مرتبہ پھر دُہراؤ۔ اُس نے اپنی بات دُہرائی تو پیارے آقا، مکی مدنی مُصْطَفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ اتنا روئے کہ داڑھی مبارک آنسوؤں سے تر ہو گئی۔ پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: بے شک اللہ پاک (اسلام لانے کے بعد) زمانۂ جاہلیت کے گناہ مٹا دیتا ہے اب نئے سرے سے اپنے اعمال کا آغاز کرو۔[1]

بہر حال یہ ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے کہ یہ اسلام ہی کا کارنامہ ہے جس نے دُنیا میں سب سے پہلے عورت کو حقوق عطا فرمائے جیسا کہ حضرت سَیِّدُنا عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ

1 ... دارمی، المقدمۃ، باب ما کان علیہ الناس قبل مبعث النبی ... الخ، ۱/ ۱۴، حدیث: ۲

عَنْہُ فرماتے ہیں: خدا کی قسم ہم زمانۂ جاہلیت میں عورتوں کا کوئی حق نہیں سمجھتے تھے یہاں تک کہ اللہ پاک نے ان کے متعلق وہ احکام نازل فرمائے جو نازل فرمائے اور وہ حقوق مقرر فرمائے جو مقرر فرمائے۔ (1)

لہٰذا اسلام ہی حقوقِ نسواں کا سچا علمبر دار ہے جس نے عورت کو عزت و وقار سے نوازا، زندہ در گور ہونے والی کو جینے کا حق دیا اور اس کی پوری زندگی کے حقوق کی ایک فہرست بیان فرمادی اس کے باوجود اگر کوئی جاہل اسلام کی تعلیمات کو عورتوں کے حقوق کے مخالف سمجھتے ہوئے یہ اعتراض کرتا ہے کہ عورت مرد کے برابر کیوں نہیں؟ اس پر فلاں فلاں پابندیاں کیوں ہیں؟ وہ شوہر کے ماتحت اور اس کی خدمت کی پابند کیوں ہے؟ وغیرہ وغیرہ تو ایسے جاہل کو چاہئے کہ وہ اپنی جہالت اور دماغ کی خرابی کا علاج کرنے کی طرف بھرپور توجہ دے البتہ اسلامی بہنوں کی تسلی و حوصلہ افزائی کیلئے عرض ہے کہ اَلْحَمْدُلِلّٰہ اسلام میں ایسی برگزیدہ خواتین بھی گزری ہیں جنہوں نے بہت ہی بلند مقام و مرتبے کے باوجود اپنے شوہر کی خدمت گزاری میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی۔ چنانچہ،

## خاتونِ جنت اور شوہر کی خدمت

حضرت سَیِّدُنا علیُّ المُرتضٰی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فرماتے ہیں کہ رسولُ اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی سب سے لاڈلی بیٹی حضرت سَیِّدَتُنا فاطمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا چکّی پیستی تھیں جس کی وجہ سے ان کے ہاتھوں میں نشان پڑ گئے تھے، پانی کی مشک بھی خود ہی بھر کر لاتی تھیں جس سے

1 . . . بخاری، کتاب التفسیر، باب تبتغی مرضاۃ ازواجک، ۳/ ۳۵۹، حدیث: ۴۹۱۳

سینے میں درد ہونے لگا تھا، نیز گھر میں جھاڑو دینے کے سبب کپڑے گرد آلود ہو جایا کرتے تھے۔ ایک دن رسولُ اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں کچھ لونڈی غلام آئے تو میں نے ان سے کہا کہ حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر ایک خادم مانگ لیں۔ جب وہ بارگاہِ رسالت صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ میں حاضر ہوئیں تو آپ کے پاس آدمیوں کو دیکھ کر واپس لوٹ آئیں۔ دوسرے دن رسولُ اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ بنفسِ نفیس اپنی لختِ جگر فاطمہ رَضِیَ اللہُ عَنْہا کے پاس تشریف لائے اور پوچھا کہ کل تم کس کام کے لئے آئی تھیں؟ وہ خاموش رہیں تو میں نے عرض کی: یارسولَ اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ! فاطمہ خود ہی چکی پیستی ہیں جس کی وجہ سے ہاتھوں میں نشان پڑ گئے ہیں اور خود پانی بھر کر لاتی ہیں جس سے سینے میں درد ہونے لگا ہے، جب آپ کی بارگاہ میں کچھ لونڈیاں اور غلام پیش ہوئے تو میں نے اِن سے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر خادم مانگنے کیلئے کہا تاکہ وہ خادم اِنہیں کام کی مشقت سے بچائے۔ یہ سن کر رسولُ اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: اے فاطمہ! اللہ پاک سے ڈرتی رہو، فرائض کی پابندی کرنے کے ساتھ ساتھ گھر کا کام کاج بھی اپنے ہاتھوں سے کرتی رہو اور جب تم اپنے بستر پر لیٹنے لگو تو تینتیس بار سُبْحٰنَ اللہ، تینتیس بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اور چونتیس بار اَللہُ اَکْبَر پڑھ لیا کرو یہ سو(100) ہو گئے جو تمہارے لئے خادم سے بہتر ہیں۔ شہزادیِ کونین رَضِیَ اللہُ عَنْہا نے عرض کی: میں اللہ پاک اور اس کے رسول صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ سے راضی ہوں۔[1]

---

1 ... ابوداود، کتاب الخراج، باب فی بیان مواضع قسم الخمس... الخ، ۳/۲۰۶، حدیث: ۲۹۸۸

خاتونِ جنت، حضرت سَیِّدَتُنا فاطمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا کی کنیز ہونے کا دم بھرنے اور اسے اپنے لئے باعثِ اعزاز سمجھنے والی اسلامی بہنو! غور کیجئے!! وہ جنتی عورتوں کی سردار ہو کر بھی صبر و رضا کے ساتھ گھر کے تمام کام خود کیا کرتیں اور اپنے شوہر کی خدمت بھی بجالاتیں تو پھر اُن کی کنیزیں اِس کو اپنے لئے باعثِ عار کیوں سمجھتی ہیں؟ وہ رسولوں کے سالار کی بیٹی ہو کر بھی شوہر کی خدمت گزاری اور اُمورِ خانہ داری کو بخوبی نبھاتیں تو پھر آج کی مسلمان خواتین اس میں ذلت کیوں محسوس کرتی ہیں؟ آیئے خاتونِ جنت، حضرت سَیِّدَتُنا فاطمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا کے نقشِ قدم پر چلنے والی ایک صحابیہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا کے طرزِ عمل کو ملاحظہ کیجئے۔ چنانچہ،

## یارِ غار کی بیٹی کا طرزِ عمل

حضرت اسماء بنتِ ابو بکر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا فرماتی ہیں کہ حضرت سَیِّدُنا زبیر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کی مجھ سے شادی ہوئی تو اس وقت ان کے پاس پانی بھرنے والے اونٹ اور سواری کے گھوڑے کے علاوہ نہ کوئی مال تھا، نہ غلام تھا اور نہ ہی کوئی اور چیز تھی۔ میں ان کے گھوڑے کو چارہ ڈالتی، اس کو پانی پلاتی، اس کی دیکھ بھال کرتی اور ان کے اونٹ کے لئے گٹھلیوں کو کوٹتی، اس کو چارہ ڈالتی اور پانی پلاتی، نیز خود ہی ڈول کی مرمت کرتی اور اس کے ذریعے (کنویں سے) پانی نکالتی، پھر آٹا پیس کر اسے گوندھتی تھی۔[1]

**پیاری پیاری اسلامی بہنو!** معلوم ہوا کہ گھریلو کام کاج کرنا اسلام کی

1 ... بخاری، کتاب النکاح، باب الغیرۃ، ۳/ ۴ ۶۹، حدیث: ۵۲۲۴۔ مسلم، کتاب السلام، باب جواز ارداف المراۃ الاجنبیۃ، ص ۹۲۴، حدیث: ۵۶۹۲، ملخصاومفھوما

برگزیدہ خواتین کا طرزِ عمل رہا ہے لہٰذا اِس سے اُن خواتین کو درس حاصل کرنا چاہئے جو خود کو شوہر کی خدمت اور گھریلو کام کاج سے بری الذّمہ سمجھتی ہیں نیز گھر گھرستی والی زندگی کو اپنے لئے قید اور چادر و چار دیواری سے باہر نکلنے کو آزادی سمجھتی ہیں، ایسی مسلمان خواتین کو سنجیدگی سے غور کرنا چاہئے کہ جب ان کے سامنے حضرت سَیِّدَتُنا فاطمہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا اور حضرت سَیِّدَتُنا اسماء بنتِ ابو بکر رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہا جیسی مُقدّس خواتین کا کردار موجود ہے تو پھر انہیں اغیار کی تہذیبِ بد تہذیبی کی طرف دیکھنے کی کیا ضرورت ہے۔ آخر کب تک خاتونِ جنت کی کنیزیں اُس جھوٹی آزادی کو اپنے لئے سچی آزادی سمجھتی رہیں گی جو آزادی بظاہر خُوشنما اور درحقیقت انتہائی بدنُما ہے... آخر کب تک اُن ناہموار راستوں پر چلتی رہیں گی جو تاریک منزل پر ختم ہوتے ہیں... خدارا! عقلمندی اور دُور اندیشی سے کام لیتے ہوئے اسلام کی اُن ہموار راہوں پر چلنے کی نیت کر لیجئے جن کی انتہا یقینی طور پر جنتی منزل ہے۔

## مدنی ماحول سے وابستہ ہو جایئے

اس بات میں کوئی شک نہیں کہ ماحول انسانی زندگی پر بہت گہرے اثرات مرتب کرتا ہے اس لئے ہمیشہ اچھے ماحول اور نیکوں کی صحبت اختیار کرنی چاہئے۔ اگر کامیابی کا راستہ ڈھونڈنے والی اسلامی بہن کسی ایسی عورت کی صحبت میں رہے جو اس کو نیکیوں کے بجائے گناہوں کی ترغیب دلائے اور اس کے اندر شوہر کی نافرمانی کی جرأت پیدا کرے تو یقیناً ایسی صحبت اس اسلامی بہن کی نہ صرف دُنیا تباہ کر کے رکھ دے گی بلکہ آخرت میں

بھی اللہ پاک اور اس کے پیارے رسول صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی ناراضی کا باعث بنے گی اس لئے بری صحبتوں اور برے ماحول کو چھوڑ کر اچھی صحبت اور اچھے ماحول کو اپنا لیجئے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عاشقانِ رسول کی مدنی تحریک دعوتِ اسلامی کا پاکیزہ ماحول ہمیں شریعت کی راہ چلاتا، اسلاف کا طرزِ عمل سکھاتا اور نیک سیرت بناتا ہے بے شمار اسلامی بہنوں نے اس سنّتوں بھرے مدنی ماحول سے وابستہ ہو کر اپنی زندگی کو سنوارا اور ازدواجی زندگی سے متعلق اسلامی تعلیمات سے آراستہ ہو کر اپنی ازدواجی زندگی کو بھی خوشگوار بنایا ہے۔ آیئے! آپ بھی اس مدنی ماحول کا حصہ بن کر دین و دُنیا کی ڈھیروں بھلائیاں حاصل کیجئے۔

اللہ پاک ہمیں تادمِ حیات اسلام کی عمدہ تعلیمات پر عمل کرنے اور دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اٰمین بجاہِ النبی الامین صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وَسَلَّمَ

Go To Index

والدین کیلئے بیٹیوں کی تربیت سے متعلق بنیادی باتوں پر مشتمل ایک نصیحت آموز تحریری بیان

# بیٹی کی پرورش



پیش کش: مرکزی مجلس شوریٰ
(دعوت اصلاح)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ! فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# بیٹی کی پرورش (1)

## درود شریف کی فضیلت

**اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے محبوب، دانائے غُیوب صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ تقرُّب نِشان ہے: جس نے مجھ پر 100 مرتبہ درود پاک پڑھا **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھ دیتا ہے کہ یہ نِفاق اور جہنَّم کی آگ سے آزاد ہے اور اُسے بروزِ قیامت شُہَدا کے ساتھ رکھے گا۔ (2)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

مدینہ

1 مُبَلِّغِ دَعوتِ اِسلامی و نگران مرکزی مجلسِ شُوریٰ حضرت مولانا ابو حامِد حاجی محمد عمران عطاری مَدَّظِلُّہُ الْعَالِی نے یہ بیان ۱۴ شوال المکرم ۱۴۳۱ھ بمطابق 23 ستمبر 2010ء کو تبلیغِ قرآن و سنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے عالَمی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ (کراچی) میں ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں فرمایا۔ ۱۰ ربیع الاول ۱۴۳۴ھ بمطابق 23 جنوری 2013ء کو ضَروری ترمیم واِضافے کے بعد تحریری صُورت میں پیش کیا جارہا ہے۔ (شُعبہ رَسائِلِ دَعوتِ اِسلامی مَجلِس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَۃ)

2 مجمع الزوائد، کتاب الادعیۃ، باب فی الصلاۃ علی النبی، ۱۰/ ۲۵۳، حدیث: ۱۷۲۹۸

## انوکھی شہزادی

حضرت سیّدنا شیخ شاہ کِرمانی قُدِّسَ سِرُّہُ النّوْرَانِی کی شہزادی جب شادی کے لائق ہوئی تو بادشاہ کے یہاں سے رشتہ آیا مگر آپ نے تین دن کی مہلت مانگی اور مسجد مسجد گھوم کر کسی پارسا نوجوان کو تلاش کرنے لگے۔ ایک نوجوان پر آپ کی نگاہ پڑی جس نے اچّھی طرح نماز ادا کی (اور گڑگڑا کر دعا مانگی)۔ شیخ نے اس سے پوچھا: کیا تمہاری شادی ہو چکی ہے؟ اس نے نَفی میں جواب دیا۔ پھر پوچھا: کیا نکاح کرنا چاہتے ہو؟ لڑکی قرآنِ مجید پڑھتی ہے، نماز روزہ کی پابند ہے اور سیرت و صورت والی بھی ہے۔ اس نے کہا: بھلا میرے ساتھ کون رشتہ کرے گا! شیخ نے فرمایا: میں کرتا ہوں، لو یہ کچھ درہم! ایک درہم کی روٹی، ایک کا سالن اور ایک کی خوشبو خرید لاؤ۔ اس طرح شاہ کِرمانی قُدِّسَ سِرُّہُ النّوْرَانِی نے اپنی دختر نیک اختر کا نکاح اس سے پڑھا دیا۔ دلہن جب دولہا کے گھر آئی تو اس نے دیکھا کہ پانی کی صراحی پر ایک روٹی رکھی ہوئی ہے۔ اس نے پوچھا: یہ روٹی کیسی ہے؟ دولہا نے کہا: یہ کل کی باسی روٹی ہے میں نے افطار کے لئے رکھ لی تھی۔ یہ سن کر وہ واپس ہونے لگی۔ یہ دیکھ کر دولہا بولا: مجھے معلوم تھا کہ شیخ شاہ کِرمانی قُدِّسَ سِرُّہُ النّوْرَانِی کی شہزادی مجھ غریب

انسان کے گھر نہیں رُک سکتی۔ دلہن بولی: میں آپ کی مُفْلِسی کے باعث نہیں بلکہ اس لئے لوٹ کر جارہی ہوں کہ ربُّ العالمین پر آپ کا یقین بہت کمزور نظر آرہا ہے جبھی تو کل کیلئے روٹی بچا کر رکھتے ہیں۔ مجھے تو اپنے باپ پر حیرت ہے کہ انہوں نے آپ کو پاکیزہ خَصلت اور صالح کیسے کہہ دیا! دولہا یہ سن کر بہت شرمندہ ہوا اور اس نے کہا: اس کمزوری سے معذرت خواہ ہوں۔ دلہن نے کہا: اپنا عذر آپ جانیں، البتہ! میں ایسے گھر میں نہیں رُک سکتی جہاں ایک وَقْت کی خوراک جمع رکھی ہو، اب یا تو میں رہوں گی یا روٹی۔ دولہا نے فوراً جا کر روٹی خیرات کر دی (اور ایسی درویش خصلت انوکھی شہزادی کا شوہر بننے پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ادا کیا)۔ (1)

اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ان پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو۔

## یقین کامِل کی بہاریں

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** دیکھا آپ نے! مُتَوَکِّلین کی بھی کیا خُوب اَدائیں ہیں۔ شہزادی ہونے کے باوُجُود ایسا زبردست توکل کہ کل کیلئے کھانا بچانا گوارا ہی نہیں! یہ سب یقینِ کامِل کی بہاریں ہیں کہ جس خُدا نے آج کِھلایا ہے وہ آئندہ کل بھی کِھلانے پر یقیناً قادِر ہے۔

(1) روض الریاحین، الحکایۃ الثانیۃ والتسعون بعد المائۃ، ص ۱۹۲

## شیخ شاہ کرمانی کا تعارف

امیر المومنین حضرت سَیِّدُنا عُثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانۂ خِلافت میں اسلامی فتوحات کا سِلسِلہ جب وادیِ مَکران کے مَغرِب میں واقع وَسِیع و عَرِیض ملکِ "کِرمان" تک پَہُنچا تو اس وقت کے شاہِ کِرمان نے اسلامی سلطنت کا باجگُزار بننے میں عافیت جانتے ہوئے صلح کی طرف قدم بڑھایا اور یوں اسلام کے نُور سے مُلکِ کِرمان کے گھر گھر میں اُجالا ہونے لگا اور تیسری صدی ہجری میں کرمان کے شاہی خاندان میں ایک ایسی ہستی پیدا ہوئی جس نے اس خاندان کا نام رہتی دُنیا تک روشن کر دیا، یہ ہستی تھی حضرت سَیِّدُنا شاہ بن شُجاع کِرمانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی کی۔ شاہی خاندان سے تعلّق رکھنے کے باوُجود آپ کا حُکومَت سے کوئی واسطہ نہ تھا، مگر لوگوں کے دلوں پر رَاج آپ ہی کا تھا کیونکہ ایک روایت کے مطابق آپ رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ کا شُمار ابدالوں میں ہوتا ہے۔

آپ رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ کے مرتبہ کی بلندی کا اندازہ صرف اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ جب آپ کا وِصال ہوا تو حضرت سَیِّدُنا ابو عبد اللہ محمد بن احمد عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْاَحَد فرماتے ہیں: میں حضرت سَیِّدُنا سَہل بن عبد اللہ تُستَرِی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی کی خدمت میں حاضر تھا کہ اچانک ہانپتی کانپتی ایک کبوتری ہمارے سامنے

آگری، میں اُسے اُڑانے لگا تو حضرت سَیِّدُنا سَہل بن **عبد اللہ** تُستَری عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی نے ایسا کرنے سے منع کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: **اَطْعِمْهَا وَاسْقِهَا** یعنی اسے کچھ کھلاؤ پلاؤ۔ حضرت سَیِّدُنا **ابو عبد اللہ** رَحمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: میں نے ایک روٹی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے اس کے آگے ڈالے تو وہ کھانے لگی، پھر میں نے پانی رکھا تو اس نے پانی بھی پی لیا، اس کے بعد وہ اڑ گئی۔ میں یہ سب دیکھ کر حیران ہو رہا تھا، بالآخر میں نے پوچھ ہی لیا کہ اس کبوتری کا ماجرا کیا ہے؟ تو آپ رَحمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ نے فرمایا: شاہ کِرمانی اس جہانِ فانی سے کوچ فرما گئے ہیں اور یہ کبوتری مجھ سے تعزیت کرنے آئی تھی۔[1]

## عظیم باپ کی عظیم بیٹی

**پیارے اسلامی بھائیو!** غور فرمایئے! حضرت سَیِّدنا شیخ شاہ کرمانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی نے اس قدر عظیم مرتبہ پر فائز ہونے کے باوجود اپنی شہزادی کی پرورش سے غفلت اختیار نہ فرمائی بلکہ اسے دُنیا کی چکاچوند سے دُور رکھنے کے ساتھ ساتھ رِضائے خُداوَندی پر ہر حال میں صابِر و شاکِر رہنے کی مدنی سوچ بھی عطا فرمائی۔ لہٰذا یاد رکھیے! اولاد کی پرورش میں جہاں ماں کا بڑا کردار ہے وہاں باپ بھی

1 حلیۃ الاولیاء، ذکر الجماعۃ العارفین العراقیین، شاہ بن شجاع الکرمانی، ۱۰/ ۲۵۴

ایک اہم سُتون کی حیثیت رکھتا ہے، بالخُصوص بیٹی کے مُعاملے میں باپ کا کردار بہت اہمیت کا حامل ہے۔

## قبل از اسلام عورت کی حیثیت

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اسلام سے قبل اگر دنیا کے مختلف معاشروں میں عورت کی حیثیت دیکھی جائے تو معلوم ہو گا کہ عورتیں مردوں کی محکوم تھیں، مرد خواہ باپ ہوتا یا شوہر، بیٹا ہوتا یا بھائی، ان سے جیسا چاہے سُلوک کرتا، عورتوں کی حیثیت بس ایک خِدمَتگار کی سی تھی، کہیں ان کے ساتھ جانوروں سے بدتر سُلوک ہوتا تو کہیں وَراثت میں دیگر مال و اسباب کی طرح ان کا بھی بٹوارہ ہوتا۔ کہیں انہیں شوہر کی موت کے ساتھ اس کی چِتا (لکڑیوں کا وہ ڈھیر جس پر ہندو اپنے مُردہ کو جلاتے ہیں) میں زِندہ جَل کر سَتی ہونا پڑتا (یعنی بیوہ کو مردہ شوہر کی لاش کے ساتھ زندہ جلا دیا جاتا) تو کہیں پیدا ہوتے ہی انہیں زمین میں زِندہ دَفن کر دیا جاتا کیونکہ بیٹی کی پیدائش کو باعثِ عار (شرمندگی) سمجھا جاتا تھا، بسا اوقات کسی شخص کو معلوم ہوتا کہ اس کے یہاں بیٹی کی وِلادَت ہوئی ہے تو وہ کئی دِنوں تک لوگوں کے سامنے نہ آتا اور غور کرتا رہتا کہ وہ اس معاملے میں کیا کرے؟ آیا ذِلَّت برداشت کر کے بیٹی کی پَرْوَرِش کرے یا عار سے بچنے کے لیے اپنی بیٹی کو زِندَہ

زمین میں دفن کر دے۔ جیسا کہ پارہ ۱۴ سورۃُ النَّحل کی آیت نمبر ۵۸ اور ۵۹ میں ارشاد ہوتا ہے:

وَ اِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّ هُوَ كَظِیْمٌ ۚ(۵۸) یَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖؕ اَیُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ یَدُسُّهٗ فِی التُّرَابِؕ اَلَا سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ(۵۹) (پ۱۴، النحل: ۵۸، ۵۹)

ترجمۂ کنز الایمان: اور جب ان میں کسی کو بیٹی ہونے کی خوشخبری دی جاتی ہے تو دن بھر اس کا منہ کالا رہتا ہے اور وہ غصّہ کھاتا ہے لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے اس بشارت کی برائی کے سبب کیا اسے ذلّت کے ساتھ رکھے گا یا اسے مٹی میں دبا دیگا۔ ارے بہت ہی برا حکم لگاتے ہیں۔

## زندہ دفن کرنے کی قبیح رسم کا آغاز

عہدِ جاہلیت میں کئی قبیح اور سنگدلانہ رسمیں رائج تھیں جنہیں لوگ بڑے فخر سے انجام دیا کرتے تھے، مثلاً ایک رَسْم یہ بھی تھی کہ بعض لوگ اپنی بیٹیوں کو زندہ زمین میں دفن کر دیا کرتے اور اس پر غمزدہ یا پشیمان ہونے کے بجائے فخر کرتے۔ اس ظالمانہ حرکت کے آغاز کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ ایک بار رَبِیعہ قبیلہ پر ان کے دُشمنوں نے شب خُون مارا اور وہ رَبیعہ کے سردار کی بیٹی کو اُٹھا کر

لے گئے۔ جب دونوں قبیلوں کے درمیان صُلح ہوئی تو اس لڑکی کو بھی واپس کر دیا گیا اور اسے اختیار دیا گیا کہ چاہے تو اپنے باپ کے پاس رہے یا قید کے دوران جس شخص کے ساتھ رہی تھی اس کے پاس واپس چلی جائے۔ اس نے اس شخص کے پاس جانا پسند کیا تو اس کے باپ کو بڑا غصّہ آیا اور اس نے اپنے قبیلے میں یہ رَسْم جاری کر دی کہ جب کسی کے ہاں بچی پیدا ہو تو اس کو زندہ زمین میں دبا دیا جائے تاکہ آئندہ ان کے قبیلہ کی ایسی رُسوائی نہ ہو۔ پھر دوسرے قبائل میں بھی یہ رواج آہستہ آہستہ مقبولیت اختیار کرتا گیا۔[1]

## بیٹیوں کو دفن کرنے کی چند وجوہات

بیٹیوں کو دفن کرنے کی اس کے علاوہ بھی کئی وجوہات بیان کی گئی ہیں:

- عام اہلِ عرب کی معاشی حالت بڑی خستہ ہوتی تھی، بچیوں کو پالنا، جوان کرنا، پھر ان کی شادی کرنا وہ اپنے لیے ناقابلِ برداشت بوجھ تَصَوُّر کرتے تھے، اس لیے ان کو بچپن میں ہی ٹھکانے لگا دیا کرتے تھے۔
- قبائل میں باہمی کُشت وخون (قتل وغارت) روز مَرہ کا معمول تھا۔ لڑکے جوان ہو کر ایسی لڑائیوں میں ان کا ہاتھ بٹاتے۔ لڑکیاں لڑائیوں میں بھی شرکت نہ

مدینہ

1 روح المعانی، الجزء الثلاثون، التکویر، تحت الآیۃ ۸، ص ۳۶۰

کر سکتیں اور پھر ان کو دشمن کی دَسْتبُرد سے بچانے کے لیے بھی انہیں بسا اوقات مختلف مسائل سے دوچار ہونا پڑتا، اس لیے وہ ان کو زندہ رکھنا اپنے لیے وبالِ جان سمجھتے۔

❁ ان کی جاہِلانہ نَخْوت (گھمنڈ) بھی اس کا ایک سَبَب تھی، وہ کسی کو اپنا داماد بنانا اپنی توہین سمجھتے تھے اس سے بچنے کا یہی آسان طریقہ تھا کہ نہ بچی زندہ ہو نہ اسے بیاہا جائے اور نہ کوئی ان کا داماد بنے۔

وجوہات اگرچہ مختلف اور متعدد تھیں لیکن یہ ظالمانہ رَسْم عرب کے جاہلی معاشرے میں اپنے پنجے گاڑ چکی تھی، عام طور پر اسے کوئی مَعْیوب چیز یا ظلم بھی نہ سمجھا جاتا۔ باپ اپنی اولاد کا مالکِ کل ہوتا، چاہے اسے زندہ رکھے یا قتل کر دے، کسی کو اس پر اِعْتِراض کا کوئی حَق حاصِل نہیں تھا۔ بلکہ ایک ہی شخص اپنی کئی کئی بیٹیوں کو زندہ در گور کر دیتا اور اسے ذَرّہ بھر افسوس نہ ہوتا۔ جیسا کہ امیر المومنین حضرت سَیِّدُنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سَیِّدُنا قَیس بن عاصِم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک بار سرکار صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو (زمانۂ جاہلیت میں بیٹیوں کے زندہ در گور کرنے کے فعل پر شرمسار ہوتے ہوئے) عرض کی: میں نے زمانۂ جاہلیت میں آٹھ بیٹیوں کو زندہ دَفْن کیا (کیا میرا یہ گناہ

معاف ہو جائے گا؟)۔ تو آپ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: (معاف تو اسلام لانے کے ساتھ ہی ہو چکا ہے، البتہ!) ہر زندہ در گور کی گئی بیٹی کے بدلے تم ایک غلام آزاد کرو۔ عرض کی: میرے پاس اونٹ بہت ہیں۔ ارشاد فرمایا: تو پھر ہر بیٹی کے بدلے ایک جانور صدقہ کرو۔[1]

**پیارے اسلامی بھائیو!** حضرت سَیِّدُنا قَیس بن عاصِم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اقرار سے بَخُوبی یہ اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ جب انہوں نے اپنی آٹھ بیٹیوں کو زندہ دفن کیا تھا تو نہ معلوم دوسروں نے کتنی بیٹیوں کو دَفن کیا ہو گا! لیکن اس کے باوجود اس سنگ دل مُعاشَرے میں خال خال ایسے لوگ بھی موجود تھے جو معصوم بچیوں کی بے کسی پر خون کے آنسو بہاتے اور جہاں تک ممکن ہوتا بچیوں کو زندہ دفن ہونے سے بچانے کی کوشش کرتے۔ مثلاً امیر المومنین حضرت سیدنا فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چچازاد بھائی اور حضرت سَیِّدُنا سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد زید بن عَمْرو بن نُفَیل کو جب پتہ چلتا کہ فُلاں کے ہاں لڑکی پیدا ہوئی ہے اور وہ اس کو زندہ دفن کرنا چاہتا ہے تو دوڑ کر اس کے پاس جاتے اور اس بچی کی پرورش اور اس کی شادی وغیرہ کے اخراجات کی ذمہ داری اٹھاتے اور اس طرح اس ننّھی

مدینہ

1 المعجم الکبیر، ۱۸/۳۳۷، حدیث: ۸۶۳

کلی کو کھلنے سے پہلے ہی مسل ڈالنے سے بچا لیتے۔ مشہور شاعر فَرَزْدَق کے دادا حضرت سَیِّدُنا صَعْصَعَہ بن ناجیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بھی یہی معمول تھا، حضرت سَیِّدُنا علّامہ آلوسی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی نے طبرانی کے حوالے سے لکھا ہے کہ حضرت سَیِّدُنا صَعْصَعَہ بن ناجیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی: **یارسولَ اللہ** صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم !میں نے زَمانۂ جاہلیت میں (بھی نیک کام کیے ہیں، کیا مجھے ان کا بھی اجر ملے گا؟ مثلاً میں نے)360 بچیوں کو زندہ در گور ہونے سے بچایا اور ہر ایک کے عوض دو دو دس دس ماہی گابھن اونٹنیاں اور ایک ایک اونٹ بطورِ فِدیہ ان کے باپوں کو دیا، کیا مجھے اس عمل کا کوئی اجر ملے گا؟ تو سرکارِ دو عالَم صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: اس عمل کا اجر تو تجھے مل گیا، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے تجھے اسلام لانے کی توفیق مرحمت فرمائی اور تجھے نعمتِ ایمان سے سرفراز کر دیا۔[1]

## بیٹیوں کو مِلا اسلام کا سائبان

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اسلام کی صُبْحِ نُور کیا طُلوع ہوئی ہر طرف کفر اور ظُلم و سِتَم کا اندھیرا بھی ختم ہو گیا اور یوں بیٹیوں کو اِسلام کی بَرَکت سے ایک نئی

مدینہ

1 روح المعانی، الجزء الثلاثون، سورۃ التکویر، تحت الآیۃ ۹، ص ۳۶۱

المعجم الکبیر، ۸/ ۷۷، حدیث: ۷۴۱۲

زِندَگی ملی۔ جو لوگ پہلے بیٹیوں کو زندہ در گور کرنے میں فخر محسوس کرتے تھے، اب بیٹیوں کو اپنی آنکھوں کا تارہ سمجھنے لگے کیونکہ بے کسوں کے غمخوار، حبیبِ پروردگار صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ان کے سامنے نہ صرف اپنی شہزادیوں سے محبت کا عملی نمونہ پیش کیا بلکہ ان کا یہ مَدَنی ذہن بھی بنایا کہ بیٹیوں کو عار نہ سمجھا جائے کیونکہ یہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رحمت اور مغفرت کا ذریعہ ہیں۔ نیز **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے مَحبوب، دانائے غُیوب صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے اولاد بالخُصوص بیٹیوں کی پرورش کے متعلق فضائل بیان فرما کر ان کی اہمیت کو بھی خُوب اُجاگر فرمایا۔ چنانچہ بیٹیوں کے فضائل پر مشتمل چند احادیثِ مبارکہ مُلاحظہ فرمایئے۔

# بیٹیوں کے فضائل پر مشتمل فرامینِ مصطفٰے

## قیامت تک مدد کی بشارت

حُضورِ پاک، صاحبِ لولاک صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ رَحمت نِشان ہے: جب کسی کے ہاں بیٹی کی وِلادَت ہوتی ہے تو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس کے گھر فِرِشتوں کو بھیجتا ہے، جو آکر کہتے ہیں: اے گھر والو! تم پر سلامتی ہو۔ پھر فِرِشتے اپنے پروں

سے اس لڑکی کا اِحاطہ کر لیتے ہیں اور اس کے سر پر ہاتھ پھیر کر کہتے ہیں: ایک کمزور لڑکی کمزور عورت سے پیدا ہوئی، جو اس کی کفالت کرے گا قیامت تک اس کی مدد کی جائے گی۔[1]

## ایک بیٹی کی پرورش پر انعام

سرکارِ مدینہ، راحتِ قلب و سینہ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کی ایک بیٹی ہو وہ اس کو اَدَب سکھائے اور اچھا اَدَب سکھائے اور اس کو تعلیم دے اور اچھی تعلیم دے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اس کو جو نعمتیں عطا فرمائی ہیں ان نعمتوں میں سے اس کو بھی دے تو اس کی وہ بیٹی اس کے لئے دوزخ کی آگ سے سِتر اور حِجاب (پردہ) ہو گی۔[2]

## تین بیٹیوں کی پرورش پر انعام

دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عافیت نِشان ہے: جس شخص کی تین بیٹیاں ہوں اور وہ ان پر صَبر کرے، انہیں کِھلائے پلائے اور ان کو اپنی کمائی سے کپڑے پہنائے تو وہ لڑکیاں اس کے لیے دوزخ کی

مدینہ

1. المعجم الصغیر، الجزء ا، ۱/ ۳۰
2. حلیۃ الاولیاء، ۵/ ۶۷، حدیث: ۶۳۴۸

آگ سے حجاب بن جائیں گی۔[1]

## اللہ عَزَّوَجَلَّ نے جنّت واجِب کر دی

اُمُّ المؤمنین حضرت سَیِّدَتُنا عائشہ صِدّیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں: میرے پاس ایک مسکین عورت اپنی دو بیٹیوں کے ساتھ آئی، میں نے اس کو تین کھجوریں دیں، اس نے ایک ایک کھجور دونوں بچیوں کو دی اور ایک کھجور کھانے کے لیے اپنے منہ کی طرف لے جارہی تھی کہ اس کی بیٹیوں نے اس سے وہ کھجور بھی مانگ لی، اس نے وہ کھجور بھی توڑ کر دونوں بیٹیوں کو کھلا دی، مجھے اس پر تعجب ہوا پھر میں نے رسولِ اکرم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے اس بات کا تذکرہ کیا تو آپ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اس (کے اس فعل) کے سبب اس عورت کے لیے جنّت واجِب کر دی۔[2]

## بیٹیوں یا بہنوں کی پرورش پر انعام

فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے: جو شخص تین بیٹیوں یا بہنوں کی اس طرح پَرْوَرِش کرے کہ ان کو اَدَب سکھائے اور ان پر مہربانی کا برتاؤ کرے

مدینہ

1. ابن ماجه، کتاب الادب، باب بر الوالد والاحسان الی البنات، ۴/ ۱۸۹، حدیث: ۳۶۶۹
2. مسلم، کتاب البر والصلة، باب فضل الاحسان الی البنات، ص ۱۴۱۵، حدیث: ۲۶۳۰

یہاں تک کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ انہیں بے نیاز کر دے (یعنی وہ بالغ ہو جائیں یا ان کا نِکاح ہو جائے یا وہ صاحِبِ مال ہو جائیں) تو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس کے لیے جنَّت واجِب فرما دیتا ہے۔ یہ ارشادِ نبوی سن کر صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان نے عرض کی: اگر کوئی شخص دو لڑکیوں کی پرورِش کرے تو...؟ ارشاد فرمایا: اس کیلئے بھی یہی اَجر و ثواب ہے یہاں تک کہ اگر لوگ ایک کا ذِکر کرتے تو آپ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم اس کے بارے میں بھی یہی ارشاد فرماتے۔[1]

## مقامِ شکر

اسلامی بہنوں کے لیے مقام شکر ہے کہ ایک وقت وہ تھا جب دنیا میں ان کا پیدا ہونا عار اور ذِلّت و رُسوائی سمجھا جاتا تھا مگر اسلامی تعلیمات، قرآنی آیات اور نبوی ارشادات نے ان کی اہمیت اجاگر کر کے اس بات کا شُعور دلایا کہ بیٹیاں رحمتِ خداوندی کے نُزول کا باعث ہیں، لہٰذا ان کی قدر کرنی چاہیے۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ آج کے اس پر آشُوب دور میں اسلامی تعلیمات سے آراستہ ماں باپ کی تربیت و توجّہ جہاں بیٹوں کو مُعاشرے کا ایک باعزّت فرد بنانے پر مرکوز ہے وہیں وہ بیٹی کی بہترین پرورِش سے بھی غافل نہیں۔ بلکہ بیٹی کی عظمت و اہمیت کے پیشِ نظر اس کی

مدینہ

1 شرح السنۃ للبغوی، کتاب البر و الصلۃ، باب ثواب کافل الیتیم، ۶/۴۵۲، حدیث: ۳۳۵۱

عزّت وعفّت کی حِفاظَت کے لیے اسلام نے جو اس کی تربیت کے سنہری مدنی پھول عطا فرمائے ہیں وہ انہیں متاعِ جاں سمجھتے ہیں۔

# بیٹی کی پرورش کے مدنی پھول

**پیارے اسلامی بھائیو!** آج کے ناگُفتہ بہ حالات میں اسلامی تعلیمات سے دوری اور غیر مسلموں کی اندھی تقلید نے مسلمانوں کو کہیں کا نہیں چھوڑا، بد قسمتی سے فی زمانہ مسلمانوں کے رہن سہن کے طور طریقے اور رسومات اسلامی تعلیمات کے سراسر خلاف نظر آتے ہیں، ایسے نامُساعِد حالات میں اولاد خُصوصاً بیٹی کی دُرُست اسلامی تربیت انتہائی مشکل نظر آتی ہے۔ لہٰذا اگر ہم اپنی بیٹی کی صحیح تربیت کرنا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے اسلامی معلومات حاصل کرنا ضَروری ہے تاکہ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ہم صحیح معنوں میں اپنے اس فرضِ مَنْصَبی کی بجا آوری کر سکیں۔ کیونکہ آج کی بیٹی کل کسی کی بیوی اور بہو ہو گی، پھر ماں اور بعد میں ساس بنے گی، لہٰذا آج اس بیٹی کی تربیت پر بھرپور توجہ دینا ضروری ہے تاکہ کل جب یہ خود کسی کی ماں بنے تو اپنی اولاد کی بہترین تربیت سے غفلت کی مُرتَکِب نہ ہو۔

آیئے! چند ایسے مَدَنی پھولوں پر نظر ڈالتے ہیں جو ایک بیٹی کی پَرْوَرِش میں بنیادی حیثیت رکھتے ہیں:

## (1) بیٹی کی پیدائش پر رَدِّ عمل

بیٹا پیدا ہو یا بیٹی، ہر حال میں شکر بجالانا چاہیے کیونکہ اگر بیٹا اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نعمت ہے تو بیٹی رحمت۔ دونوں ہی پیار اور شفقت کے مُستَحَق ہیں۔ دورِ جدید میں یہ مُشاہدہ عام ہے کہ لڑکے کی ولادت پر جس مَسَرَّت کا اِظہار ہوتا ہے لڑکی کی ولادت پر اس کا عُشرِ عَشِیر بھی نہیں ہوتا۔ چونکہ دنیاوی طور پر لڑکیوں سے والدین اور خاندان کو بظاہر کوئی منفعت حاصِل نہیں ہوتی شاید اسی لئے بعض نادان بیٹیوں کی ولادت ہونے پر ناک بھوں چڑھاتے ہیں اور بسا اوقات بچی کی اَمّی کو طرح طرح کے طعنے دیئے جاتے ہیں، طلاق کی دھمکیاں دی جاتی ہیں بلکہ اوپر تلے بیٹیاں ہونے کی صورت میں اس دھمکی کو عملی تعبیر بھی دے دی جاتی ہے۔ ایسوں کو چاہیے کہ وہ گزشتہ صفحات میں بیان کی گئی روایات کے علاوہ درج ذیل روایت پر بھی غور کریں کہ جس میں بیٹی کی پیدائش پر جنّت کی بشارت سے نوازا گیا ہے۔ چنانچہ،

حضرت سَیِّدُنا ابن عبّاس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عظمت نشان ہے: جس کے ہاں بیٹی پیدا ہو اور وہ نہ تو اسے زندہ دَفن کرے نہ حقیر سمجھے اور نہ ہی اس پر بیٹے کو

فضیلت دے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے جنّت میں داخِل فرمائے گا۔[1]

## (2) کان میں اَذان

بیٹی کی پیدائش پر غمزدہ ہونے کے بجائے خوشی کا اظہار کرنے کے بعد سب سے پہلا کام یہ کرنا چاہئے کہ اسکے کانوں میں اللہ و رسول عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی فرمانبرداری کا پیغام اذان و اقامت کی صورت میں پہنچایا جائے تاکہ اسکی رُوح نُورِ توحید سے مُنَوَّر اور دل عشقِ مصطفےٰ کی شمع سے فَروزاں (روشن) ہو جائے۔ ایسا کرنا مُستَحَب اور سنّت سے ثابت ہے۔ چنانچہ،

دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کے مطبوعہ 22 صَفحات پر مشتمل رسالے **"عقیقے کے بارے میں سوال جواب"** صفحہ 7 پر ہے: "جب بچّہ پیدا ہو تو مُستَحَب یہ ہے کہ اس کے کان میں اَذان واِقامت کہی جائے اَذان کہنے سے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ بلائیں دُور ہو جائیں گی۔ امامِ عالی مقام حضرتِ سیِّدُنا امامِ حُسین ابنِ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ سرکارِ والا تبار، ہم بے کسوں کے مددگار صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: جس شخص کے ہاں بچّہ پیدا ہو اس کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اِقامَت کہی جائے تو بچّہ اُمّ

---

1 مستدرک، کتاب البر والصلة، ۵/ ۲۴۸، حدیث: ۷۴۲۸

الصِّبْیان سے محفوظ رہے گا۔[1] اُمُّ الصِّبْیان کے مُتَعَلِّق عاشِقوں کے امام، امامِ اہلسنّت، مُجَدِّدِ دین و ملّت، پروانۂ شمعِ رسالت، عاشِقِ ماہِ نُبُوَّت مولانا شاہ امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: (صَرْع) بہت خبیث بَلا ہے اور اسی کو اُمُّ الصِّبْیان کہتے ہیں اگر بچّوں کو ہو، ورنہ صَرْع (مرگی)۔[2]

''نُزْھَۃُ الْقَارِی'' میں ہے: صَرْع کے معنی بے ہوش ہو کر گر پڑنے کے ہیں یہ کبھی اَخلاط (اَخلاط، خلط کی جمع۔ جسم کی چار خِلطیں (۱) صفرا (یعنی پِت) (۲) خون (۳) بلغم اور (۴) سَودا (جَلا ہوا سیاہ بلغم)) کے فساد کے سبب ہوتا ہے جسے مِرگی کہتے ہیں اور کبھی جِنّ یا خبیث ہمزاد کے اثر سے ہوتا ہے۔[3] میرے آقا اعلیٰ حضرت امام اَحمد رَضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: جب بچّہ پیدا ہو فوراً سیدھے کان میں اذان بائیں (الٹے) میں تکبیر کہے کہ خَلَلِ شیطان واُمُّ الصِّبْیان سے بچے۔[4] بہتر یہ ہے کہ دَہنے (یعنی سیدھے) کان میں چار مرتبہ اَذان اور بائیں (یعنی اُلٹے) کان میں تین مرتبہ اِقامت کہی جائے۔ (اگر ایک مرتبہ اذان و اقامت کہہ دی تب بھی کوئی حَرَج

مدینہ

1. مسند ابی یعلی، ۶/ ۳۲، حدیث: ۶۷۴۷
2. ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت، ص ۴۱۷
3. نزھۃ القاری، ۵/ ۴۸۹
4. فتاوی رضویہ، ۲۴/ ۴۵۲

نہیں) ساتویں دن اس کا نام رکھا جائے اور اس کا سر مُونڈا جائے اور سر مُونڈانے کے وَقْت عقیقہ کیا جائے اور بالوں کو وَزن کرکے اُتنی چاندی یا سونا صَدَقہ کیا جائے۔[1] بہت لوگوں میں یہ رواج ہے کہ لڑکا پیدا ہوتا ہے تو اذان کہی جاتی ہے اور لڑکی پیدا ہوتی ہے تو نہیں کہتے۔ یہ نہ چاہیے بلکہ لڑکی پیدا ہو جب بھی اذان و اِقامَت کہی جائے۔[2]

## (3) تحنیک

تَحْنِیک یعنی گُھٹّی دینے کے متعلق حضرت سَیِّدُنا اَبُو زَکَریا یحییٰ بن شَرف نَوَوی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی شرح صحیح مسلم میں فرماتے ہیں: تمام عُلَمائے کِرام کا اس بات پر اِتّفاق ہے کہ بچہ پیدا ہونے کے بعد کھجور (یا کسی میٹھی چیز) کی گھٹی دینا مُسْتَحَب ہے، اگر کھجور نہ ہو تو جو بھی میٹھی چیز مُیَسَّر ہو اس سے گُھٹّی دی جاسکتی ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ گھٹی دینے والا کھجور کو اپنے منہ میں خوب چبا کر نرم کرے کہ اسے نِگلا جا سکے پھر وہ بچے کا منہ کھول کر اس میں رکھ دے۔ مُسْتَحَب یہ ہے کہ گھٹی دینے والا نیک اور مُتّقی و پرہیز گار ہو، خواہ وہ مرد ہو یا عورت۔ اگر ایسا کوئی شخص پاس موجود نہ

مدینہ

1 بہارِ شریعت، ۳/ ۳۵۵

2 المرجع السابق

ہو تو نَومَولُود کو تَحْنِیک کی خاطِر کسی نیک شخص کے پاس لے جایا جاسکتا ہے۔[1] جیسا کہ اُمُّ المؤمنین حضرت سَیِّدَتُنا عائشہ صِدّیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ لوگ اپنے (نوزائیدہ) بچوں کو تاجدارِ رسالت صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی بارگاہِ اقدس میں لایا کرتے تھے، آپ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ان کے لیے خیر و برکت کی دعا فرماتے اور تَحْنِیک فرمایا کرتے تھے۔[2]

**پیارے اسلامی بھائیو!** صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان کے معمول سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ بچوں بالخصوص بیٹی کی تَحْنِیک صالح و مُتّقی مسلمانوں سے کروائی جائے تاکہ نیک لوگوں کی دعائیں اور برکات اس کی گُھٹّی میں شامل ہوں۔

## (4) اچھا نام رکھنا

ماں باپ کی طرف سے چونکہ بچے کے لئے سب سے پہلا اور بنیادی تحفہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اس کا خوبصورت و بابرکت نام رکھیں تاکہ یہ تحفہ عمر بھر اسے ماں باپ کی شفقتوں اور مہربانیوں کی یاد دلاتا رہے، یہاں تک کہ میدانِ مَحْشَر میں بھی اپنے والدین کے عطا کردہ اسی نام سے بارگاہِ خداوندی میں حاضری کے لیے بلایا

مدینہ

1 شرح صحیح مسلم، کتاب الادب، باب استحباب تحنیک المولود، الجزء الرابع عشر، ۷/ ۱۲۲

2 مسلم، کتاب الادب، باب استحباب تحنیک المولود... الخ، ص ۱۱۸۴، حدیث: ۲۱۴۷

جائے۔ جیسا کہ حضرت سیدنا ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حُضورِ پاک، صاحبِ لَولاک صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن تم اپنے اور اپنے باپوں کے ناموں سے پُکارے جاؤ گے، لہٰذا اچّھے نام رکھا کرو۔[1]

**پیارے اسلامی بھائیو!** معلوم ہوا بچوں بالخصوص بیٹیوں کے نام رکھنے میں انتہائی احتیاط سے کام لینا چاہئے اور ان کا نام ایسا ہونا چاہئے کہ دنیا وآخرت میں انہیں کہیں شرمسار نہ ہونا پڑے، اس لیے کہ بسا اوقات مَسائلِ شَرعیّہ سے ناواقف ہونے کی وجہ سے لوگ بیٹیوں کے نام معروف کُفّار خواتین کے نام پر رکھ دیتے ہیں یا نئے نئے نام رکھنے کی دوڑ میں ایسے نام رکھ دیتے ہیں جو بے معنیٰ ہوتے ہیں یا ان کا معنیٰ اچھا نہیں ہوتا، ایسے تمام نام رکھنے سے بچنا چاہئے۔ جیسا کہ **بہارِ شریعت** میں ہے: ایسا نام رکھنا جس کا ذکر نہ قرآنِ مجید میں آیا ہو نہ حدیثوں میں ہو نہ مسلمانوں میں ایسا نام مستعمل ہو، اس میں عُلَما کو اِختِلاف ہے بہتر یہ ہے کہ نہ رکھے۔[2] لہٰذا چاہئے کہ بیٹیوں کے نام اُمَّہاتُ المؤمنین، صحابیات و صالحات رضی اللہ تعالیٰ عَنْہُنَّ کے اَسمائے مُبارَکہ پر ہی رکھے جائیں۔ اس کا

مدینہ

1 ابو داود، کتاب الادب، باب فی تغیر الاسماء، ۴/۳۷۴، حدیث: ۴۹۴۸

2 بہارِ شریعت، ۳/ ۶۰۳

ایک فائدہ تو یہ ہو گا کہ آپ کی بیٹی کا **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی برگزیدہ و نیک خواتین سے رُوحانی تعلق قائم ہو جائے گا اور دوسرا ان نیک ہستیوں سے موسوم ہونے کی برکت سے اسکی زِندگی پر مَدَنی اثرات مُرتّب ہوں گے۔ اگر آپ نے اپنی بیٹی کا نام رکھتے وقت ان مَدَنی پھولوں کو مَدّ نظر نہیں رکھا تھا تو پریشان مت ہوں بلکہ فوراً ان کا نام تبدیل کر دیجئے۔ چنانچہ،

اُمُّ المؤمنین حضرت سَیِّدَتُنا عائشہ صِدّیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم بُرے ناموں کو بدل دیا کرتے تھے۔[1] اور حضرت سَیِّدُنا ابن عبّاس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ اُمُّ الْمُؤمنین حضرت سَیِّدَتُنا جُوَیریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام پہلے بَرّہ (نیکی) تھا، آپ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے بدل کر جُوَیریہ رکھ دیا۔[2] نام رکھنے میں حضرت سَیِّدُنا اَبُو زَکَریا یحییٰ بن شَرف نَوَوی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی کا عطا کردہ یہ مدنی پھول ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ بچے کا نام **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے کسی برگزیدہ بندے (مثلاً پیر و مرشد وغیرہ) سے رکھوانا مُستَحَب ہے اور جس دن بچہ پیدا ہو اسی دن نام رکھنا بھی جائز ہے۔[3]

مدینہ

1. ترمذی، کتاب الآداب، باب ماجاء فی تغییر الاسماء، ۴/ ۳۸۲، حدیث: ۲۸۴۸
2. مسلم، کتاب الادب، باب استحباب تغییر الاسم القبیح، ص ۱۱۸۲، حدیث: ۲۱۴۰
3. شرح صحیح مسلم، کتاب الادب، باب استحباب تحنیک المولود، الجزء الرابع عشر، ۷/ ۱۲۴

## (5) بال منڈوانا و عقیقہ کرنا

ساتویں دن بال منڈوا کر ان کے وزن برابر چاندی صدقہ کرنا چاہئے، نیز عقیقہ بھی اسی دن کر دینا چاہئے۔ چنانچہ، اعلیٰ حضرت عَلَیْہِ رَحمَۃُ رَبِّ الْعِزَّت فتاویٰ رضویہ شریف میں فرماتے ہیں: ساتویں اور نہ ہو سکے تو چودھویں ورنہ اکیسویں دن عقیقہ کرے، دُختر (بیٹی) کے لئے ایک، پِسر (بیٹے) کے لئے دو (بکریاں) کہ اس میں بچے کا گویا رہن سے چُھڑانا ہے۔[1]

**"عقیقے کے بارے میں سوال جواب"** صفحہ 4 پر ہے: "جس بچّے نے عقیقے کا وقت پایا یعنی وہ بچّہ سات دن کا ہو گیا اور بِلا عُذر جبکہ استِطاعت (یعنی طاقت) بھی ہو اُس کا عقیقہ نہ کیا گیا تو وہ اپنے ماں باپ کی شَفاعت نہ کرے گا۔ حدیثِ پاک میں ہے کہ اَلْغُلَامُ مُرْتَهَنٌ بِعَقِيقَتِهِ یعنی "لڑکا اپنے عقیقے میں گروی ہے۔"[2] اَشِعَّۃُ اللَّمعات میں ہے، امام احمد رَحمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: "بچّے کا جب تک عقیقہ نہ کیا جائے اُس کو والِدَین کے حق میں شَفاعت کرنے سے روک دیا جاتا ہے۔"[3]

مدینہ

1. فتاویٰ رضویہ، ۲۴/ ۴۵۲
2. تِرمِذی، کتاب الاضاحی، باب من العقیقۃ، ۳/ ۱۷۷، حدیث: ۱۵۲۷
3. اشعۃُ اللّمعات، ۳/ ۵۱۲

صدرُ الشَّریعہ ، بدرُ الطَّریقہ ، حضرتِ علّامہ مولانا مفتی محمد امجد علی اعظمی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی مذکورہ حدیث پاک کے تَحْت فرماتے ہیں: ”گِروی “ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اُس سے پورا نَفْع حاصِل نہ ہو گا جب تک عقیقہ نہ کیا جائے اور بعض (مُحَدِّثین) نے کہا بچّے کی سلامَتی اور اُس کی نَشْو و نُما (پھلنا پھولنا) اور اُس میں اچّھے اَوصاف (یعنی عمدہ خوبیاں) ہونا عقیقے کے ساتھ وابَستہ ہیں۔ (1)

## (6) رزقِ حلال کھلانا

دورِ جدید میں مہنگائی نے چونکہ ہر کَس و ناکَس کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، لہٰذا یہ بات عام دیکھی گئی ہے کہ ضروریات کی تکمیل اور آسائشوں کے حُصول کے لئے بسا اوقات حرام و حلال کمائی کی پروا نہیں کی جاتی اور یہ بات یکْسَر فَراموش کر دی جاتی ہے کہ حرام کمائی دنیا و آخرت میں عظیم خَسارے کا باعث ہے۔ جیسا کہ حضرت سَیِّدُنا جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ شہنشاہِ مدینہ، قرارِ قلب و سینہ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: وہ گوشت ہر گز جنّت میں داخل نہ ہو گا جو حرام میں پلا بڑھا۔ (2)

مدینہ

1 بہارِ شریعت، ۳/ ۳۵۴

2 سنن الدارمی، کتاب الرقاق، باب فی اکل السحت، ۲/ ۴۰۹، حدیث: ۲۷۷۶

پس ہمیشہ رزقِ حلال کما کر اپنی اولاد کی پرورش کرنے کی کوشش کیجئے کہ جو شخص اس لئے حلال کمائی کرتا ہے کہ سوال کرنے سے بچے، اہل وعیال کے لئے کچھ حاصِل کرے اور پڑوسی کے ساتھ حُسنِ سُلوک کرے تو وہ قیامت میں اس طرح آئے گا کہ اس کا چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح چمکتا ہو گا۔[1]

## (7) اچھی باتیں سکھانا

عورتوں کے متعلق چونکہ یہ بات بڑی معروف ہے کہ وہ فُضول گوئی کی عادی ہوتی ہیں، لہٰذا اپنی بیٹی کو فُضول گوئی وغیرہ سے بچانے کی اچّھی اچّھی نیّتوں سے کوشش کیجئے کہ جب وہ ذرا ہوشیار ہو جائے اور زبان کھولنے لگے تو سب سے پہلے اس کی پاک وصاف زبان سے اسمِ جَلالَت "اللہ" اور کلمہ طیبہ ہی جاری ہو۔ حضرتِ سیدنا ابن عبّاس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حُضورِ پاک، صاحبِ لَولاک صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: اپنے بچوں کی زبان سے سب سے پہلے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کہلواؤ۔[2] چنانچہ پندرھویں صَدی کی عظیم علمی و رُوحانی شخصیت، شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ مولانا

مدینہ

1 شعب الایمان، باب فی الزھد وقصر الامل، ۷/۲۹۸، حدیث: ۱۰۳۷۵

2 شعب الایمان، باب فی حقوق الاولاد والاھلین، ۶/۳۹۷، حدیث: ۸۶۴۹

**ابو بلال محمد الیاس عطّار** قادری رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے اپنی نواسی کے لئے سب گھر والوں کو کہہ رکھا تھا کہ اس کے سامنے **"اللہ اللہ"** کا ذکر کرتے رہیں تاکہ اس کی زبان سے پہلا لفظ **"اللہ"** نکلے اور جب وہ آپ دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی بارگاہ میں لائی جاتی تو آپ خود بھی اس کے سامنے **ذکر اللہ** کرتے۔ چنانچہ جب آپ کی نواسی نے بولنا شروع کیا تو پہلا لفظ **"اللہ"** ہی بولا۔

## (8) تعلیم اور اسلامی تربیت

دورِ حاضِر میں اگر مُعاشَرے کا بغور جائزہ لیں تو ہر طرف دو ہی چیزیں نظر آتی ہیں۔ جدید تعلیم و ترقی اور نام نہاد روشن مستقبل کے نام پر ایک طرف مغربی تہذیب(Western culture) سے معمور مختلف(Different) خوبصورت(Beautiful) اور دل آویز(Attractive) ناموں کے ساتھ شہر شہر بلکہ گلی گلی کھلے ہوئے اسکولز (Schools) نظر آتے ہیں جن کی ایک کثیر تعداد اسلام دشمن قوتوں کے زیرِ اثر مَذہَب و ملّت کی قُیود سے آزاد مُعاشَرے کے حامِل لوگ تیار کرنے میں مگن ہے تو دوسری طرف ہر جگہ بالخصوص بڑے شہروں کے پوش علاقوں، ہاؤسنگ سوسائٹیز (Housing Societies)، وی آئی پی پاپولیشن ایریاز( V.I.P. Population Areas)، اَپر کلاس ریزیڈنشل ایریاز (Upper class residential areas) میں

اسلامک سکولز (Islamic Schools) کے نام پر بدمذہبوں کے بنائے گئے ادارے و جامعات ہماری آنے والی نسلوں کے ایمان اور دینی حَمیّت و غیرت کے لئے شدید خطرات کا باعث بن رہے ہیں۔

لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ عشقِ رسول سے سرشار معاشرے کی تشکیل کے لیے مدنی تربیت کا ایک ایسا مضبوط و مربوط لائحۂ عمل اختیار کیا جائے جس سے دورِ جدید کے نوجوانوں کی فکر و سوچ میں تبدیلی آنے کے ساتھ ساتھ نہ صرف ان کا رُخ سُوئے مدینہ ہو جائے بلکہ ان کا سینہ ہی مدینہ بن جائے۔ جس کے لیے سب سے پہلی سیڑھی یہ ہے کہ آج کی اس ننّھی مُنّی کلی کی طوفانِ بادو باراں سے حفاظت کی جائے کہ آج جس کی مسکراہٹ ماں باپ کو غموں سے دور کر دیتی ہے، کل جب پوری طرح کِھل کر کسی کے گلستانِ حیات میں مہکے تو چاروں طرف فضا خوشگوار ہو جائے۔ یہ بہت ضروری ہے کہ ہم اپنی آئندہ نسلوں بالخُصوص بیٹیوں کو عِفّت و عِصمت کا پیکر بنانے، توحید و رسالت سے روشناس کرانے اور اسلام کے نام پر تن من دھن قُربان کر دینے کے لئے تیار کریں تاکہ عاشقانِ رسول کی عشق و مستی سے بھرپور داستانیں قصۂ پارینہ (ماضی کی کوئی داستان) بننے کے بجائے دورِ جدید میں حقیقت کا رُوپ دھار سکیں اور اس کے لیے تبلیغِ قرآن و سنّت کی عالمگیر غیر سیاسی

تحریک دعوتِ اسلامی کے مہکے مہکے اور پاکیزہ و مُعَطَّر و مُعَنبر مدنی ماحول سے بہتر کوئی ماحول نہیں۔

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** آپ کا تعلق زندگی کے جس بھی شعبے سے ہو فکر نہ کیجیے دعوتِ اسلامی آپ کو ہر جگہ اور زندگی کے ہر موڑ پر رہنمائی فراہم کرتی نظر آئے گی، مثلاً ڈھائی سال کی عمر میں اپنی بیٹی کو جدید دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ فرض علمِ دین سکھانے کے لیے **دارُ المدینہ** میں داخل کروایئے یا پھر تھوڑی بڑی عمر کی ہو تو اسے قرآنِ کریم ناظرہ و حفظ کروانے کے لیے **مدرسۃ المدینہ للبنات** اور عِلْمِ دین کی ترویج و اشاعت کے لیے جامعاتُ المدینہ للبنات میں داخل کروادیجئے۔

اعلیٰ حضرت، امامِ اہلسنّت، مُجدّدِ دین وملّت، پَروانۂ شَمعِ رِسالَت مولانا شاہ امام احمد رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الرَّحْمٰن فرماتے ہیں: بچپن سے جو عادت پڑتی ہے کم چھوٹتی ہے۔[1] لہٰذا جو لوگ ایک بیٹی کی تعلیم و تربیت میں کوتاہی کے مُرتکِب ہوتے ہیں درحقیقت وہ آنے والی نسل کی تعلیم و تربیت میں کوتاہی کے مرتکب ہوتے ہیں۔ چنانچہ ایک بیٹی کی پَرورِش کے دوران تعلیم و تربیت کے جن مَراحِل سے دوچار ہونا

مدینہ

1 فتاویٰ رضویہ، ۲۲/۲۱۵

پڑتا ہے، اگر ان پر غور کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ تعلیم و تربیت اگرچہ لازم و مَلْزوم ہیں مگر ان پر طائرانہ نظر ڈالنے سے صُورت کچھ یوں بنتی ہے:

## (۱)...بنیادی و ضروری عقائد کی تعلیم

طاغوتی طاقتیں عاشقانِ رسول کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کے لئے ان کے عقیدے اور عمل کو برباد کرنے کی ہر ممکن کوشش میں مصروف ہیں اور اس سلسلے میں انہیں بعض بد باطن لوگوں کی بھی بھرپور مدد حاصل ہے۔ غیر مسلم قُوتّوں کی مسلمانوں کو مٹانے اور پاکیزہ اسلامی تعلیمات کو بگاڑنے کی ان ناپاک سازشوں کا ہی نتیجہ ہے کہ اِس پُر فِتن دور میں گناہوں کی یَلْغار اور فیشن پرستی کی بِھٹْکار نے مسلمانوں کی اکثریت کو بے عمل بنا دیا ہے، علمِ دین سے بے رغبتی اور ہر خاص و عام کا رُجحان صرف دُنیاوی تعلیم کی طرف ہے، دینی مسائل سے ناواقِفِیَّت کی بنا پر ہر طرف جَہالَت کے بادل منڈلا رہے ہیں، لادِینِیَّت و بدمذہَبِیَّت کے ٹھاٹھیں مارتے سیلاب میں مسلمان تیزی کے ساتھ بد اخلاقی کے عمیق گڑھے میں گرتے جارہے ہیں۔ چنانچہ ان نازُک حالات میں عاشقانِ رسول کے کانوں تک ذکرِ خدا و مُصطَفٰے کی پر سوز آوازیں پہنچانے کے لیے ضروری ہے کہ آج کی بیٹی اور کل کی ماں کی ایسی بھرپور مدنی تربیت کی جائے کہ آنے والی نسل عشقِ رسول کے رنگ

میں رنگ جائے۔ ماں کی گود چونکہ بچے کی پہلی درس گاہ ہوتی ہے لہٰذا ایک بیٹی کی صحیح معنوں میں مدنی تربیت کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ماں خود بھی ضروری علومِ دینیہ سے آگاہ ہو تا کہ وہ اپنی بیٹی کو ابتدائی عمر سے ہی توحید ورسالت کے عشق و مستی سے بھرپور جام پینے کا ایسا عادی بنادے کہ جس کی لذّت میں گم ہو کر اسے زِندَگی بھر کسی دوسری طرف دیکھنے کا ہوش ہی نہ رہے۔ چنانچہ اسے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ، فرشتوں، آسمانی کتابوں، انبیائے کرام عَلَیۡہِمُ السَّلَام بالخُصوص نبیوں کے سردار، حبیبِ پروردگار صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم، قیامت اور جنّت ودوزخ کے متعلق بتدریج بنیادی عقائد سکھایئے۔ مثلاً

**توحیدِ باری تعالیٰ کے متعلق بنیادی عقائد:** ہمیں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے پیدا کیا ہے، وہی ہمیں رزق عطا فرماتا ہے، اسی نے زندگی دی ہے، وہی موت دے گا، ہم صرف اسی کی عبادت کرتے ہیں، وہ جسم، جگہ اور مکان سے پاک ہے (بعض ماں باپ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کا نام لینے پر اپنے بچے کو آسمان کی طرف انگلی اٹھانا سکھاتے ہیں، ایسا نہ کیا جائے)، وہ کسی کا محتاج نہیں ساری کائنات اس کی محتاج ہے، وہ اولاد سے پاک ہے، وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا، جو کچھ ہو چکا ہے، جو ہو رہا ہے یا ہو گا وہ سب جانتا ہے۔

**فرشتوں کے متعلق بنیادی عقائد:** فرشتے اسکی نوری مخلوق ہیں جو اسکے حکم سے مختلف کام سرانجام دیتے ہیں۔ مثلاً بارش برسانا، ہوا چلانا، کسی کی روح نکالنا وغیرہ۔

**آسمانی کتابوں کے متعلق بنیادی عقائد:** اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اپنے بندوں کی ہدایت کیلئے بہت سے صحیفے اور کتابیں نازل فرمائیں جن میں چار کتابیں بہت مشہور ہیں:

(1) تورات (یہ حضرت سَیِّدُنا موسیٰ عَلَیْہِ السَّلَام پر نازل ہوئی)

(2) زبور (یہ حضرت سَیِّدُنا داود عَلَیْہِ السَّلَام پر نازل ہوئی)

(3) انجیل (یہ حضرت سَیِّدُنا عیسیٰ عَلَیْہِ السَّلَام پر نازل ہوئی)

(4) قرآنِ کریم (یہ ہمارے نبی محمد مُصطَفٰے صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم پر نازل ہوئی)

**انبیائے کرام کے متعلق بنیادی عقائد:** اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مخلوق کی رہنمائی کے لئے اپنے نبیوں اور رسولوں کو بھیجا جن کی مکمل تعداد وہی جانتا ہے اور سب سے آخر میں ہمارے نبی محمد مُصطَفٰے صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو بھیجا۔ آپ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم اللہ عَزَّوَجَلَّ کے آخری نبی ہیں، آپ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔

**قیامت اور جنت و دوزخ کے متعلق بنیادی عقائد:** قیامت سے مُراد یہ ہے کہ ایک وقت آئے گا کہ یہ آسمان وزمین سب تباہ ہو جائیں گے، پھر مُردے اپنی

قبروں سے اٹھ کر میدانِ محشر میں بارگاہِ خداوندی میں حاضِر ہوں گے اور اپنے اعمال کا حساب دیں گے، جس کے عمل اچھے ہوں گے اسے جنّت ملے گی اور جس کے برے ہوں گے اسے دوزخ میں جانا پڑے گا۔ جنّت کا شوق اور جہنّم کا خوف پیدا کرنے کے لیے بیٹی کی سمجھ بوجھ کے مطابق انعاماتِ جنّت اور عذاباتِ جہنّم کی روایات سنائیے اور اسے بتائیے کہ اگر ہم **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اور اسکے پیارے محبوب صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی اطاعت کریں گے تو ہمیں جنّت ملے گی اور اگر **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی نافرمانی میں زِنْدَگی بسر کی تو جہنَّم کا عذاب ہمارا منتظر ہو گا۔ **وَالْعِیَاذُ بِاللّٰہ** (1)

ذکرِ مُصطَفٰے چونکہ نورِ ایمان وسُرورِ جان ہے۔ اس لئے چاہیے کہ ایسے اسباب پیدا کیے جائیں کہ آپ کی بیٹی کے دل میں درودِ پاک اور نعت شریف پڑھنے اور سننے کا ذوق وشوق پیدا ہو جائے۔ مثلاً بچے کو سُلانے یا بہلانے کے لئے لَوری دینے کا رواج عام ہے لیکن لَوری دیتے وقت خیال رکھا جائے کہ یہ بے مَعانی کلمات پر مشتمل نہ ہو اور نہ ہی اس میں کوئی غیر شرعی کلمہ ہو بلکہ بہتر یہ ہے کہ حمد

مدینہ

1 یہ عقائد بہارِ شریعت کے پہلے حصے سے ماخوذ ہیں۔ چنانچہ عقائد کی مزید معلومات کے لیے صدر الافاضل کی آسان تصنیف **کتاب العقائد**، صدر الشریعہ کی **بہارِ شریعت حصہ اول** کا مطالعہ کرنے کے لیے مکتبۃ المدینہ سے ہدیۃً حاصل کیجئے۔ نیز امیر اہلسنت کی کتاب **کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب** کے علاوہ مدنی نصاب برائے قاعدہ اور مدنی نصاب برائے ناظرہ کا بھی ضرور مطالعہ کیجئے۔

یا نعت یا اولیائے کرام کی مَنقَبَت بچے کو سنائی جائے تو ثواب بھی ملے گا اور بچے کو نیند بھی آجائے گی۔ اس کے علاوہ صالِحین و صالِحات کے واقعات کہانیوں کی صورت میں سنانا بھی مفید ہے، کیونکہ اَسلاف سے عقیدت و مَحبَّت کا تعلّق ایمان کی مَضبوطی کا ذریعہ ہے اور بچوں کے دل میں صحابۂ کرام واہلِ بیتِ اَطہار عَلَیۡہِمُ الرِّضۡوَان اور دیگر اولیائے کرام رَحِمَہُمُ اللّٰہُ السَّلَام کی عقیدت پیدا کرنے کا آسان ذریعہ ان نُفوسِ قُدسِیّہ کی سیرت کے نورانی واقعات بھی ہیں۔ نیز ایک مسلمان کے لئے چونکہ اس کا ایمان متاعِ حیات کی حیثیت رکھتا ہے، لہٰذا آئندہ نسلوں کے ایمان کو محفوظ رکھنے کے لیے بیٹے سے بڑھ کر بیٹی کے ایمان کی حفاظت کی فکر دیگر تمام دُنیاوی اشیاء سے کہیں زیادہ ہونی چاہیے اور ایمان کی حفاظت کا ایک بہت بڑا ذریعہ کسی پیرِ کامل سے بیعت ہو جانا بھی ہے، فی زمانہ کسی جامع شرائط پیرِ کامل کا ملنا ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے لہٰذا اگر آپ کسی کے مرید نہیں تو فوراً اپنے بچوں سمیت سلسلہ قادریہ رضویہ عطّاریہ کے عظیم بُزُرگ شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی دَامَتۡ بَرَکَاتُہُمُ الۡعَالِیَہ کے مُرید بن جائیں۔ آپ دَامَتۡ بَرَکَاتُہُمُ الۡعَالِیَہ، قُطبِ مدینہ، میزبانِ مہمانانِ مدینہ، خلیفۂ اعلیٰ حضرت، حضرت سَیِّدُنا ضِیاءُ الدّین احمد مدنی عَلَیۡہِ رَحمَۃُ

اللہِ الْغَنِی کے مرید اور خلیفۂ قُطبِ مدینہ حضرت مولانا عبد السلام قادری رضوی، شارحِ بخاری فقیہ اعظم ہند حضرت علّامہ مفتی شریف الحق امجدی، جانشینِ قُطبِ مدینہ حضرت علّامہ فضل الرحمٰن قادری اور مفتیِ اعظم پاکستان حضرت علامہ مفتی وقارُ الدّین رضوی رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہم کے خلیفۂ مجاز ہیں۔ ان کے علاوہ دیگر بزرگوں سے بھی خلافتیں اور اجازتِ اسانیدِ احادیث حاصِل ہیں۔ آپ دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ سلسلہ قادریہ میں مُرید فرماتے ہیں۔ قادِری سلسلے کی عظمت کے کیا کہنے کہ اس کے عظیم پیشوا حُضور سَیِّدُنا غوثُ الاعظم عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْاَکرَم قیامت تک کے لئے بفضلِ خدا اپنے مُریدوں کے توبہ پر مرنے کے ضامِن ہیں۔[1]

## (۲)... قرآن وسنت کی تعلیم

امیر المؤمنین حضرت سیِّدُنا عَلِی بِن اَبِی طَالب کَرَّمَ اللہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم سے مَروِی ہے کہ شَہَنْشَاہِ مدینہ، قرارِ قلب و سینہ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: ”اپنی اَولاد کو 3 باتیں سکھاؤ (۱) اَپنے نبی صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی مَحَبَّت (۲) اَہلِ بیت عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان کی مَحَبَّت اور (۳) تِلاوتِ قرآنِ کریم، کیونکہ قرآن پڑھنے والے لوگ، اَنبیا و اَصفیا کے ساتھ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے سایۂ رَحمت میں ہوں مدینہ

1 بهجة الاسرار، ذكر فضل اصحابه وبشراهم، ص۱۹۱

گے جس دن اُس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہو گا۔“ (1)

حضرت سیِّدُنا شیخ ابو محمد سَہل تُستَری عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: ایمان کی علامَت مَحبَّتِ باری تعالیٰ، مَحبَّتِ باری تعالیٰ کی علامت مَحبَّتِ کلامِ باری تعالیٰ، مَحبَّتِ کلامِ باری تعالیٰ کی علامت مَحبَّتِ محبوبِ باری تعالیٰ اور مَحبَّتِ محبوبِ باری تعالیٰ کی علامت اِتّباعِ محبوبِ باری تعالیٰ ہے۔ (2)

پس بنیادی و ضروری عقائد کے علاوہ بیٹی کے دل میں قرآن و سنّت کی مَحبَّت پیدا کرنا ضَروری ہے تاکہ بچپن ہی سے باری تعالیٰ و محبوبِ باری تعالیٰ کی مَحبَّت اس کے دل میں پیدا ہو جائے اور قرآن و سنّت کے مطابق وہ اپنی ساری زِندَگی گزار دے کیونکہ قرآن و سنّت پر عمل ہی دونوں جہاں میں کامیابی کا سبب ہے مگر یاد رکھئے! قرآنِ کریم پر عمل کرنے کے لیے اسے صحیح پڑھنا، سیکھنا اور سمجھنا ضروری ہے، مگر افسوس صد افسوس! مخلوقِ خدا ربّ عَزَّوَجَلَّ کے کلام کو پڑھنے، سیکھنے، سمجھنے اور اس پر عمل کرنے سے بتدریج دور ہوتی جارہی ہے اور دنیاوی ترقی و خوشحالی کیلئے ہر وقت نِت نئے عُلوم و فُنون سیکھنے سکھانے میں مصروف ہے۔ حالانکہ اس کی تعلیم کے مُتَعَلِّق اللہ عَزَّوَجَلَّ کے پیارے حبیب صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ

مدینہ

1 الجامع الصغیر، ص ۲۵، حدیث: ۳۱۱

2 قوت القلوب، الفصل السابع عشر، ۱/ ۱۰۴

عالیشان ہے: خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہ۔ یعنی تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو قرآن سیکھے اور دوسروں کو سکھائے۔[1] چنانچہ والدین پر لازم ہے کہ بیٹی کی پرورش میں قرآن وسنّت کی مَحبّت اس کے سینے میں کوٹ کوٹ کر بھر دیں۔

## (۳)... فرض عُلوم اور دینی تعلیم

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** فرض عُلوم اور دینی تعلیم کی اہمیت کے متعلق شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا **ابو بلال محمد الیاس عطّار** قادری رضوی ضِیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 505 صَفحات پر مشتمل کتاب **غیبت کی تباہ کاریاں** کے صَفْحَہ 5 پر فرماتے ہیں: سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عظمت نشان ہے: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ یعنی علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔[2] یہاں اسکول کالج کی دُنیوی تعلیم نہیں بلکہ ضروری دینی علم مُراد ہے، لہٰذا سب سے پہلے بنیادی عقائد کا سیکھنا فرض ہے، اس کے بعد نَماز کے فرائض و شرائِط و مُفْسِدات، پھر رَمضانُ المبارَک کی تشریف آوری پر فرض

---

1 بخاری، کتاب فضائل القرآن، باب خیر کم من تعلم ... الخ، ۳/ ۴۱۰، حدیث: ۵۰۲۷

2 ابن ماجہ، کتاب السنۃ، باب فضل العلماء ... الخ، ۱/ ۱۴۶، حدیث: ۲۲۴

ہونے کی صُورت میں روزوں کے ضَروری مسائل، جس پر زکوٰۃ فرض ہو اُس کے لئے زکوٰۃ کے ضَروری مسائل، اسی طرح حج فرض ہونے کی صورت میں حج کے، نکاح کرنا چاہے تو اسکے، تاجر کو خرید و فروخت کے، نوکری کرنے والے کو نوکری کے، نوکر رکھنے والے کو اِجارے کے، وَعلٰی ھٰذَا الْقِیاس (یعنی اور اسی پر قِیاس کرتے ہوئے) ہر مسلمان عاقِل و بالِغ مرد و عورت پر اُس کی مَوجودہ حالَت کے مُطابِق مسئلے سیکھنا فرضِ عَین ہے۔ اِسی طرح ہر ایک کیلئے مسائلِ حلال و حرام بھی سیکھنا فرض ہے۔ نیز مسائلِ قلب (باطِنی مسائل) یعنی فرائضِ قَلبِیہ (باطِنی فرائض) مَثَلاً عاجِزی و اِخلاص اور توکُّل وغیرہ اوران کو حاصِل کرنے کا طریقہ اور باطِنی گناہ مَثَلاً تکبُّر، ریاکاری، حَسَد وَغَیْرُھَا اوران کا علاج سیکھنا ہر مسلمان پر اہم فرائض سے ہے۔ مُہلِکات یعنی ہلاکت میں ڈالنے والی چیزوں جیسا کہ جھوٹ، غیبت، چغلی، بہتان وغیرہ کے بارے میں ضَروری معلومات حاصل کرنا بھی فرض ہے تاکہ ان گناہوں سے بچا جاسکے۔[1]

اِمامِ اَجَلّ حضرت سیِّدُنا شیخ ابو طالب مکّی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: عمل سے پہلے علم ضروری ہے کیونکہ عمل کے فرض ہونے کی وجہ سے اس کا علم حاصل

مدینہ

1 غیبت کی تباہ کاریاں، ص ۵

کرنا بھی فرض ہو جاتا ہے۔[1]

# آدابِ زندگی

**پیارے اسلامی بھائیو!** بیٹی کی پَرورِش کے دوران قرآن و سنّت اور کُتُبِ اَسلاف (بُزرگوں کی کتابوں) میں بیان کردہ جن آداب کی ضَرورت پیش آسکتی ہے اگر ان کا مُطالَعہ کیا جائے تو ہم انہیں تین مختلف حصّوں میں کچھ یوں تقسیم کرسکتے ہیں:

- ذات سے مُتَعَلّق آداب
- خاندان سے مُتَعَلّق آداب
- مُعاشَرے سے مُتَعَلّق آداب

## ذات سے مُتَعَلّق آداب

پاکیزگی و طہارت کو ایک مسلمان کی زِندَگی میں جو اہمیت حاصِل ہے اس سے انکار ممکن نہیں۔ جیسا کہ فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

| | |
|---|---|
| وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُطَّهِّرِیْنَ ﴿۱۰۸﴾ (پ۱۱، التوبۃ:۱۰۸) | ترجمۂ کنز الایمان: اور ستھرے اللہ کو پیارے ہیں۔ |

مدینہ

1 قوت القلوب، الفصل الحادی و الثلاثون، ۱/ ۲۲۶

نیز ایک فرمانِ مُصطَفٰے صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے کہ پاکیزگی نصف ایمان ہے۔[1] اور یہ مروی ہے کہ بُنِیَ الدِّیْنُ عَلَی النَّظَافَۃ یعنی دین کی بنیاد پاکیزگی پر ہے۔[2] یہاں طہارت سے صرف کپڑوں کا صاف ہونا ہی مُراد نہیں بلکہ دل کی صفائی بھی مراد ہے، اس لیے کہ نَجاست صرف بدن یا کپڑوں کے ساتھ خاص نہیں بلکہ باطِن کی صفائی بھی شریعت کو مطلوب ہے کیونکہ جب تک باطِن پاک نہ ہو عِلْمِ نافِع (نَفْع بخش عِلْم) حاصِل نہیں ہوتا اور نہ ہی انسان علم کے نور سے روشنی پاسکتا ہے، لہٰذا بیٹی کی پَرْوَرِش کے دوران والدین پر لازم ہے کہ وہ بیٹی کے ظاہر کی پاکی و طہارت کا اہتمام کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے باطن کی پاکیزگی پر بھی بھرپور توجہ دیں تاکہ اس کا دل بُری صِفات سے پاک رہے۔ مثلاً حسد، تکبُّر، ریاکاری، عجب و خود پسندی، جھوٹ، غیبت، چغلی، گالی گلوچ، امانت میں خیانت، بدعہدی وغیرہ اور ان کے دنیا و آخرت میں نقصانات سے خوب آگاہ کریں تاکہ بیٹی ان ہلاک کر دینے اور جہنَّم میں لے جانے والے گناہوں سے بچ سکے۔ مگر یاد رکھئے! تربیت اس وقت ہی فائدہ دے گی جب آپ خود بھی ان باطنی گناہوں سے بچنے کی کوشش کریں

مدینہ

1 ترمذی، کتاب الدعوات، ۵/۳۰۸، حدیث: ۳۵۳۰

2 الشفاء، الباب الثانی فی تکمیل محاسنہ، فصل واما نظافۃ جسمہ... الخ، ۱/۶۱

گے، کیونکہ والدین اگر نیک اور گناہوں سے بچنے والے ہوں تو ان کی برکات ان کے بچوں کو بھی نصیب ہوتی ہیں۔

## خاندان سے مُتَعَلّق آداب

**پیارے اسلامی بھائیو!** اس سے مُراد وہ آداب ہیں جو ایک مَضْبُوط وخُوشحال خاندان کی بَقا کے لیے اِنْتِہائی ضَروری ہیں۔ مثلاً وَالِدَین کا اَدَب واِحترام اور دیگر چھوٹوں بڑوں کے ساتھ حُسنِ سُلوک، صِلہ رحمی (رِشتہ داروں سے اچھے سُلُوک) کی فضیلت اور قطع تعلقی کی مذمّت وغیرہ۔ ان آداب کے بجالانے کی بناپر ایک بیٹی خاندان بھر کی آنکھوں کا تارا بن جاتی ہے، لہٰذا والدین پر لازم ہے کہ وہ اپنی بیٹی کی پرورش میں ذرہ بھر کوتاہی نہ ہونے دیں اور بچپن ہی سے اس کی اسلامی تربیّت کا ایسا اہتمام کریں کہ ہر کوئی ان کی بیٹی کے حُسنِ سُلُوک کی تعریف کرے نہ کہ اس کی بدسُلُوکی وبے اَدَبی اور بدکلامی کا ہر طرف چرچا ہو۔

بچے بالخُصوص بیٹیاں چونکہ والدین سے دیگر رشتے ناطوں کی پہچان سیکھنے کے ساتھ ساتھ یہ بھی سیکھتی ہیں کہ انکے والدین اپنے قَرابت داروں سے کس طرح پیش آتے ہیں، لہٰذا اگر آپ اپنے بعض قَرابت داروں سے صِلہ رحمی کے بجائے

قطع تعلقی کر لیں گے یا اُن کے ساتھ اچھا سُلوک نہیں کریں گے تو آپ کی اولاد بالخُصوص بیٹیوں کے ذہنوں سے ان رشتوں کا تَقَدُّس ہمیشہ کیلئے خَتْم نہیں تو کم ضَرور ہو جائے گا، لہٰذا خود بھی یاد رکھئے اور اپنی بیٹی کو بھی یہ بات خوب باور کرا دیجئے:

- صِلہ رحمی سے اللہ عَزَّوَجَلَّ راضی ہوتا ہے کیونکہ صلہ رحمی خود اسی کا حکم ہے۔
- صِلہ رحمی سے فِرِشتے خوش ہوتے ہیں۔
- صِلہ رحمی کرنے والے کی لوگ تعریف کرتے ہیں۔
- صِلہ رحمی سے شیطان لعین غمناک ہوتا ہے۔
- صِلہ رحمی سے عمر اور رزق میں برکت ہوتی ہے۔
- صِلہ رحمی سے دلی اطمینان حاصل ہوتا ہے اور حدیث شریف میں بھی ہے کہ (فرائض کی تکمیل کے بعد) افضل اعمال وہ ہیں جو مومن کی خوشی کا باعث بنیں۔[1]
- صِلہ رحمی سے مَحَبَّت میں زیادتی ہوتی ہے، کیونکہ جن لوگوں پر اس نے احسان کئے ہوں گے وہ سب اس کی خوشی و غم میں شریک ہوں گے اور اس کی مدد بھی کرتے رہیں گے جس کی وجہ سے باہمی محبت بڑھے گی۔

مدینہ

1 المعجم الکبیر، ۱۱/ ۵۹، حدیث ۱۱۰۷۹

❀ صِلہ رحمی موت کے بعد بھی اجر وثواب کا باعث بنتی ہے، کیونکہ لوگ اس کی موت کے بعد اس کے احسانات کو یاد کرکے اس کے لئے ایصالِ ثواب ودُعا کا اہتمام کریں گے۔[1]

## مُعاشَرے سے مُتَعَلِّق آداب

معاشرہ باہم مل جل کر رہنے والے افراد کے مجموعے کو کہتے ہیں جس کی بنیاد کی مختلف وُجوہ ہیں۔ مثلاً برادری، قوم، زَبان، مذہَب اور جُغْرافِیائی حُدود وغیرہ۔ عام طور پر مختلف مُعاشَروں کی تشکیل میں اجتماعی زِنْدَگی کی بَقا کے لیے دو اُمور کو بڑی اہمیت حاصِل ہے: ایک یہ کہ لوگ اس طرح زِنْدَگی بَسر کریں کہ ان کی ذات کی تکمیل ہو اور دوسرا یہ کہ ایسے اُصُول وضَوابط تیار کیے جائیں جن کے ذریعے باہمی خوشگوار تَعَلُّقات قائم ہوں۔ یہ اُصُول وضَوابط چونکہ انسان بناتے ہیں، لہٰذا ان میں تبدیلی کی ہمیشہ گنجائش رہتی ہے اور یہ تبدیل ہوتے بھی رہتے ہیں، مگر اسلامی معاشرہ ایسا ہے جس کے بنیادی عقائد اور اُصُولِ شریعت میں اختتامِ وحی کے بعد کبھی کوئی تبدیلی آئی ہے نہ آئے گی، اس لیے کہ یہ ایک ایسی مُتَوازِن اور مُعْتَدِل زِنْدَگی کا نام ہے جس میں انسانی عقل، رُسوم و رَواج اور تمام مُعاشَرتی

مدینہ

1 تنبیہ الغافلین، باب صلۃ الرحم، ص ۷۳، مفہوماً

آدابِ وحیِ اِلٰہی کی روشنی میں طے پاتے ہیں اور وحی کے نُزول کا دروازہ چونکہ ہمیشہ کے لیے بند ہو چکا ہے، لہٰذا اب اسلامی معاشرے کے جو بنیادی خَدّوخال سرورِ کائنات صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی زبانِ حق تَرجُمان سے بیان ہوئے ہیں ان میں کسی قسم کی تبدیلی ممکن نہیں، البتہ !ہر دور کی ضَروریات کے مطابق پیدا ہونے والے جدید مسائل کا حل بھی قرآن وسنّت کے بیان کردہ اُصولوں سے ہی اخذ کیا جاتا ہے۔ اگر یہ حل قرآن وسنّت کے مخالف نہ ہو بلکہ مسلمانوں کی فَلاح وصَلاح سے تعلق رکھتا ہو تو اسے قبول کر لیا جائے گا ورنہ رد کر دیا جائے گا۔ چنانچہ،

ایک اِسلامی وفَلاحی مُعاشَرے کی بَقا کے لیے اِنتہائی ضَروری ہے کہ اس کے اَفراد کی تربیّت پر بھرپور توجہ دی جائے، لہٰذا بہتر یہ ہے کہ اس کا آغاز ماں کی گود سے ہو تاکہ اس تربیّت کے اَثرات زِنْدَگی بھر بچے پر مُرتَّب رہیں۔ اس تَناظُر میں بیٹی کی بہترین پَرْوَرِش کی اَہَمِیَّت مزید بڑھ جاتی ہے کیونکہ اگر آج اس کی تربیّت میں کوئی کمی رہ گئی تو اس کا اِزالہ کرنا ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہو جائے گا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ! ہم مسلمان ہیں اور ایک اسلام پسند معاشرے کا حصّہ ہیں، ہمیں چاہئے کہ کبھی بھی بیٹی کی پَرْوَرِش میں اس کی مدنی تربیت سے کوتاہی نہ برتیں، اسے معاشرتی بُرائیوں کی قباحتوں سے کماحقُّہٗ آگاہ کریں تاکہ وہ ان سے بچ سکے۔

## بچپن کی عادت کم ہی چھوٹتی ہے

آج ایک باپ اپنی آٹھ دس سالہ بیٹی کو جس بے پردگی کے ساتھ اپنے ہمراہ ایک ایسی تقریب میں لے جاتا ہے جہاں مَردوں عورتوں کا اختلاط ہے، موسیقی اور میوزک کا اہتمام ہے، بے حَیااور مغربی تہذیب کی ماری لڑکیاں ڈھول کی تھاپ پر نہایت ہی بیہودگی کے ساتھ رقص کر رہی ہیں اور وہ پھول جیسی بچی یہ سب دیکھ اور سن رہی ہے کہ یہ بڑی بڑی لڑکیاں اپنے کزن کے ساتھ ناچ رہی ہیں، گانا گا رہی ہیں۔ تو اس کا یہی ذہن بنے گا کہ چونکہ یہاں پر مجھے میرا باپ لے کر آیا ہے، لہٰذا ایسی جگہ جانا اور ناچنا گانا دُرُست ہے کیونکہ اگر یہ سب غلط ہوتا تو میرا باپ ہرگز مجھے یہاں نہ لاتا۔

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** ہمیں چاہئے کہ اپنی اصلاح کے ساتھ ساتھ اپنے گھر والوں کی اصلاح پر بھی توجہ رکھیں اور انہیں ایسی تقاریب و مَحافِل سے دور رکھیں جو خِلافِ شَرْع اُمور پر مشتمل ہوں۔ اس لیے کہ جو لوگ باوُجُودِ قدرت اپنی عورَتوں اور بہنوں، بیٹیوں کو بے پردَگی سے منع نہ کریں وہ ''دَیُّوث'' ہیں اور دیوث کے متعلق جنّت سے محرومی کی وعید مروی ہے۔ اہل وعیال کو خِلافِ شَرْع مَحافِل میں لے جانے والوں کی تَنْبِیہ کے لئے فتاویٰ رَضویہ شریف میں مَرقوم ایک فتویٰ

سے چند اِقتباسات کا مفہوم پیشِ خدمت ہے۔ چنانچہ،

## جنت سے محرومی

**رسولُ اللہ** صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم (ارشاد) فرماتے ہیں: ثَلَاثَةٌ لَّا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ: اَلْعَاقُّ بِوَالِدَيْهِ وَالدَّيُّوثُ وَرَجُلَةُ النِّسَاءِ تین شخص جنّت میں نہ جائیں گے، ماں باپ کو آزار (تکلیف) دینے والا، دَیُّوث اور مرد بننے والی عورت۔[1]

## مَحبوب کے ساتھ حشر

**رسول اللہ** صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم فرماتے ہیں: لَا يُحِبُّ رَجُلٌ قَوْمًا اِلَّا جَعَلَهُ اللّٰهُ مَعَهُمْ جو جس قوم سے مَحبَّت رکھے گا **اللہ** تعالیٰ اسے انہیں کے ساتھ کر دے گا۔[2] اور فرماتے ہیں: مَنْ اَحَبَّ قَوْمًا حَشَرَهُ اللّٰهُ فِيْ زُمْرَتِهِمْ جو جس قوم سے دوستی کرے گا **اللہ** تعالیٰ اسے انہیں کے گروہ میں اٹھائے گا۔[3] اور فرماتے ہیں: اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ آدمی اپنے دوست کے ساتھ ہو گا۔[4]

---

1. مستدرك، كتاب الايمان، ۱۰۸ ثلاثة لايدخلون الجنة، ۱/۲۵۲، حدیث: ۲۵۲
2. مسند احمد، مسند السيدة عائشه، ۹/ ۴۷۸، حدیث: ۲۵۱۷۵
3. المعجم الكبير، ۳/ ۱۹، حدیث: ۲۵۱۹
4. بخاری، كتاب الادب، باب علامة حب الله، ۴/ ۱۴۷، حدیث: ۶۱۶۸

## بنی اسرائیل کی تباہی کے اسباب

بنی اسرائیل میں پہلی خرابی جو آئی وہ یہ تھی کہ ان میں ایک شخص دوسرے سے ملتا تو اس سے کہتا: یَا هٰذَا! اِتَّقِ اللّٰهَ وَدَعْ مَا تَصْنَعُ فَاِنَّهٗ لَا یَحِلُّ لَكَ یعنی اے شخص! اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ڈر اور اپنے کام سے باز آ کہ یہ حلال نہیں۔ پھر دوسرے دن اس سے ملتا اور وہ اپنے اُسی حال پر ہوتا تو یہ اُس کو اپنے ساتھ کھانے پینے اور پاس بیٹھنے سے نہ روکتا۔ پس جب وہ یہ کام کرنے لگے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے دل باہم ایک دوسرے پر مارے کہ منع کرنے والوں کا حال بھی اِنہی خطا والوں کے مِثل ہو گیا۔ پھر فرمایا:

لُعِنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْۢ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَ عِیْسَى ابْنِ مَرْیَمَ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّ كَانُوْا یَعْتَدُوْنَ(۷۸) كَانُوْا لَا یَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا یَفْعَلُوْنَ(۷۹)

(پ۶، المائدۃ: ۷۸، ۷۹)

ترجمۂ کنزالایمان: بنی اسرائیل کے کافِر لعنت کیے گئے داود و عیسٰی بن مریم کی زبان پر، یہ بدلہ ہے ان کی نافرمانیوں اور حد سے بڑھنے کا، وہ آپَس میں ایک دوسرے کو برے کام سے نہ روکتے تھے، البتہ وہ سخت بُری حرکت تھی کہ وہ کرتے تھے۔[1]

مدینہ

1 ابوداود، کتاب الملاحم، باب الامر والنھی، ۴/ ۱۶۲، حدیث: ۴۳۳۶

اللہ عَزَّوَجَلَّ فرماتا ہے:

| | |
|---|---|
| وَ اِمَّا یُنْسِیَنَّكَ الشَّیْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۶۸﴾ (پ۷، الانعام: ۶۸) | ترجمۂ کنز الایمان: اور اگر شیطان تجھے بھلا دے تو یاد آنے پر ظالموں میں مت بیٹھ۔ |

تفسیرِ احمدی میں ہے: ظالم لوگ بدمذہب فاسِق اور کافِر ہیں ان سب کے ساتھ بیٹھنا منع ہے۔[1]

## نازک شیشیاں

عورت مَوم کی ناک بلکہ رَال (چیڑ کا گوند) کی پُڑیا بلکہ بارُود کی ڈِبیا ہے، آگ کے ایک اَدْنیٰ سے لگاؤ میں بھَق سے ہو جانے (یعنی فوراً جل جانے) والی ہے۔ عقل بھی ناقِص اور دِین بھی ناقِص اور طِینَت (یعنی بنیاد) میں کَجی (ٹیڑھاپَن) اور شہوت (خواہشِ نفس) میں مَرد سے سو حِصّہ بیشی (زائد) اور صحبتِ بد کا اَثَرِ مُسْتَقِل مَردوں کو بگاڑ دیتا ہے۔ پھر ان نازُک شیشیوں کا کیا کہنا جو خَفِیف (یعنی معمولی سی) ٹھیس سے پاش پاش ہو جائیں۔ یہ سب مضمون یعنی ان عورات کا ناقِصاتُ العقل وَالدِّین اور کَج طَبع اور شہوت میں زائد اور نازُک شیشیاں ہونا صحیح حدیثوں میں ارشاد ہوئے ہیں

مدینہ

1 تفسیراتِ احمدیہ، ص۳۸۸

اور صحبتِ بد کے اَثَر میں تو بکثرت احادیثِ صحیحہ وارِد ہیں۔ اَزاں جملہ یہ حدیثِ جلیل کہ مشکوٰۃِ حکمتِ نبوت کی نُورانی قِندیل ہے۔ فرماتے ہیں: اچھّے مُصَاحِب اور بُرے ہمنشین کی کہاوَت ایسی ہے جیسے مُشک والا اور لوہار کی بھٹّی کہ مُشک والا تیرے لئے نفع سے خالی نہیں یا تو تُو اس سے خریدے گا کہ خود بھی مُشک والا ہو جائے گا ورنہ خوشبو تو ضرور پائے گا اور لوہار کی بھٹّی تیرا گھر پھونک دے گی یا کپڑے جلادے گی یا کچھ نہیں تو اتنا ہو گا کہ تجھے بدبو پہنچے۔ اگر تیرے کپڑے اس سے کالے نہ ہوئے تو دُھواں تو ضَرور پہنچے گا۔[1]

فُحش گیت شیطانی رَسْم اور کافِروں کی رِیت ہے۔ شیطان ملعون بے حَیا ہے اور **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کمال حَیاوالا۔ بے حَیائی کی بات سے حَیاوالا ناراض ہو گا اور وہ بے حَیاؤں کا اُستاد انہیں اپنا مَسْخَرہ بنائے گا۔ حدیث میں ہے **رسولُ اللہ** صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم (ارشاد) فرماتے ہیں: اَلْجَنَّۃُ حَرَامٌ عَلٰی کُلِّ فَاحِشٍ اَنْ یَّدْخُلَھَا۔ جنّت ہر فُحش بکنے والے پر حَرام ہے۔[2]

یُونہی بے ضَرورت وحاجَتِ شَرعِیّہ لوگوں سے فُحش کلامی بھی ناجائز وخلافِ

---

1 بخاری، کتاب البیوع، باب فی العطار وبیع المسک، ۲/ ۲۰، حدیث: ۲۱۰۱

2 موسوعۃ الامام ابن ابی الدنیا، کتاب الصمت وآداب اللسان، باب ذم الفحش والبذاء، ۷/ ۲۰۴، حدیث: ۳۲۵

حیا ہے۔ **رسول اللہ** صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم (ارشاد) فرماتے ہیں: اَلْحَیَاءُ مِنَ الْاِیْمَانِ وَالْاِیْمَانُ فِی الْجَنَّۃِ، وَالْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ وَالْجَفَاءُ فِی النَّارِ۔ حیا ایمان سے ہے اور ایمان جنّت میں ہے اور فُحش بکنا بے اَدَبی ہے اور بے اَدَبی دوزخ میں ہے۔[1] مَا کَانَ الْفُحْشُ فِیْ شَیْءٍ قَطُّ اِلَّا شَانَہٗ، وَلَا کَانَ الْحَیَاءُ فِیْ شَیْءٍ قَطُّ اِلَّا زَانَہٗ فُحش جب کسی چیز میں دخل پائے گا اسے عیب دار کردے گا اور حیا جب کسی چیز میں شامل ہوگی اس کا سِنگار کردے گی[2]۔[3]

## گناہ گار کون؟

**پیارے اسلامی بھائیو!** یاد رکھئے! نابالغ شرعی احکام کا مُکَلَّف نہیں لہٰذا اس کا گناہ شُمار نہیں لیکن والدین یا سرپرست اگر بچوں کو ایسی جگہ لے گئے جہاں بے پردگی و بے حَیائی اور گانے باجے وغیرہ گناہوں کا سلسلہ ہے جیسا کہ فی زمانہ عام تقاریب کا حال ہے تو اس لے جانے والے پر اپنے گناہ کے ساتھ ساتھ اس نابالغ کو لے جانے کا گناہ بھی ہوگا۔ نیز یہ بچّہ یا بچّی جس کو بچپن ہی سے آپ اس

مدینہ

1. ترمذی، کتاب البر والصلۃ، باب ماجاء فی الحیاء، ۳/۴۰۶، حدیث: ۲۰۱۶
2. ترمذی، کتاب البر والصلۃ، باب ماجاء فی الفحش والتفحش، ۳/۳۹۲، حدیث: ۱۹۸۱ بتغیر
3. فتاوی رضویہ، ۲۲/ ۲۱۰ تا ۲۱۵

طرح کا ماحول فراہم کر رہے ہیں سِنِ شُعُور کو پہنچ کر ان عادتوں کو اختیار کریں گے تو اس کا سَبَب بھی آپ ہی بنے۔ پھر جب اسے سمجھائیں گے کہ یہ افعال غَلَط اور خِلافِ شرع ہیں تو اس کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہو گا کہ اگر یہ غَلَط تھا تو میرے والد مجھے کیوں بچپن سے ایسی جگہوں پر لے جاتے رہے۔ چنانچہ اعلیٰ حضرت امام اہل سنّت عَلَیْہِ رَحمَۃُ رَبِّ الْعِزَّت لکھتے ہیں کہ بچپن سے جو عادَت پڑتی ہے کم چھوٹتی ہے تو اپنے نابالغ بچوں کو ایسی ناپاکیوں سے نہ روکنا ان کے لیے مَعَاذَ اللہ جہنَّم کا سامان تیار کرنا اور خود سخت گناہ میں گرفتار ہونا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَ اَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّ قُوْدُهَا النَّاسُ وَ الْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓىٕكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَاۤ اَمَرَهُمْ وَ يَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝۶

(پ۲۸، التحریم: ۶)

ترجمۂ کنز الایمان: اے ایمان والو! اپنی جانوں اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے بچاؤ جسکے ایندھن آدمی اور پتھر ہیں اس پر سخت کرّے (دُرُشت خو) فِرِشتے مُقَرَّر ہیں جو اللہ کا حکم نہیں ٹالتے اور جو انہیں حکم ہو وہی کرتے ہیں۔[1]

مدینہ

1 فتاویٰ رضویہ، ۲۲/ ۲۱۵

## فیشن کی خرابیاں

فی زمانہ اسلامی بہنوں کے لباس میں فیشن کے نام پر جو خرابیاں پیدا ہو رہی ہیں وہ کسی پر مخفی نہیں۔ حتی کہ مذہبی ماحول سے وابستہ عورتیں بھی شادی بیاہ کی تقاریب و محافل میں ایسے لباس پہنتی ہیں کہ اَلْاَمان وَالْحَفِیظ۔ افسوس! صد افسوس! پردہ کرنا تو کُجا! جن اعضاء کا چُھپانا واجب ہے فیشن کے نام پر ان کو بھی کَماحَقُّہٗ نہیں چھپایا جاتا۔ حالانکہ عورت سے مراد ہی چھپانے کی چیز ہے۔ اس کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ مسلمانوں نے اسلامی تہذیب سے ناطہ توڑ کر مغربی تہذیب سے رشتہ جوڑ لیا ہے۔ کیونکہ اسلامی تہذیب میں تو قلب و نگاہ کو پاک رکھنے کی تاکید مروی ہے اور کبھی بھی اس طرح کی نام نہاد آزادی نہیں دی گئی۔ یہی وجہ ہے کہ اُمُّ المومنین حضرت سَیِّدَتُنا عائشہ صِدّیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ارشاد فرمایا: اگر اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحبوب، دانائے غُیوب صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم (اس بناؤ سنگھار کو) دیکھ لیتے جو عورتوں نے اَب اِیجاد کر لیا ہے تو ان کو (مسجد میں آنے سے) منع فرما دیتے۔[1]

علامہ بدر الدین محمود بن احمد عینی حنفی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی (متوفی ۸۵۵ھ) اس حدیثِ پاک کی شرح میں تحریر فرماتے ہیں: اگر اُمُّ المومنین حضرت سَیِّدَتُنا عائشہ

مدینہ

1 بخاری، کتاب الاذان، باب انتظار الناس قیام الامام العالم، ۱/ ۳۰۰، حدیث: ۸۶۹

صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اس بناؤ سنگھار کو دیکھ لیتیں جو اس زمانہ کی بالخُصوص شہری عورتوں نے ایجاد کر لیا ہے اور اپنی زیبائش اور نُمائش میں غیر شرعی طریقے اور مذموم بدعات نکال لی ہیں، تو وہ عورتوں کی بہت زیادہ مَذَمَّت فرماتیں۔[1]

معلوم ہوا فیشن کے نام پر ہر دور میں عورتوں نے کوئی نہ کوئی نیا کام ضرور کیا جس کی مَذَمَّت اس وقت کی صالحات نے اپنا فرضِ مَنْصَبی جان کر ضرور کی، لہٰذا آیئے! اسلامی تاریخ کے پر بہار گلستان میں جھانک کر اپنی بزرگ خواتین کی حیاتِ طیبہ سے چند مدنی پھول چنتے ہیں کہ جن کی خوشبو سے ہم اپنی بیٹیوں کی پرورش کے دوران ان کی زِنْدَگیوں کو مہکا سکیں۔ چنانچہ،

## خاتونِ جنّت کی پرورش

سب سے پہلے ہمیں یہ یاد رکھنا چاہئے کہ امامُ الانبیا، محبوبِ کبریا صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے اپنی شہزادی حضرت سیِّدَتُنا خاتونِ جنَّت، بی بی فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی جو مدنی تربیت فرمائی ہر اسلامی بہن کو اسے پیشِ نظر رکھنا چاہئے۔ اس لیے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سرورِ کائنات صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی آنکھوں کی ٹھنڈک تھیں، آپ کہیں سفر پر تشریف لے جانا چاہتے تو سب سے آخر میں اپنی

مدینہ

1 عمدۃ القاری، ابواب صفۃ الصلوۃ، باب انتظار الناس قیام الامام العالم، ۴/ ۶۴۹، تحت الحدیث: ۸۶۹

شہزادی سے مل کر روانہ ہوتے اور واپسی میں سب سے پہلے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس تشریف لاتے۔ چنانچہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ہادیِ عالَم صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی تربیت کا حق ادا کرتے ہوئے شادی کے بعد اپنے شوہر کی خدمت اور گھر کے کام کاج کے ساتھ ساتھ اپنے شہزادوں کی جو مَدَنی تربیت فرمائی اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دنیا آج بھی اس کی عظمت کی گواہ ہے اور اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ تا قیامِ قیامت رہے گی۔ چنانچہ اعلیٰ حضرت عَلَیْہِ رَحمَۃُ رَبِّ الْعِزَّت آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھرانے کی عظمت کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

کیا بات رضا اس چمنستانِ کرم کی
زَہرہ ہے کلی جس میں حسین اور حسن پھول

شہزادیِ کونَین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حیاتِ طیبہ کے بے شمار مہکتے مدنی پھولوں میں سے آپ کی حیاتِ طیبہ کے آخری اَیام کا صِرف یہی ایک واقعہ کافی ہے جسے شیخِ طریقت، اَمیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے دعوتِ اسلامی کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 397 صَفحات پر مشتمل کتاب ”پردے کے بارے میں سوال جواب“ کے صَفْحَہ 200 پر کچھ یوں نقل فرمایا ہے: سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے وصالِ ظاہِری کے بعد خاتونِ جنّت، شہزادیِ کونَین، حضرت

سیِّدَتُنا فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر غمِ مصطفٰے کا اِس قدر غلبہ ہوا کہ آپ کے لبوں کی مسکراہٹ ہی ختم ہوگئی! اپنے وِصال سے قبل صِرف ایک ہی بار مُسکراتی دیکھی گئیں۔ اِس کا واقِعہ کچھ یوں ہے: حضرت سیِّدَتُنا خاتونِ جنّت رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو یہ تشویش تھی کہ عُمر بھر تو غیر مَردوں کی نظروں سے خود کو بچائے رکھا ہے اب کہیں بعدِ وفات میری کفن پوش لاش ہی پر لوگوں کی نظر نہ پڑ جائے! ایک موقع پر حضرتِ سیِّدَتُنا اَسماء بنتِ عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا: میں نے حَبشہ میں دیکھا ہے کہ جنازے پر دَرَخت کی شاخیں باندھ کر ایک ڈولی کی سی صُورت بنا کر اُس پر پردہ ڈال دیتے ہیں۔ پھر اُنہوں نے کھجور کی شاخیں منگوا کر انہیں جوڑ کر اُس پر کپڑا تان کر سیِّدہ خاتونِ جنّت رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو دکھایا۔ آپ بَہُت خوش ہوئیں اور لبوں پر مسکراہٹ آگئی۔ بس یہی ایک مسکراہٹ تھی جو سرکارِ مدینہ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے وِصالِ ظاہِری کے بعد دیکھی گئی۔[1]

## بنتِ سعید بن مسیب کی پرورش

حضرت سیدنا سعید بن مُسَیَّب رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ کی صاحبزادی پیکرِ حُسن وجَمال تھی، آپ نے اپنی بیٹی کی تربیت اس طرح فرمائی کہ وہ نہ صرف قرآنِ

مدینہ

1 پردے کے بارے میں سوال جواب، ص ۲۰۰ بحوالہ جذب القلوب مترجم، ص ۲۳۱

پاک کی حافظہ تھی بلکہ حُضور صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سنّتوں کو بھی بَہُت زیادہ جاننے والی تھی۔ اگر یہ کہا جائے کہ وہ صورت کے ساتھ ساتھ حُسنِ سیرت کی دولت سے بھی مالامال تھی تو بے جانہ ہو گا۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ خلیفہ عبدُ الْمَلِک بن مَروان نے آپ سے آپ کی اس بیٹی کے لیے اپنے بیٹے ولید کی شادی کا پیغام بھیجا مگر آپ رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ نے انکار کر دیا، خلیفہ نے بَہُت کوشش کی کہ کسی طرح آپ رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ راضی ہو جائیں لیکن آپ برابر انکار فرماتے رہے، پھر وہ ظلم و سِتَم پر اُتَر آیا اور ایک سرد رات اس ظالِم نے آپ رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ کو 100 کوڑے مارے اور اُون کا جُبّہ پہنا کر آپ رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ پر ٹھنڈا پانی ڈلوا دیا مگر پھر بھی آپ نے اپنی بیٹی کا رشتہ نہ دیا۔ آپ نے اپنی بیٹی کو بچپن سے جو پاکیزگی و طہارت کا درس دیا تھا آپ نہیں چاہتے تھے کہ وہ اسے دنیا کی چَکاچوند میں بھول جائے۔ یہی وجہ تھی کہ آپ نے اپنی اس بیٹی کا نکاح اپنے ایک شاگرد حضرت سَیِّدُنا ابو وَداعہ رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ سے فرمایا جو انتہائی غریب تھے۔

حضرت سَیِّدُنا ابو وَداعہ رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ خود اپنی اس شادی کا واقعہ کچھ یوں بیان فرماتے ہیں کہ مَیں حضرت سَیِّدُنا سعید بن مُسیب رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ کی محفل میں باقاعدگی سے حاضِر ہوا کرتا تھا، پھر چند دن حاضِر نہ ہو سکا۔ جب دوبارہ آپ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ کے پاس حاضِر ہوا تو آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ نے پوچھا: اتنے دن کہاں تھے؟ میں نے عرض کی: میری اہلیہ کا انتقال ہو گیا تھا بس اسی پریشانی میں چند دن حاضِری کی سعادت حاصِل نہ ہو سکی۔ یہ سن کر آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ نے فرمایا: مجھے اطلاع کیوں نہیں دی کہ میں بھی جنازے میں شرکت کر لیتا؟ حضرت سیدنا ابو وداعہ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ فرماتے ہیں: اس پر میں خاموش رہا۔ جب میں نے رخصت چاہی تو آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ نے فرمایا: کیا دوسری شادی کرنا چاہتے ہو؟ میں نے عرض کی: حُضور! میں بہت غریب ہوں، میرے پاس بمشکل چند درہم ہوں گے، مجھ جیسے غریب کی شادی کون کروائے گا۔ تو آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ فرمانے لگے: میں تیری شادی کرواؤں گا۔ میں نے حیران ہوتے ہوئے عرض کی: کیا آپ میری شادی کرائیں گے؟ فرمایا: ہاں! میں تیری شادی کراؤں گا۔ پھر آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی حمد بیان کی اور حُضور صَلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم پر درود و سلام پڑھا اور میری شادی اپنی بیٹی سے کرا دی۔ میں وہاں سے اٹھا اور گھر کی طرف روانہ ہوا۔ میں اتنا خوش تھا کہ میری سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ کیا کروں، پھر میں سوچنے لگا کہ مجھے کس کس سے اپنا قرضہ وصول کرنا ہے، اسی طرح میں آنے والے لمحات کے بارے میں سوچنے لگا پھر میں نے مغرب کی نماز مسجد میں ادا

کی اور دوبارہ گھر آ گیا۔ میں گھر میں اکیلا ہی تھا، پھر میں نے زیتون کا تیل اور روٹی دستر خوان پر رکھ کر کھانا شُروع ہی کیا تھا کہ دروازے پر دستک ہوئی۔ میں نے پوچھا: کون؟ آواز آئی: سعید۔ میں سمجھ گیا کہ ضرور یہ حضرت سیدنا سعید بن مُسَیَّب رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ ہی ہوں گے۔ اتنی دیر میں وہ اندر تشریف لے آئے۔ میں نے عرض کی: آپ مجھے پیغام بھیج دیتے، میں خود ہی حاضر ہو جاتا۔ فرمانے لگے: نہیں! تم اس بات کے زیادہ حق دار ہو کہ تمہارے پاس آیا جائے۔ میں نے عرض کی: فرمایئے! میرے لئے کیا حکم ہے؟ آپ رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ نے فرمایا: اب تم غیر شادی شدہ نہیں ہو، تمہاری شادی ہو چکی ہے، میں اس بات کو ناپسند کرتا ہوں کہ تم شادی ہو جانے کے بعد بھی اکیلے ہی رہو، پھر ایک طرف ہٹے تو میں نے دیکھا کہ ان کی بیٹی ان کے پیچھے کھڑی تھی۔ انہوں نے اس کا ہاتھ پکڑا اور کمرے میں چھوڑ آئے اور مجھے فرمایا: یہ تمہاری زوجہ ہے۔ اتنا کہنے کے بعد تشریف لے گئے۔ میں دروازے کے قریب گیا اور جب اطمینان ہو گیا کہ آپ رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ جا چکے ہیں تو واپس کمرے میں آ کر اس شرم وحیا کی پیکر کو زمین پر بیٹھے ہوئے پایا۔

میں نے جلدی سے زیتون کے تیل اور روٹیوں والا برتن اٹھا کر ایک طرف رکھ دیا تاکہ وہ اسے نہ دیکھ سکے۔ پھر میں اپنے مکان کی چھت پر چڑھ کر اپنے

پڑوسیوں کو آواز دینے لگا۔ تھوڑی ہی دیر میں سب جمع ہوگئے اور پوچھنے لگے: کیا پریشانی ہے؟ میں نے جب بتایا کہ حضرت سیدنا سعید بن مُسَیَّب رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ نے اپنی بیٹی سے میری شادی کرادی ہے اور وہ اپنی بیٹی کو میرے گھر چھوڑ گئے ہیں تو لوگوں نے بے یقینی سے پوچھا: کیا واقعی حضرت سیدنا سعید بن مُسَیَّب رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ نے تجھ سے اپنی بیٹی کی شادی کرائی ہے؟ میں نے کہا: اگر یقین نہیں آتا تو میرے گھر آکر دیکھ لو، ان کی بیٹی میرے گھر میں موجود ہے۔ یہ سن کر سب میرے گھر آگئے۔ جب میری والدہ کو یہ معلوم ہوا تو وہ بھی فوراً ہی آگئیں اور مجھ سے فرمانے لگیں: اگر تین دن سے پہلے تو اس کے پاس گیا تو تجھ پر میرا چہرہ دیکھنا حرام ہے۔ میں تین دن انتظار کرتا رہا، چوتھے دن جب گیا اور اسے دیکھا تو بس دیکھتا ہی رہ گیا۔ وہ حُسن و جَمال کا شاہکار تھی، قرآنِ پاک کی حافِظہ، حُضور صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی سنّتوں کو بَہُت زیادہ جاننے والی اور شوہر کے حُقوق کو بَہُت زیادہ پہچاننے والی تھی۔ اسی طرح ایک مہینہ گزر گیا۔ نہ تو حضرت سیدنا سعید بن مُسَیَّب رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ میرے پاس آئے اور نہ ہی میں حاضِر ہو سکا، پھر میں ہی ان کے پاس گیا۔ وہ بَہُت سارے لوگوں کے جُھرمَٹ میں جَلْوَہ فرما تھے، سلام جواب کے بعد مجلس کے ختم ہونے تک انہوں نے مجھ سے کوئی بات نہ کی، جب

سب لوگ جاچکے اور میرے عَلاوہ کوئی اور نہ بچا تو انہوں نے مجھ سے فرمایا: اس انسان کو کیسا پایا؟ میں نے عرض کی: حُضور! (آپ رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ کی بیٹی ایسی صِفات کی حامِل ہے کہ) شاید کوئی دشمن ہی اسے ناپسند کرے ورنہ دوست تو ایسی چیزوں کو پسند کرتے ہیں۔ فرمایا: اگر وہ تجھے تنگ کرے تو لاٹھی سے اِصْلاح کرنا۔ پھر جب میں گھر کی طرف روانہ ہوا تو انہوں نے مجھے بیس ہزار درہم دیئے جنہیں لے کر میں گھر چلا آیا۔[1]

**اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی اُن پر رحمت ہو.. اور.. اُن کے صدقے ہماری مغفرت ہو۔

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** عورت کے لئے بناؤ سِنگھار کرنا تو جائز ہے مگر اس پر لازم ہے کہ اپنے شوہر کے لیے چار دیواری کے اندر رہتے ہوئے بنے سنورے، غیر مردوں کو دکھانے کے لیے نہیں۔ لیکن افسوس! آج کل گھر میں تو سادے اور میلے کچیلے کپڑے پہنے جاتے ہیں مگر باہر جانا ہو تو اچھے سے اچھے کپڑے پہننے کی کوشش کی جاتی ہے۔ لہٰذا نیت کر لیجئے کہ جیسا شریعت نے تربیت و پَرْوَرِش کرنے کا حکم دیا ہے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم اپنی بیٹی کی اسی طرح پرورش کرنے کی کوشش کریں گے اور اس کو ایسی باپردہ مُبَلِّغہ بنائیں گے جو اسلامی بہنوں میں مَدَنی

مدینہ

1 عُیونُ الحکایات، الحکایۃ السابعۃ والعشرون، ۱/ ۸۰ مفھوماً

اِنقلاب برپا کرے گی۔

## نصیحت بوقت رخصت

حضرت سیِّدَتُنا اسماء بنتِ خارِجہ فَزاری رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہا نے اپنی بیٹی کو شادی کے بعد گھر سے رخصت کرتے وقت نصیحت آموز مدنی پھولوں کا جو گلدستہ عطا فرمایا اے کاش! ہر ماں یہ مدنی پھول اپنی بیٹی کو رخصتی کے وقت یاد کرادے۔ یہ مدنی پھول کچھ یوں ہیں: بیٹی تو جس گھر میں پیدا ہوئی اب یہاں سے رخصت ہو کر ایک ایسی جگہ (یعنی شوہر کے گھر) جارہی ہے جس سے تو واقف نہیں اور ایک ایسے ساتھی (یعنی شوہر) کے پاس جارہی ہے جس سے مانوس نہیں۔

- اس کے لئے زمین بن جانا وہ تیرے لئے آسمان ہو گا۔
- اس کے لئے بچھونا بن جانا وہ تیرے لئے سُتُون ہو گا۔
- اس کے لئے کنیز بن جانا وہ تیرا غلام ہو گا۔
- اس سے کمبل کی طرح چمٹ نہ جانا کہ وہ تجھے خود سے دور کر دے۔
- اس سے اس قدر دور بھی نہ ہونا کہ وہ تجھے بھلا ہی دے۔
- اگر وہ قریب ہو تو قریب ہو جانا اور اگر دور ہٹے تو دور ہو جانا۔
- اس کے ناک، کان اور آنکھ (یعنی ہر طرح کے راز) کی حفاظت کرنا کہ وہ تجھ

سے صرف تیری خوشبو سونگھے (یعنی راز کی حفاظت اور وفاداری پائے)۔

❀ وہ تجھ سے صرف اچھی بات ہی سنے اور صرف اچھا کام ہی دیکھے۔[1]

ان مدنی پھولوں سے وہ مائیں نصیحت حاصِل کریں جو بیٹیوں کے گھر کو جنّت بنانے کے اچھے مشورے دینے کے بجائے شوہر، نندوں اور ساس پر حکومت کرنے کے طریقے سکھاتی ہیں۔ پھر جب بیٹی ان مشوروں پر عمل کرنے کی کوشش کرتی ہے تو فتنہ وفَساد کی ایک ایسی آگ بھڑک اٹھتی ہے کہ دونوں گھرانے اس کی لپیٹ میں آجاتے ہیں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہمیں اپنی اَولاد کی مَدَنی تربیّت کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے اور اس (تحریری) بیان کو ہمارے لئے ذخیرۂ آخرت بنائے۔

اپنی اولاد کی اسلامی اُصولوں کے مُطابِق تربیّت کرنے کے لئے دعوتِ اسلامی کا مَدَنی ماحول کسی نعمت سے کم نہیں، لہٰذا خود بھی دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول سے وابستہ رہئے اور اپنے اہل وعَیال کو بھی اس مہکے مہکے مَدَنی ماحول سے وابستہ رکھئے، کیونکہ دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول سے وابستہ ہو کر بے شمار لوگوں کی زندگیاں بدل چکی ہیں، آپ بھی اپنی اور اپنے اہل و عیال کی زندگیوں میں خوشگوار مدنی تبدیلی پیدا کرنے کے لیے فیضانِ اولیا سے مالا مال دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول

مدینہ

1 احیاء علوم الدین، کتاب آداب النکاح، القسم الثانی من ھذا الباب النظر فی حقوق الزوج، ۲/ ۷۵

سے وابَستہ ہو جایئے اور اپنے شہر میں ہونے والے دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں پابندی سے شرکت فرمایئے پھر دیکھئے آپ پر کیسا مَدَنی رنگ آتا ہے ! ترغیب کیلئے دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع کی ایک مَدَنی بَہار پیشِ خدمت ہے۔

## سنّتوں بھرے اِجتماع کی مَدَنی بَہار

پنجاب (پاکستان) کی ایک اسلامی بہن کے بیان کا لُبِّ لُباب ہے کہ میں گانے باجے سننے کی بہت شوقین تھی۔ میرے پاس گانوں کی بہت ساری کیسٹیں اور کتابیں جمع تھیں بلکہ میں خُود بھی گانے لکھتی تھی۔ فِلموں ڈِراموں کی ایسی دیوانی تھی کہ لگتا تھا شاید انکے بغیر (مَعَاذَ اللہ عَزَّوَجَلَّ) میں جی نہ سکوں گی۔ افسوس! نگاہوں کی حفاظت کا بالکل بھی ذہن نہیں تھا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے کرم سے بِالآخر گناہوں بھری زِنْدَگی سے کنارہ کَشی کی صُورت بن ہی گئی، ہوا یوں کہ میں نے دعوتِ اسلامی کے اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں شرکت کی سَعادَت حاصِل کی۔ اس سنّتوں بھرے اجتماع میں ہونے والے بیان، دُعا اور اسلامی بہنوں کی اِنفرادی کوشش کے مَدَنی پھولوں نے میرے دل میں مَدَنی اِنقلاب برپا کر دیا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں نے اپنے گناہوں سے توبہ کی اور سنّتوں بھری زِنْدَگی

گزارنے کے لئے دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول سے وابستہ ہوگئی۔ تادمِ تحریر حلقہ ذِمہ دار کی حیثیت سے سنّتوں کی خدمت کی سعادت حاصِل کر رہی ہوں۔

کرم جو آپ کا اے سیّدِ اَبرار ہو جائے
تو ہر بدکار بندہ دم میں نیکوکار ہو جائے

اپنی بیٹیوں کو بالکل اس قسم کی کسی تقریب اور دعوت میں نہ لے کر جایئے جہاں خلافِ شرع کام ہوتے ہوں، جہاں اس کے اَخلاقیات برباد ہوں جہاں اس کی آخرت برباد ہو ہم سب کو کوشش کرنی ہے اس بے حَیائی کا مقابلہ کرنا ہے اور ہم نیّت کریں میرے گھر کی کوئی اسلامی بہن بیٹی اٹھے گی اور وہ اسلامی بہنوں میں مَدَنی اِنقلاب لائے گی۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہم سب کو عمل کی توفیق عطا فرمائے۔

**اٰمین بجاہِ النبی الامین** صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

## صحبت بد کا اثر

فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے: بُرے مصاحب (ساتھی، ہمنشین) سے بچ کہ تو اسی کے ساتھ پہچانا جائے گا یعنی جیسے لوگوں کے پاس آدمی کی نشست و برخاست ہوتی ہے، لوگ اسے ویسا ہی جانتے ہیں۔ (کنز العمال، کتاب الصحبۃ، قسم الاقوال، الباب الثالث فی الترھیب عن صحبۃ السوء، ۹/ ۱۹، حدیث: ۲۴۸۳۹)

Go To Index

رحمتِ الٰہی کی وُسعت اور توبہ کی اہمیت کو اُجاگر کرنے والی فکر انگیز تحریر

# بیٹے کی وصیت

پیش کش: مرکزی مجلسِ شوریٰ
(دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ! فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# بیٹے کی وصیت (1)

## درود شریف کی فضیلت

**دعوتِ اسلامی** کے اشاعتی ادارے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ 400 صَفحات پر مشتمل شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علّامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس** عطّار قادری رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی کتاب **پردے کے بارے میں سوال جواب** صَفْحَہ 1 پر ہے: حضرتِ سَیِّدُنا اُبَی بن کَعْب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے عرض کی کہ میں (سارے وِرد، وظیفے، دُعائیں چھوڑ دوں گا اور) اپنا سارا وقت دُرُود خوانی میں صَرف کرونگا۔ تو سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے فرمایا: ”یہ تُمہاری فِکروں کو دُور کرنے کے لئے کافی ہو گا اور تُمہارے گُناہ مُعاف کر دیئے جائیں گے۔“[2]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

---

1 ... مبلغ دعوتِ اسلامی و نگرانِ مرکزی مجلس شوریٰ حضرت مولانا حاجی ابو حامد محمد عمران عطاری مُدَّ ظِلُّہُ الْعَالِی نے یہ بیان ۳ رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ بمطابق 4 ستمبر 2008ء بروز جمعرات عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ کراچی میں فرمایا۔ ضروری ترمیم واضافے کے بعد ۲۵ صفر المظفّر ۱۴۳۴ھ بمطابق 29 دسمبر 2013ء کو تحریری صورت میں پیش کیا جارہا ہے۔ (شعبہ رسائلِ دعوتِ اسلامی **مجلس المدینۃ العلمیۃ**)

2 ... ترمذی، کتاب صفۃ القیامۃ، ۲۳-باب، ۴/۲۰۷، حدیث ۲۴۶۵

## نَدامت کے سبب مَغْفِرت

ایک بُزرگ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ فرماتے ہیں کہ میں ایک بار نِصْف رات گزر جانے کے بعد جنگل کی طرف نکل کھڑا ہوا، راستے میں میں نے دیکھا کہ چار آدمی ایک جنازہ اُٹھائے جارہے ہیں، میں سمجھا کہ شاید اُنہوں نے اسے قتل کیا ہے اور لاش ٹھکانے لگانے کے لیے کہیں لے جارہے ہیں۔ جب وہ میرے نزدیک آئے تو میں نے ہمت کرکے ان سے پوچھا: ”اللہ عَزَّوَجَلَّ کا جو حق تم پر ہے اس کو سامنے رکھتے ہوئے میرے سوال کا جواب دو! کیا تم نے خود اسے قتل کیا ہے یا کسی اور نے؟ اور اب تم اسے ٹھکانے لگانے کے لیے کہاں لے جارہے ہو؟“ اُنہوں نے جواب دیا کہ نہ تو ہم نے اسے قتل کیا ہے اور نہ ہی یہ مقتول ہے بلکہ ہم مزدور ہیں اور اس کی ماں نے ہمیں مَزدوری دینی ہے، وہ اس کی قبر کے پاس ہمارا اِنتظار کررہی ہے، آؤ! تم بھی ہمارے ساتھ آجاؤ۔ میں تَجَسُّس کی وجہ سے ان کے ساتھ ہولیا، ہم قبرستان میں پہنچے تو میں نے دیکھا کہ تازہ کُھدی ہوئی قبر کے پاس واقعی ایک بوڑھی خاتون کھڑی تھیں۔ میں ان کے قریب گیا اور پوچھا: ”اماں جان! آپ اپنے بیٹے کے جنازے کو دن کے وقت یہاں کیوں نہیں لائیں تاکہ اور لوگ بھی اس کے کفن دفن میں شریک ہوجاتے؟“ اُنہوں نے کہا: ”یہ جنازہ میرے لَخْتِ جِگر کا ہے، میرا یہ بیٹا شرابی اور گنہگار تھا، ہر وقت شراب کے نشے اور گُناہ کے دَلْدَل میں پھنسا رہتا تھا۔ جب اس کی موت کا وقت قریب آیا تو اس نے مجھے بلاکر تین چیزوں کی وَصِیَّت کی:

1. جب میں مر جاؤں تو میری گردن میں رسی ڈال کر گھر کے اِرْدْ گرد گھسیٹنا اور لوگوں کو کہنا کہ گنہگاروں اور نافرمانوں کی یہی سزا ہوتی ہے۔
2. مجھے رات کے وَقت دفن کرنا کیونکہ دن کے وقت جو بھی میرے جنازے کو دیکھے گا مجھے لعن طَعن کرے گا۔
3. جب مجھے قبر میں رکھنے لگو تو میرے ساتھ اپنا ایک سفید بال بھی رکھ دینا کیونکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ سفید بالوں سے حیا فرماتا ہے، ہو سکتا ہے کہ وہ مجھے اس کی وجہ سے عذاب نہ دے۔

جب یہ فوت ہو گیا تو اس کی پہلی وَصیَّت کے مطابق میں نے اس کے گلے میں رسی ڈالی اور اسے گھسیٹنے لگی تو ہاتِفِ غیبی سے آواز آئی: ”اے بُڑھیا! اسے یوں مت گھسیٹو اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اسے اپنے گناہوں پر شرمندگی (یعنی توبہ) کی وجہ سے مُعاف فرمادیا ہے۔“ وہ بُزرگ فرماتے ہیں: ”جب میں نے اس عورت کی یہ بات سنی تو میں اس جنازے کے پاس گیا، نمازِ جنازہ پڑھی پھر اسے قبر میں دفن کر دیا۔ میں نے اس کی ماں کے سر کا ایک سفید بال بھی اس کے ساتھ قبر میں رکھ دیا۔ اس کام سے فارغ ہو کر جب ہم اس کی قبر کو بند کرنے لگے تو اس کے جسم میں حرکت پیدا ہوئی اور اس نے اپنا ہاتھ کفن سے باہر نکال کر بلند کیا اور آنکھیں کھول دیں۔ میں یہ دیکھ کر گھبرا گیا لیکن اس نے مجھے مُخاطَب کر کے مُسکراتے ہوئے کہا: ”اے شیخ! ہمارا ربّ عَزَّوَجَلَّ بڑا غفور و رحیم ہے، وہ نیکی کرنے والوں کو بھی بخش دیتا ہے اور گنہگاروں کو بھی

معاف فرمادیتا ہے۔" یہ کہہ کر اس نے ہمیشہ کے لیے آنکھیں بند کرلیں پھر ہم سب نے مل کر اس کی قبر کو بند کر دیا اور اس پر مٹی دُرُست کر کے واپس آ گئے۔[1]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## گناہوں کا احساس پیدا کیجئے!

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! بیان کردہ حکایت میں ایک شرابی اور انتہائی پاپی شخص پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کے رَحم و کرم کا تذکرہ ہے جس سے رحمتِ خُداوندی کی وُسعت کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ اگر گُناہوں کی دَلْدَل میں پھنسا ہوا کوئی شخص سَنْجِیدگی سے اپنا اِحْتِساب کرے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ سے اپنی خطاؤں کی معافی مانگے تو وہ غفور و رحیم عَزَّوَجَلَّ ضرور اس پر اپنے رَحْم و کرم کی بارش فرماتا ہے۔ مذکورہ حکایت میں اگرچہ اس نوجوان کی توبہ کا واضح تذکرہ موجود نہیں مگر مرتے دم اس نے اپنی ماں کو جو وَصِیَّتیں کیں ان سے پتا چلتا ہے کہ وہ اپنے گُناہوں پر سَخْت نادِم تھا اور نَدامت ہی دَرْ حَقیقت توبہ ہے۔ جیسا کہ

حضرتِ سَیِّدُنا ابنِ مسعود رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے مروی ہے کہ حضورِ پاک، صاحبِ لولاک صَلَّی اللّٰہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ارشاد فرماتے ہیں: "اَلنَّدَمُ تَوْبَةٌ یعنی شَرمِندَگی توبہ ہے۔"[2]

---

1 ... توبہ کی روایات و حکایات، ص ۳۷

2 ... ابن ماجة، ابواب الزهد، باب ذكر التوبة، ۴/۴۹۲، حدیث: ۴۲۵۲

مُفَسِّرِ شَہِیر، حکیم الاُمَّت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الْحَنَّان فرماتے ہیں: ”چونکہ گُزشتہ (گناہوں) پر ندامت توبہ کا رُکنِ اعلیٰ ہے کہ اس پر باقی سارے اَرکان[1] مَبْنی ہیں، اس لئے صرف ندامت کا ذکر فرمایا۔ (ظاہر ہے) جو کسی کا حق مارنے پر نادِم ہو گا تو حق ادا بھی کر دے گا، جو بے نمازی ہونے پر شرمندہ ہو گا وہ گزشتہ چھوٹی نمازیں قضا بھی کر لے گا۔“ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ[2]

## توبہ کی اہمیت

یاد رکھئے! خود کو راہِ راست پر لانے کے لئے اپنے اندر گناہوں کا احساس پیدا کرنا اور ان کے دُنیوی و اُخروی نُقصانات پر غور کرنا بہت ضروری ہے کیونکہ جب کسی انسان کے دل میں احساسِ گُناہ پیدا ہوتا اور وہ گُناہ کو گُناہ سمجھنے لگتا ہے تو یقیناً ندامت و پشیمانی سے اس کا سر جُھک جاتا، دل توبہ کی طرف مائل ہو جاتا اور آنکھوں سے آنسوؤں کے دھارے بہنے لگتے ہیں۔ جب کوئی گنہگار اللہ عَزَّوَجَلَّ سے مُعافی مانگتا ہے تو وہ کریم ربّ اس کا بڑے سے بڑا گُناہ بھی بخش دیتا ہے۔

حضرت سَیِّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے کہ حضور نبیِّ رحمت، شفیعِ اُمَّت صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم ارشاد فرماتے ہیں: ”ایک بندے نے گناہ کیا اور

---

1 ... توبہ کے تین ارکان ہیں: (۱) ماضی پر ندامت (۲) ترکِ گناہ (۳) یہ عزم (پکا ارادہ) کہ آئندہ گناہ نہیں کروں گا۔ (منح الروض الازہر، تعریف التوبۃ ومراتبہا وامثلۃ علیہا، ص۴۳۶)

2 ... مرآۃ المناجیح، ۳/۳۷۹

کہا: ”اے اللہ! میرے گناہ کو بخش دے۔“ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے فرمایا: ”میرے بندے نے گناہ کیا اور اُس کو یقین ہے کہ اُس کا ربّ ہے جو گناہ معاف بھی کرتا ہے اور گناہ پر گرفت بھی فرماتا ہے۔“ پھر دوبارہ وہ بندہ گناہ کرتا ہے اور کہتا ہے: ”اے میرے ربّ! میرا گناہ معاف کردے۔“ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: ”میرے بندے نے گُناہ کیا اور اس کو یقین ہے کہ اس کا ربّ ہے جو گناہ معاف بھی کرتا ہے اور گُناہ پر گرفت بھی کرتا ہے۔“ وہ بندہ پھر گُناہ کرکے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں عرض کرتا ہے: ”اے میرے ربّ! میرا گناہ معاف فرمادے۔“ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ”میرے بندے نے گناہ کیا ہے اور اس کو یقین ہے کہ اس کا ربّ ہے جو گناہ معاف بھی کرتا ہے اور گناہ پر مُوَاخَذہ (پکڑ) بھی فرماتا ہے۔“ (پھر فرماتا ہے) ”تو جو چاہے کر میں نے تیری مَغْفِرت فرمادی۔“[1]

خبر دار! حدیثِ پاک کے آخری الفاظ یعنی **”تو جو چاہے کر میں نے تیری مَغْفِرت فرمادی“** اس سے ہر گز ہر گز کوئی اس غلط فہمی میں نہ پڑے کہ توبہ کے بعد سابقہ گُناہوں کی مُعافی کے ساتھ ساتھ آئندہ گُناہ کرنے کی بھی اجازت مل جاتی ہے علامہ ابنِ حجر عَسْقَلانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّوْرَانِی فرماتے ہیں: ”اس کا مطلب یہ ہے کہ تو جب بھی گناہ کے بعد توبہ کرے گا میں تجھے مُعاف کردوں گا“[2] لہٰذا جانے

---

1 ... مسلم، کتاب التوبة، باب قبول التوبة من الذنوب... الخ، ص ۱۴۷۴، حدیث: ۲۷۵۸

2 ... فتح الباری، کتاب التوحید، باب قول اللہ تعالی یریدون ان یبدلوا... الخ، ۱۳/ ۴۰۰، تحت الحدیث: ۷۵۰۷

اَنْجانے میں اگر کوئی گُناہ سرزد ہو جائے تو فوراً توبہ کرنی چاہیے کیونکہ زندگی کا کوئی بھروسا نہیں اگر کوئی شخص توبہ میں تاخیر کرتا گیا اور اس کی موت کا وقت آپہنچا تو اب توبہ کرنا بے سُود ثابت ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ پارہ 4 سورۃ النساء کی آیت 17 اور 18 میں ارشاد ہوتا ہے۔

اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۷﴾ وَ لَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰۤى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّيْ تُبْتُ الْـٰٔنَ (پ۴، النساء:۱۸،۱۷)

ترجَمۂ کنز الایمان: وہ توبہ جس کا قبول کرنا اللہ نے اپنے فضل سے لازم کرلیا ہے وہ انہی کی ہے جو نادانی سے برائی کر بیٹھیں پھر تھوڑی ہی دیر میں توبہ کرلیں، ایسوں پر اللہ اپنی رحمت سے رجوع کرتا ہے اور اللہ علم وحکمت والا ہے اور وہ توبہ ان کی نہیں جو گناہوں میں لگے رہتے ہیں یہاں تک کہ جب ان میں کسی کو موت آئے تو کہے اب میں نے توبہ کی۔

صدر الافاضل حضرتِ علامہ مولانا سید محمد نعیم الدین مرادآبادی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْھَادِی اس آیتِ مُبارکہ کے تحت فرماتے ہیں: ”قبولِ توبہ کا وعدہ جو اوپر کی آیت میں گزرا وہ ایسے لوگوں کے لئے نہیں ہے (جو گناہوں میں لگے رہتے ہیں یہاں تک کہ جب ان میں کسی کو موت آئے تو کہے اب میں نے توبہ کی۔) اللہ مالک ہے جو چاہے کرے، اُن کی توبہ قبول کرے یا نہ کرے، بخشے یا عذاب فرمائے اس کی مرضی۔“

## بار بار توبہ کیجئے!

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! اللہ عَزَّوَجَلَّ تبارک وتعالیٰ کی رحمتیں بے حد وبے حساب ہیں، لہٰذا ہمیں چاہئے کہ جب بھی ہم سے گناہ سرزد ہو جائے تو اس کی بارگاہ میں توبہ کرلیں۔ اگر بتقاضائے بَشَرِیَّت پھر گناہ کر بیٹھیں تو پھر توبہ کرلیں، پھر خطا ہو جائے تو پھر توبہ کریں چاہے لاکھ بار بھٹک جائیں مگر پھر آکر اس کے دامنِ کرم سے لپٹ جائیں اور ہرگز ہرگز مایوس نہ ہوں۔ غور تو کیجئے کہ قرآنِ کریم میں جابجا ربِّ کریم عَزَّوَجَلَّ خود اپنے بندوں کو توبہ کی ترغیب دلا رہا ہے۔ آیئے اس ضمن میں 6 فرامینِ خداوندی مُلاحظہ کیجئے۔

## توبہ کے بارے میں 6 فرامینِ خُداوَندی

فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَ اَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ یَتُوْبُ عَلَیْهِؕ (پ۶، المآئدۃ: ۳۹)

ترجَمۂ کنزالایمان: تو جو اپنے ظلم کے بعد توبہ کرے اور سنور جائے تو اللہ اپنی مہر (رحمت) سے اس پر رجوع فرمائے گا۔

وَ تُوْبُوْۤا اِلَى اللّٰهِ جَمِیْعًا اَیُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۱﴾ (پ۱۸، النور: ۳۱)

ترجَمۂ کنزالایمان: اور اللہ کی طرف توبہ کرو اے مسلمانو! سب کے سب اس امید پر کہ تم فلاح پاؤ۔

اَلَّذِیْنَ یَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَ مَنْ حَوْلَهٗ یُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَ

ترجَمۂ کنزالایمان: وہ جو عرش اٹھاتے ہیں اور جو اس کے گرد ہیں اپنے رب کی تعریف کے

يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝ (پ۲۴، المؤمن: ۷)

ساتھ اسکی پاکی بولتے اور اس پر ایمان لاتے اور مسلمانوں کی مغفرت مانگتے ہیں اے رب ہمارے تیرے رحمت وعلم میں ہر چیز کی سمائی ہے تو انہیں بخش دے جنہوں نے توبہ کی اور تیری راہ پر چلے اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ (پ۱۹، الفرقان: ۷۰)

ترجمۂ کنز الایمان: مگر جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور اچھا کام کرے تو ایسوں کی برائیوں کو اللہ بھلائیوں سے بدل دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۝ (پ۱۶، مریم: ۶۰)

ترجمۂ کنزالایمان: مگر جو تائب ہوئے اور ایمان لائے اور اچھے کام کئے تو یہ لوگ جنت میں جائیں گے اور انہیں کچھ نقصان نہ دیا جائے گا۔

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ (پ۲، البقرۃ: ۲۲۲)

ترجمۂ کنز الایمان: بیشک اللہ پسند رکھتا ہے بہت توبہ کرنے والوں کو۔

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! دیکھا آپ نے کہ توبہ کرنے والے پر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی کیسی کرم نوازی ہوتی ہے، لہٰذا اگر لگن سچی اور توبہ پکی ہو تو مذکورہ آیاتِ

کریمہ کی روشنی میں درج ذیل 6 فضائل حاصل ہونگے۔

1. اللہ عَزَّوَجَلَّ کے کرم سے توبہ کرنے والے کی توبہ قبول ہو گی۔
2. دُنیا و آخرت میں کامیابی اس کے قدم چومے گی۔
3. عرش اُٹھانے والے فرشتے اس کی مَغْفِرت اور عذابِ جہنم سے حفاظت کی دُعا کریں گے۔
4. اس کی برائیاں نیکیوں میں تبدیل کر دی جائیں گی۔
5. اسے جنت میں داخلے کا پروانہ ملے گا۔
6. توبہ کرنے والا اللہ عَزَّوَجَلَّ کا محبوب بن جائے گا۔

سُبْحٰنَ اللہ عَزَّوَجَلَّ! توبہ کرنے والے کے لئے اس سے بڑھ کر اور کیا انعام ہو سکتا ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اسے پسند فرمائے، اس سے خوش ہو اور اسے اپنا محبوب بندہ بنالے۔ اس انعام کو حاصل کرنے کے لئے بُزرگانِ دین مُتَّقی و پرہیز گار ہونے کے باوجود سچی توبہ کی کیسی دعائیں مانگا کرتے تھے۔ چنانچہ

## توبہ کا انعام

حضرتِ سَیِّدُنا ابو اسحاق عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الرَّزَّاق فرماتے ہیں: ”میں نے تیس سال تک اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا مانگی کہ اے اللہ! تو مجھے سچی اور خالص توبہ کی توفیق عطا فرما۔“ تیس برس گزر جانے کے بعد میں اپنے دل میں تَعَجُّب کرتے ہوئے بارگاہِ اِیْزدی میں عرض گزار ہوا: ”سُبْحٰنَ اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں نے تیس برس تک تیری بارگاہ

میں ایک حاجت کی التجا کی لیکن تو نے اب تک میری وہ حاجت پوری نہیں کی۔“

جب میں سو گیا تو خواب میں دیکھا کہ ایک شخص مجھ سے کہہ رہا تھا: ”تم اپنی تیس سالہ دُعا (کے قبول نہ ہونے) پر تعجُّب اور حیرت کرتے ہو؟ کیا تمہیں یہ نہیں معلوم کہ تم اللہ عَزَّوَجَلَّ سے کس چیز کا سوال کر رہے ہو؟ تم اس بات کا سوال کر رہے ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہیں اپنا دوست اور محبوب بنالے، کیا تم نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کا یہ فرمان نہیں سنا: اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَ یُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ ﴿۲۲۲﴾ (پ ۲، البقرۃ: ۲۲۲)

(ترجَمۂ کنز الایمان: بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ پسند کرتا ہے بہت توبہ کرنے والوں کو اور پسند رکھتا ہے ستھروں کو۔) تو کیا تم اس کی مَحَبَّت کو معمولی سمجھتے ہو؟“[1]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## توبہ کی ضرورت کس کو ہے؟

یاد رکھئے! توبہ کے لئے گناہ سَرزَد ہونا یا گناہ یاد ہونا ضروری نہیں ہر شخص کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں توبہ و اِسْتِغْفار کرتے رہنا چاہئے خواہ وہ نیکوکار ہو یا گنہگار نیز اسے اپنی خطا یاد ہو یا نہ ہو۔ شاید بعض لوگوں کے ذہن میں یہ وَسْوَسہ آتا ہو کہ میں تو بہت متقی و پرہیز گار ہوں یا یہ کہ میں تو کافی عرصے پہلے توبہ کر چکا ہوں لہٰذا مجھے توبہ کرنے کی حاجت نہیں اس طرح کے وَسْوَسوں کا علاج حضرت سَیِّدُنا اِسماعیل حَقّی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کے اس فرمان میں موجود ہے کہ ”اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تمام مسلمانوں

1 ... منهاج العابدين، العقبة الثانية عقبة التوبة، ص ۲۴

کو توبہ و اِستِغفار کا حکم فرمایا اس لئے کہ انسان فطرۃً کمزور ہے باوجود کوشش کے وہ کسی نہ کسی غلطی میں پڑ ہی جاتا ہے۔" اِمام قُشَیری عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: "توبہ کی سب سے زیادہ ضرورت اس شخص کو ہے جو یہ سمجھتا ہو کہ مجھے توبہ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔"(1)

واقعی اس بات کا حقیقت سے گہرا تعلُّق ہے کہ جو لوگ جھوٹ، غیبت، چُغلی، وعدہ خِلافی، بُہتان طرازی، گالی گلوچ، فلموں ڈراموں اور گانے باجوں وغیرہ گناہوں میں ہر وقت مگن رہتے ہیں وہ زبانِ حال سے یہی کہہ رہے ہوتے ہیں کہ ہمیں توبہ کی کیا ضرورت؟ جب کہ اس کے برعکس اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نیک بندے گُناہوں سے بچنے کے باوجود ہر دم خوفِ خدا سے کانپتے، آنسو بہاتے اور توبہ واِستِغفار کی کثرت کرتے رہتے ہیں اس ضمن میں آقائے دوجہاں، حامیِ بیکساں صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا طرزِ عمل بھی ہمارے سامنے ہے کہ آپ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نہ صرف توبہ واِستِغفار کی ترغیب دیا کرتے تھے بلکہ گُناہوں سے پاک وصاف ہونے کے باوجود خود بھی دن میں کئی کئی بار اِستِغفار کیا کرتے تھے۔ جیسا کہ

حضرت سَیِّدُنا عبدُاللہ بن عُمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: "اے لوگو! اللہ تعالیٰ سے توبہ کرو، بے شک میں بھی دن میں سو مرتبہ اِستِغفار کرتا ہوں۔"(2)

---

1 ... روح البیان، پ۱۸، النور، تحت الآیۃ: ۳۱، ۶/ ۱۴۵

2 ... مسلم، کتاب الذکر والدعاء، باب استحباب الاستغفار ... الخ، ص ۱۴۴۹، حدیث: ۲۷۰۲

حضرت سَیِّدُنا ابنِ عُمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُما سَیِّدِ عالم، نُورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے توبہ واِسْتِغْفار کے معمول کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ”ہم رسول اللہ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو ایک ہی مجلس میں سو سو بار رَبِّ اغْفِرْلِی وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیمُ کے کلمات پڑھتے ہوئے گنا کرتے تھے۔“[1]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! آپ خود ہی فیصلہ کیجئے کہ جب پیارے آقا صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے خود دن میں سو سو بار اِسْتِغْفار کرنا اپنا معمول بنایا تو ہم گنہگاروں کو کس قدر توبہ واِسْتِغْفار کی ضرورت ہے لہٰذا اگر اس قسم کے شیطانی وَسْوَسے آئیں کہ ”میں نے آخر ایسا کون سا گُناہ کرلیا جو میں توبہ کروں۔“ یا یہ کہ ”میں تو توبہ کر چکا ہو اب تو کوئی ضرورت نہیں ہے“ یا یہ کہ ”میں تو نماز و روزے کا پابند ہوں مجھے کیا ضرورت پڑی جو توبہ کروں وغیرہ وغیرہ“ تو ہرگز ہرگز ان وَسْوَسوں کو دل میں جگہ نہ دیجئے۔ آیئے توبہ کی ضرورت واَہمیَّت جاننے کے لئے اس سے مُتعلِّق چند احادیث اور بُزُرگانِ دین کے اقوال مُلاحظہ کیجئے۔

## صُبح وشام توبہ

حضرت سَیِّدُنا طَلْق بِن حَبِیب عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الحبیب فرماتے ہیں: ”بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ کے حُقُوق اتنے ہیں کہ بندہ انہیں ادا نہیں کر سکتا اور اللہ عَزَّوَجَلَّ کی نعمتیں اس

1 ... ابوداود، کتاب الوتر، باب فی الاستغفار، ۲/۱۲۱، حدیث: ۱۵۱۶

قدر کثیر ہیں کہ ان کو شمار نہیں کیا جاسکتا لیکن صُبح وشام توبہ کیا کرو۔"[1]

## توبہ کرنے والوں کیلئے خوشخبری

حضرت سَیِّدُنا فُضَیل رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ فرماتے ہیں: "اللہ عَزَّوَجَلَّ نے فرمایا، گنہگاروں کو خوشخبری دیجئے کہ اگر وہ توبہ کریں گے تو میں قبول کروں گا اور صِدّیقین کو اس بات سے ڈرایئے کہ اگر میں نے عَدل سے کام لیا تو اُن کو عذاب دوں گا۔"[2]

## پلک جھپکنے سے پہلے توبہ قبول

حضرت سَیِّدُنا عَبْدُ اللہ بن سلام رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہ نے فرمایا: "میں تُم سے جو بات بھی بیان کروں گا وہ کسی بھیجے ہوئے نبی یا اُتاری گئی کتاب سے بیان کروں گا، بیشک! بندہ جب گناہ کا مُرتکِب ہوتا ہے پھر پلک جھپکنے کے برابر بھی نادِم ہو تو پلک جھپکنے سے بھی جلدی وہ گُناہ زائل ہو جاتا ہے۔"[3]

## نامۂ اعمال سے گُناہ مِٹ جاتا ہے

حضرتِ سَیِّدُنا عَبْدُ اللہ بن عُمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُما فرماتے ہیں: "جو شخص اپنے اس گناہ کو یاد کرے جس کی وجہ سے اسے (آخرت میں) تکلیف دی جائے گی اور پھر اپنے دل کو اس گناہ سے پاک کرلے تو اس کے نامۂ اعمال سے بھی وہ گناہ مٹ

1 ... الزھد، باب الھرب من الخطایا والذنوب، ص۱۰۱، حدیث: ۳۰۲

2 ... احیاء العلوم، کتاب التوبۃ، بیان ان التوبۃ اذا استجمعت شرائطھا الخ... ۴/۱۸

3 ... احیاء العلوم، کتاب التوبۃ، بیان ان التوبۃ اذا استجمعت شرائطھا الخ... ۴/۱۸

جاتا ہے۔"[1]

## شیطان کی تمنّا!

بعض بزرگ فرماتے ہیں: "بندہ گناہ کرکے اُس پر مسلسل نادِم رہتا ہے حتی کہ جنت میں داخل ہو جاتا ہے، شیطان کہتا ہے کاش! میں اسے گناہ میں مُبتلا نہ کرتا۔"[2]

## نَرم دل والے

امیرُ المُؤمنین حضرت سَیِّدُنا عمر فارُوق رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے فرمایا: "توبہ کرنے والوں کے پاس بیٹھا کرو کیونکہ اُن کے دل بہت نرم ہوتے ہیں۔"[3]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! چونکہ شیطان کو خود توبہ کی توفیق نہیں اس لئے اب وہ نہیں چاہتا کہ کوئی دوسرا بھی توبہ کرکے اس کے ساتھیوں کی فہرست سے نکل کر راہِ جنت کا مُسافر بن جائے۔ چنانچہ وہ توبہ سے روکنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا دیتا ہے اور انسان کو اس کی آخری سانس تک بہکانے کی کوشش کرتا ہے کہ کسی طرح وہ گناہ کرکے جہنّم کا حَقدار بن جائے مگر رحمتِ خُداوندی کے قُربان جایئے کہ ہم جب بھی اس سے مَغْفِرت طلب کریں وہ ہمیں بخش دیتا ہے۔ جیسا کہ

---

1 ... احیاء العلوم، کتاب التوبۃ، بیان ان التوبۃ اذا استجمعت شرائطھا الخ...، ۱۸/۴

2 ... احیاء العلوم، کتاب التوبۃ، بیان ان التوبۃ اذا استجمعت شرائطھا الخ...، ۱۸/۴

3 ... الزھد، باب ما جاء فی الحزن والبکاء، ص ۴۲، حدیث: ۱۳۲

## آؤ گنہگارو! مغفرت مانگ لو۔۔۔

حضرت سَیِّدُنا ابُو سعید رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ بیان کرتے ہیں کہ رسولُ اللہ صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ”شیطان نے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں کہا: وَعِزَّتِكَ يَارَبِّ لَا اَبْرَحُ اُغْوِی عِبَادَكَ مَا دَامَتْ اَرْوَاحُهُمْ فِی اَجْسَادِهِمْ یعنی اے میرے ربّ! مجھے تیری عزّت وجلال کی قسم! جب تک بندوں کے جسموں میں روح باقی ہے، میں انہیں بہکاتا رہوں گا۔ اللہ تعالٰی نے ارشاد فرمایا: ”وَعِزَّتِی وَجَلَالِی لَا اَزَالُ اَغْفِرُ لَهُمْ مَا اسْتَغْفَرُوْنِی “یعنی مجھے اپنی عزّت وجلال کی قسم! جب تک وہ مجھ سے مغفرت مانگتے رہیں گے میں ان کی مَغْفِرت کرتا رہوں گا۔“[1]

## شیطان کا چیلنج

یاد رکھئے! مذکورہ حدیثِ پاک میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی بے پایاں بخشش ومَغْفِرت کا تذکرہ سُن کر جہاں ہمیں خوش ہونا چاہئے وہیں ابنِ آدم کے ساتھ شیطان کے بُغْض وعداوت کے بارے میں سُن کر فکر مند بھی ہو جانا چاہئے کہ وہ ہر چند ہمیں بہکانے اور کسی صورت جہنّم کا اِیندھن بنانے کی فکر میں لگا ہوا ہے اور نہ صرف شیطان خود بلکہ اس کی پوری ذُرِّیَّت اس کوشش میں سرگرمِ عمل ہے۔ جیسا کہ

تفسیر دُرِّ مَنْثُور میں ہے کہ جب یہ آیتِ مُبارکہ نازل ہوئی:

---

1 ... مسند امام احمد، مسند ابی سعید الخدری، ۴ / ۵۸، حدیث: ۱۱۲۳۷

وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۫ وَ مَنْ یَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۫ (پ۴، اٰل عمرٰن: ۱۳۵)

ترجَمۂ کنز الایمان: اور وہ کہ جب کوئی بے حیائی یا اپنی جانوں پر ظلم کریں اللہ کو یاد کر کے اپنے گناہوں کی معافی چاہیں اور گناہ کون بخشے سوا اللہ کے۔

تو ابلیس نے چیخ چیخ کر اپنے لشکر کو پکارا، اپنے سر پر خاک ڈالی اور خوب آہ وزاری کی، حتی کہ تمام کائنات سے اس کے چیلے جمع ہو گئے اور بولے: ”اے ہمارے سردار تجھے کیا ہو گیا؟“ وہ بولا: ”قرآن میں ایسی آیت اُتری ہے کہ اس کے بعد کسی بنی آدم کو کوئی گناہ نقصان نہیں دے گا۔“ اس کے لشکریوں نے کہا: ”وہ کونسی آیت ہے؟“ ابلیس نے انہیں (مذکورہ آیت کی) خبر دی۔ تو اس کے چیلوں نے کہا: ”ہم ان پر خواہشات کے دروازے کھول دیں گے کہ وہ توبہ واِسْتِغْفار نہ کر پائیں گے اور وہ اسی خیال میں ہوں گے کہ ہم حق پر ہیں یہ سُن کر شیطان خوش ہو گیا۔“[1]

## توبہ کی راہ میں رُکاوٹ

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! بیان کردہ حکایت میں شیطان کے چیلوں کا یہ کہنا اِنتہائی قابلِ تشویش ہے کہ ہم ان پر خواہشات کے دروازے کھول دیں گے کہ وہ توبہ واِسْتِغْفار نہ کر پائیں گے اور وہ اسی خیال میں ہوں گے کہ وہ حق پر ہیں۔ گویا کہ شیاطین کی یہ بات ہمارے لیے ایک چیلنج کی حَیثِیَّت رکھتی ہے لہٰذا ہمیں اس چیلنج کو

1 ... در منثور، پ۴، اٰل عمران، تحت الآیۃ: ۱۳۵، ۲/۳۲۶

قبول کرتے ہوئے میدانِ عمل میں اتر جانا چاہئے اور خود سے یہ عہد کرنا چاہئے کہ ہم ہر بُرے کام سے نہ صرف خود بچتے رہیں گے بلکہ دوسروں کو بھی نیکی کا حکم دیتے اور برائی سے منع کرتے رہیں گے نیز اگر بتقاضائے بَشَرِیَّت ہم سے کوئی گناہ سرزد ہو جائے تو عَجز و ندامت (عاجزی و شرمندگی) کے ساتھ فوراً اپنے ربّ عَزَّوَجَلَّ سے معافی مانگیں گے۔

مگر افسوس! فی زمانہ مُسلمانوں کے کِردار کی بد حالی اور ان کی دن بدن بڑھتی ہوئی بد اعمالی سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہم شیطان کو اس کے چیلنج میں ناکام بنانے کی کوشش نہیں کر رہے۔ خود ہی غور کیجئے کہ شیطان کے چیلوں نے اسے پریشان دیکھ کر یہی دو باتیں کہی تھیں، (1) ہم ان پر خواہشات کے دروازے کھول دیں گے کہ وہ توبہ واِستِغْفار نہ کر پائیں گے (2) وہ لوگ (گناہ کرنے کے باوجود) اسی خیال میں ہوں گے کہ وہ حق پر ہیں۔ واقعی آج کل گُناہوں کے ذرائع اس قدر عام ہیں کہ ہر اُٹھنے والا قدم انسان کو دانِستہ و نادانِستہ کسی نہ کسی گناہ کی طرف لے جاتا ہے ابھی کچھ ہی عرصہ پہلے کی بات ہے کہ لوگ ریڈیو پر گانے اور ڈرامے سُن لیا کرتے تھے، پھر ٹی وی ایجاد ہوا تو آواز کے ساتھ ساتھ تصویر بھی دِکھائی دینے لگی مگر اس میں کمی یہ تھی کہ جو دکھایا جارہا ہے صرف وہی دیکھ سکتے ہیں اپنی مرضی کا کوئی عمل دخل نہ تھا، لیکن وی سی آر کی ایجاد کے بعد یہ کمی بھی پوری ہو گئی پھر یکے بعد دیگرے ڈش انٹینا اور کیبل نے حیا سوز مناظر دکھانے کے سینکڑوں مواقع فراہم کر کے گناہوں کی یَلغار

میں مزید تیزی پیدا کر دی مگر ہر وقت فلمیں ڈرامے اور گانے باجے دیکھنے سننے والوں کو ایک ہی جگہ ٹِک کر بیٹھنا پڑتا تھا کیونکہ ٹی وی بڑا ہوتا ہے ہر وقت ساتھ رکھنا ممکن نہیں تھا لہٰذا MP3، MP4 اور ٹی وی والے موبائل فون جیسے چھوٹے چھوٹے الیکٹرونک آلات اور انٹرنیٹ نے گناہ کرنے کی راہ میں درپیش تمام رُکاوٹیں دور کر دیں اور یوں مُعاشرے کے کروڑوں افراد ان چیزوں کے بے جا استعمال کے ذریعے گُناہوں کے بھنور میں پھنستے چلے جارہے ہیں اور مزید افسوس تو یہ ہے کہ گناہوں میں مگن ہونے کے باوجود اپنے سیاہ کرتوتوں کو صحیح سمجھتے ہیں اور صرف یہی نہیں بلکہ دوسروں کے سامنے اپنے اس گمانِ فاسد کا اظہار کرتے اور اس قسم کے جُرأت مَندانہ جُملے کہتے ہوئے بھی نظر آتے ہیں کہ ”سب چلتا ہے، سب ٹھیک ہے وغیرہ وغیرہ“ یقیناً اسی سوچ نے مُعاشرے کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ مَعَاذَاللہ عَزَّوَجَلَّ دن بھر جانے اَنْجانے میں کتنے گُناہ کرتے ہیں مگر توبہ وندامت تو کُجا اس کا احساس تک نہیں ہوتا اور جسے یہ احساس ہی نہیں کہ اس نے گُناہ کیا ہے وہ توبہ کی طرف کیسے آئے گا؟

آج فلمیں ڈرامے دیکھنے، گانے باجے سننے پر کون شرمندہ ہوتا ہے؟ جھوٹ، غیبت، تہمت، چُغلی، وعدہ خِلافی، بدگُمانی اور گالی گلوچ جیسے گُناہوں پر کون رَنجیدہ ہوتا ہے؟ والدین کی نافرمانی، مسلمانوں کی حق تلفی ودل آزاری، چوری، ڈاکہ زَنی، قتل وغارت گری اور شراب نوشی کرنے پر کس کا سر شرم سے جُھکتا ہے؟ نمازیں قضا

ہونے پر کس کو افسوس ہوتا ہے؟ عُموماً نمازی نظر آنے والے بھی فجر کی نماز میں سُستی کر جاتے اور اس پر کسی طرح کا افسوس بھی نہیں کرتے اس کے برعکس اگر نو بجے آفس پہنچنا ہے اور ساڑھے آٹھ بجے آنکھ کھلی تو فِکر سے بے حال ہونے لگتے ہیں کہ کب ناشتہ کروں گا، کب تیار ہوں گا اور کب دَفتر پہنچوں گا اسی پر بس نہیں بلکہ گھر والوں کو ڈانٹتے بھی ہونگے کہ جلدی کیوں نہیں اُٹھایا؟ آفس کے لئے لیٹ اُٹھنے پر تو بڑا افسوس ہوتا ہے! مگر فجر میں آنکھ نہ کھلنے پر کوئی افسوس نہیں ہوتا کیونکہ لیٹ ہونے کی صورت میں تنخواہ کٹ جانے کا ڈر ہے لیکن فجر کی نماز نہ پڑھنے کے سبب جو دردناک عذاب ملے گا اس کا کوئی خوف نہیں۔ ماں بھی اپنے بچوں کو اسکول بھیجنے کی خاطر صُبح سویرے اُٹھتی ہے فجر کا وقت بھی ہوتا ہے لیکن نماز نہیں پڑھتی، بلکہ مُسلمانوں کی اچھی خاصی تعداد تو مَعَاذَاللہ عَزَّوَجَلَّ پانچوں نمازیں نہایت ہی بے باکی اور لاپرواہی کے ساتھ ترک کر دیتی ہے۔ مگر کسی کو اس کا افسوس نہیں ہوتا حالانکہ نماز پڑھنا مُسلمان پر فرض اور قَضا کرنا یا سرے سے ترک کر دینا گُناہِ کبیرہ حرام اور جہنّم میں لے جانے والا کام ہے۔

## نماز چھوڑنے کا اَنْجام

حضرتِ سَیِّدُنا ابو سعید خُدْری رَضِیَ اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، اللہ عَزَّوَجَلَّ کے مَحبوب، دانائے غُیوب صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ارشاد فرماتے ہیں: ”مَنْ تَرَكَ صَلَاةً مُتَعَمِّدًا كُتِبَ اِسْمُهٗ عَلٰى بَابِ النَّارِ فِيْمَنْ يَّدْخُلُهَا یعنی جو کوئی جان بوجھ کر ایک نماز

بھی قضا کر دیتا ہے، اس کا نام جہنّم کے اس دروازے پر لکھ دیا جائے گا جس سے وہ جہنّم میں داخل ہو گا۔"[1] نَماز میں سُستی کرنیوالے کو قبر اس طرح دبائے گی کہ اس کی پسلیاں ٹوٹ پھوٹ کر ایک دوسرے میں پیوست ہو جائیں گی، اُس کی قبر میں آگ بھڑکا دی جائے گی اور اُس پر ایک گنجا سانپ مُسَلَّط کر دیا جائے گا نیز قیامت کے روز اس کا حساب سختی سے لیا جائے گا۔[2]

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! ترکِ نماز کی ان وعیدوں کو سُن کر تو ہمارے جسم کا رُواں رُواں کانپ جانا چاہئے اور ہمیں اپنے گُناہوں پر آنسو بہانا چاہئے مگر افسوس! ہمیں اپنے بُرے افعال پر فخر کرنے سے فُرصت ہی کہاں جو آنسو بہائیں۔ ذرا مُعاشرے پر نظر دوڑائیں اور دیکھیں کہ لوگ کس طرح گُناہوں پر فخر کرتے اِتراتے نظر آتے ہیں گویا اپنے ان افعال پر خود کو حق بجانب سمجھتے ہیں۔ آج کا نوجوان سونے کی چین اور مختلف دھاتوں کی انگوٹھیاں اور کَڑے پہننے نیز عورتوں کی طرح لمبے لمبے بال رکھ کر گھومنے میں فخر محسوس کرتا ہے اگر ان برائیوں کو باعثِ شرم جانتا تو ایسے افعال سے دور رہتا یا کم از کم بے باکانہ یوں سرِ عام نہ پھر رہا ہوتا۔ باپ اپنی بے پردہ فیشن زدہ لڑکی کو دیکھ کر فخر ہی تو کرتا ہے ورنہ شرم و غصّے سے اس کے چہرے کا رنگ اُڑ جاتا، اسی طرح اپنے سر سے حیا کی چادر اُتارنے والی خود وہ فیشن پرست لڑکی

---

1 ... حلیۃ الاولیاء، ۷/۲۹۹، حدیث: ۱۰۵۹۰

2 ... الزواجر، الکبیرۃ السابعۃ والسبعون، تعمد تاخیر الصلاۃ الخ... ۱/ ۲۵۵، ملتقطا

اور اسے دادِ تحسین دینے والے افراد بھی تو گویا اس بے پردگی پر فخر کرتے معلوم ہوتے ہیں۔ اب تو نوبت یہاں تک جا پہنچی ہے کہ اگر کوئی مدنی ماحول کی بدولت پردہ کرنا چاہے تو اس کی راہ میں روڑے اٹکائے جاتے اور طَعْن و تَشْنِیع کے تیر برسائے جاتے ہیں۔ شادی بیاہ کی تقریبات میں ماں باپ کے سامنے جوان بیٹی ناچ رہی ہوتی ہے اور ان کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی، منگیتر لڑکی کا ہاتھ پکڑ کر منگنی کی انگوٹھی پہناتا ہے تو لوگ خوشی سے پھولے نہیں سماتے، اسی طرح رسولُ اللہ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی مبارک سُنَّت داڑھی شریف مُنْڈوانے اور مَغْرِبی فیشن کے مطابق لباس اپنانے پر بھی فخر کیا جاتا ہے اور پھر سُود و رِشْوَت بھی تو ہمارے مُعاشرے میں عام ہوتا جارہا ہے سُود کا لین دین کرنے پر تو کوئی شرم و ندامت ہی نہیں ہوتی بلکہ اسی مالِ حرام سے اپنا کاروبار مزید پھیلا کر گاڑی، بنگلہ اور فیکٹری بنا کر فخر کیا جاتا ہے حالانکہ ایک مسلمان کے لئے شرم سے ڈوب مرنے کا مقام ہے کہ سُود لینا گویا اپنی ماں کے ساتھ زِنا کرنے کی طرح ہے۔ اس ضمن میں 3 فرامینِ مصطفےٰ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم سُنئے اور دیگر گُناہوں کے علاوہ سُود جیسے بدترین گُناہ سے بھی توبہ کیجئے۔

## سُود کی نحوست

1. سُود کے ستّر دروازے ہیں، ان میں سے کم تر ایسا ہے جیسے کوئی مرد اپنی ماں سے زِنا کرے۔[1]

---

1 ... شعب الایمان، باب فی قبض الید عن الاموال المحرمۃ، ۴/۳۹۴، حدیث: ۵۵۲۰

2. سُود کا ایک درہم جسے آدمی جانتے ہوئے کھاتا ہے 36 بار زِنا کرنے سے زیادہ بُرا ہے۔[1]

3. سُود خور کو قیامت کے دن جُنون کی حالت میں اُٹھایا جائے گا کہ اس کے سُود کھانے کے بارے میں سب اہلِ مَحشر جان لیں گے۔[2]

تُوبُوْا اِلَی اللہ اَسْتَغْفِرُ اللہ

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! اس طرح کے کتنے ہی کام ہیں جو شرعاً ناجائز و حرام ہیں لیکن بد قسمتی سے آج کا مسلمان اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے پیارے رسول صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے منع کرنے کے باوجود ان کاموں کو فخریہ انداز میں نہ صرف خود کرتا بلکہ اس کی تَشْہِیر کرکے دوسرے مُسلمانوں کو بھی اپنی مذموم حرکتوں کی طرف راغب کر رہا ہے۔ جی ہاں! اپنے دوست احباب کی مَحافل میں بیٹھ کر اپنی رِشْوت ستانی، فراڈ، سُودی کاروبار اور دیگر غیر شرعی اَفعال کے ذریعے کثیر آمدنی حاصل ہونے کے قصّے اور فلموں ڈراموں، گانے باجوں کی باتیں کس طرح مزے لے لے کر بیان کی جاتی ہیں۔ دوسروں کو اپنے گُناہوں بھرے کرتوت سنانے والا اگرچہ یہ نہیں کہتا کہ میں نے اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے رسول صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نافرمانی کی ہے لیکن جو قصّے وہ سنا رہا ہے درحقیقت نافرمانی ہی پر مَبْنی ہوتے ہیں اس

1 ... مسند امام احمد عبد اللہ بن حنظلة، ۸/ ۲۲۳، حدیث: ۲۲۰۱۶

2 ... کتاب الکبائر، الکبیرۃ الثانیۃ عشرۃ، باب الریاء، ص ۶۸

طرح گویا وہ زبانِ قال سے نہ سہی مگر زبانِ حال سے یہی کہہ رہا ہوتا ہے کہ میں نے فُلاں فُلاں کاموں میں اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے رسول صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی نافرمانی کی ہے آؤ! تم بھی کرو بہت مزا آتا ہے مثلاً ایک دوست دوسرے سے کہتا ہے ”فُلاں فلم نئی آئی ہے میں نے دیکھی ہے بڑا مزا آیا تم بھی ضرور دیکھنا“۔ ہمیں چاہئے کہ دلچسپی کے ساتھ گُناہوں بھرے قصّے سننے اور ایسے لوگوں کا حوصلہ بڑھانے کے بجائے خود بھی گُناہوں سے بچیں اور انہیں بھی اَحسن انداز میں نیکی کی دعوت دیتے ہوئے توبہ واِسْتِغْفار کرنے اور آئندہ گُناہوں سے باز رہنے کا ذہن دیں۔

## دل کی سیاہی کی وجہ

یاد رکھئے! گُناہوں کی وجہ سے جہاں انسان کا ظاہری کردار داغ دار ہوتا ہے وہیں اس کے باطن میں بھی خرابی پیدا ہو جاتی ہے جس کے سبب گُناہوں کی طرف اس کا رُجحان بڑھ جاتا ہے اور نیکیوں میں دل نہیں لگتا۔

رسولِ اکرم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ مُعَظَّم ہے: ”جب کوئی بندہ گُناہ کرلیتا ہے، تو اس کے قَلْب پر ایک سیاہ نکتہ لگ جاتا ہے، لیکن جب وہ اللہ تعالٰی سے طلبِ مَغْفِرت کرتا ہے اور توبہ کرلیتا ہے تو اس کا قَلْب صاف کر دیا جاتا ہے اور اگر وہ (توبہ کے بجائے دوبارہ) گُناہ کرلے تو یہ سیاہی مزید بڑھ جاتی ہے، یہاں تک کہ اس کا سارا دل سیاہ ہو جاتا ہے۔“[1]

1 ... ترمذی، کتاب التفسیر، باب ومن سورۃ ویل للمطففین، ۵/ ۲۲۰، حدیث: ۳۳۴۵

یقیناً جس طرح ”ہر مرض کی دوا ہوتی ہے“ اور ہر پریشانی کا کوئی نہ کوئی حل ہوتا ہے اسی طرح گُناہوں کے سبب دل کے سیاہ اور زَنگ آلود ہونے والی پریشانی کا یقینی حل بھی موجود ہے اور وہ یہ کہ انسان گناہوں سے باز آجائے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ سے توبہ و اِسْتِغْفار (طلبِ مَغْفِرت) کرے اس کی برکت سے نہ صرف اس کے دل کا زَنگ جاتا رہے گا بلکہ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے گُناہ کا نام و نشان تک مٹادے گا اور اس کی مشکلیں بھی آسان فرمائے گا۔ آیئے اس ضمن میں 3 فرامینِ مصطفےٰ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم مُلاحظہ کیجئے۔

1. بیشک لوہے کی طرح دلوں کو بھی زَنگ لگ جاتا ہے اور اس کی صفائی طلبِ مَغْفِرت ہے۔ (1)

2. جب بندہ اپنے گُناہوں سے توبہ کرتا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ لکھنے والے فرشتوں کو اسکے گُناہ بُھلا دیتا ہے، اسی طرح اس کے اَعْضا (ہاتھ پاؤں وغیرہ) کو بھی بُھلا دیتا ہے اور اس کے زمین پر نشانات بھی مٹا ڈالتا ہے۔ یہاں تک کہ قیامت کے دن جب وہ اللہ عَزَّوَجَلَّ سے ملے گا تو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے اسکے گُناہ پر کوئی گواہ نہ ہوگا۔ (2)

3. جس نے اِسْتِغْفار کو لازم پکڑ لیا، تو اللہ تعالیٰ اس کی تمام مشکلوں میں آسانی،

---

1 ... معجم صغیر، الجزء الاول باب الطاء، من اسمہ طاھر، ص ۱۸۴

2 ... الترغیب والترھیب، کتاب التوبۃ والزھد، باب الترغیب فی التوبۃ، ۴/ ۹، حدیث: ۴۸۱۵

ہر غم سے آزادی اور بے حساب رِزْق عطا فرماتا ہے۔[1]

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اگر ہم اِسْتِغْفار کی کثرت کریں تو اُمید ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم گنہگاروں پر اپنی عطاؤں کی ایسی بارش فرمائے جس کی برکت سے نہ صرف ہماری آخرت بہتر ہو جائے بلکہ تنگیِ رِزْق اور بے اولادی جیسی بڑی بڑی دُنْیوی پریشانیاں بھی دُور ہو جائیں۔ جیسا کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ حضرت سَیِّدُنا ہود عَلَیْہِ السَّلَام کا قول نقل کرتے ہوئے ارشاد فرماتا ہے:

وَ یٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَیْهِ یُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْكُمْ مِّدْرَارًا وَّ یَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَ لَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِیْنَ ﴿۵۲﴾

ترجمۂ کنز الایمان: اور اے میری قوم! اپنے ربّ سے معافی چاہو پھر اس کی طرف رجوع لاؤ تم پر زور کا پانی بھیجے گا اور تم میں جتنی قوّت ہے اس سے اور زیادہ دے گا اور جُرم کرتے ہوئے روگردانی نہ کرو۔ (پ۱۲، ھود: ۵۲)

## توبہ باعثِ وُسْعتِ رِزْق ہے

صدر الافاضل حضرتِ علامہ مولانا سید محمد نعیمُ الدّین مُراد آبادی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْھَادِی اس آیتِ کریمہ کے تحت بیان فرماتے ہیں: ”جب قومِ عاد نے حضرت ہود عَلَیْہِ السَّلَام کی دعوت قبول نہ کی تو اللہ تعالیٰ نے ان کے کُفْر کے سبب تین سال تک بارش موقوف کر دی اور نہایت شدید قَحط نُمودار ہوا اور ان کی عورتوں کو بانجھ (وہ عورت جس

1 ... ابو داود، کتاب الوتر، باب فی الاستغفار، ۲/ ۱۲۲ حدیث: ۱۵۱۸

کے بچہ پیدا نہ ہو) کر دیا جب یہ لوگ بہت پریشان ہوئے تو حضرت ہود عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے وعدہ فرمایا کہ اگر وہ اللہ (عَزَّوَجَلَّ) پر ایمان لائیں اور اس کے رسول (عَلَیْہِ الصلوٰۃُ السَّلَام) کی تصدیق کریں اور اس کے حضور توبہ و اِسْتِغْفار کریں تو اللہ تعالیٰ بارش بھیجے گا اور ان کی زمینوں کو سرسبز و شاداب کر کے تازہ زندگی عطا فرمائے گا اور قوّت و اولاد دے گا۔ حضرت امام حسن رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ ایک مرتبہ امیرِ مُعاوِیہ (رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ) کے پاس تشریف لے گئے تو آپ سے امیرِ مُعاوِیہ (رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ) کے ایک مُلازم نے کہا کہ میں مالدار آدمی ہوں مگر میرے کوئی اولاد نہیں مجھے کوئی ایسی چیز بتایئے جس سے اللہ (عَزَّوَجَلَّ) مجھے اولاد دے۔ آپ نے فرمایا: ”اِسْتِغْفار پڑھا کرو۔“ اس نے اِسْتِغْفار کی یہاں تک کثرت کی کہ روزانہ سات سو مرتبہ اِسْتِغْفار پڑھنے لگا اس کی برکت سے اس شخص کے دس بیٹے ہوئے۔ یہ خبر حضرت (سَیِّدُنا) مُعاوِیہ (رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ) کو ہوئی تو اُنہوں نے اس شخص سے فرمایا کہ تو نے حضرت (سَیِّدُنا) امام (حسن رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ) سے یہ کیوں نہ دریافت کیا کہ یہ عمل حُضُور نے کہاں سے فرمایا۔ دوسری مرتبہ جب اس شخص کو امام (حسن رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ) سے نیاز (شرفِ مُلاقات) حاصل ہوا تو اس نے یہ دریافت کیا، امام (حسن رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ) نے فرمایا کہ تو نے حضرت ہود (عَلَیْہِ السَّلَام) کا قول نہیں سنا جو اُنہوں نے فرمایا: ”یَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ (ترجَمۂ کنزالایمان: تم میں جتنی قوّت ہے (اللہ عَزَّوَجَلَّ) اس سے اور زیادہ دے گا) اور حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَام کا یہ ارشاد ”یُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِیْنَ“ (ترجَمۂ کنزالایمان: (اللہ

عَزَّ وَجَلَّ)مال اور بیٹوں سے تمہاری مدد کرے گا)فائدہ: کثرتِ رزق اور حصولِ اولاد کے لئے اِستِغفار کا بکثرت پڑھنا قرآنی عمل ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## توبہ کا عجب انداز!

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہئے کہ ہمارا ازلی دُشمن شیطان اتنی آسانی سے ہمیں توبہ پر آمادہ نہیں ہونے دے گا بلکہ توبہ کی راہ میں طرح طرح کی رَخْنہ اَندازِیاں پیدا کرکے ہمیں اس کے دُنْیوی واُخْروی فوائد سے محروم کرنے کی کوشش کرے گا۔ ہوسکتا ہے وہ اس قسم کے وَسْوَسوں میں بھی مبتلا کرے کہ ”ابھی میری عُمر ہی کیا ہے، ابھی تو جوانی کی بہاریں بھی نہیں دیکھیں، ابھی تو بال بھی سفید نہیں ہوئے وغیرہ وغیرہ“ اور اگر بالفرض ہم ان وَسْوَسوں سے بچ بھی جائیں تو عین ممکن ہے کہ وہ ہمیں دُرُست انداز سے توبہ نہ کرنے دے جیسا کہ آج کل توبہ کا بھی عجیب انداز دیکھا جاتا ہے کہ لبوں پر مسکراہٹ بلکہ بعض اوقات ہنسی کے فَوارے اُبل رہے ہوتے ہیں اور گالوں پر آہستہ آہستہ چپت مارتے ہوئے ”توبہ توبہ“ بول کر دل کو منا لیا جاتا ہے کہ توبہ ہوگئی۔ یاد رکھئے! یہ حقیقی نہیں مَحْض رسمی توبہ ہے۔

حضرت سَیِّدُنا ابنِ عباس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُما سے روایت ہے کہ بہت سے توبہ کرنے والے قیامت کے دن رَدّ کردیئے جائیں گے۔ ان کا گمان ہوگا کہ وہ توبہ کرنے

والے ہیں حالانکہ وہ توبہ کرنے والے نہیں ہیں۔ کیونکہ اُنہوں نے توبہ کے تقاضے پورے نہیں کیے۔[1]

## سچّی توبہ کی علامات

حضرتِ سَیِّدُنا عبدُ اللہ بِنْ مُبارَک رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ نے فرمایا: ”سچّی توبہ کی چھ علامات ہیں: (۱) گُزَشتہ گُناہوں پر نادِم ہونا (۲) گُناہوں کی طرف نہ لوٹنے کا عَزمِ مُصَمَّم (پختہ ارادہ) (۳) جن فرائض میں کوتاہی کی ہے ان کی ادائیگی (۴) جن کا حَق تَلَف کیا ہے انہیں ان کا حق دینا (۵) ناجائز و حرام مال سے بدن پر جو چربی چڑھ گئی ہو اُسے غَم و حُزن کے ذریعے پگھلانا یہاں تک کہ کھال ہڈی سے چمٹ جائے اور پھر اگر اُس پہ گوشت آئے تو ایسا گوشت آئے جو حلال و طیب سے پروان چڑھا ہو (۶) جس طرح بدن کو نَفْسانی خواہشات کی لذّت پہنچائی ہے اسی طرح اسے اطاعت کا مزہ چکھانا۔“[2]

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## توبہ کا دُرُست طریقہ

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! اس سے قبل کہ موت کا فرشتہ پیغامِ اَجل لے کر آجائے اور دیکھتے ہی دیکھتے ہمیں اندھیری قبر میں اتر کر اپنے گُناہوں کا انجام بھگتنا

---

1 ... شعب الایمان، باب فی معالجۃ کل ذنب بالتوبۃ، ۵/۴۳۶، حدیث: ۷۱۷۹

2 ... شرح بخاری لابن بطّال، کتاب الدعاء، باب توبوا الی اللہ توبۃ نصوحا، ۱۰/۸۰

پڑے آیئے! اپنے نَفْس کا مُحاسَبہ کیجئے اور اسے گُناہوں پر سَرزَنش کیجئے، مثلاً زبان سے سَرزَد ہونے والے گُناہوں پر اپنے نَفْس کو اس طرح ڈانٹئے کہ اے نَفْس! تیرے ربّ عَزَّوَجَلَّ نے تجھے زبان جیسی عظیمُ الشّان نِعْمت عطا کی، چاہئے تو یہ تھا کہ تو اس سے اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر اور اس کی حمد بجالاتا، قرآن پاک کی تلاوت کرتا اور ذِکر و دُرُود سے اس کو تر رکھتا، مگر افسوس! تو نے اس عظیم نِعْمت کی بے قدری کرتے ہوئے اس کا غلط استعمال کیا اور اس کے ذریعے جھوٹ، غیبت، چُغلی، بلا اجازتِ شرعی مُسلمانوں کی دل آزاری جیسے گُناہوں کا مُرتکب ٹھہرا۔ ذرا سوچ تو سہی! اگر وہ تجھے قُوّتِ گویائی سے محروم کر دیتا تو تیرا کیا بنتا؟ اسی طرح دیگر اَعضا سے گناہ ہونے پر بھی نَفْس کو تَنْبِیْہ کرتے رہنا چاہئے اور یہ بھی غور کرنا چاہئے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم پر کس قدر مہربان ہے کہ جب ہم گناہ کرتے ہیں تو وہ اس گناہ پر ہماری بَروَقت گرِفْت نہیں فرماتا بلکہ ہمیں مُہلت دیتا ہے کہ ہم توبہ کر کے اپنے گناہوں کی معافی مانگ لیں۔ آیئے ترغیب کے لئے دو واقعات مُلاحَظہ کیجئے۔

## ندامت کا صلہ

بنی اسرائیل کے ایک نوجوان نے بیس سال تک اللہ عَزَّوَجَلَّ کی عبادت کی پھر بیس سال تک اس کی نافرمانی کی، پھر ایک دن آئینہ دیکھا تو اپنی داڑھی میں سفید بال دیکھ کر غم زدہ ہو گیا اور بارگاہِ خُداوندی میں عرض گزار ہوا: ”اے میرے اللہ عَزَّوَجَلَّ! میں نے بیس سال تک تیری اِطاعت کی پھر بیس سال تک تیری نافرمانی کی،

اب اگر میں تیری بارگاہ میں رجوع کروں تو کیا تو مجھے قبول فرمائے گا؟" اس نے کسی کہنے والے کو یہ کہتے سُنا: "تو نے ہم سے مَحبَّت کی تو ہم نے بھی تجھ سے مَحبَّت کی پھر تو نے ہمیں چھوڑ دیا تو ہم نے بھی تجھے چھوڑ دیا، تو نے ہماری نافرمانی کی ہم نے تجھے مُہلت دی اور اگر تو ہماری طرف آئے گا تو ہم تجھے قبول کر لیں گے۔"[1]

## انوکھی ندامت

حضرت سَیِّدُنا موسیٰ کلیمُ اللہ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے زمانے میں ایک آدمی توبہ پر قائم نہیں رہتا تھا، جب بھی توبہ کرتا توڑ ڈالتا تھا، بیس سال تک وہ اسی حال پر رہا، پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ عَلَیْہِ السَّلَام کی طرف وحی فرمائی کہ میرے بندے سے کہو میں اس پر غَضَبْناک ہوں۔ حضرت موسیٰ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام نے اس تک یہ پیغام پہنچادیا۔ وہ بڑا غمگین ہوا اور یہ کہتا ہوا صحرا کی طرف چل پڑا، اے میرے ربّ! کیا تیری رحمت ختم ہوگئی ہے یا میری نافرمانی نے تجھے نُقصان پہنچایا ہے یا تیری مُعافی کے خزانے ختم ہوگئے ہیں، کون سا گناہ تیرے عَفْو و کرم سے بڑا ہے، کرم تیری قدیم صفت ہے اور کمینگی میری خَصْلت ہے تو کیا میری صفت تیری صفت پر غالب آسکتی ہے، اگر تو اپنے بندوں سے اپنی رحمت روک لے گا تو وہ کس کے پاس جائیں گے؟ اگر تو نے انہیں رَد کر دیا تو یہ کس کے پاس جائیں گے؟ اے مولا! اگر تیری رحمت ختم ہوگئی ہے اور مجھے عذاب دینا لازم ہو گیا تو اپنے تمام بندوں کا

1 ... مکاشفۃ القلوب، الباب السابع عشر فی بیان الامانۃ والتوبۃ، ص ۶۲

عذاب مجھ پر رکھ دے، میں اپنی جان ان کے بدلے بطورِ فِدْیَہ پیش کرتا ہوں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ”اے موسیٰ! اس کی طرف جاؤ اور اس سے کہو کہ اگر تیرے گناہ زمین بھر ہوں تب بھی میں تجھے بخش دوں گا کہ تو نے مجھے کمال قُدْرت وعَفْو ورحمت کے ساتھ جان لیا ہے۔“[1]

کرکے توبہ میں پھر گناہوں میں ہو ہی جاتا ہوں مبتلا یاربّ
کس کے در پر میں جاؤں گا مولا گر تو ناراض ہوگیا یاربّ

(وسائلِ بخشش، ۸۷، ۸۸)

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! یہ رِقّت انگیز رحمت بھرے واقعات سُن کر یقیناً ہمارے دلوں کو ڈھارَس ملی ہوگی بلکہ عین ممکن ہے کہ ہم توبہ بھی کرلیں مگر یاد رکھئے کہ توبہ پر اِسْتِقامت حاصل کرنے کے لئے لازمی طور پر اچھا ماحول اور نیکوں کی صحبت نہایت ضروری ہے ورنہ توبہ کے بعد دوبارہ گناہوں کی طرف جانے کا اَندیشہ ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کا مدنی ماحول ہمارے لئے بہت بڑی نِعمت ہے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس ماحول میں رَچے بَسے رہیں گے تو نیکیوں کا جَذبہ ملے گا، گناہوں سے نَفْرت ہوگی اور سابقہ گناہوں پر نَدامت کے ساتھ خالص توبہ بھی نصیب ہوجائے گی۔ آیئے اس ضمن میں ایک مدنی بہار مُلاحظہ کیجئے:

---

1 ... مکاشفۃ القلوب، الباب السابع عشر فی بیان الامانۃ والتوبۃ، ص ۶۳

## ایک تائب کا واقعہ

بابُ المدینہ (کراچی) کے مقیم ایک اسلامی بھائی کے بیان کا لُبِّ لُباب ہے کہ دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ ہونے سے قبل میری زِندگی کے قیمتی ایام گناہوں کی پُرخار وادیوں میں بھٹکتے بسر ہو رہے تھے، نمازیں قضا کرنا، نَفسانی خواہشات کی تسکین کی خاطِر فلمیں ڈرامے دیکھنا، گانے باجے سن کر مَست ہو جانا، جھوٹ بول کر لوگوں کو دھوکہ دینا، ان کی دل آزاری کرنا اور مذاق و مسخری کے ذریعے ان کو پریشان کرنا وغیرہ گناہوں سے میرا نامۂ اعمال بھرا ہوا تھا۔ میں دنیا کی رنگینیوں میں اس قدر کھویا ہوا تھا کہ مجھے اَنجامِ آخرت کی بالکل فِکر نہ تھی کہ اگر گناہوں کی پاداش میں عذابِ جہنّم میں گرفتار ہو گیا تو میرا کمزور و ناتواں جسم کس طرح اسے برداشت کر پائے گا۔ میری اِصلاح کا سبب کچھ اس طرح بنا کہ غالباً 2001ء کی بات ہے ایک دن نماز کی ادائیگی کیلئے مسجد جانا ہوا، وہاں ایک عاشقِ رسول سنّتوں کے آئینہ دار اسلامی بھائی درسِ فیضانِ سُنَّت دے رہے تھے، میں بھی نماز ادا کرنے بعد درسِ فیضانِ سُنَّت کی برکتیں پانے کے لیے قریب جا کر بیٹھ گیا اور بغور سننے لگا، نجانے لفظوں میں ایسی کیا تاثیر تھی کہ جُوں جُوں سُنتا گیا میرے دل کا میل دُھلتا گیا اور میں نے ہاتھوں ہاتھ گناہوں سے دامن چُھڑانے اور نمازوں پر اِستقامت پانے کی نیّت کر لی اور اپنی نیّت کو پائے تکمیل تک پہنچانے کے لیے دعوتِ اسلامی کا مدنی ماحول اختیار کر لیا۔ نیز دینی معلومات میں اضافہ کرنے، نیک اعمال کا جَذبہ حاصل کرنے

اور گناہوں سے خود کو بچانے کیلئے وَقتاً فَوقتاً شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے سنّتوں بھرے بیانات سننے کی سعادت حاصل کرنے لگا۔ رفتہ رفتہ مجھے امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے بیانات سے اس قدر لگاؤ ہو گیا کہ جب بھی کوئی نیا بیان آتا میں اسے ضرور سنتا حتی کہ وسائل نہ ہونے کی صورت میں اپنے علاقے میں قائم ایک لائبریری سے امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے بیانات اور ملفوظات کے کیسٹ حاصل کر کے اپنا شوق پورا کرتا۔ بیان کے آخر میں جب امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ گناہوں سے بچنے اور نمازیں پڑھنے کی نیت کرواتے تو میں بھی بے ساختہ ہاتھ اٹھا کر گناہوں بھری زندگی چھوڑنے اور سنّتوں کو اختیار کرنے کا عَزمِ مُصَمَّم کرتا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ مجھے مدنی ماحول اپنانے کی برکت سے نہ صرف گناہوں کے اَمراض سے شِفا ملی بلکہ جسمانی بیماریاں بھی دُور ہو گئیں۔ کافی عرصے سے میرے جسم پر دانے تھے نیز سینے اور پسلیوں میں شدید درد رہتا تھا کافی علاج کروایا مگر فائدہ نہ ہوا خدا کی قُدرت دیکھئے کہ مدنی ماحول اپنانے کے بعد دانے اور درد خود بخود ختم ہو گئے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ تادمِ تحریر تقریباً آٹھ سال ہو گئے میں بالکل ٹھیک ہوں حلقہ مُشاورت کے خادِم (نگران) کی حیثیّت سے علاقے میں مدنی کاموں کی ترقی کے لیے کوشاں ہوں۔ اٰمین بجاہِ النبی الامین صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Go To Index

صدقہ وخیرات کے فضائل پر مبنی بیان کا تحریری گلدستہ

# صدقے کا اِنعام



مرکزی مجلسِ شوریٰ
(دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ! فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# (1) صدقے کا انعام

## درود شریف کی فضیلت

سرکارِ مدینہ، راحتِ قلب و سینہ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عالی شان ہے: بے شک تمہارے نام مَعَ شناخت مجھ پر پیش کیے جاتے ہیں لہٰذا مجھ پر اَحسن (یعنی خوبصورت الفاظ میں) دُرود پاک پڑھو۔ (2)

## صدقے کا انعام

مَنْقول ہے کہ ایک مرتبہ اَمِیْرُ الْمُؤمنین مولا مشکل کُشا حضرت سَیِّدُنا علی الْمُرتَضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْهَهُ الْکَرِیْم کے کاشانۂ اقدس میں پانچ افراد تھے، مولا مشکل

---

1 مُبَلِّغِ دعوتِ اسلامی و نگران مرکزی مجلسِ شُوریٰ حضرت مولانا ابو حامد حاجی محمد عمران عطاری مَدَّ ظِلُّهُ العالی نے یہ بیان 2006ء کو تبلیغِ قرآن و سنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے عالمی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ (کراچی) میں سنّتوں بھرے اجتماع میں فرمایا۔ ۲۶ صفر المظفر ۱۴۳۴ھ بمطابق 09 جنوری 2013ء کو ضَروری ترمیم واِضافے کے بعد تحریری صُورت میں پیش کیا جارہا ہے۔ (شُعبہ رَسائِلِ دعوتِ اسلامی مجلس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَۃ)

2 مصنّف عبد الرزاق، ۲/ ۱۴۰، حدیث: ۳۱۱۶

کُشا رضی اللہ تعالیٰ عنہ، خاتونِ جنّت، شہزادیِ کونین، سیدۃُ النساء حضرت سَیِّدَتُنا فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حسنَینِ کریمَین رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور آپ کا ایک غلام حارِث، صَبْر و رَضا کے پیکر اِن نُفُوسِ قُدسیہ کے فَقْر کا عالَم یہ تھا کہ تین دن سے کسی نے کچھ نہ کھایا تھا۔ چنانچہ خاتونِ جنّت رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے مولا مشکل کشا کَرَّمَ اللہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کو اپنا ایک لباس دیا تاکہ وہ اسے فروخت کرکے کھانے پینے کے لیے کچھ لے آئیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ لباس لے کر بازار کی طرف چل دیئے اور چھ دِرہم میں اسے فروخت کر دِیا، واپسی پر کسی نے **اللہ** کے نام پر مدد کا سوال کیا تو مولا مشکل کشا کَرَّمَ اللہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم نے اپنے رب کے بھروسے پر تمام درہم راہِ خُدا میں دیدیئے اور خود صبر و رضا کا دامَن ہاتھ میں لیے واپسی کی راہ لی۔

بھوکے رہ کے خود اوروں کو کھلا دیتے تھے
کیسے صابِر تھے محمّد کے گھرانے والے

راستے میں ایک شخص کو اونٹنی لیے کھڑے دیکھا، جس نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کی: **یَا اَبَا الْحَسَن!** (یہ مولا مشکل کشا کَرَّمَ اللہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کی کنیت ہے) اونٹنی خریدیں گے؟ ارشاد فرمایا: کیوں نہیں! کتنے کی ہے؟ اس نے عرض کی: 100 درہم کی۔ فرمایا: میرے پاس رقم نہیں ہے۔ بیچنے والا کہنے لگا: اُدھار خرید لیجئے جب رقم آئے تو ادا کر دیجئے گا۔ فرمایا: بَہُت خوب! چنانچہ آپ رضی اللہ تعالیٰ

عنہ نے 100 درہم ادھار میں وہ اونٹنی خرید لی اور آگے بڑھے تو کچھ فاصلے پر ایک اور شخص ملا جس نے عرض کی: **یَااَبَاالْحَسَن!** اونٹنی بیچیں گے؟ فرمایا: کیوں نہیں! پوچھا: کتنے کی خریدی؟ فرمایا: 100 درہم کی۔ کہنے لگا: 60 نفع لے کر بیچ دیجئے۔ فرمایا: بَہُت خوب! چنانچہ آپ نے وہ اونٹنی 160 درہم میں فروخت کر دی۔ آگے بڑھے تو بیچنے والا ملا جس نے آپ کو خالی ہاتھ دیکھ کر پوچھا: وہ اونٹنی کہاں گئی؟ کیا بیچ دی؟ فرمایا: ہاں! بیچ دی۔ پوچھا کتنے میں؟ بتایا: 160 درہم میں۔ عرض کی: میرے 100 مجھے لوٹا دیجئے۔ آپ نے اس کے 100 دِرہم اسے لوٹا دیئے اور بقیہ 60 دِرْہَم جا کر خاتونِ جنّت رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو عطا فرما دیئے، آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اتنے درہم دیکھ کر حیران ہو گئیں، کیونکہ جو لباس آپ نے دیا تھا وہ اتنا قیمتی نہ تھا کہ 60 درہم میں بکتا لہٰذا آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے پوچھا: یہ 60 درہم کہاں سے آئے؟ تو مولا مشکل کُشا کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم نے فرمایا: میں نے چھ درہموں کے ذریعے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے ساتھ تِجارت کی کہ اس کی راہ میں چھ درہم صَدقہ کیے اور اس نے مجھے 6 کے 60 لوٹا دیئے۔ اگلے روز مولا مشکل کشا علی المُرتَضٰی، شیرِ خُدا کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم سرکارِ ذی وَقار، باذنِ پروردگار دو عالَم کے مالک و مختار صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خدمتِ مُبارَکہ میں حاضِر ہوئے اور اپنا سارا واقعہ عرض کیا تو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے محبوب، دانائے غُیوب صَلَّی اللہ تعالیٰ

علیہ والہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: اے علی! کیا تم جانتے ہو کہ کل کا مُعامَلہ کیا تھا؟ عرض کی: وَاللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم۔ (یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کا رسول صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم خوب جانتے ہیں) تو آپ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم نے غیب کی خبر دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: اے علی! کل جس نے اونٹنی بیچی وہ میکائیل (عَلَیْہِ السَّلَام) اور جس نے اونٹ خریدی وہ جبرئیل (عَلَیْہِ السَّلَام) تھے اور جو اونٹنی آپ نے خریدی اور بیچی وہ میری بیٹی خاتونِ جنّت کی روزِ قیامت سواری ہوگی۔[1]

## اَسلاف کا معمول

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اس حِکایَت سے جہاں اِمامُ الاسخیاء، مَولا مشکل کُشا عَلِیُّ المرتضی کَرَّمَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَجْھَہُ الْکَرِیْم کی سَخاوَت اور خاندانِ نبوّت کی فضیلت کا پتا چلتا ہے، وہیں رِضائے اِلٰہی کے حُصُول کے لئے صَدقہ وخیرات دینے کی اَہَمِّیَّت بھی اُجاگر ہوتی ہے۔ کیونکہ راہِ خُدا میں صَدقہ وخیرات کرنا ہمارے آقا مکّی مَدَنی مصطفےٰ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کی عظیم سنّت ہے، آپ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلَّم کے دَرِ جُود سے کوئی سوالی خالی نہ جاتا، یہی وجہ ہے کہ تمام اَسلاف یعنی بارگاہِ نبوّت سے تربیّت پانے والے صحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان، تابعین وتبع تابعین، اَولیائے کاملین وعُلَمائے دین رَحِمَہُمُ اللّٰہُ الْمُبِین بھی صَدقہ وخیرات کے ذریعے

مدینہ

[1] قلیوبی، ص ۳۳

فُقَراء و مَساکین کی مدد کر کے اس کی بَرَکات سے فیض یاب ہوتے رہے۔ الغرض یہ سلسلہ صدیوں پر محیط ہے اور تا قِیامِ قِیامَت جاری رہے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

## صَدقہ و خیرات کا ثواب

صَدقہ و خیرات سے جہاں دولت مُعاشَرے میں گردش کرتی ہے وہیں غریبوں اور مسکینوں کی بَہُت سی ضَرورتیں بھی پوری ہوتی ہیں۔ قرآنِ پاک میں اللہ عَزَّوَجَلَّ نے کئی مَقامات پر صَدقہ و خیرات کی فضیلت اور اس کے اجر و ثواب کو بیان فرمایا ہے۔ چنانچہ پارہ 3 سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 261 میں ارشاد ہوتا ہے:

مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍؕ وَ اللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُؕ وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ﴿۲۶۱﴾

ترجمۂ کنزالایمان: انکی کہاوت جو اپنے مال اللہ کی راہ میں خَرچ کرتے ہیں اُس دانہ کی طرح جس نے اُگائیں سات بالیں ہر بال میں سو دانے اور اللہ اس سے بھی زیادہ بڑھائے جس کے لئے چاہے اور اللہ وُسعَت والا عِلْم والا ہے۔ (پ۳، البقرۃ: ۲۶۱)

## راہِ خُدا میں خَرچ کرنے سے مُراد

**پیارے اسلامی بھائیو!** معلوم ہوا راہِ خُدا میں خَرچ کرنے سے اللہ

عَزَّوَجَلَّ اپنی رضا کے ساتھ انعام بھی عطا فرماتا ہے۔ مگر سوال یہ ہے کہ راہِ خُدا میں خَرْچ کرنے سے مُراد کیا ہے؟ تو جان لیجئے کہ عِلْمِ دین کی اشاعت میں حصّہ لینا، دینی مَدارِس کی مَدَد کرنا، مَساجِد بنانا، دینی کُتُب کے لیے لائبریری بنانا، مُسافِر خانے بنانا، ضَرورت مند پڑوسیوں اور رِشتہ داروں کی مَدَد کرنا، محتاجوں، اَپاہجوں اور غریبوں کے علاج مُعالَجہ اور مَقْروضوں کے قرض کی ادائیگی کے لیے خَرْچ کرنا وغیرہ ایسے کام ہیں کہ ان میں سے جس کام میں بھی خَرْچ کریں گے وہ راہِ خُدا میں خَرْچ کرنا ہی کہلائے گا۔ جیسا کہ حضرت سَیِّدُنا امام خازِن ابو الحسن عَلاءُ الدّین علی بن محمد بن ابراہیم رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ (متوفی ۷۴۱ھ) مذکورہ آیتِ مُبارَکہ کی تفسیر میں فرماتے ہیں: راہِ خُدا میں خَرْچ کرنا خواہ واجِب ہو یا نَفْل، تمام اَبوابِ خیر کو عام ہے۔[1] اور صَدْرُ الافاضِل رَحْمَۃُ اللہِ تعالٰی علیہ کے نزدیک کسی طالب عِلْم کو کِتاب خرید کر دی جائے یا کوئی شِفا خانہ بنادیا جائے یا مُردوں کے ایصالِ ثواب کے لئے تیجہ، دسویں، بیسویں، چالیسویں کے طریقہ پر مساکین کو کھانا کھلایا جائے، سب راہِ خُدا میں خَرْچ کرنا ہی ہے۔

## ثواب میں کمی بیشی

جب کوئی شخص راہِ خُدا میں اپنا مال خَرْچ کرتا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کے

مدینہ

1 تفسیر خازن، البقرۃ، تحت الآیۃ: ۲۶۱، ۱/ ۲۰۵

عِوَض سات سو گنا یا اس سے بھی زیادہ اَجر و ثواب عطا فرماتا ہے جیسا کہ صدر الافاضل حضرتِ علّامہ مولانا سیّد محمد نعیم الدّین مُراد آبادی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْھَادِی مذکورہ آیتِ مُبارَکہ کی تفسیر میں فرماتے ہیں: ایک دانہ کے 700 دانے ہو گئے اسی طرح راہِ خُدا میں خَرْچ کرنے سے 700 گنا اجر ہو جاتا ہے۔[1]

**پیارے اسلامی بھائیو!** جب یہ یقین ہو کہ راہِ خُدا میں خَرْچ کرنے سے ایک کے بدلے 700 ملیں گے تو کوئی نادان شخص ہی اپنا سرمایہ اس سودے میں نہیں لگائے گا۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اپنی راہ میں خَرْچ کرنے والوں کو یُونہی دیا کرتا ہے، حضرت سَیِّدُنا امام شمس الدین قُرطبی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں کہ جب یہ آیتِ مُبارَکہ نازِل ہوئی تو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے خزانوں کو تقسیم فرمانے والے ہمارے آقا دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے بارگاہِ خُداوَندی میں عرض کی: رَبِّ زِدْ اُمَّتِی یعنی اے میرے پروردگار عَزَّوَجَلَّ! میری اُمّت کو اس سے بھی زیادہ اجر و ثواب عطا فرما تو بارگاہِ خداوَندی سے یہ مُژْدہ ملا:

| | |
|---|---|
| مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَهٗ لَهٗۤ اَضْعَافًا كَثِیْرَةً ؕ (پ۲، البقرۃ: ۲۴۵) | ترجمۂ کنزالایمان: ہے کوئی جو اللہ کو قرضِ حَسَن دے تو اللہ اس کے لئے بَہُت گُنا بڑھا دے۔ |

مدینہ

[1] خزائن العرفان، پ۳، البقرۃ، تحت الآیۃ: ۲۶۱

محبوبِ ربِّ دَاوَر، شفیعِ روزِ مَحْشَر صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے یہ مُژدہ پانے کے باوُجود اپنی اُمّت کی دَستگیری فرماتے ہوئے مزید کرم نَوازی کے لیے عرض کی: رَبِّ زِدْ اُمَّتِی یعنی اے میرے رب! میری اُمّت کو اِس سے بھی زیادہ اجر و ثواب عطا فرما تو ارشاد ہوا:

| | |
|---|---|
| اِنَّمَا یُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ ﴿۱۰﴾ (پ۲۳، الزمر: ۱۰) | ترجمۂ کنزالایمان: صابروں ہی کو ان کا ثواب بھرپور دیا جائے گا بے گنتی۔[1] |

## ثواب میں فرق

مُفَسِّرِ شَہِیر، حکیم الاُمَّت مُفْتِی اَحمد یار خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الْحَنَّان تفسیر نعیمی میں فرماتے ہیں: صَدَقات کے ثواب میں زیادتی کمی چند وجہ سے ہوتی ہے۔ اخلاص کا فرق، زمان کا فرق، فقیر کا فرق، مَقامِ خیرات کا فرق، جس قدر اِخلاص زیادہ اسی قدر ثواب زیادہ۔

❁ (اِخلاص کے فرق کی مِثال) صَحابۂ کِرام کے سَوا سیر جَو ہمارے پہاڑ بھر سونے کی خیرات سے کیوں افضل ہیں، اس لیے کہ ان کا سا اِخلاص ہم کو کیسے میسر ہو؟

❁ (زمانے کے فرق کی مِثال) ماہِ رمضان، جُمُعہ، شبِ قدر کے صَدقہ کا بَہُت

مدینہ

[1] تفسیر قرطبی، البقرۃ، تحت الآیۃ: ۲۶۱، ۲/ ۲۲۹

ثواب ہے، دوسرے زمانہ کے صَدَقات کا وہ ثواب نہیں۔

❁ (مقام کے فرق کی مِثال) مکّۂ معظّمہ، مدینۂ منوّرہ کے صَدَقات کا ثواب ایک کا ایک لاکھ 25 ہزار اور زمین میں یہ نہیں (یعنی کسی دوسرے مقام پر یہ ثواب نہیں)۔

❁ (فقیر کے فرق کی مِثال) عالِم فقیر اور زیادہ حاجت مند پر صَدَقہ دوسروں پر صَدَقہ سے زیادہ ثواب کا باعِث ہے جیسے دانہ کی پیداوار زمین و زمان کے فرق سے مختلف ہوتی ہے غرضیکہ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ بالکل حق و دُرُست ہے، صَدَقہ مقبول کی توفیق بھی وہی دیتا ہے۔ صَدَقہ کا یہ ثواب جو بیان ہوا اس کے ملنے کی جگہ آخِرت ہے اگر دُنیا میں رب تعالیٰ سخی کو کچھ بَرَکت دیدے تو اس کا کرم ہے مگر یہ بدلہ نہیں، بدلہ تو قِیامَت میں ملے گا۔ لہٰذا کوئی شخص آج خیرات دیکر کل ہی 700 کا مُطالَبہ نہ کرے۔ کھیت بَونے کا وَقْت اور ہے اور کاٹنے کا اور۔[1]

حضرت علّامہ ناصرُ الدّین ابو سعید عبد اللّٰہ بن عمر بن محمد شیرازی بیضاوی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی (متوفی ۶۸۵ھ) وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ (یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ جس شخص کے لیے چاہتا ہے اجر و ثواب بڑھا دیتا ہے) کی تفسیر میں فرماتے ہیں: اس سے مُراد

مدینہ

1 تفسیرِ نعیمی، پ۳، البقرۃ، تحت الآیۃ: ۲۶۱، ۳/ ۸۶

یہ ہے کہ وہ اپنی راہ میں خَرْچ کرنے والے کی حالَت کے مُطابِق اس کو اپنے فضل و کرم سے نوازتا ہے یعنی یہ مُلاحَظہ فرماتا ہے کہ اس کی راہ میں خَرْچ کرنے والا کس قَدر مُخلِص اور کوشش کرنے والا ہے؟ یہی وجہ ہے کہ اَعْمال ثَواب کی مِقدار کے مُعامَلہ میں مختلف ہوتے ہیں۔[1]

## مِقدار میں کم درجے میں زیادہ

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** راہِ خُدا میں خَرْچ کرنے والے کی حالَت کے اِعتبار سے ثواب میں فرق کو اس مثال سے بآسانی سمجھا جاسکتا ہے: تین شخص ہوں مگر تینوں کی حالت مختلف ہو، ایک انتہائی مالدار ہو، دوسرے کے پاس اس قدر مال ہو کہ اپنی ضَروریاتِ زِندَگی پورا کرنے میں کسی کا محتاج نہ ہو جبکہ تیسرے شخص کے پاس صرف دو روٹیاں ہوں۔ اب اگر کوئی فقیر ان تینوں اَشْخاص کے پاس باری باری جاکر کچھ کھانے کے لیے مانگے اور ان میں سے ہر ایک اسے دو دو روٹیاں دے تو بے شک ہر ایک نے نیک کام کیا مگر ان تینوں کی حالت کے اعتبار سے ان کی نیکیوں میں فرق ہے، کیونکہ جس شخص کے پاس صرف دو ہی روٹیاں تھیں اس کا یہ دونوں روٹیاں فقیر کو دیدینا ایسا ہے جیسے مالدار شخص اپنی ساری دَولَت اس فقیر کو دیدیتا۔ لہٰذا یہ ہوسکتا ہے کہ مالدار شخص کو اس نیکی کا اَجْر دس گنا ملے،

مدینہ

[1] تفسیر بیضاوی، پ۳، البقرۃ، تحت الآیۃ: ۲۶۱، ۱/ ۵۶۵

مُتَوَسِّط آمدنی والے کو 700 گنا اور جس کے پاس تھیں ہی دو روٹیاں اس کو بے حِساب اَجر ملے۔ چنانچہ،

اَمِیْرُ المومنین حضرت سَیِّدُنا عُمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ (غزوۂ تبوک کے موقع پر) سرکارِ ذی وَقار صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ہمیں صَدقہ کرنے کا حکم دیا، اتفاقاً اس وقت میرے پاس مال بَہُت تھا، میں نے سوچا کہ اگر میں کسی دن حضرت سَیِّدُنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بڑھ سکتا ہوں تو وہ آج کا دن ہے۔[1] آپ فرماتے ہیں کہ میں اپنا آدھا مال لے کر بارگاہِ مصطفےٰ میں حاضِر ہوا تو سرکار صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے پوچھا: مَا اَبْقَیْتَ لِاَھْلِكَ؟ تم نے اپنے بال بچوں کے لیے کیا چھوڑا؟ میں نے عرض کی: اتنا ہی۔ (یعنی یارسولَ اللہ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم! آدھا مال حاضِرِ خدمت ہے اور آدھا مال اہل و عیال کے لئے چھوڑ دیا ہے) اتنے میں اَمِیْرُ المومنین حضرت سَیِّدُنا ابو بکر صِدّیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی اپنا مال لے آئے تو حُضور صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ان سے بھی پوچھا: یَا اَبَا بَکْرٍ مَا اَبْقَیْتَ لِاَھْلِكَ؟ اے ابو بکر! تم نے اپنے گھر والوں کے لیے کیا چھوڑا؟ تو

---

[1] مُفَسِّرِ شَہیر، حکیم الاُمَّت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الْحَنَّان اس حدیثِ پاک کی شرح میں فرماتے ہیں: حضرت عمر کا گمان یہ تھا کہ صدقہ میں سبقت زیادتی مال سے ہوتی ہے اور مال تو میرے پاس زیادہ ہے، لہٰذا میں ہی آج بڑھ جاؤں گا، مگر بعد میں پتا لگا کہ صدقہ میں سبقت اخلاص کی زیادتی سے ہوتی ہے۔ (مراٰۃ المناجیح، ۸/ ۳۵۵)

انہوں نے عرض کی: اَبْقَیْتُ لَھُمُ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہ یعنی میں ان کے لیے اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے رسول صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو چھوڑ آیا ہوں۔[1] اَمِیْرُ المومنین حضرت سَیِّدُنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اس وقت مجھے یقین ہو گیا: ''وَاللّٰہِ لَا اَسْبِقُہٗ اِلٰی شَیْءٍ اَبَدًا'' خُدا کی قسم! میں کبھی کسی چیز میں ان سے آگے نہیں بڑھ سکتا۔[2] اَشِعَّۃُ اللَّمْعَات میں حضرت سَیِّدُنا شیخ عَبْدُ الْحَق مُحَدِّث دِہلَوِی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: اَمِیْرُ المومنین حضرت سَیِّدُنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کُل مال جنابِ سَیِّدُنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آدھے مال سے مِقْدار میں اگرچہ بَہُت کم تھا مگر درجے میں بَہُت زیادہ تھا۔[3]

---

1 قبلہ مفتی صاحب رَحمَۃُ اللّٰہِ تعالیٰ علیہ حدیثِ پاک کے اس حصے کی شرح میں فرماتے ہیں: سارے مال کی خیرات حضرت صدیق اکبر کی خصوصیت ہے ان کی اور ان کے بال بچوں کی طرح متوکل نہ کوئی ہو گا نہ سارا مال خیرات کرے گا۔ ہم جیسوں کو بعض مال خیرات کرنے کا حکم ہے: وَ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ (ترجمۂ کنزالایمان: اور اللہ کی راہ میں ہمارے دیئے میں سے خرچ کرو۔ (پ۲۸، المنافقون: ۱۰)۔ مِمَّا میں مِنْ بعضیت کا ہے، اگر ہم سارا مال خیرات کر دیں تو اگرچہ ہم صبر کر جاویں مگر ہمارے بیوی بچے پیٹ پیٹ کر مر جاویں۔ خیال رہے کہ عابدوں کی نماز وزکوٰۃ اَور ہے عاشقوں کی اور نوعیت کی، عارِفوں کی اور طرح کی۔ عابدوں کی زکوٰۃ سال کے بعد چالیسواں حصّہ۔ عاشقوں کی زکوٰۃ اشارہ پاکر سارا مال۔ عابدوں کی نماز مسجدوں کی دیواروں کے سایہ میں عاشقوں کی نماز تلواروں کے سایہ میں اس جواب سے معلوم ہوا اللہ رسول کے نام پر خیرات، اللہ رسول پر توکل شرک نہیں عین ایمان ہے۔ (مراٰۃ المناجیح، ۸/ ۳۵۵)

2 ترمذی، کتاب المناقب، باب مناقب ابی بکر وعمر، ۵/ ۳۸۰، حدیث: ۳۶۹۵

3 اشعۃ اللمعات، ۴/ ۶۵۱

## کیا صَدقہ سے مال میں کمی ہوتی ہے؟

**پیارے اسلامی بھائیو!** راہِ خُدا میں خَرْچ کرنے سے مال بڑھتا ہے گھٹتا نہیں جیسا کہ حدیث شریف میں ہے: مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِّنْ مَّالٍ۔ یعنی صَدقہ مال میں کمی نہیں کرتا۔[1]

مُفَسِّرِ شَہِیر، حکیم الاُمَّت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الْحَنَّان اس حدیثِ پاک کی شَرْح میں فرماتے ہیں: زکوٰۃ دینے والے کی زکوٰۃ ہر سال بڑھتی ہی رہتی ہے، تجربہ ہے جو کسان کھیت میں بیج پھینک آتا ہے وہ بظاہر بوریاں خالی کر لیتا ہے لیکن حقیقت میں مع اضافہ کے بھر لیتا ہے، گھر کی بوریاں چوہے، سُسری وغیرہ کی آفات سے ہلاک ہو جاتی ہیں یا یہ مطلب ہے کہ جس مال میں سے صَدقہ نکلتا رہے اس میں سے خَرْچ کرتے رہو، اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ بڑھتا ہی رہے گا، کنوئیں کا پانی بھرے جاؤ تو بڑھے ہی جائے گا۔[2]

معلوم ہوا! راہِ خُدا میں دی جانے والی چیز ہر گز ضائع نہیں ہوتی آخِرَت میں اَجْر وثَواب کی حق داری تو ہے ہی، بعض اوقات دنیا میں بھی اِضافے کے ساتھ ہاتھوں ہاتھ اس کا نعم البدل عطا کیا جاتا ہے۔ چنانچہ،

---

1. مسلم، کتاب البر والصلۃ والآداب، باب استحباب العفو والتواضع، ص ۱۳۹۷، حدیث: ۶۹ / ۲۵۸۸
2. مرآۃ المناجیح، ۳/ ۹۳

حضرت سَیِّدُنا امام یافعی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ القَوِی **رَوضُ الریاحین** میں یہ حِکایَت نقل فرماتے ہیں کہ ایک بار حضرت سیدنا حبیب عجمی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ القَوِی کے دروازے پر کسی سائل نے صَدا لگائی۔ آپ رَحمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ کی زوجۂ محترمہ رَحمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہا گُندھا ہوا آٹا رکھ کر پڑوس سے آگ لینے گئی تھیں تاکہ روٹی پکائیں۔ آپ رَحمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ نے وہی آٹا اُٹھا کر سائل کو دے دیا۔ جب وہ آگ لے کر آئیں تو آٹا نَدارد (یعنی غائب)۔ آپ رَحمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ نے فرمایا: اسے روٹی پکانے کے لیے لے گئے ہیں۔ بَہُت پوچھنے پر آپ رَحمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ نے خیرات کر دینے کا واقعہ بتایا تو وہ بولیں: سُبْحٰنَ اللہ! یہ تو بَہُت اَچھّی بات ہے مگر ہمیں بھی تو کچھ کھانے کے لیے درکار ہے۔ اتنے میں ایک شخص ایک بڑی لگن میں بھر کر گوشت اور روٹی لے آیا تو آپ بولیں: دیکھئے آپ کو کس قدر جلد لوٹا دیا گیا گویا روٹی بھی پکا دی اور گوشت کا سالن مزید بھیج دیا![1]

**اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی اُن پر رحمت ہو اور ان کے صَدقے ہماری بے حساب مَغْفِرَت ہو۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

## صَدقہ کسے کہتے ہیں؟

لغت میں صَدقہ اس عطیے کو کہتے ہیں یُرَادُ بِهَا الْمَثُوْبَةُ لَا الْمَكْرُمَةُ (المنجد)

مدینہ

1 روض الریاحین، ص ۲۷۶

جس سے عزّت افزائی کے بجائے ثواب کا ارادہ کیا جائے۔ علامہ سید شریف جُرجانی حَنَفی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی نے صَدقہ کی تعریف کچھ یوں بیان کی: هِيَ الْعَطِيَّةُ تُبْتَغٰى بِهَا الْمَثُوْبَةُ مِنَ اللهِ تَعَالٰى۔ صَدقہ وہ عطیہ ہے جس کے ذریعے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ سے ثواب کی اُمّید رکھی جاتی ہے۔[1]

## صَدقے کی مختلف صُورَتیں

**پیارے اسلامی بھائیو!** راہِ خُدا میں خَرْچ کرنا ہی صَدقہ نہیں بلکہ تِرمِذی شریف کی ایک حدیثِ پاک میں حضرت سَیِّدُنا ابو ذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مَروی ہے کہ دو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے صَدقے کی مختلف صورتیں بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

- تَبَسُّمُكَ فِيْ وَجْهِ اَخِيكَ لَكَ صَدَقَةٌ۔ یعنی تمہارا اپنے بھائی کے لئے مسکرانا بھی صَدقہ ہے۔
- وَاَمْرُكَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهْيُكَ عَنِ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ۔ یعنی نیکی کی دعوت دینا اور بُرائی سے روکنا بھی صَدقہ ہے۔
- وَاِرْشَادُكَ الرَّجُلَ فِيْ اَرْضِ الضَّلَالِ لَكَ صَدَقَةٌ۔ یعنی بھٹکے ہوئے کی رہنمائی کرنا بھی صَدقہ ہے۔

---

1 کتاب التعریفات، باب الصاد، ص۹۵

❁ وَبَصَرُكَ لِلرَّجُلِ الرَّدِيءِ الْبَصَرِ لَكَ صَدَقَةٌ ۔یعنی کمزور نگاہ والے کی مدد کرنا بھی صَدقہ ہے۔

❁ وَاِمَاطَتُكَ الْحَجَرَ وَالشَّوْكَ وَالْعَظْمَ عَنِ الطَّرِيْقِ لَكَ صَدَقَةٌ ۔یعنی راستے سے پتھر، کانٹا اور ہڈی کا ہٹا دینا بھی صَدقہ ہے۔

❁ وَاِفْرَاغُكَ مِنْ دَلْوِكَ فِيْ دَلْوِ اَخِيْكَ لَكَ صَدَقَةٌ ۔یعنی اپنے ڈول سے اپنے بھائی کے ڈول میں پانی ڈال دینا بھی صَدقہ ہے۔[1]

نیز مذکورہ اعمال کے علاوہ کسی کو قرض دینا بھی صَدقہ ہے۔ چنانچہ،

حضرت سَیِّدُنا **عبدُ اللہ** بن مَسْعُود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حُضورِ پاک، صاحبِ لَولاک، سیّاحِ اَفلاک صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: **كُلُّ قَرْضٍ صَدَقَةٌ**۔یعنی ہر قرض صَدقہ ہے۔[2]

## حروفِ صَدقہ کے 4 مدنی پھول

حضرت سَیِّدُنا شیخ اسماعیل حَقّی حنفی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی (متوفی ۱۱۳۷ھ) تفسیر **رُوحُ البَیان** میں فرماتے ہیں کہ صَدقہ کے چار حُروف سے 4 مدنی پھول حاصِل ہوتے ہیں:

مدینہ

1 ترمذی، کتاب البر والصلة، باب ماجاء فی صنائع المعروف، ۳/۳۸۴، حدیث: ۱۹۶۳

2 شعب الایمان، باب فی الزکاۃ، فصل فی القرض، ۳/۲۸۴، حدیث: ۳۵۶۳

صٓ سے مُراد "اَلصَّد" (روکنا) ہے یعنی صَدقہ دنیا وآخِرَت کی ہر ناپسندیدہ شے کو صَدقہ کرنے والے (تک پہنچنے) سے روک دیتا ہے۔

دٓ سے مُراد "اَلدَّلِیل" (راہنمائی کرنا) ہے یعنی صَدقہ، صَدقہ کرنے والے کی جنّت کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔

قٓ سے مُراد "اَلْقُرْب" (قریب ہونا) ہے یعنی صَدقہ، صَدقہ کرنے والے کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے قریب کر دیتا ہے۔

ہٓ سے مُراد "اَلْھِدَایَۃ" (رہنمائی ورہبری) ہے یعنی صَدقہ کرنے سے صَدقہ کرنے والے کو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی طرف سے ہدایت حاصل ہوتی ہے۔[1]

## "برکتِ صدقات" کے نو حروف کی نسبت سے صَدقہ وخیرات کے فضائل پر مبنی 9 فرامینِ مصطفےٰ

① اَلصَّدَقَةُ تَسُدُّ سَبْعِيْنَ بَابًا مِّنَ السُّوْءِ۔ صَدقہ برائی کے 70 دروازے بند کرتا ہے۔[2]

② كُلُّ امْرِئٍ فِيْ ظِلِّ صَدَقَتِهٖ حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ النَّاسِ۔ ہر شخص (بروزِ قِیامَت) اپنے صَدقے کے سائے میں ہوگا یہاں تک کہ لوگوں کے

مدینہ

1 روح البیان، البقرۃ، تحت الآیۃ: ۲۶۵، ۱/ ۴۲۶

2 المعجم الکبیر، ۴/ ۲۷۴، حدیث: ۴۴۰۲

درمیان فیصلہ فرمادیا جائے۔[1]

③⇦اِنَّ الصَّدَقَةَ لَتُطْفِئُ عَنْ اَهْلِهَا حَرَّ الْقُبُوْرِ وَاِنَّمَا يَسْتَظِلُّ الْمُؤْمِنُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيْ ظِلِّ صَدَقَتِهٖ۔ بے شک صَدقہ کرنے والوں کو صَدقہ قبر کی گرمی سے بچاتا ہے اور بلاشبہ مسلمان قیامت کے دن اپنے صَدقہ کے سائے میں ہو گا۔[2]

④⇦اِنَّ الصَّدَقَةَ لَتُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ وَتَدْفَعُ مِيْتَةَ السُّوْءِ۔ بیشک صَدقہ رب کے غضب کو بجھاتا اور بُری موت کو دفع کرتا ہے۔[3]

⑤⇦بَاكِرُوْا بِالصَّدَقَةِ فَاِنَّ الْبَلَآءَ لَا يَتَخَطَّى الصَّدَقَةَ۔ صبح سویرے صَدقہ دو کہ بلا صَدقہ سے آگے قدم نہیں بڑھاتی۔[4]

⑥⇦اِنَّ صَدَقَةَ الْمُسْلِمِ تَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ وَتَمْنَعُ مِيْتَةَ السُّوْءِ وَيُذْهِبُ اللّٰهُ الْكِبْرَ وَالْفَخْرَ۔ بے شک مسلمان کا صَدقہ عمر بڑھاتا اور بُری موت کو روکتا ہے اور اللہ عَزَّوَجَلَّ اس کی برکت سے صَدقہ دینے والے سے تکبُّر وتفاخُر (بڑائی اور فخر کرنے کی بُری عادت) دور کر دیتا ہے۔[5]

مدینہ

1. المعجم الکبیر، ۱۷/ ۲۸۰، حدیث: ۷۷۱
2. شُعَبُ الایمان، باب الزکاۃ، التحریض علی صدقۃ التطوع، ۳/ ۲۱۲، حدیث: ۳۳۴۷
3. ترمذی، کتاب الزکاۃ، باب ما جاء فی فضل الصدقۃ، ۲/ ۱۴۶، حدیث: ۶۶۴
4. شُعَبُ الایمان، باب فی الزکاۃ، التحریض علی صدقۃ التطوع، ۳/ ۲۱۴، حدیث: ۳۳۵۳
5. المعجم الکبیر، ۱۷/ ۲۲، حدیث: ۳۱

⑦ ⇦ اِنَّهَا حِجَابٌ مِّنَ النَّارِ لِمَنِ احْتَسَبَهَا يَبْتَغِيْ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ۔ جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رِضا کی خاطِر صَدقہ کرے تو وہ (صَدقہ) اس کے اور آگ کے درمیان پردہ بن جاتا ہے۔[1]

⑧ ⇦ اِسْتَتِرِيْ مِنَ النَّارِ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ فَاِنَّهَا تَسُدُّ مِنَ الْجَائِعِ مَسَدَّهَا مِنَ الشَّبْعَانِ۔ آگ سے بچو اگرچہ کھجور کے ایک ٹکڑے کے ذریعہ، یہ بھوکے کے لئے سیری کے برابر ہے۔[2]

⑨ ⇦ اَلصَّلَاةُ بُرْهَانٌ وَّالصَّوْمُ جُنَّةٌ وَّالصَّدَقَةُ تُطْفِئُ الْخَطِيْئَةَ كَمَا يُطْفِئُ الْمَاءُ النَّارَ۔ نماز (ایمان کی) دلیل ہے اور روزہ (گناہوں سے) ڈھال ہے اور صَدقہ خطاؤں کو یوں مِٹادیتا ہے جیسے پانی آگ کو۔[3]

## جنّت میں گھر کی ضَمانَت

ایک شخص خُراسان سے بَصرہ آیا اور اس نے حضرت سَیِّدُنا حبیب عجمی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کے پاس 10 ہزار درہم بطورِ امانت رکھے اور عرض کی کہ آپ اس کے لئے بَصرہ میں ایک گھر خریدیں تاکہ جب وہ مکّہ مکرّمہ سے لوٹے تو اس گھر میں رہے۔ اسی دوران لوگوں کو آٹے کی مہنگائی کا سامنا کرنا پڑا تو حضرت سَیِّدُنا

مدینہ

1. مجمع الزوائد، کتاب الزکاۃ، باب فضل الصدقۃ، ۳/ ۲۸۶، حدیث: ۴۶۱۷
2. مسند احمد، مسند السیدۃ عائشۃ رضی اللہ عنہا، ۹/ ۳۵۹، حدیث: ۲۴۵۵۵
3. ترمذی، ابواب السفر، باب ماذُکر فی فضل الصلاۃ، ۲/ ۱۱۸، حدیث: ۶۱۴

حبیب عجمی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی نے اُن درہموں سے آٹا خرید کر صَدقہ کر دیا، اُن سے کہا گیا کہ اُس شخص نے تو آپ سے گھر خریدنے کے لئے کہا تھا! فرمایا: میں نے اُس کے لئے جنّت میں گھر لے لیا ہے! اگر وہ اس پر راضی ہو گا تو ٹھیک، ورنہ میں اُسے 10 ہزار درہم واپس دے دوں گا۔ پھر جب وہ لوٹا تو پوچھا: اے ابو محمد! کیا آپ نے گھر خرید لیا؟ جواب دیا: ہاں! محلّات، نہروں اور درختوں کے ساتھ۔ وہ شخص بَہُت خوش ہوا پھر کہنے لگا: میں اس میں رہنا چاہتا ہوں آپ نے فرمایا: میں نے وہ گھر **اللہ** تعالیٰ سے جنّت میں خریدا ہے! یہ سن کر اُس شخص کی خوشی مزید بڑھ گئی، اس کی بیوی بولی: ان سے کہو کہ اپنی ضَمانَت کی ایک دستاویز لکھ دیں تو حضرت سَیِّدُنا حبیب عجمی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی نے لکھا: "**بسم اللہ الرحمن الرحیم**، جو گھر حبیب عجمی نے محلات، نہروں اور درختوں سمیت دس ہزار درہم میں **اللہ** تعالیٰ سے فُلاں بِن فُلاں کے لئے جنّت میں خریدا ہے یہ اس کی دستاویز ہے۔ اب **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے ذمۂ کرم پر ہے کہ وہ حبیب عجمی کی ضَمان کو پورا فرمادے۔" کچھ عرصہ بعد اس شخص کا انتقال ہو گیا۔ اس نے یہ وصیت کی تھی کہ میرے کفن میں یہ رُقعہ ڈال دینا۔ (تدفین کے بعد) جب صُبح ہوئی تو لوگوں نے دیکھا کہ اس شخص کی قبر پر ایک رُقعہ ہے جس میں لکھا تھا کہ یہ حبیب عجمی کے لئے اس مکان سے براءَت نامہ ہے جو انہوں نے فلاں شخص کے لئے خریدا تھا

اللہ عَزَّوَجَلَّ نے اس شخص کو وہ مکان عطا فرمادیا۔ اس مکتوب کو حضرت سَیِّدُنا حبیب عجمی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی نے لے لیا اور بَہُت روئے اور فرمایا: یہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے میرے لئے براءَت نامہ ہے۔[1]

## 4 درہموں کے بدلے چار دعائیں

حضرت سَیِّدُنا مَنْصُور بن عَمّار عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْغَفَّار ایک روز وَعظ فرمارہے تھے، کسی حقدار نے 4 درہم کا سوال کیا تو آپ رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ نے اعلان فرمایا: جو اس کو 4 درہم دے گا میں اس کے لیے 4 دعائیں کروں گا۔ اس وقت وہاں سے ایک غلام گزر رہا تھا جس کے قدم آپ کی رحمت بھری آواز سُن کر تھم گئے، اس کے پاس 4 درہم تھے جو اس نے سائل کو پیش کر دیئے۔ حضرت سیدنا مَنْصُور عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْغَفُور نے فرمایا: بتاؤ کون کون سی چار دعائیں کروانا چاہتے ہو؟ اس نے عرض کی: (۱) میں غلامی سے آزاد کر دیا جاؤں (۲) مجھے ان دراہم کا بدلہ مل جائے (۳) مجھے اور میرے آقا کو توبہ نصیب ہو (۴) میری، میرے آقا کی، آپ کی اور تمام حاضرین کی بخشش ہو جائے۔ حضرتِ سَیِّدُنا منصور بن عَمّار عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْغَفَّار نے ہاتھ اٹھا کر دعا فرمادی۔ غلام اپنے آقا کے پاس دیر سے پہنچا تو آقا نے سببِ تاخیر دریافت کیا، اس نے واقعہ کہہ سنایا۔ آقا نے پوچھا: پہلی دعا کون سی تھی؟ غلام بولا:

مدینہ

[1] نزهة المجالس، باب فی فضل الصدقة... الخ، ۲/ ۶

میں نے عرض کی دعا کیجئے میں غلامی سے آزاد کر دیا جاؤں۔ یہ سن کر آقا کی زبان سے بے ساختہ نکلا: جا تو غلامی سے آزاد ہے۔ پوچھا: دوسری دعا کون سی کروائی؟ کہا: جو چار درہم میں نے دے دیئے ہیں اس کا نعم البدل مل جائے۔ آقا بولا: میں نے تجھے چار درہم کے بدلے 4 ہزار درہم دیئے۔ پوچھا: تیسری دعا کیا تھی؟ بولا مجھے اور میرے آقا کو گناہوں سے توبہ کی توفیق نصیب ہو جائے۔ یہ سنتے ہی آقا کی زبان پر اِستِغفار جاری ہو گیا اور کہنے لگا میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی بارگاہ میں اپنے تمام گناہوں سے توبہ کرتا ہوں۔ چوتھی دعا بھی بتا دو؟ کہا میں نے التجا کی کہ میری، میرے آقا کی، آپ جناب کی اور تمام حاضرینِ اجتماع کی مَغْفِرَت ہو جائے۔ یہ سن کر آقا نے کہا: "تین باتیں جو میرے اختیار میں تھیں وہ کر لی ہیں چوتھی سب کی مغفرت والی بات میرے اختیار سے باہَر ہے۔" اسی رات آقا نے خواب میں کسی کہنے والے کو سنا: جو تمہارے اختیار میں تھا وہ تم نے کر دیا اور تمہارا کیا خیال ہے کہ جو میرے اختیار میں ہے میں وہ نہیں کروں گا؟ میں ارحم الراحمین ہوں، جاؤ! میں نے تمہیں، تمہارے غلام کو، منصور کو اور تمام حاضرین کو بخش دیا۔[1]

## انسان کی ہلاکت

**پیارے اسلامی بھائیو!** دیکھا آپ نے راہِ خُدا میں مال لُٹانے سے

مدینہ

1 روض الریاحین، ص۱۹۹

کیسی کیسی بَرَکتیں حاصِل ہوتی ہیں مگر افسوس صد افسوس! جو لوگ بخل سے کام لیتے ہوئے راہِ خُدا میں مال لُٹانے کے بجائے جمع کرنے میں لگے رہتے ہیں ان کے کثیر مال جمع کرنے کی حِرص انہیں سَرکَش اور یادِ خُداوندی سے غافِل کر دیتی ہے اور وہ اپنے بُخل کی وجہ سے رِضائے رَبُّ الاَنام سے بھی محروم رہتے ہیں۔ چنانچہ، فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

| | |
|---|---|
| هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ یَّبْخَلُۚ وَ مَنْ یَّبْخَلْ فَاِنَّمَا یَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖؕ وَ اللّٰهُ الْغَنِیُّ وَ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُۚ وَ اِنْ تَتَوَلَّوْا یَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَكُمْۙ ثُمَّ لَا یَكُوْنُوْۤا اَمْثَالَكُمْ۠ ﴿۳۸﴾ (پ۲۶، محمد: ۳۸) | ترجمۂ کنزالایمان: ہاں ہاں یہ جو تم ہو بلائے جاتے ہو کہ اللہ کی راہ میں خَرچ کرو تو تم میں کوئی بخل کرتا ہے اور جو بخل کرے وہ اپنی ہی جان پر بخل کرتا ہے اور اللہ بے نیاز ہے اور تم سب محتاج اور اگر تم منہ پھیرو تو وہ تمہارے سِوا اور لوگ بدل لے گا پھر وہ تم جیسے نہ ہوں گے۔ |

معلوم ہوا! ہمارا راہِ خُدا میں خَرچ کرنا اپنے فائدے کے لیے ہے کہ اس سے نہ صِرف اجر و ثواب ملتا ہے بلکہ آخِرت بھی سَنْوَرتی ہے، لہٰذا جو لوگ مال جمع کرنے کی حِرص میں مُبتَلا رہتے ہیں انہیں یاد رکھنا چاہئے کہ یہ سب مال و مَتاع یہیں

رہ جائے گا اور انہیں ایک دن سب کچھ چھوڑ کر قبر میں جانا ہے۔ چنانچہ،

فرمانِ باری تعالیٰ ہے:

| | |
|---|---|
| اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُۙ(۱) حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَؕ(۲) (پ۳۰، التکاثر: ۱،۲) | ترجمۂ کنزالایمان: تمہیں غافل رکھا مال کی زیادہ طلبی نے یہاں تک کہ تم نے قبروں کا منہ دیکھا۔ |

حضرت سَیِّدُنا امام خازِن رَحْمَۃُ اللہِ تعالیٰ علیہ (متوفی۷۴۱ھ) تفسیرِ خازن میں مذکورہ آیتِ مُبارَکہ کی تفسیر میں فرماتے ہیں: کثرتِ مال کی حِرص اور اس پر مُفاخَرت مَذمُوم (یعنی فخر کرنا بُرا) ہے اور اس میں مبتلا ہو کر آدمی سَعَادَتِ اُخْرَوِیہ سے مَحروم ہو جاتا ہے۔[1]

## مالی عبادت کی قبولیت

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** زکوٰۃ اور صَدقہ و خیرات کا شُمار مالی عبادت میں ہوتا ہے اور اس عبادت کی توفیق **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے مالداروں کو دی ہے تاکہ غریب و مسکین لوگوں کی حاجات پوری ہونے کے ساتھ ساتھ دولت کسی ایک جگہ جمع نہ ہو بلکہ پورے مُعاشَرے میں گردِش کرتی رہے۔ نیز **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے دولت کو غریبوں اور مسکینوں پر خَرچ کرنے کو اپنی رضا کا ذریعہ بھی قرار دیا ہے،

مدینہ

[1] تفسیر خازن، پ۳۰، التکاثر، ۴/ ۴۰۴

لہٰذا اگر کوئی شخص کسی غریب و مسکین شخص کی مالی مَدد کرے تو خود کو اس کا مُحْسِن اور اس شخص کو جس کی اس نے مَدد کی ہے حقیر تَصَوُّر نہ کرے کیونکہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ نے اپنی راہ میں خَرْچ کرنے والوں کے مُتَعلق ارشاد فرمایا ہے:

| | |
|---|---|
| اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ | ترجمۂ کنزالایمان: وہ جو اپنے مال **اللہ** |
| اللّٰهِ ثُمَّ لَا یُتْبِعُوْنَ مَاۤ اَنْفَقُوْا مَنًّا | کی راہ میں خَرْچ کرتے ہیں پھر دیئے پیچھے |
| وَّ لَاۤ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ | (یعنی دینے کے بعد) نہ احسان رکھیں نہ تکلیف |
| رَبِّهِمْ ۚ وَ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَ لَا هُمْ | دیں ان کا نیگ (اجر و ثواب) ان کے رب |
| یَحْزَنُوْنَ ﴿۲۶۲﴾ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّ | کے پاس ہے اور انہیں نہ کچھ اندیشہ ہو |
| مَغْفِرَةٌ خَیْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ یَّتْبَعُهَاۤ | نہ کچھ غم اچھی بات کہنا اور درگزر کرنا |
| اَذًى ؕ وَ اللّٰهُ غَنِیٌّ حَلِیْمٌ ﴿۲۶۳﴾ | اس خیرات سے بہتر ہے جس کے بعد |
| (پ۳، البقرۃ: ۲۶۲، ۲۶۳) | ستانا ہو اور **اللہ** بے پروا حلم والا ہے۔ |

امام خازِن رَحْمَۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ اس آیتِ مُبارَکہ کے تحت فرماتے ہیں کہ احسان رکھنے سے مُراد کسی کو کچھ دینے کے بعد دوسروں کے سامنے یہ اِظہار کرنا ہے کہ میں نے اتنا کچھ تجھے دیا اور تیرے ساتھ ایسے ایسے سُلوک کئے۔ پس اس طرح کسی کو مکدّر (یعنی رنجیدہ و غمگین) کرنا احسان جتانا کہلاتا ہے اور کسی کو تکلیف دینے سے مُراد اس کو عار دِلانا ہے مثلاً یہ کہا جائے کہ تو نادار تھا، مُفلِس تھا، مجبور

تھا، نکمّا تھا وغیرہ میں نے تیری خبر گیری کی۔ مزید فرماتے ہیں: اگر سائل کو کچھ نہ دیا جائے تو اس سے اچھی بات کہنا اور خوش خُلقی کے ساتھ ایسا جواب دینا جو اس کو ناگوار نہ گزرے اور اگر وہ سوال میں اصرار کرے یا زبان درازی کرے تو اس سے درگزر کرنا (اس خیرات سے بہتر ہے جس کے بعد ستانا ہو)۔[1]

## اِحْتِرَامِ مُسْلِم

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** غور فرمایئے! اسلام نے اِحْتِرَامِ مُسْلِم کا کس قدر لحاظ رکھا ہے کہ کوئی بھی شخص اپنے مسلمان بھائی کی مالی اِمداد کرنے کے بعد احسان جتا کر یا طعنہ دے کر اس کو تکلیف مَت دے، بلکہ اس کی عِزّتِ نفس کا احترام کرے، کیونکہ صَدقہ و خیرات دینے سے کسی کو یہ حق حاصِل نہیں ہو جاتا کہ جب چاہے احسان یاد دِلا کر غریب کی عِزّت کی دھجیاں بکھیرنے لگے۔ ایسے صَدقہ سے تو بہتر تھا کہ وہ اسے کچھ دیتا ہی نہیں بلکہ اس سے کوئی اچھی بات کہہ دیتا، مَعْذِرَت کر لیتا یا کسی اور شَخْص کے پاس بھیج دیتا۔ یہاں ان لوگوں کے لیے درسِ ہدایت ہے جو پہلے جوش میں آکر ضَرورت مندوں کی اِمداد تو کر دیتے ہیں مگر بعد میں اپنے طعنوں کے تیروں سے ان کے سینے چھلنی کر دیتے ہیں کہ کسی بات پر ذرا غُصّہ آیا فوراً اپنے احسانات کی لمبی فہرست سنانا شُروع کر دیتے ہیں۔ بطورِ نمونہ

---

1 تفسیر خازن، پ۳، البقرۃ، ۱/ ۲۰۶

طعنوں کے چند تیر پیشِ خدمت ہیں:

❁ کل تک وہ فقیر تھا، بھیک مانگتا پھرتا تھا میرا دیا ہوا کھاتا تھا اور آج مجھے ہی آنکھیں دکھاتا ہے۔

❁ جب اس کی ماں ہسپتال میں ایڑیاں رگڑ رہی تھی تو میں نے مدد کی تھی۔

❁ اس کی بیٹی کی شادی میں نے کروائی، سارے احسانات بھول گیا نمک حرام کہیں کا وغیرہ وغیرہ۔

یاد رکھئے! اس طرح کی باتوں میں خسارہ ہی خسارہ ہے کیونکہ مال تو آپ دے ہی چکے، اب طعنے دے کر اور احسان جتا کر ثواب ضائع مت کیجئے۔ چنانچہ پارہ 3 سورۃُ البقرۃ کی آیت نمبر 264 میں ہے:

| | |
|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا | ترجمۂ کنزالایمان: اے ایمان والو اپنے |
| صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَ الْاَذٰىۙ | صدقے باطل نہ کردو احسان رکھ کر اور |
| (پ۳، البقرۃ: ۲۶۴) | ایذا دے کر۔ |

تفسیرِ مدارک میں حضرت سَیِّدُنا ابو البرکات **عبد اللہ** بن احمد بن محمود نسفی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی (متوفی ۷۱۰ھ) اس آیتِ مُبارَکہ کے تحت فرماتے ہیں: جس طرح مُنافق کو رِضائے اِلٰہی مقصود نہیں ہوتی وہ اپنا مال ریاکاری کے لئے خَرچ کرکے ضائع کر دیتا ہے اس طرح تم احسان جتا کر اور ایذا دے کر اپنے صَدقات کا

اجر ضائع نہ کرو۔[1]

## تین ضروری باتیں

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** معلوم ہوا صَدقہ دینے یعنی راہِ خُدا میں خَرْچ کرتے ہوئے تین باتیں پیشِ نظر رکھنا بَہُت ضروری ہیں:

(۱) صَدقہ دے کر احسان نہ جتائے۔

(۲) جسے صَدقہ دے اس کے دل کو طعنوں کے تیروں سے زخمی نہ کرے۔

(۳) صَدقہ اخلاص کے ساتھ اور رضائے خُداوَندی کے حُصول کے لیے دے۔

مسلمانوں کو طعنے دیکر، احسان جتا کر دل آزاریاں کرنے والوں اور ریاکاری کی آفت میں مبتلا ہونے والوں کے لئے مَقامِ غَور ہے، انہیں یاد رکھنا چاہئے کہ جب بھی صَدقہ وخیرات کی سَعادَت حاصِل ہو تو مذکورہ تینوں باتوں کو پیشِ نظر رکھیں، کہیں ایسا نہ ہو کہ کل بروزِ قِیامَت ان کا شُمار بھی ان مُفلِسوں میں ہو جو ڈھیروں نیکیاں لے کر آئیں گے مگر تہی دَسْت (خالی ہاتھ) رہ جائیں گے۔ چنانچہ،

## مفلس کون؟

مُسلِم شریف میں حضرت سَیِّدُنا مُسلِم بِن حَجّاج قُشَیْری عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی روایت فرماتے ہیں کہ سرکارِ نامدار، مدینے کے تاجدار صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم مدینہ

[1] تفسیر مدارک، پ۳، البقرۃ، تحت الآیۃ: ۲۶۴، ص ۱۳۷

نے اِستِفْسار فرمایا: کیا تم جانتے ہو مُفْلِس کون ہے؟ صَحابۂ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان نے عرض کی: **یارسولَ اللہ** صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم! ہم میں سے جس کے پاس دراہم ہوں نہ دیگر سامان، وہ مُفْلِس ہے۔ فرمایا: ”(نہیں! یہ لوگ حقیقت میں مُفْلِس نہیں بلکہ) میری اُمّت میں مُفْلِس وہ ہے جو قِیامَت کے دن نماز، روزے اور زکوٰۃ تو لے کر آئے گا مگر ساتھ ہی کسی کو گالی بھی دی ہو گی، کسی کو تُہمت لگائی ہو گی، اُس کا مال ناحَق کھایا ہو گا، اُس کا خون بہایا ہو گا، اِس کو مارا ہو گا۔ پس (ان سب گُناہوں کے بدلے میں) اس کی نیکیوں میں سے کچھ اِس مظلوم کو دے دی جائیں گی اور کچھ اُس مظلوم کو۔ پھر اگر اُس کے ذمے جو حُقوق تھے اُن کی ادائیگی سے پہلے اُس کی نیکیاں خَتْم ہو گئیں تو اُن مظلوموں کی خطائیں لیکر اُس ظالِم پر ڈال دی جائیں گی، پھر اُسے آگ میں پھینک دیا جائے گا۔“[1]

## مظلوم کو نیکیاں دینی پڑیں گی

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** معلوم ہوا کسی کی دِل آزاری کے سبب بروزِ قیامت پہاڑ برابر نیکیاں بھی کم پڑ سکتی ہیں، لہٰذا کسی کو صَدقہ وخیرات دینے کے ساتھ ساتھ اسے طعنے دے کر یا احسان جتا کر اس کی دِل آزاری کرنے سے ڈریئے، کہیں ایسا نہ ہو کہ بروزِ قِیامَت یہ شخص بارگاہِ خُداوَندی میں حاضِر ہو کر

---

[1] مسلم، کتاب البر والصلة والآداب، باب تحریم الظلم، ص ۱۳۹۴، حدیث: ۲۵۸۱

اپنے حق کے مُطالبے میں ہم سے ہماری ساری نیکیاں لے لے اور حِساب پورا نہ ہونے کی صُورَت میں اس کے گناہ ہم پر ڈال دیئے جائیں اور آخر میں کہا جائے کہ یہ وہ مُفْلِس انسان ہے جو نیکیوں کا بَہُت بڑا خَزانہ لانے کے باوُجُود جہنّم کا ایندھن بن رہا ہے۔ چنانچہ آیئے! مذکورہ تینوں اَہم باتوں کا ایک مختصر جائزہ لیتے ہیں کہ یہ کس طرح ہماری نیکیوں کو برباد کر سکتی ہیں۔

## (1،2) طعنہ زنی و احسان جتانا

احسان جتانا اور طعنہ دینا بَہُت مذموم فعل ہے جو کسی مسلمان کو زیب نہیں دیتا۔ لہٰذا لوگوں کی مَدَد کر کے بھول جانا چاہیئے اور کبھی بھی کسی پر احسان نہیں جتانا چاہیئے۔ ورنہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی ناراضی مُقَدّر کا حِصّہ بن سکتی ہے۔ چنانچہ،

جَلِیلُ القدر تابعی حضرت سَیِّدُنا حَسَن بَصْری عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی فرماتے ہیں: بعض لوگ ایک شخص کو راہِ خُدا میں جہاد وغیرہ پر بھیجتے ہیں یا کسی آدمی پر کچھ خَرْچ کرتے ہیں اور اس کے نان و نَفَقہ (اخراجات) کا اِہْتِمام کرتے ہیں تو بعد میں اس پر احسان جتا کر اسے ایذاء پہنچاتے ہیں۔ مثلاً احسان جتلاتے ہوئے کہتے ہیں کہ میں نے راہِ خُدا میں اتنا اتنا خَرْچ کیا، بارگاہِ خُداوَندی میں ان کے عَمَل کا کوئی ثواب نہیں۔ جو لوگ کسی کو دے کر یہ کہتے ہیں کہ کیا میں نے تم کو اتنی اتنی چیز نہیں دی تھی، وہ اس کو ایذا پہنچاتے ہیں۔[1]

---

[1] در منثور، البقرۃ، تحت الآیۃ: ۲۶۲، ۲/ ۳۹

## جنّت سے محرومی کا سَبَب

**پیارے اسلامی بھائیو!** مذکورہ فرمان سے ان لوگوں کو درسِ عِبرَت حاصِل کرنا چاہیئے جو غریبوں کی مَدد کر کے انہیں اپنا زَر خرید غلام سمجھتے ہوئے ہر لمحہ انہیں اپنے احسانات یاد کراتے رہتے ہیں اور یوں وہ غریب و مسکین لوگ ہمیشہ ان کے احسانات کے بَوجھ تلے دَبے رہتے ہیں اور کبھی چُھٹکارا حاصل نہیں کر پاتے۔ یہی وجہ ہے کہ رحمتِ خُداوَندی سے دُوری اور جنّت سے محرومی کا ایک سَبَب کسی پر احسان کر کے اسے بار بار جتلانے کو بھی ٹھہرایا گیا ہے۔ چنانچہ،

حضرت سَیِّدُنا **عبد اللہ** بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ دَو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے فرمایا: قِیامَت کے دن **اللہ** عَزَّوَجَلَّ تین شخصوں کی طرف نظرِ رحمت نہیں فرمائے گا: ماں باپ کا نافرمان، عادی شرابی اور کچھ دے کر احسان جتانے والا۔[1] اور حضرت سَیِّدُنا ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مَروی روایت میں ہے کہ رسولِ اَکرم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: ماں باپ کا نافرمان، عادی شرابی اور احسان جتانے والا جنّت میں داخِل نہیں ہو گا۔[2]

مدینہ

1 شعب الایمان، باب فی بر الوالدین، ۶/ ۱۹۲، حدیث: ۷۸۷۷

2 شعب الایمان، باب فی بر الوالدین، ۶/ ۱۹۱، حدیث: ۷۸۷۴

## (3) ریاکاری منافقین کی صفت ہے

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** نیکیوں کو ہر اس چیز سے پاک رکھنا ضَروری ہے جس سے وہ نیکی نیکی نہ رہے بلکہ دُنیَوی فعل بن جائے۔ فی زمانہ اولاً تو ہم سے نیکیاں ہوتی ہی نہیں اور کبھی خوش قسمتی سے کوئی نیکی کرنے میں کامیاب ہو بھی گئے تو وہ بھی نام و نَمُود اور ریاکاری کی نذر ہو کر برباد ہو جاتی ہے۔ ریاکاری سخت تباہ کُن اور منافقین کی صِفَت ہے۔ لہٰذا صَدقہ و خیرات جیسی عظیم نیکی دِکھاوے کے بجائے رِضائے رَبُّ الانام کے حُصول کے لیے ہونی چاہئے۔ چنانچہ،

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

| | |
|---|---|
| كَالَّذِیْ یُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَ لَا یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِؕ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَیْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًاؕ لَا یَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَیْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْاؕ وَ اللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْكٰفِرِیْنَ۝۲۶۴ (پ۳، البقرۃ: ۲۶۴) | ترجمۂ کنزالایمان: اس کی طرح جو اپنا مال لوگوں کے دِکھاوے کے لئے خَرْچ کرے اور اللہ اور قِیامَت پر ایمان نہ لائے تو اس کی کہاوَت ایسی ہے جیسے ایک چٹان کہ اس پر مٹّی ہے اب اس پر زَور کا پانی پڑا جس نے اسے نرا پتّھر کر چھوڑا اپنی کمائی سے کسی چیز پر قابو نہ پائیں گے اور اللہ کافروں کو راہ نہیں دیتا۔ |

تفسیرِ کبیر میں حضرت سَیِّدُنا امام فخر الدین رازی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی (متوفی ۶۰۶ھ) اس آیتِ مُبارَکہ کے تحت فرماتے ہیں: یہ ریاکار مُنافق کے عَمَل کی مِثال ہے کہ جس طرح پتھر پر مٹّی نظر آتی ہے لیکن بارِش سے وہ سب دور ہو جاتی ہے، خالی پتھر رہ جاتا ہے۔ یہی حال مُنافق کے عَمَل کا ہے کہ دیکھنے والوں کو معلوم ہوتا ہے کہ عَمَل ہے حالانکہ روزِ قِیامَت وہ تمام اَعمال باطِل ہوں گے کیونکہ رِضائے اِلٰہی کے لئے نہ تھے۔[1]

## اَعْمال کی بربادی

**پیارے اسلامی بھائیو!** معلوم ہوا جو شخص لوگوں کے دِکھاوے کے لیے راہِ خُدا میں کچھ خَرْچ کرتا ہے ریاکاری اس کے راہِ خُدا میں خَرْچ کیے گئے مال کو خَس و خاشاک (گھاس کے تِنکوں) کی طرح بَہالے جاتی ہے جیسے بارِش کسی پتّھر پر جمع ہونے والی مٹّی کو اپنے ساتھ بَہالے جاتی ہے۔ دُنیا کے دھوکے و ریاکاری میں مُبتَلا صَدقہ و خیرات کرنے والے لوگ بظاہر یہ سمجھتے رہتے ہیں کہ ان کے پاس نیکیوں کا بَہُت بڑا ذخیرہ جمع ہے مگر افسوس جب بروزِ قِیامَت بارگاہِ خُداوَندی میں حاضِر ہوں گے اور پُرسِش ہوگی تو ان کے نامۂ اعمال میں ریاکاری کے ساتھ کی جانے والی نیکیوں میں سے کچھ بھی نہ بچے گا۔

---

1 تفسیر کبیر، پ۳، البقرۃ، تحت الآیۃ: ۲۶۴، ۳/ ۴۷

پس صَدقہ و خیرات کرنے والا جب بھی صَدقہ و خیرات کرے تو اِخلاص کے ساتھ مَحْض **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لیے صَدقہ دے، لوگوں کو دِکھانے کے لیے صَدقہ دے نہ ضَرورت مندوں سے اپنی سَخاوَت اور دریا دِلی کے قصیدے سننے کی نیّت رکھے اور نہ یہ خواہش کرے کہ لوگوں میں اس کی فیاضی اور سَخاوَت کے ڈنکے بجیں۔ اس لیے کہ جو عَمَل **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی رضا کی خاطِر کیا جائے وہی بارگاہِ خُداوَندی میں قبول ہوتا ہے اور جس عَمَل میں ریاکاری کا عُنْصُر شامِل ہو وہ کبھی قبول نہیں ہوتا۔ چنانچہ،

محبوبِ ربِّ دَاوَر، شفیعِ روزِ مَحْشَر صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عِبْرَت نِشان ہے: **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اس عَمَل کو قبول نہیں فرماتا جس میں رائی کے دانے برابر بھی رِیا ہو۔[1] اور ایک روایت میں ہے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کسی طالِبِ شُہرت، رِیاکار اور لَہو و لَعِب میں پڑے رہنے والے شخص کا کوئی عَمَل قبول نہیں فرماتا۔[2] بلکہ ایک روایت میں ہے کہ ایک شخص نے سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی بارگاہ میں عرض کی: کل بروزِ قِیامَت کونسی چیز نجات دِلائے گی؟ تو آپ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: (اگر نجات چاہتا ہے تو) **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کو دھوکا نہ

مدینہ

1 الترغیب والترھیب، کتاب الاخلاص، ۱/ ۴۷، حدیث: ۵۴

2 حلیۃ الاولیاء، الربیع بن حثیم، ۲/ ۱۳۹، حدیث: ۱۷۳۲

دینا۔ اس نے (بڑی حیرانی سے) عرض کی: اللہ عَزَّوَجَلَّ کو کیسے دھوکا دیا جاسکتا ہے؟ تو آپ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: اس طرح کہ تم کوئی ایسا کام کرو جس کا حکم تو تمہیں اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے رسول صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے دیا ہو مگر تمہارا مقصود غَیْرُ اللہ کی رضا (یعنی لوگوں کی خوشنودی) کا حُصول ہو۔ لہٰذا ریاکاری سے بچتے رہو کیونکہ یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے ساتھ شرک (اَصغر) ہے اور قِیامت کے دن ریاکار کو لوگوں کے سامنے چار ناموں سے پکارا جائے گا یعنی اے بدکار! اے دھوکے باز! اے کافِر! اے خَسارہ پانے والے! تیرا عَمَل خراب ہوا اور تیرا اجر برباد ہوا، آج تیرے لئے کوئی حِصّہ نہیں، اے دھوکا دینے کی کوشش کرنے والے! اپنا اجر اسی سے وُصول کر جس کے لئے تو عَمَل کیا کرتا تھا۔[1]

## حسرت ویاس کی انتہا

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** ریاکار اور صَدقہ دے کر احسان جتانے اور طعنہ دینے والے کو قِیامت کے دن اپنے اعمال کے نامقبول ہونے پر جو حَسْرَت و ندامَت ہوگی اسے اس مِثال سے سمجھئے کہ کسی شخص کے پاس ایک ایسا باغ ہو جس کے نیچے ندیاں بہتی ہوں اور اس میں قِسم قِسم کے درخت عمدہ و نفیس پھلوں اور میووں سے لدے پھندے ہوں، وہ باغ فَرحَت انگیز و دِلکُشا ہونے کے ساتھ ساتھ

مدینہ

[1] الزواجر عن اقتراف الکبائر، ۱/ ۸۵

نافع اور عمدہ جائیداد بھی ہو۔ مگر وہ شخص بوڑھا ہو جائے اور اپنے بال بچوں کی خاطر کمانے کی اس میں طاقت نہ رہے، اس کے بچے بھی ابھی اس قابل نہ ہوں کہ محنت مزدوری کر کے اپنے بوڑھے ماں باپ کا سہارا بن سکیں۔

الغرض وہ شخص انتہائی حاجت مند ہو اور اس کی گزر بسر کا اِنْحِصَار بھی صِرف اسی باغ پر ہو کہ اچانک انتہائی تیز ہَوا کا ایک بگولا آئے، جس میں آگ ہو اور وہ باغ جَل کر خاکِسْتَر ہو جائے تو اس وَقْت اس شخص کے رنج و غم اور حَسْرت و یاس کا جو عالَم ہو گا وہی حال اس شخص کا بھی ہو گا جس نے اَعمالِ حَسَنہ تو کئے ہوں مگر رِضائے اِلٰہی کے لئے نہیں بلکہ ریا کی غرض سے اور وہ اس گمان میں ہو کہ میرے پاس نیکیوں کا ذخیرہ ہے مگر جب شِدَّتِ حاجت کا وَقْت یعنی قِیامت کا دن آئے تو اللہ تعالیٰ ان اعمال کو نامقبول کر دے۔ چنانچہ پارہ 3 سورۃُ البقرہ کی آیت نمبر 266 میں ارشاد ہوتا ہے:

| | |
|---|---|
| اَیَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ | ترجمۂ کنزالایمان: کیا تم میں کوئی اسے |
| مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّ اَعْنَابٍ تَجْرِیْ مِنْ | پسند رکھے گا کہ اس کے پاس ایک باغ ہو |
| تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِیْهَا مِنْ كُلِّ | کھجوروں اور انگوروں کا جس کے نیچے |
| الثَّمَرٰتِ ۙ وَ اَصَابَهُ الْكِبَرُ وَ لَهٗ | ندیاں بہتیں اسکے لئے اس میں ہر قسم کے |
| ذُرِّیَّةٌ ضُعَفَآءُ ۪ فَاَصَابَهَاۤ اِعْصَارٌ | پھلوں سے ہے اور اسے بڑھاپا آیا اور |

| | |
|---|---|
| فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ؕ كَذٰلِكَ | اسکے ناتواں بچے ہیں تو آیا اس پر ایک بگولا |
| يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ | (انتہائی تیز ہوا کا چکر) جس میں آگ تھی تو |
| تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۶۶﴾ (پ۳، البقرۃ: ۲۶۶) | جل گیا ایسا ہی بیان کرتا ہے اللہ تم سے |
| | اپنی آیتیں کہ کہیں تم دھیان لگاؤ۔ |

اِمام جَلالُ الدین سُیوطی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی دُرِّ مَنْثُور میں فرماتے ہیں کہ ایک بار اَمِیْرُ المومنین حضرت سَیِّدُنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس آیتِ مُبارَکہ کے متعلق ارشاد فرمایا کہ یہ ایسی آیتِ مُبارَکہ ہے جس کے متعلق کسی نے میری تشفی (تسلّی) نہیں کی۔ تو حضرت سَیِّدُنا ابنِ عبّاس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے عرض کی: اے اَمِیْرُ المومنین! میرے دل میں اس آیتِ مُبارَکہ کے متعلق ایک تفسیر ہے۔ اَمِیْرُ المومنین حضرت سَیِّدُنا عمر فاروق نے فرمایا: اپنے آپ کو کم تر نہ سمجھئے بلکہ بیان کیجئے۔ حضرت سَیِّدُنا ابنِ عبّاس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ارشاد فرمایا: اے اَمِیْرُ المومنین! یہ ایک مِثال ہے جس میں اللہ عَزَّوَجَلَّ نے بیان فرمایا ہے کہ کیا تم میں سے کوئی یہ پسند کرتا ہے کہ وہ تمام عمر نیک، صالح اور سَعادَت مندوں والے اعمال کرتا رہے یہاں تک کہ جب وہ بوڑھا ہو جائے، موت اس کے سر پر منڈلانے لگے، اس کی ہڈیاں کمزور ہو جائیں اور اس کو نیک اعمال پر خاتمہ کی بھی زیادہ ضَرورت ہو تو اس وقت یہ بدبختوں والے عمل کر کے نہ صرف اپنے اعمال برباد

کر لے بلکہ اس کی یہ بداعمالیاں اس کے نیک اعمال کو بھی جلا کر خاکِستر کر دیں۔ راوی فرماتے ہیں اس تفسیر نے اَمِیْرُ المومنین حضرت سَیِّدُنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دِل پر اثر کیا اور آپ نے اسے بَہُت پسند فرمایا۔[1]

## اخلاص کہاں ہے؟

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** معلوم ہوا ریاکاری میں تباہی ہی تباہی ہے، لہٰذا یاد رکھئے اعمال کی قبولیت کے لئے بنیادی شَرْط اِخلاص ہے مگر بدقسمتی سے بظاہر ایسا لگتا ہے کہ ہمارے اَعْمال میں اِخلاص بَہُت ہی کم ہوتا جارہا ہے، شہرت اور نام ونمود کی چاہَت نے ہمیں کہیں کا نہیں چھوڑا، فی زمانہ لوگوں کی ایک کثیر تعداد کو دیکھا جاسکتا ہے کہ مَسْجِد یا مدرسے کی کوئی ضَرورت پوری کرتے ہیں تو سب کے سامنے اس کا ڈَنکا بجانا بھی ضَروری سمجھتے ہیں، لہٰذا اگر ان کا نام لے کر اِعْلان نہ کیا جائے یا ان کے نام کی تختی نہ لگائی جائے تو بَسا اوقات ناراض ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح کسی کے گھر میں خوشیوں کے شادیانے بج رہے ہوں اور مالی مشکلات اس کی مسکراہٹوں پر پانی پھیرنے والی ہوں یا کوئی بیماریوں وغیرہ کے بوجھ سے غموں کے پَہاڑ تلے دبا ہو تو ایسے موقع پر دیکھا جاتا ہے کہ بعض لوگ ان اَفراد کی مَدد اس لیے کرتے ہیں کہ برادری یا مُعاشَرے میں ان کی دَرْیادِلی کا شُہرہ ہو۔

---

[1] درمنثور، البقرۃ، تحت الآیۃ: ۲۶۶، ۲/ ۴۸

آخر ہم کیوں لوگوں کو اپنی نیکیاں بتانا چاہتے ہیں؟ آہ! اِخلاص کہاں چلا گیا؟ کیا ہمارے اس طَرزِ عَمَل میں کہیں دور دور تک اِخلاص کا پتا چلتا ہے؟

## اِخلاص کی پہچان

اگر جاننا چاہتے ہیں کہ ہمارے اَعْمال میں اِخلاص ہے یا نہیں تو اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ہم اپنی نیّت اور کیفیت پر غور کریں کہ عَمَل کرتے وقت ہماری نیّت کیا ہوتی ہے اور عَمَل کے بعد ہماری کیفیت کیا ہوتی ہے۔ چنانچہ اِخلاص کی پہچان کے سلسلے میں شیخِ طریقت، اَمیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ ارشاد فرماتے ہیں: ”مخلص وہ ہے کہ جس طرح اپنے گناہوں کو چھپاتا ہے اسی طرح اپنی نیکیوں کو چھپائے۔“[1]

**پیارے اسلامی بھائیو!** آج کے دَور میں کون ہے جو نیکیوں کو گناہوں کی طرح چھپاتا ہے؟ اگر کوئی کہے کہ لوگ گناہوں کا بھی چرچا کرتے ہیں مثلاً کسی نے فلم دیکھ لی تو وہ اگلے دن آکر دوستوں میں فِلْم کی کہانی سناتا ہے۔ تو ایسوں کی خدمت میں عرض ہے کہ ایسا وہی لوگ کرتے ہیں جن کا اپنی مجالس میں ایسی باتوں کا تذکرہ کرنا مَعْیوب نہیں سمجھا جاتا۔ وَرْنہ بالفرض اگر کوئی مذہبی

---

[1] اخلاص کی پہچان اور ریاکاری کی تباہ کاری سے آگاہی کے لئے شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا بیان ”نیکیاں چھپاؤ“ سننا مفید رہے گا۔

وَضع قطع والا شخص شیطان کے بَہکاوے میں آکر رات کے اندھیرے میں ایسی حرکت کر بیٹھے تو وہ کبھی بھی لوگوں کو نہیں بتائے گا کہ میں نے فُلاں گناہوں بھرا کام کیا ہے۔ البتہ! یہ ممکن ہے کہ وہ اپنی نیکیوں کے متعلق دوسروں کو بتاتا پھرے خواہ اس نے یہ نیکیاں رات کے اندھیرے میں کی ہوں یا دِن کے اُجالے میں۔ چنانچہ شیخِ طریقت، اَمیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے ہمیں مخلص بننے کا جو آسان طریقہ عطا فرمایا ہے، اے کاش! ہم اس کے مِصْدَاق بن جائیں اور جس طرح اپنے گناہوں کو چھپاتے ہیں اسی طرح اپنی نیکیوں کو بھی چھپانے لگیں۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہمیں اس کا مِصْدَاق بنادے اور اِخلاص کے ساتھ صَدَقات و خیرات کرنے اور خوب خوب نیک اعمال کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

## اِخلاص کی بَرَکتیں

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** بارگاہِ خُداوندی میں صَدقہ و خیرات کی قبولیت کا سَبَب مال کی کَثْرت یا قِلَّت نہیں بلکہ اِخلاص کی دَولت ہے۔ چنانچہ کوئی راہِ خُدا میں کم خَرْچ کرے یا زیادہ، اگر اس میں خُلوص نہیں تو اسے کوئی فائدہ حاصِل نہ ہو گا اور اگر اس میں خُلوص ہو گا تو اس کے اجر و ثواب کا باغ ہمیشہ پھلتا پھولتا رہے گا، کیونکہ اِخلاص میں بڑی بَرَکتیں ہیں۔ چنانچہ مخلصین کے اَعْمال کی مِثال دیتے ہوئے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ سورۂ بقرہ کی ۲۶۵ ویں آیت میں ارشاد فرماتا ہے:

| | |
|---|---|
| وَمَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ | ترجمۂ کنزالایمان: اور ان کی کہاوَت |
| ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِیْتًا مِّنْ | جو اپنے مال اللہ کی رضا چاہنے میں خَرْچ |
| اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۭ بِرَبْوَةٍ | کرتے ہیں اور اپنے دل جمانے کو اس باغ |
| اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَیْنِ ۚ | کی سی ہے جو بھوڑ (ریتلی زمین) پر ہو اس |
| فَاِنْ لَّمْ یُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ؕ | پر زور کا پانی پڑا تو دُونے میوے لایا پھر |
| وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۲۶۵﴾ | اگر زور کا مینھ اُسے نہ پہنچے تو اَوس کافی |
| (پ۳، البقرۃ: ۲۶۵) | ہے اور اللہ تمہارے کام دیکھ رہا ہے۔ |

حضرت سَیِّدُنا محیی السنۃ، ابو محمد حسین بن مَسْعود بَغَوی (متوفی ۵۱۰ھ) تفسیرِ بَغَوی میں فرماتے ہیں: یہ مومن مخلص کے اعمال کی ایک مثال ہے کہ جس طرح بلند خِطّہ کی بہتر زمین کا باغ ہر حال میں خوب پھلتا ہے خواہ بارش کم ہو یا زیادہ ایسے ہی باِخلاص مومن کا صَدقہ اور اِنفاق خواہ کم ہو یا زیادہ اللہ تعالیٰ اس کو بڑھاتا ہے۔[1] اور اِخلاص کی پہچان کے متعلق صدرُ الافاضل حضرتِ علّامہ مولانا سَیِّد محمد نعیم الدین مُراد آبادی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْھَادِی سورۂ نَحل کی 66 ویں آیتِ مُبارَکہ کی تفسیر میں حضرت سَیِّدُنا شَقِیق بَلْخِی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللّٰہِ الْقَوِی کا ایک قول کچھ یوں نقل فرماتے ہیں کہ نعمت کا اِتْمام (کمال) یہی ہے کہ دُودھ صاف خالِص آئے اور اس

مدینہ

1 تفسیر بغوی، البقرۃ، تحت الآیۃ: ۲۶۵، ۱/ ۱۹۱

میں خون اور گوبر کے رنگ و بُو کا نام و نشان نہ ہو، ورنہ نعمت تام (مکمل) نہ ہو گی اور طَبعِ سَلیم اس کو قبول نہ کرے گی۔ جیسی صاف نعمت پَرْوَرْدگار کی طرف سے پہنچتی ہے بندے کو لازم ہے کہ وہ بھی پَرْوَرْدگار کے ساتھ اِخلاص سے مُعامَلہ کرے اور اس کے عمل ریا اور ہوائے نفس کی آمیزشوں سے پاک و صاف ہوں تاکہ شرفِ قبول سے مُشَرَّف ہوں۔[1]

## مال ایک آزمائش ہے

**پیارے اسلامی بھائیو!** معلوم ہوا جن اسلامی بھائیوں کے پاس اس قَدر کثیر مال نہ ہو کہ وہ دل کھول کر راہِ خُدا میں خَرْچ کر سکیں تو وہ غم زدہ نہ ہوں بلکہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے دیئے ہوئے مال سے اپنی حیثیت کے مُطابِق راہِ خُدا میں خَرْچ کرتے رہیں کیونکہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ مِقْدار نہیں بلکہ نیّتوں کا اِخلاص دیکھتا ہے۔ نیز یاد رکھئے کہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ بعض لوگوں کو وافِر مال عطا فرماتا ہے تاکہ انہیں آزمائے کہ وہ اس مال کے ذریعے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی پیدا کردہ بے شُمار نعمتوں سے سرشار ہو کر شکر ادا کرتے ہیں یا نہیں اور بعضوں کو مال نہ دے کر آزماتا ہے کہ کیا وہ رُوکھی سُوکھی پر صَبر کرتے ہیں یا نہیں۔ اس کے علاوہ یہ بھی یاد رکھئے کہ مال ایک زہریلے سانپ کی طرح ہے جس کا زہر کسی کی ہلاکت کا سَبَب بھی بن سکتا ہے

مدینہ

[1] خزائن العرفان، پ۱۴، النحل، تحت الآیۃ: ۶۶

تو کسی کی جان بطورِ تریاق بچا بھی سکتا ہے، اس لیے کہ مال کے فوائد اس کے تریاق اور اس کی آفات اس کا زہر ہیں اور وہی شخص مال کے شَر سے بچ کر اس کی بھلائی حاصِل کر سکتا ہے جو اس کے فوائد اور آفات کو پہچانتا ہے۔ چنانچہ،

حضرت سَیِّدُنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ دو عالَم کے مالِک و مختار باذنِ پروردگار، مکّی مَدَنی سرکار صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: بنی اسرائیل میں تین شخص تھے۔ ایک بَرص والا، دوسرا گنجا، تیسرا اندھا۔ اللہ عَزَّوَجَلَّ نے ان کا امتحان لینا چاہا، ان کے پاس (انسانی صُورَت میں) ایک فرشتہ بھیجا۔ پہلے وہ بَرص کے مریض کے پاس آیا اور اس سے پوچھا: تجھے سب سے زیادہ کون سی چیز محبوب ہے؟ اس نے کہا: مجھے اچھا رنگ اور اچھی جِلد پسند ہے اور میری خواہش ہے کہ جس بیماری کی وجہ سے لوگ مجھ سے نفرت کرتے ہیں وہ مجھ سے دور ہو جائے۔ فرشتے نے اسکے جسم پر ہاتھ پھیرا تو اس کی وہ بیماری جاتی رہی، اس کا رنگ بھی اچھا ہو گیا اور جِلد بھی اچھی ہو گئی۔ پھر فرشتے نے اس سے پوچھا: تجھے کونسا مال زیادہ پسند ہے؟ اس نے کہا: مجھے اُونٹنی پسند ہے۔ اسی وَقْت اسے دَس ماہ کی حامِلہ اونٹنی دے دی گئی اور فرشتے نے دُعا دی: اللہ عَزَّوَجَلَّ تجھے اس میں بَرکت دے۔ پھر وہ فرشتہ گنجے کے پاس آیا اور اس سے پوچھا: تجھے کون سی شے سب سے زیادہ محبوب ہے؟ اس نے کہا: مجھے خوبصورت بال زیادہ پسند ہیں اور میں چاہتا ہوں کہ

جس چیز کی وجہ سے لوگ مجھ سے گِھن کھاتے ہیں وہ دور ہو جائے۔ فرشتے نے اس پر ہاتھ پھیرا تو اس کی وہ شے جاتی رہی جس سے لوگ گِھن کھاتے تھے اور اس کے سر پر بہترین بال آ گئے۔ فرشتے نے پوچھا: تجھے کون سا مال زیادہ پسند ہے؟ اس نے کہا: مجھے گائے بَہُت پسند ہے۔ چنانچہ اسے ایک گابھن گائے دے دی گئی۔ فرشتے نے اس کے لئے دعا کی: اللہ عَزَّوَجَلَّ تجھے اس میں بَرَکت دے۔ پھر فرشتہ اندھے کے پاس آیا اور اس سے کہا: تجھے سب سے زیادہ کون سی چیز محبوب ہے؟ اس نے کہا: مجھے یہ پسند ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ میری بینائی مجھے واپس کر دے تاکہ میں لوگوں کو دیکھ سکوں۔ فرشتے نے اس پر ہاتھ پھیرا تو اس کی آنکھیں روشن ہو گئیں۔ پھر اس سے پوچھا: تجھے کون سا مال زیادہ محبوب ہے؟ اس نے کہا: بکریاں۔ چنانچہ اسے ایک گابھن بکری دے دی گئی۔

اب اونٹنی، گائے اور بکری نے بچے دینا شروع کئے۔ کچھ ہی عرصے میں ان کے جانور اِتنے بڑھے کہ ایک کے اونٹوں، دوسرے کی گائیوں اور تیسرے کی بکریوں سے ایک پوری وادی بھر گئی۔ پھر فرشتہ اس بَرص کے مریض کے پاس اس کی پہلی صُورَت یعنی بَرص کی حالَت میں آیا اور اس سے کہا: میں ایک غریب و مسکین شخص ہوں، میرے پاس زادِراہ خَتْم ہو گیا ہے اور واپس جانے کی کوئی صُورَت نظر نہیں آتی مگر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رَحْمَت سے اُمید ہے اور مَیں تیری مَدَد کا

طَلَب گار ہوں۔ جس ذات نے تجھے خوبصورت رنگ، اچھی جِلد اور مال عطا کیا میں تجھے اس کا واسطہ دیتا ہوں کہ آج مجھے ایک اُونٹ دے دے تاکہ میں اپنی منزل تک پَہُنچ سکوں۔ یہ سُن کر اس نے انکار کرتے ہوئے کہا: میرے حُقوق بَہُت زیادہ ہیں۔ تو فرشتے نے کہا: میرے خیال سے میں تجھے جانتا ہوں، کیا تُو وہی نہیں جس کو کوڑھ کی بیماری لاحق تھی، لوگ تجھ سے نفرت کیا کرتے تھے اور تو فقیر و محتاج تھا، پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ نے تجھے مال عطا کیا۔ اس نے کہا: مجھے تو یہ سارا مال وِرَاثت میں ملا ہے اور نسل دَر نسل یہ مال مجھ تک پَہُنچا ہے۔ فرشتے نے کہا: اگر تُو اپنی اس بات میں جھُوٹا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ تجھے ایسا ہی کر دے جیسا تُو پہلے تھا۔ پھر وہ فرشتہ گنجے کے پاس اس کی پہلی صُورَت میں آیا اور اس سے بھی وہی بات کہی جو بَرص والے سے کہی تھی۔ اس نے بھی بَرص والے کی طرح جواب دیا۔ فرشتے نے کہا: اگر تُو اپنی بات میں جھُوٹا ہے تو اللہ عَزَّوَجَلَّ تجھے تیری سابقہ حالَت پر لوٹا دے۔ پھر فرشتہ اندھے کے پاس اُس کی پہلی حالَت میں آیا اور کہا: میں ایک مسکین مُسافِر ہوں اور میرا زادِ راہ خَتْم ہو چکا ہے۔ آج کے دن میں اپنی منزل تک نہیں پَہُنچ سکتا مگر اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ذات سے اُمّید ہے اور اس کے بعد مجھے تیرا آسرا ہے۔ میں اسی ذات کا واسطہ دے کر تجھ سے سوال کرتا ہوں جس نے تجھے آنکھیں عطا فرمائیں کہ مجھے ایک بکری دیدے تاکہ میں اپنی منزل تک پَہُنچ سکوں۔ تو وہ کہنے لگا: میں

تو پہلے اندھا تھا پھر اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مجھے آنکھیں عطا فرمائیں تو جتنا چاہے اس مال میں سے لے لے اور جتنا چاہے چھوڑ دے۔ خُدا عَزَّوَجَلَّ کی قسم! تُو جتنا مال اللہ عَزَّوَجَلَّ کی خاطِر لینا چاہے لے لے، مَیں تجھے مشقّت میں نہ ڈالوں گا (یعنی منع نہ کروں گا)۔ یہ سن کر فرشتے نے کہا: تیرا مال تجھے مُبارَک ہو، یہ سارا مال تُو اپنے پاس ہی رکھ۔ تم تینوں شخصوں کا اِمتحان لیا گیا تھا، تیرے لئے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا ہے اور تیرے دونوں دوستوں (یعنی کوڑھی اور گنجے) کے لئے اللہ عَزَّوَجَلَّ کی ناراضی ہے۔[1]

## صَدقے میں کونسا مال دیا جائے؟

**پیارے اسلامی بھائیو!** معلوم ہوا اللہ عَزَّوَجَلَّ کے عطا کردہ مال میں سے راہِ خُدا میں دینے سے مال میں زیادتی ہوتی ہے اور بندے کا شُمار رب کے شکر گزار بندوں میں ہوتا ہے اور جو لوگ اس بات کو بھول جاتے ہیں تو ان کے مُقدَّر میں دنیا و آخِرَت کی ٹھوکریں لکھ دی جاتی ہیں۔ مگر سوال یہ ہے کہ جب ہر قسم کا مال خواہ اچھا ہو یا بُرا، پَروَرْدگار عَزَّوَجَلَّ کا ہی دیا ہوا ہے تو بندہ راہِ خُدا میں کیسا مال خَرْچ کرے کہ وہ مال بارگاہِ خُداوندی میں قبول ہو جائے۔ چنانچہ صَدقہ دینے کے لئے مال کیسا ہونا چاہئے اس کے مُتَعَلِّق قرآنِ پاک میں ہماری رَہْنُمائی کے لیے

مدینہ

1 مسلم، کتاب الزھد... الخ، باب الدنیا سجن للمؤمن... الخ، ص ۱۵۸۴، حدیث: ۲۹۶۴

بخاری، کتاب احادیث الانبیاء، باب حدیث ابرص واعمی واقرع فی بنی اسرائیل، ۲/۴۶۳، حدیث: ۳۴۶۴

اللہ عَزَّوَجَلَّ سورۂ بقرہ کی ۲۶۷ ویں آیت میں ارشاد فرماتا ہے:

| | |
|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِنْ | ترجمۂ کنزالایمان: اے ایمان والو اپنی |
| طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَ مِمَّاۤ اَخْرَجْنَا | پاک کمائیوں میں سے کچھ دو اور اس میں |
| لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۪ وَ لَا تَيَمَّمُوا | سے جو ہم نے تمہارے لئے زمین سے |
| الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَ لَسْتُمْ | نکالا اور خاص ناقص کا ارادہ نہ کرو کہ دو تو |
| بِاٰخِذِيْهِ اِلَّاۤ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ؕ | اس میں سے اور تمہیں ملے تو نہ لو گے |
| وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۲۶۷﴾ | جب تک اس میں چشم پوشی نہ کرو اور |
| | جان رکھو کہ اللہ بے پرواسراہا گیا ہے۔ (پ۳، البقرۃ: ۲۶۷) |

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اس آیت میں ہمیں یہ بتایا جارہا ہے کہ راہِ خُدا میں دیا جانے والا مال کیسا ہونا چاہئے۔ چنانچہ فرمایا کہ راہِ خُدا میں دیا جانے والا مال ردّی، ناکارہ اور ناقابلِ استعمال نہ ہو بلکہ ایسا ہو جیسا ہم خود اپنے لئے پسند کرتے ہیں۔ مگر افسوس صد افسوس! ہمارا طَرزِ عَمَل یہ ہے کہ جب کوئی شے بالکل ناکارہ ہوگئی، اِستِعمال کے قابل نہ رہی تو اٹھا کر اللہ عَزَّوَجَلَّ کے نام پر صَدقہ کردی، روٹیوں پر پھپھوندی لگ گئی، سالن ناراض (باسی وخراب) ہوگیا تو باندھ کر گھر میں کام کرنے والی ماسی کو پکڑا دیا، سیلاب زَدگان وغیرہ آفت زدہ لوگوں کو اِمداد کے نام پر ایسے کپڑے وغیرہ بھیج دیئے جو پہننے کے قابل ہی نہیں۔ ہاں یہ

ضَرور ہے کہ بعض اشیاء اہلِ ثَرْوَت حضرات کے اِعتبار سے اِستِعمال کے لائق نہیں ہوتیں مگر غُرَباء کے اِعتبار سے وہ ایک نعمت ہوتی ہیں مثلاً قابلِ اِستِعمال پرانے کپڑے، پُرانے بستر اور دوسری کارآمد چیزیں نوکروں وغیرہ کو دی جاسکتی ہیں۔ ایسا نہیں کہ گھر میں پڑے پڑے دوائیاں ایکسپائر (Expire) ہوگئیں تو اٹھا کر ہسپتال میں دے آئے تاکہ وہ غریبوں کو دے دیں اور یہ تک نہ سوچا کہ کوئی اِستِعمال کرے گا تو فائدے کے بجائے نقصان اٹھائے گا۔

ذرا سوچئے اور غور فرمایئے! اگر اللہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں صَدقہ دینے والا بنانے کے بجائے صَدقہ لینے والا بنا دیتا تو ہمارا کیا ہوتا؟ کیا ایسی اشیاء اِستِعمال کرنے کو ہمارا جی چاہتا؟ لہٰذا یاد رکھئے اسلام نے تو ہمیں یہ حکم دیا ہے کہ جو اپنے لیے پسند کرو وہی دوسروں کے لیے بھی پسند کرو۔ چنانچہ،

حضرت سَیِّدُنا اَنَس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مَروی ہے کہ دَو جہاں کے تاجْوَر، سلطانِ بَحر و بَر صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک (کامل) مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ اپنے بھائی کے لئے بھی اس چیز کو پسند نہ کرے جس کو وہ اپنے نفس کے لئے پسند کرتا ہے۔[1]

**پیارے اسلامی بھائیو!** معلوم ہوا صَدقہ وخیرات کرنا ہو یا دیگر باہمی

مدینہ

1 بخاری، کتاب الایمان، باب من الایمان ان یحب۔۔۔ الخ، ۱/ ۱۶، حدیث: ۱۳

تعلقات و مُعاملات ہوں ہمیں اپنے مسلمان بھائیوں کی خیر خواہی اور بھلائی کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے ان کے لئے وہی پسند کرنا چاہئے جو اپنے لئے پسند کرتے ہیں۔

## صَدقہ عَلانیہ دینا افضل ہے یا چھپا کر؟

صَدقہ و خیرات عَلانیہ کرنا بہتر ہے یا چھپا کر، اس کے متعلق قرآنِ مجید میں ارشادِ ربِّ کائنات ہوتا ہے:

| | |
|---|---|
| اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِیَ ۚ وَ اِنْ تُخْفُوْهَا وَ تُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَیْرٌ لَّكُمْ ؕ وَ یُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَیِّاٰتِكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ﴿۲۷۱﴾ (پ۳، البقرۃ: ۲۷۱) | ترجمۂ کنزالایمان: اگر خیرات علانیہ دو تو وہ کیا ہی اچھی بات ہے اور اگر چھپا کر فقیروں کو دو یہ تمہارے لئے سب سے بہتر ہے اور اس میں تمہارے کچھ گناہ گھٹیں گے اور اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے۔ |

حضرت سَیِّدُنا محیی السنۃ، ابو محمد حسین بن مَسْعود بَغَوی عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْقَوِی (متوفی ۵۱۰ھ) تفسیرِ بَغَوی میں فرماتے ہیں: صَدقہ خواہ فرض ہو یا نَفْل جب اِخلاص سے اللہ کے لئے دیا جائے اور ریا سے پاک ہو تو خواہ ظاہِر کرکے دیں یا چھپا کر دونوں بہتر ہیں۔ لیکن صَدقہ فرض کا ظاہِر کرکے دینا افضل ہے اور نفل کا چُھپا کر اور اگر نفل صَدقہ دینے والا دوسروں کو خیرات کی ترغیب دینے کے لئے ظاہر

کر کے دے تو یہ اظہار بھی افضل ہے۔[1]

## اظہار یا اخفاء کا مدار نیّت پر ہے

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** صَدقہ و خیرات کا مُعاملہ ہو یا دیگر عبادات کا، ان میں اجر و ثواب کا مدار نیت پر ہے، اس لیے کہ اگر نِیَّت دُرُست ہو تو یہ اَعْمال ظاہراً کئے جائیں تو بھی باعثِ اجر و ثواب ہیں اور اگر نِیَّت میں فُتور ہو تو اِخْفاء (چھپانا) بھی باعثِ ہلاکت ہے، ہاں نِیَّت کی دُرُستی کے ساتھ فرائض و واجِبات کا اِظہار مُناسِب ہے تاکہ لوگ بدگُمانی نہ کریں اور نَوافِل میں اِخْفاء بہتر ہے تاکہ ریا کے شائبہ سے بھی محفوظ رہا جاسکے، اسی طرح اَعمال کے اِظْہار کی ایک صُورَت یہ بھی ہے کہ کوئی شخص لوگوں کا پیشوا ہے اور اس کے عَمَل سے انہیں نیکیوں کی ترغیب ملے گی تو اس کو اپنی نیکیاں لوگوں پر ظاہر کرنا جائز و افضل ہے۔ یعنی فَقیہ، مُحدِّث، مُرْشِد، واعِظ، اُستاذ یا ایسا کوئی بھی شخص جس کی لوگ پیروی کرتے ہوں، اِن حضرات کا اپنی نیکیاں ظاہر کرنا بہتر ہے۔ چنانچہ،

حضرت سَیِّدُنا ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ سرکارِ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا فرمانِ عالیشان ہے: خُفْیہ عِبادت عَلَانیہ عِبادت سے افضل ہے اور مُقْتَدیٰ بہ (یعنی لوگ جس کی پیروی کرتے ہیں) کی عَلانیہ

---

[1] تفسیر بغوی، البقرۃ، تحت الآیۃ: ۲۷۱، ۱/ ۱۹۱

(عبادت) خُفیہ (عبادت) سے افضل ہے۔[1]

مُفَسِّرِ شَہیر، حکیم الاُمَّت مُفْتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الْحَنَّان مِرْاٰۃُ الْمَنَاجِیح میں لکھتے ہیں کہ اپنی عِبادات لوگوں کو دِکھانا تعلیم کے لیے، یہ رِیا نہیں بلکہ علمی تبلیغ و تعلیم ہے اس پر ثواب ہے۔ مَشائخ فرماتے ہیں: صِدّیقین کی رِیا مُرِیدین کے اِخلاص سے بہتر ہے۔ اس کا یہی مطلب ہے۔[2]

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ پندرہویں صَدی کی عظیم علمی و رُوحانی شخصیت، شیخِ طریقت، اَمِیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی حضرتِ علّامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضِیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ لاکھوں مسلمانوں کے دلوں کی دھڑکن اور آنکھوں کا نور ہیں، مسلمانوں کا ایک بَہُت بڑا طبقہ آپ دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ سے دل کی گہرائیوں سے مَحبَّت کرتا ہے بلکہ کہنا چاہیئے کہ آپ کو دیکھ دیکھ کر جیتا ہے اور آپ کی ہر ہر ادا اپنانے کی کوشش کرتا ہے۔ چنانچہ اسی لئے بعض اوقات آپ خود اپنی سِیرت کے مختلف واقعات بیان کرتے ہیں یا بعض اوقات مختلف سنّتوں بھرے بیانات میں آپ کی سِیرت کے روشن گوشے بیان کئے جاتے ہیں تاکہ آپ سے دِل کی گہرائیوں سے مَحبَّت کرنے والے لوگوں کو جب آپ دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کے خوفِ خُدا، عِشْقِ مصطَفٰے اور پرہیز گاری و تقویٰ کے اَحْوال

مدینہ

1 شعب الایمان ۴۶، باب فی السرور بالحسنۃ والاغتمام بالسیئۃ، ۵/۳۷۶، حدیث: ۷۰۱۲

2 مِرْآۃ المناجیح، ۷/۱۲۷

اور مختلف انداز معلوم ہوں تو وہ بھی ان اوصاف کو اپنانے والے بن جائیں۔

## علانیہ صَدقہ دینے کی ممنوع صُورَت

**پیارے اسلامی بھائیو!** بعض اوقات نیک کام کرتے ہوئے ہم دوسروں کی دِل آزاری کر بیٹھتے ہیں اور اس بات کا ہمیں احساس تک نہیں ہوتا بلکہ خوش ہو رہے ہوتے ہیں کہ ہم نے یہ نیک کام کیا مگر یاد رکھئے جس نیکی کی بنیاد کسی کی دل آزاری و دل شکنی پر رکھی گئی ہو اس پر اجر و ثواب کی اُمّید رکھنا فُضول ہے۔ مثال کے طور پر ہم بعض اوقات کسی سفید پوش شخص کی مَدد اس طرح عَلانیہ کرتے ہیں کہ اس کی سفید پوشی کا بھرم خطرے میں پڑ جاتا ہے۔ چنانچہ،

پارہ 3 سورۃُ البقرۃ کی آیت نمبر 264 میں ہے:

| | |
|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا | ترجمۂ کنزالایمان: اے ایمان والو اپنے |
| صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَ الْاَذٰىۙ | صدقے باطِل نہ کردو احسان رکھ کر اور |
| (پ۳، البقرۃ: ۲۶۴) | ایذا دے کر۔ |

مُفَسِّرِ شَہیر، حکیم الاُمَّت، مُفْتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ اللہِ الْحَنَّان ''نورالعرفان'' میں اس آیتِ مُبارَکہ کے تحت فرماتے ہیں: اس سے اِشارۃً معلوم ہو رہا ہے کہ اگر صَدقہ ظاہِر کرنے سے فقیر کی بدنامی ہو تو صَدقہ اسے چُھپا کر دو کہ کسی کو خبر نہ ہو۔ ایسی صُورَت میں صَدقہ کو ظاہِر کرنا ''اَذٰی'' (یعنی ایذا دینے) میں داخل ہے۔

## نذرانہ دینے کا انداز

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جب کبھی عُلَمائے کِرام و مَشائخِ عُظّام وغیرہ کی مالی خدمت کریں تو لِفافے وغیرہ میں ڈال کر اس طرح دیں کہ کسی کو یہ سمجھ نہ آئے کہ آپ نے ان کو نذرانہ پیش کیا ہے۔ بعض لوگوں کا انداز یہ ہوتا ہے کہ امام صاحِب وغیرہ کے ہاتھ میں رقم رکھ کر اُن کی ہتھیلی کو مخصوص انداز میں بند کر دیتے ہیں اس طرح دیکھنے والا یہی سمجھتا ہو گا کہ ان کو نذرانہ دیا ہے، بلکہ بعض لوگ تو دُعا کیلئے پرچی بھی اسی انداز میں دیتے ہیں کہ لوگوں پر تأثر قائم ہوتا ہے کہ ''حضرت'' کو نذرانہ دیا گیا ہے! دُعا کی پرچی دینے کا یہ انداز سفید پوش کیلئے ایذا کا باعِث ہو سکتا ہے۔

## صَدقہ کسے دینا افضل ہے؟

یہاں تک صَدقہ و خیرات کے کچھ آداب واحکام بیان ہوئے، اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ صَدقہ کسے دینا افضل ہے؟ چنانچہ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے:

| | |
|---|---|
| لِلْفُقَرَآءِ الَّذِیْنَ اُحْصِرُوْا فِیْ | ترجمۂ کنزالایمان: ان فقیروں کے لئے |
| سَبِیْلِ اللّٰهِ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ ضَرْبًا | جو راہ خُدا میں روکے گئے زمین میں چل |
| فِی الْاَرْضِ ۫ یَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ | نہیں سکتے نادان انہیں تونگر (دولت |
| اَغْنِیَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ | مند) سمجھے بچنے کے سبب تو انہیں ان کی |

| | |
|---|---|
| بِسِیْمٰهُمْ ۚ لَا یَسْـَٔلُوْنَ النَّاسَ | صُورَت سے پہچان لے گا لوگوں سے |
| اِلْحَافًا ؕ وَ مَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَیْرٍ فَاِنَّ | سوال نہیں کرتے کہ گڑ گڑانا پڑے اور تم |
| اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ﴿۲۷۳﴾ (پ۳، البقرۃ: ۲۷۳) | جو خیرات کرو اللہ اسے جانتا ہے۔ |

مُفَسِّرِ شَہِیر، حکیم الاُمَّت مُفْتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ الْحَنَّان اس آیت کا شانِ نُزول بیان کرتے ہوئے تفسیرِ نعیمی میں فرماتے ہیں: مَسْجِدِ نَبَوِی کے پاس ایک صُفّہ (چبوترہ) تھا۔ جہاں چار پانچ سو فُقَراء مُہاجِرین رہتے تھے۔ جن کے پاس نہ گھر تھا نہ دُنیَوی سامان، نہ کوئی کاروبار، ہمیشہ مسجد میں رہنا، دن میں روزہ، تلاوتِ قرآن اور رات میں شب بیداری، ہر جہاد میں لشکرِ اِسلام کے ساتھ جانا ان کا کام تھا۔ انہیں اَصحابِ صُفّہ کہتے ہیں یعنی چَبُوتْرا پر رہنے والے۔ نہ ان حضرات کی شادی ہوئی نہ ان کا یہاں کُنبہ وقبیلہ تھا۔ ان کی غریبی کا یہ حال تھا کہ ان میں سَتَّر (70) کے پاس سَتْر پَوشی کیلئے پورا کپڑا بھی نہ تھا۔ ان کے متعلق یہ آیتِ کریمہ اُتری جس میں مسلمانوں کو انہیں صَدقہ وخیرات دینے کی رغبت دی گئی۔[1]

مُفْتی صاحب مزید فرماتے ہیں: صَدقہ و خیرات اُن غریب عُلَما، طلبہ، مُدَرِّسِین اور دِین کے خادِموں وغیرہ کو دینا افضل ہے جنہوں نے اپنی زندگیاں خِدْمَتِ دین کے لئے وقف کر دی ہیں۔ اگر ان کی خدمت نہ کی گئی اور یہ طلبِ

مدینہ

1 تفسیر نعیمی، ۳/ ۱۳۲ مفہوماً

مَعَاش کے لئے مجبوراً مَشْغول ہوئے تو دینِ اسلام کا سخت نقصان ہو گا۔[1]

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اللہ عَزَّوَجَلَّ نے مسلمانوں کی توجہ اصحابِ صُفّہ عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان کی طرف مَبْذول کرائی لیکن یہ حکم اِن کے لیے مخصوص نہیں۔ دَورِ حاضِر میں بھی جو لوگ خِدمتِ دِین میں مَشْغول رہتے ہیں اور اِس مَشْغولیّت کی بِناء پر کسبِ مَعَاش (کاروبار وغیرہ) کے لئے وَقْت نہیں نِکال سکتے، اُن کے مُتَعَلِّق بھی یہی حکم ہے کہ اُن کی مالی خِدْمَت کی جائے۔[2]

یہ نہایت تَوَجُّہ طَلَب بات ہے !وہ افراد جنہوں نے خود کو عِلْمِ دِین سیکھنے سیکھانے کے لئے وقف کر دیا ہے، چاہے مدرسہ میں داخلہ لے کر حافظ و عالِمِ دِین بن کر یا دعوتِ اسلامی کے مَدَنی کاموں کے لئے وقف ہو کر، ان کی مالی ضَروریات پوری کرنے کی ذِمّہ داری ہماری ہے، دیکھئے ہم کاروبار کرتے ہیں یا نوکری وغیرہ کر کے دن رات ایک کر دیتے ہیں تاکہ ہمارا گھر چلے، یہ سب کام یہ خادمانِ دین بھی کر سکتے تھے لیکن انہوں نے سب کچھ چھوڑ کر خود کو دین کے کاموں کے لئے وقف کر دیا، ہمیں فکر ہے کہ ہمارا گھر بار چلے جبکہ انہیں فکر ہے کہ **رسولُ اللہ** صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے دین کا کام چلے، ہمیں فکر ہے کہ ہماری آل اولاد خوش رہے انہیں فکر ہے کہ **رسولُ اللہ** صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی اُمَّت راہِ

---

1. تفسیر نعیمی، ۳/۱۳۴
2. وقفِ مدینہ، ص۳۱

مستقیم پر گامزن رہے، کبھی جھانک کر دیکھئے کسی دارُ العُلُوم میں کہ جہاں قَالَ اللّٰہُ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰہ کی صَدائیں گونجتی ہیں، عُلُومِ دینیہ کے یہ مَراکز کس طرح گزارا کرتے ہیں، ہمارے گھر مہمان آجائے تو اس کے آگے ہم دنیا جہاں کی نعمتیں چُن دیتے ہیں مگر ان **رسولُ اللّٰہ** صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے مہمانوں کی جانِب نظر اٹھا کر بھی دیکھنا گوارا نہیں کرتے، اپنی اولادوں کو مُرَغَّن غِذائیں کھلانے والو۔۔! کبھی دَرْسِ نِظامی پڑھنے والے بچوں کی طرف جھانک کر دیکھو کہ یہ کس طرح دال روٹی اور سبزی کھا کر اپنا وَقْت گزارتے ہیں، ان کو ملتا ہے تو کھاتے ہیں نہیں ملتا تو نہیں کھاتے، آپ کا بچہ بیمار ہو جائے، چھینک ہی آجائے تو اسے گود میں اٹھا کر ڈاکٹر کے پاس بھاگتے ہو، ان ماں باپ کے متعلق کیا کہتے ہو جنہوں نے اپنی اولاد کو دِین پھیلانے کے لیے آٹھ سال کے لیے جامعاتُ المدینہ میں داخِل کروادیا، وہ بھی تو ان کے لَخْتِ جگر ہیں، وہ بھی تو ان کے جگر کے ٹکڑے ہیں، انہیں بھی تو اپنے بچوں سے مَحَبَّت ہے لیکن ان ماں باپ پر قربان جایئے کہ جن کا یہ ذہن نہیں ہے کہ میرا بیٹا ایم بی بی ایس کرکے ڈاکٹر بن جائے یا انجینیر نگ (Engineering) کی ڈگری لے کر انجینیر (اِنْ۔جی۔نِ۔یَر۔۔Engineer) بن جائے اور میری دُنیا سنوار جائے۔ نہیں! یہ وہ ماں باپ ہیں کہ دنیا میں میرا بیٹا کام آئے یا نہ آئے جب قیامت کے دن اٹھوں تو میرا بیٹا میری شفاعت کا ذریعہ

بن جائے، یہ اپنے بچوں کو حافظ بناتے ہیں عالِم بناتے ہیں، مُفْتی بناتے ہیں، مَدَنی قافِلوں کا مُسافِر بناتے ہیں، مَدَنی تربیتی کورس کرواتے ہیں، قافلہ کورس کرواتے ہیں، اِمامَت کورس کرواتے ہیں۔

**میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو!** اے کاش!!! ہمارا مَدَنی ذہن بن جائے، ہم اپنے آپ کو اور اپنے بچوں کو عِلْمِ دین سیکھنے کے لیے وقف کرنے کا ذہن بنالیں، اے کاش۔۔! صد کروڑ کاش۔۔۔! اور اگر آپ یہ نہیں کرپارہے، کاروبار نہیں چھوٹ رہا نہ دولت کی ہوس دل سے جارہی ہے نہ انڈسٹری اور فیکٹریوں کی سوچ خَتْم ہورہی ہے، تو کم از کم یوں تو کریں کہ جو **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کی راہ میں وقف ہوچکا ہے، عِلْمِ دین سیکھنے کے لئے دَرْسِ نِظامی کررہا ہے، اسلام کی اشاعَت اور سنّتوں کو پھیلانے کے لیے مَدَنی قافلوں کا مُسافِر بن رہا ہے، اپنی دولت کے دروازے ان پر کھول دیں، اس طرح آپ دین کی خِدْمَت کرکے اسلام کے پھیلنے کا سَبَب بن سکتے ہیں جس کا **اللہ** عَزَّوَجَلَّ بے حِساب اجر و ثواب عطا فرمائے گا۔

**اللہ** عَزَّوَجَلَّ ہمیں احسان جتانے اور طعنہ زنی جیسی آفات سے بچتے ہوئے مَحْض اپنی رضا کے لئے صَدقہ و خیرات کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

**اٰمین بجاہِ النبی الامین** صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

# ماخذ و مراجع


| # | کتاب | مصنف / مؤلف | مطبوعہ |
|---|---|---|---|
| .1 | قرآن پاک | کلام باری تعالیٰ | مکتبۃ المدینۃ ۱۴۳۲ھ |
| .2 | احکام النساء | | دار الفکر، بیروت ۱۴۲۴ھ |
| .3 | احیاء علوم الدین | امام ابو حامد محمد بن محمد غزالی متوفی ۵۰۵ھ | دار صادر، بیروت ۲۰۰۰ء |
| .4 | اسد الغابۃ | | دار احیاء التراث العربی ۱۴۱۷ھ |
| .5 | اشعۃ اللمعات | شیخ محقق عبد الحق محدث دھلوی، متوفی ۱۰۵۲ھ، | کوئٹہ ۱۳۳۲ھ |
| .6 | باحیاء نوجوان | امیر اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتھم | مکتبۃ المدینہ، کراچی |
| .7 | بہار شریعت | مفتی محمد امجد علی اعظمی متوفی ۱۳۶۷ھ | مکتبۃ المدینہ، کراچی ۱۴۳۰ھ |
| .8 | بہجۃ الاسرار | ابو الحسن نور الدین علی بن یوسف شطنوفی، متوفی ۷۱۳ھ، | دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱۴۲۳ھ |
| .9 | بیاناتِ عطاریہ (حصہ دوم) | امیر اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتھم | مکتبۃ المدینہ، کراچی |
| .10 | پردے کے بارے میں سوال جواب | | مکتبۃ المدینہ، کراچی ۱۴۳۰ھ |
| .11 | تاریخ ابن عساکر | امام علی بن حسن المعروف ابن عساکر متوفی ۵۷۱ھ | دار الفکر، بیروت ۱۴۱۵ھ |
| .12 | تذکرۃ الاولیاء | شیخ فرید الدین عطار متوفی ۶۳۷ھ | شبیر برادرز، لاہور |
| .13 | تذکرۂ امیر اہلسنّت | المدینۃ العلمیہ | مکتبۃ المدینہ، کراچی |
| .14 | ترجمہ کنز الایمان | اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان متوفی ۱۳۴۰ھ | مکتبۃ المدینہ، کراچی ۱۴۳۲ھ |
| .15 | الترغیب والترھیب | امام زکی الدین عبد العظیم بن عبد القوی منذری متوفی ۶۵۶ھ | دار الکتب العلمیہ، بیروت ۱۴۱۸ھ |
| .16 | التعریفات للجرجانی | | دار المنار |
| .17 | تفسیر الخازن | | المطبعۃ المیمنیہ، مصر ۱۳۱۷ھ |
| .18 | تفسیر در منثور | امام جلال الدین بن ابو بکر سیوطی شافعی متوفی ۹۱۱ھ | دار الفکر، بیروت ۱۴۰۳ھ |
| .19 | تفسیر روح المعانی | شھاب الدین سید محمود آلوسی، متوفی ۱۲۷۰ھ، | دار احیاء التراث العربی، بیروت ۱۴۲۰ھ |
| .20 | تفسیر قرطبی | ابو عبد اللہ محمد بن احمد انصاری قرطبی متوفی ۶۷۱ھ | دار الفکر، بیروت ۱۴۲۰ھ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| .21 | تفسیر کبیر | امام فخر الدین محمد بن عمر بن حسین رازی متوفی ۶۰۶ھ | دار احیاء التراث العربی ۱۴۲۰ھ |
| .22 | تفسیر نعیمی | حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی متوفی ۱۳۹۱ھ | مکتبہ اسلامیہ، لاہور |
| .23 | تفسیر نعیمی | مفتی احمد یار خان نعیمی، متوفی ۱۳۹۱ھ، | ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاھور |
| .24 | تفسیر نور العرفان | مفتی احمد یار خان نعیمی، متوفی ۱۳۹۱ھ، | ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاھور |
| .25 | تفسیراتِ احمدیہ | شیخ احمد بن ابی سعید ملّا جیون جونپوری، متوفی ۱۱۳۰ھ، | پشاور |
| .26 | تنبیہ الغافلین | فقیہ ابو اللیث نصر بن محمد سمر قندی متوفی ۳۷۳ھ | دار الکتاب العربی، بیروت ۱۴۲۰ھ |
| .27 | توبہ کی روایات وحکایات | المدینۃ العلمیہ | مکتبۃ المدینہ ۱۴۲۶ھ |
| .28 | الجامع الصغیر | امام جلال الدین بن ابو بکر سیوطی شافعی متوفی ۹۱۱ھ | دار الکتب العلمیہ ۱۴۲۵ھ |
| .29 | حلیۃ الاولیا | حافظ ابو نعیم احمد بن عبد اللہ اصفہانی متوفی ۴۳۰ھ | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۱۹ھ |
| .30 | خزائن العرفان | صدر الافاضل سیّد نعیم الدین مراد آبادی متوفی ۱۳۶۷ھ | مکتبۃ المدینہ، کراچی ۱۴۳۲ھ |
| .31 | روض الریاحین | امام عبد اللہ بن اسعد یافعی، متوفی ۷۶۸ھ، | دار الکتب العلمیۃ، بیروت ۱۴۲۱ھ |
| .32 | الزھد | شیخ الاسلام عبد اللہ بن مبارک المزوری متوفی ۱۸۱ھ | دار الکتب العلمیہ بیروت |
| .33 | الزواجر عن اقتراف الکبائر | ابو العباس احمد بن محمد بن علی بن حجر ہیتمی مکی متوفی ۹۷۴ | دار المعرفہ ۱۴۱۹ھ |
| .34 | سنن ابن ماجہ | امام ابو عبد اللہ محمد بن یزید ابن ماجہ متوفی ۲۷۳ھ | دار المعرفہ، بیروت ۱۴۲۰ھ |
| .35 | سنن ابی داود | امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی متوفی ۲۷۵ھ | دار احیاء التراث العربی ۱۴۲۱ھ |
| .36 | سنن الترمذی | امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ | دار الفکر، بیروت ۱۴۱۴ھ |
| .37 | سنن الدارمی | امام حافظ عبد اللہ بن عبد الرحمن دارمی، متوفی ۲۵۵ھ، | دار الکتاب العربی، بیروت ۱۴۰۷ھ |
| .38 | السنن الکبری | | دار الکتب العلمیہ، ۱۴۱۱ھ |
| .39 | شرح بخاری لابن بطال | ابو الحسین علی بن خلف بن عبد اللہ | مکتبۃ الرشید الریاض ۱۴۲۰ھ |
| .40 | شرح السنۃ | امام ابو محمد حسین بن مسعود بغوی، متوفی ۵۱۶ھ، | دار الکتب العلمیۃ، بیروت ۱۴۲۴ھ |
| .41 | شرح صحیح مسلم | امام محی الدین ابو زکریا یحیی بن شرف نووی، متوفی ۶۷۶ھ، | دار الکتب العلمیۃ، بیروت ۱۴۰۱ھ |
| .42 | شعب الایمان | امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ | دار الکتب العلمیہ ۱۴۲۱ھ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| .43 | الشفا بتعریف حقوق المصطفی | قاضی ابو الفضل عیاض مالکی، متوفی ۵۴۴ھ | مرکز اھلسنت برکات رضا ھند ۱۴۲۳ھ |
| .44 | صحیح البخاری | امام محمد بن اسماعیل بخاری متوفی ۲۵۶ھ | دار الکتب العلمیہ ۱۴۱۹ھ |
| .45 | صحیح مسلم | امام مسلم بن حجاج قشیری نیشاپوری متوفی ۲۶۱ھ | دار الکتاب العربی، بیروت ۱۴۲۹ھ |
| .46 | صحیح مسلم | امام مسلم بن حجاج قشیری نیشاپوری متوفی ۲۶۱ھ | دار ابن حزم ۱۴۱۹ھ |
| .47 | صراط الجنان | | مکتبۃ المدینہ، کراچی ۱۴۳۸ھ |
| .48 | ظلم کا انجام | امیر اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتھم | مکتبۃ المدینہ، کراچی |
| .49 | عمدۃ القاری | امام بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد عینی، متوفی ۸۵۵ھ، | دار الفکر، بیروت ۱۴۱۸ھ |
| .50 | عیون الحکایات | امام عبد الرحمن بن علی ابن جوزی، متوفی ۵۹۷ھ، | دار الکتب العلمیۃ، بیروت ۱۴۲۴ھ |
| .51 | غیبت کی تباہ کاریاں | حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری | باب المدینہ کراچی |
| .52 | فتاوی رضویہ | اعلی حضرت امام احمد رضا خان متوفی ۱۳۴۰ھ | رضا فاؤنڈیشن، لاہور ۱۴۲۳ھ |
| .53 | فتاوی قاضی خان | امام حسن بن منصور قاضی خان ۵۹۲ھ | مکتبہ حقانیہ، پشاور |
| .54 | فتح الباری | امام حافظ احمد بن علی بن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ | دار الکتب العلمیہ بیروت ۱۴۲۰ھ |
| .55 | فردوس الاخبار | حافظ ابو شجاع شیرویہ بن شہر دار دیلمی متوفی ۵۰۹ھ | دار الفکر، بیروت ۱۴۱۸ھ |
| .56 | قلیوبی | شیخ علامہ احمد شھاب الدین قلیوبی، متوفی ۱۰۶۹ھ، | کراچی |
| .57 | قوت القلوب | شیخ ابو طالب محمد بن علی مکی، متوفی ۳۸۶ھ، | دار الکتب العلمیۃ، بیروت ۱۴۲۶ھ |
| .58 | کتاب الکبائر | الامام الحافظ الذہبی متوفی ۷۴۸ھ | اشاعت اسلام کتب خانہ |
| .59 | کنز الایمان | | مکتبۃ المدینہ، کراچی ۱۴۳۴ھ |
| .60 | کتاب التعریفات | سید شریف علی بن محمد بن علی جرجانی، متوفی ۸۱۶ھ، | دار المنار للطباعۃ والنشر |
| .61 | کتاب الکبائر | امام محمد بن احمد بن عثمان ذہبی متوفی ۷۴۸ھ | پشاور پاکستان |
| .62 | کنز العمال | علی متقی بن حسام الدین ہندی برہان پوری متوفی ۹۷۵ھ | دار الکتب العلمیہ، بیروت ۱۴۱۹ھ |
| .63 | مجمع الزوائد | حافظ نور الدین علی بن ابی بکر ہیثمی متوفی ۸۰۷ھ | دار الفکر، بیروت ۱۴۲۰ھ |
| .64 | مرآۃ المناجیح | حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی متوفی ۱۳۹۱ | نعیمی کتب خانہ، گجرات |
| .65 | مرآۃ المناجیح | حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی متوفی ۱۳۹۱ | ضیاء القران پبلی کیشنز |
| .66 | مستدرک | امام محمد بن عبد اللہ حاکم نیشاپوری، متوفی ۴۰۵ھ، | دار المعرفہ، بیروت ۱۴۱۸ھ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| .67 | المستطرف | | دارالفکر، بیروت۱۴۱۹ھ |
| .68 | المسند | امام ابو عبداللہاحمد بن محمد بن حنبل متوفی ۲۴۱ھ | دارالفکر بیروت۱۴۱۴ھ |
| .69 | مسند ابی یعلی | احمد بن علی بن مثنی موصلی، متوفی ۳۰۷ھ | دارالکتب العلمیۃ، بیروت۱۴۱۸ھ |
| .70 | مسند الفردوس | | دارالکتب العلمیہ، ۱۴۰۶ھ |
| .71 | مصنف عبد الرزاق | امام عبد الرزاق بن ھمام بن نافع صنعانی، متوفی ۲۱۱ھ، | دارالکتب العلمیہ، بیروت۱۴۲۱ھ |
| .72 | المعجم الاوسط | امام ابو القاسم سلیمان بن احمد طبرانی متوفی ۳۶۰ھ | دارالکتب العلمیہ، بیروت۱۴۲۰ھ |
| .73 | المعجم الصغیر | امام ابو القاسم سلیمان بن احمد طبرانی متوفی ۳۶۰ھ | دارالکتب العلمیہ بیروت۱۴۰۴ھ |
| .74 | المعجم الکبیر | امام ابو القاسم سلیمان بن احمد طبرانی، متوفی ۳۶۰ھ | دار الفکر، بیروت۱۴۲۲ھ |
| .75 | مکاشفۃ القلوب | ابو حامد امام محمد بن محمد غزالی متوفی ۵۰۵ھ | دارالکتب العلمیہ بیروت |
| .76 | ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت | اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان، متوفی ۱۳۴۰ھ، | مکتبۃ المدینہ کراچی |
| .77 | منہاج العابدین | ابو حامد امام محمد بن محمد غزالی متوفی ۵۰۵ھ | دارالکتب العلمیہ |
| .78 | موسوعۃ ابن ابی الدنیا | حافظ امام ابو بکر عبد اللہ بن محمد قُرشی، متوفی ۲۸۱ھ، | مکتبۃ العصریہ، بیروت۱۴۲۶ھ |
| .79 | نزھۃ القاری | علامہ مفتی محمد شریف الحق امجدی، متوفی ۱۴۲۰ھ، | فرید بک سٹال مرکز الاولیاء لاھور ۱۴۲۱ھ |
| .80 | نزھۃ المجالس | عبد الرحمن بن عبد السلام صفورو کی شافعی، متوفی ۸۹۴ھ، | دارالکتب العلمیہ، بیروت۱۴۱۹ھ |

# رسائل دعوتِ اسلامی کیا ہیں؟

اللہ پاک کی رحمت سے دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ کے نگران حاجی ابو حامد محمد عمران عطاری کے بیانات سے کئی اسلامی بھائیوں کی زندگیوں میں انقلاب برپا ہوا ہے۔ چنانچہ ان بیانات کی اہمیت کے پیشِ نظر انہیں تحریری شکل میں لانے کا سلسلہ تقریباً 2009 سے شروع ہوا اور تادمِ تحریر 37 کتب و رسائل شائع ہو چکے ہیں۔ الحمد للہ! یہ سب کتب و رسائل سات جلدوں میں پیش کیا جارہے ہیں، ان کی تفصیل کچھ یوں ہے:

- پہلی جلد میں 8 رسائل ہیں۔
- دوسری جلد میں 7 رسائل ہیں۔
- تیسری جلد میں 7 رسائل ہیں۔
- چوتھی جلد میں 5 رسائل ہیں۔
- پانچویں جلد میں 4 رسائل ہیں۔
- چھٹی جلد میں 5 رسائل ہیں۔
- ساتویں جلد مدنی چینل کے سلسلے **"اسلام اور شادی"** کی 14 اقساط کے تحریری مجموعے پر مشتمل ہے۔